حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ چیرا اور جس نے جانداروں کو پیدا کیا' رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے عہد کیا تھا کہ مجھ سے صرف مومن محبت کرے گا اور صرف منافق مجھ سے بغض رکھے گا۔

ناصبی کی پہچان

''ناصبی دشمنِ اہلِ بیت علیہم السلام کو کہتے ہیں۔'' ناصبی کوئی ایسا گروہ نہیں ہے جو خارجیوں کی طرح اکٹھا ہوا ہو، یہ 1400 سال سے اُمّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایسے چھپے ہوئے ہیں جیسے ملیریا ہونے والے انسان کے جسم میں ملیریا کے Parasites (جراثیم)۔ جب کسی انسان کو ملیریا کا مچھر یعنی انافیلس مچھر کاٹتا ہے تو اُس کے ذریعے Malarial Parasites انسان کے خون میں داخل ہوجاتے ہیں، بالکل اِسی طرح ناصبی بھی ایمان لا کر اُمّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہوگئے۔ مگر یہ Malarial Parasites انسان کے خون میں ظاہری طریقے سے نہ رہ کر انسان کے پیٹ میں ''تلّی'' (Spleen) میں چھپے رہتے ہیں اور انسان کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ اُسے Malaria ہو چکا ہے، نہ ہی اُس کے جسم میں ایسے کوئی آثار نظر آتے ہیں۔ بالکل اِسی طرح ناصبی اُمّت میں ہونے کے باوجود عوام کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ وہ ناصبی ہے جیسے جسم کو پتہ نہیں چلا کہ اُسے Malaria ہو چکا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اِس وقت Laboratory Test کیا جائے تو اُس میں بھی Malaria Negative آئے گا بالکل اُسی طرح ناصبی کبھی خود کو ناصبی نہیں مانے گا بلکہ کئی دفعہ وہ ''تیری نسلِ پاک میں ہے بچّہ بچّہ نور کا'' کے گیت گاتا ہوا نظر آئے گا۔

تو جس طرح Malaria کے Parasites جیسے ہی تلّی سے نکل کر جسم میں خون کے ساتھ پھرنے لگتے ہیں فوراً جسم اُن کی پہچان کے لیے اپنے اوپر ''بُخار'' کے آثار پیدا کرتا ہے جس میں ڈھنڈ بھی لگنے لگتی ہے اور اگر ایسے سردرد بُخار میں Laboratory Test کیا جائے تو اب Malaria Positive آئے گا۔ ہے نا تعجب کی بات ؟ یہ Malarial Parasite (جراثیم) جسم میں تلّی میں موجود تھے مگر پتہ نہیں چلا مگر جیسے ہی یہ خون میں پورے جسم میں پھیلنے لگے تو جسم نے اِن کی پہچان کے لیے اپنے اوپر سرد بُخار کو جاری کیا تو اُس بُخار میں اِن کی پہچان ہو گئی۔

بالکل اِسی طرح اُمّت میں ناصبی کی پہچان یہی ہے کہ اُس کے آگے جیسے ہی ذکرِ اہلِ بیت علیہ السلام کیا جائے گا تو جیسے جسم میں بُخار پیدا ہوا یہ بھی بھڑک جائیں گے اور فوراً اہلِ بیت علیہ السلام کے ذکر کے ساتھ دوسروں کا ذکر بھی چھیڑ دیں گے اور مقامِ اہلِ بیت کو کس طرح گھٹایا جائے اُس کی کوشش میں لگ جائیں گے۔ ہم آج کل کے ناصبیوں کی پہچان میں یہ Symptoms پیش کر رہے ہیں۔

(1) شانِ اہلِ بیت بیان ہونے پر فوراً دوسروں کا ذکر چھیڑ دینا۔

(2) جنگِ جمل اور جنگِ صِفّین میں مولا علی رضی اللہ عنہ کو حق پر نہیں ماننا۔

(3) دفاعِ صحابہ کے نام پر سیّدنا علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی حقّانیت کو چھپانا۔

(4) بُخاری۔ مسلم و حدیث کی معتبر کتابوں کی اُن احادیث کو چھپانا یا اُن کا رد کرنا جس میں جنگِ صِفّین کے باغی گروہ کا ذکر ہے اور مولا علی رضی اللہ عنہ کی حقانیت بیان ہوتی ہے۔

(5) دفائے صحابۂ کرام کے نام پر شانِ اہلِ بیت میں صحیح حدیثوں کا انکار کرنا یا موضوع بنانا۔

(6) دفائے صحابہ کے نام پر صحابہ کو معصوم بتانے کی کوشش کرنا، جیسے صحابۂ کرام سے گناہ ہو ہی نہیں سکتا۔

(7) صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ کو غلط طریقے سے پیش کر کے پوری بات نہ بتانا۔

(8) اہلِ بیت علیہ السلام کے 12 اِماموں کو شیعوں کے اِمام بتانا۔

(9) ماہِ محرم میں کربلا کا بیان نہ کر کے دوسروں کے ذکر کو چھیڑ دینا۔

(10) ماہِ محرم میں واقعۂ کربلا بیان نہ کر کے امّت کو جائز و ناجائز کے فتووں میں اُلجھا دینا۔

(11) ماہِ محرم میں غمِ حسین کی مخالفت کر کے خوشیاں منانے کے بہانے ڈھونڈنا۔

(12) یزید کی ولی عہدی کو صحیح بتانے کے لیے ''سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کا انتخاب کیا'' اِس مثال کو پیش کر کے مروانیت کو فروغ دینا۔ (معاذ اللہ)

ناصبیت بمقابلہ رافضیت

مسلکِ اہلِ سنّت کے لیے یہ دونوں یعنی ناصبیت اور رافضیت نقصان دہ ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں رافضیت زیادہ خطرناک ہے کیوں کہ ناصبیت اِتنی مشہور نہیں ہے کہ رافضیت کی طرح باقاعدہ فرقہ ہو۔ مگر غور سے دیکھا جائے تو ناصبیت اِسی وجہ سے رافضیت سے زیادہ خطرناک ہے کیوں کہ ناصبیت الگ فرقہ نہ ہونے کی وجہ سے ناصبی خود کو اہلِ سنّت کہلوانے والے بریلوی، دیوبندی اور اہلِ حدیث، اِن تینوں گروہ میں چھپے رہتے ہیں اور اپنا کام انجام دیتے رہتے ہیں۔ ناصبی، کیوں خطرناک ہیں اِس کی کچھ وجوہات مندرجۂ ذیل ہیں:

(1) ناصبی منکرینِ حدیث ہیں۔ یہ لوگ اہلِ بیت کی شان میں صحیح حدیثوں کا بھی انکار کر دیتے ہیں اور اِسے دِفاعِ صحابہ کا نام دیتے ہیں۔

(2) ناصبیت اِس وجہ سے خطرناک ہے کہ اِن میں سے کچھ لوگ اہلِ سنّت کے علماء ہی سمجھے جاتے ہیں۔ عوام اِن کو اہلِ سنّت سمجھ کر اِن کی ہر بات مان لیتی ہے اور بھولی بھالی عوام اِس طرح انجانے میں ہی ناصبیت کا شکار ہو جاتی ہے۔

(3) اِن لوگوں کی کچھ مخصوص شخصیات ہے، یہ (ناصبی) جب بھی بولیں گے اِنہی کے حق میں بولیں گے چاہے پوری اُمّت کے علماء کے فیصلے کو رد ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ اگر یہ لوگ کسی صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف بھی کریں گے تو اِن کا مقصد صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف نہیں بلکہ اپنی من پسند شخصیات کے لیے راہ نکالنا ہوگا۔

(4) اپنی چند شخصیاتوں کو بچانے کے لیے بڑے۔بڑے جلیل القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی صحابیت کا ہی اِنکار کر دیں گے اور غیر صحابی شخصیتوں کا تقابل تاریخِ اسلامی کے بعد بدکردار لوگوں سے کریں گے تاکہ اُن حکمرانوں کے دور کو خلافتِ راشدہ سے بہتر یا برابر قرار دینے میں بھی نہیں شرماتے۔

(5) ناصبیت زدہ لوگوں کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ اُن کی من پسند شخصیات کے مظالم کا شکار اُمّت کے نفوسِ قدسیہ کے تمام تر احسانات وخدمات کو ٹھکرا دیں گے، بلکہ اُن مظالم کا قصوروار بھی مظلوم محسنین کو ٹھہرائیں گے۔

”بُغضِ اہلِ بیت اور محبتِ بنو اُمیّہ اہلِ سنّت کبھی اِس بدبختی میں ملوّث نہیں ہوئے

سیّد پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ”تصفیہ مابین سُنّی وشیعہ“ میں ”وجہِ تالیف“ میں لکھتے ہیں :

وجہ تالیف

تصفیہ مابین سُنّی وشیعہ

”تخالفِ مذہبی مابین سُنّی وشیعہ“ کوئی نیا اختلاف نہیں جسے رفع کرنے کے لیے طالبانِ حق موجودہ زمانے کے علماء سے التجا کریں، اِس سے قبل سلفِ صالحین رضی اللہ عنہم حسبِ تدبیرِ الٰہیّہ وقتاً فوقتاً اہلِ بیتِ کرام سے محبت رکھنے کے وجوب اور خلفائے اربعہ کی حقانیت کے اہم موضوع پر نہایت شائستہ انداز میں اظہارِ خیال فرماتے چلے آئے ہیں۔

البتہ حال ہی میں اِس تخالف میں ایک نئے رُجحان (Trend) کا اِضافہ ہوا ہے اور یہ سمجھا جانے لگا ہے کہ اہلِ سنّت والجماعت ہونے کے لیے ضروری ہے کہ انسان اہلِ بیتِ کرام کے خلاف بُغض اور بنو اُمیّہ کے ساتھ محبت رکھیں، حالانکہ اہلِ سنّت کبھی بھی اِس شقاوت میں ملوّث نہیں ہوئے اور اُن کے عقائد رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان سے دوستی و مودّت، مدارِ ایمان اور فرض مانی گئی ہے۔

آج کل جب بھی اہلِ بیت کا ذکر شروع کیا جاتا ہے فوراً کچھ لوگ دوسروں کا ذکر چھیڑ دیتے ہیں اور اہلِ بیت کے ذکر، فضائل ومناقب کو کم کرنے کی کوشش میں لگ جاتے ہیں، ایسے ناصبیوں کے بارے میں امامِ اہلِ سنّت ابو عبداللہ محمد بن اِدریس شافع المعروف اِمام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کیا خوب فرماتے ہیں:

اشاعت نمبر: ۴۷

إنّ من الشعر حكمة. (رواه البخاري)

دِيوَانُ

الإمَامِ الشَّافِعِيّ

ابی عبد اللہ محمد بن ادریس الشافعیؒ

(۱۵۰ھ ۷۶۷م ـــ ۲۰۴ھ ۸۲۰م)

ترجمہ وتشریح

حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم

ناشر

(حضرت مولانا مفتی) احمد دیولوی صاحب (دامت برکاتہم)

جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات، الھند

دیوان الإمام الشافعیؒ ۲۵۶ دیوان الإمام الشافعیؒ

حُبُّ الفَاطِمِيَّةِ

۱ إِذَا فِي مَجْلِسٍ نَذْكُرُ عَلِيًّا — وَسِبْطَيْهِ وَفَاطِمَةَ الزَّكِيَّةْ

جب ہم کسی مجلس میں حضرت علیؓ کا ذکر کرتے ہیں — اور حسنینؓ اور فاطمہ زکیہؓ کی یاد تازہ کرتے ہیں

۲ يُقَالُ تَجَاوَزُوا يَا قَوْمُ هَذَا — فَهَذَا مِنْ حَدِيثِ الرَّافِضِيَّةْ

تو کہا جاتا ہے کہ اے لوگو اسکو چھوڑ دو — کیونکہ یہ روافض والی باتیں کر رہا ہے

۳ بَرِئْتُ إِلَى الْمُهَيْمِنِ مِنْ أُنَاسٍ — يَرَوْنَ الرَّفْضَ حُبَّ الفَاطِمِيَّةْ

میں اللہ تعالیٰ کے سامنے ایسے لوگوں سے براءت ظاہر کرتا ہوں — جو اولادِ فاطمہؓ سے محبت کو رفض سمجھتے ہوں

۱۔ سِبْطَيْهِ : السبط ولد الإبن والإبنة، وهما الحسن والحسينؓ

۳۔ المُهَيْمِنُ : اسماء الله الحُسنى، المُسَيْطِرُ.

"جب ہم کسی مجلس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہیں،

اور حسنین رضی اللہ عنہما اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کی یاد تازہ کرتے ہیں،

تو کہا جاتا ہے کہ اے لوگو! اِس کو چھوڑ دو،

کیوں کہ یہ روافض والی باتیں کر رہا ہے،

میں اللہ تعالیٰ کے سامنے ایسے لوگوں سے برأت ظاہر کرتا ہوں،

جو اولادِ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے محبت کو رفض سمجھتے ہوں۔"

(دیوان الامام الشافعی (اردو)، صفحہ: 256)

اہلِ بیت سے بُغض حرام ہے۔ صحیح حدیث

اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، اِمام ابن حِبّان رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام بزّار رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث نقل کی ہے اور شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اِس کو اپنی کتاب ''صحیحہ'' میں نقل کیا ہے:

فضائل ومناقب اور معائب ونقائص ۵۶۳

باب: تحریم بغض اهل البیت

اہل بیت سے بغض رکھنا حرام ہونے کا بیان

٣٦١١: عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ((وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يُبْغِضُنَا أَهْلَ الْبَيْتِ أَحَدٌ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللهُ النَّارَ)). [الصحيحة: ٢٤٨٨]

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! جو آدمی ہم اہل بیت سے بغض رکھے گا' اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں داخل کرے گا۔''

تخریج: الصحیحۃ ۲۴۸۸۔ حاکم (۳/ ۱۵۰)' ابن حبان (۲۹۷۸)' البزار (الکشف: ۳۳۴۸) من طریق آخر عنہ۔

فوائد: اہل بیت سے محبت ایمان کا حصہ اور جنت میں داخلے کا سبب بھی ہے۔

''سیّدنا ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ جو آدمی اہلِ بیت سے بُغض رکھے گا، اللہ تعالیٰ اُسے جہنّم میں داخل کرے گا۔''

شیخ ناصر الدین اَلبانی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے اور اِس کے ضمن میں لکھتے ہیں: اہلِ بیت سے محبت ایمان کا حصّہ اور جنّت میں داخلے کا سبب بھی ہے۔'' (سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (اردو): 3/563، رقم: 3611)

آج کے دور میں اہلِ بیت کی گستاخی جیسے روزمرّہ کی بات ہوگئی ہے، کبھی ''دعوتِ اسلامی'' جیسی تنظیم کے امیر ''محمد اِلیاس عطّار قادری'' نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مولا علی رضی اللہ عنہ کو بھائی کہنے پر سوال اُٹھاتے ہیں تو کبھی اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے آخری سجدے میں وضو اور کچھ پڑھنے نہ پڑھنے پر بیان کرتے نظر آتے ہیں، تو کبھی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ ملوکیت کے ظلم وستم کے دِفاع کو دِفاعِ صحابہ کا نام دے کر دیوبند مکاتبِ فکر کے مولانا مفتی تقی عثمانی جیسے عالم مولانا سیّد مودودی صاحب کی 'خلافت و ملوکیت' کے رد میں ''حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق'' جیسی تاریخی روایتوں پر مبنی کتاب لکھتے ہیں۔ افسوس ''کچھوچھہ'' جیسی خانقاہ حصارِ شاہِ رسالت، اِمام الاولیاء سیّدنا مولا علی علیہ السلام کے والدِ ماجد، محسنِ اسلام، سیّدنا ابو طالب رضی اللہ عنہ کو کافر ثابت کرنے کے لیے نوجوان لڑکوں کو مناقشہ کرواتی ہے اور بتلاتی ہے کہ جیسے سیّدنا ابو طالب رضی اللہ عنہ کا کفر اہلِ سنّت کا بنیادی عقیدہ ہے جب کہ مفتیٔ حرمین سیّد قاضی دحلان مکّی رحمۃ اللہ علیہ علّامہ عطا محمد بندیالوی چشتی رحمۃ اللہ علیہ اور علّامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ جیسے اہل سنّت کے کئی نامور علماء وصوفیا سیّدنا ابو طالب علیہ السلام کو ایمان والوں میں شمار کرتے ہیں۔ اِسی خانقاہِ کچھوچھا کے سیّد مولانا ہاشمی میاں اشرفی جیلانی کچھوچھوی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی کاٹ کھانے والی بادشاہت کو خلافتِ راشدہ ثابت کرنے کے لیے 'امیر معاویہ - خلیفۂ راشد' جیسی کتاب لکھتے ہیں جو اُن کے برادر سیّد محمد مدنی اشرفی جیلانی کچھوچھوی کے زیرِ نظر لکھی گئی ہے اور تاریخی

روایتوں پر مبنی ہے اور کبھی کوئی کم عقل مولوی شجرِ رسالت کی شاخیں ثمر بار صاحب زادیٔ رسول، سیّدۂ کائنات، سیّدہ، طیّبہ، طاہرہ، اُمّ ابیہہ، سیّدہ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کی شان میں گستاخی کرتا ہے تو کبھی کہیں خانقاہی مولانا ''صلحِ امام حسن'' کے نام پر لوگوں کو گمراہ کرتے نظر آتے ہیں۔ آج کے اِس پرفتن دور میں اہلِ بیت کی شان میں گستاخی جیسے عام بات ہو گئی ہے۔ یہ دین وسُنّیت کی کون سی خدمت ہو رہی ہے؟

''صُلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ'' اسلامی تاریخ کا ایک حسّاس واقعہ ہے جس پر سالوں سے ظاہری گفتگو نہیں کی جاتی اور جب کہ اب کچھ فرقہ پرست اور مفاد پرست لوگوں نے اِس کو اپنے نظریات سے پیش کرنے کا آغاز کیا ہے، جس سے عوام تو عوام، مسجدوں کے اِمام اور خطیب بھی گمراہ ہو رہے ہیں اور اِس عنوان کو ''مشاجراتِ صحابہ'' اور ''دفاعِ صحابہ'' کا نام دے کر خاموش رہنے کو کہا جاتا ہے۔

جہاں تک خاموش رہنے کی بات ہے تو ہم خود یہی چاہتے ہیں کہ ایسے مسئلوں پر خاموشی بہتر ہے کیوں کہ اُمّت ویسے بھی دورِ حاضر میں اتنے مسائل سے دو چار ہو رہی ہیں کہ ایسے نازک مسئلوں میں لوگوں کو الجھا کر دین کی کون سی خدمت ہوگی؟ مگر جب خود کو اہلِ سنّت کے ٹھیکے دار بتانے والی خانقاہوں کے پیر اور تنظیمیں اِس خاموشی کو توڑ کر ایسے مسئلوں میں ایک طرفہ، باطل اور اپنے نظریات کے مطابق خیالی فلسفوں پر مبنی باتیں پیش کرنے لگتے ہیں تو اب اِن کا جواب تو بنتا ہے۔ جب آپ چاہتے ہی ہو کہ ایسے مسئلوں پر اہلِ سنّت کی خاموشی کو ختم کیا جائے تو پھر کھل کر بات کرنی بھی فرض ہے۔

ہم نے اِسی وجہ سے اِس کتاب کو ہندی رسم الخط (اور اردو زبان) میں تیار کر کے لوگوں تک حق پہنچانا ضروری سمجھا کیوں کہ ہندستان کی زیادہ تر عوامِ اہلِ سنّت اُردو پڑھنا لکھنا نہیں جانتی اور یہی وجہ ہے کہ ایسے نام نہاد فرقہ پرست پیر اور صوفیوں کے لیے عوام کو دھوکا دینا آسان ہو جاتا ہے۔

ہم نے اِس کتاب میں ''صُلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ'' کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ صلح کی شرطوں کے ساتھ ساتھ اِس بات کا بھی صحیح احادیث و روایتوں سے ذکر کیا ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ کی کسی بھی شرط کو پورا نہیں کیا۔ جو لوگ دفاعِ صحابہ و مشاجراتِ صحابہ کے نام پر اہلِ بیت اور خاص کر کے سیّدنا مولا علی علیہ السلام و سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی حقّانیت کو چھپاتے ہیں میں اُن سے یہاں کچھ گفتگو ضروری سمجھتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ قرآن میں ارشاد فرماتا ہے:

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ

ترجمہ : اور پوری ہے تیرے رب کی بات سچ اور انصاف میں۔ (سورۃ الانعام: 6:115)

اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ

ترجمہ : بیشک اللہ حکم فرماتا ہے انصاف اور نیکی کا۔ (سورۃ النحل : 16:90)

سارے موجودات کا خالق جب عادل ہے تو وہ مسلمانوں کو بھی اِسی عدل کا حکم دیتا ہے۔ پھر انسانوں کی راہبری کے لیے جسے اپنے پیغمبر مقرر کرتا ہے اُسے بھی عدل و انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے۔ پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدائی احکام کی روشنی میں اِسی نظامِ عدل کو قائم کیا اور معاشرے سے ہر ظلم و بربریت کو نکال دیا۔ پھر اِسی طرح اِس نظامِ عدل وانصاف کو پانچوں خلفائے راشدین نے آگے بڑھایا۔ مگر پانچویں خلیفہ راشد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی دست برداری سے ملوکیت کے ظلم کی ایسی چکّی چلی کہ آج بھی امّت اِس میں پِستی جارہی ہے۔ مگر افسوس ملوکیت کے پہلے مالک امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جو کہ طلقاء میں سے ہیں اُنہیں خلیفہ راشد بتانے کے لیے اب کتابیں لکھی جارہی ہیں اور ایسی ہی ایک کتاب بریلوی مسلک کے مشہور خطیب سیّد ہاشمی میاں جیلانی کچھوچھوی کی کتاب جو سن 2014 عیسوی میں شائع ہوئی، جس کا نام ہے ''حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ راشد''۔ تعجب تو اِس بات پر ہے کہ اہلِ سنّت کے نامور محدّث اِس بات پر متفق ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ راشد نہیں بلکہ اسلامی تاریخ کے پہلے بادشاہ ہیں مگر پھر بھی مولانا صاحب نے روایتوں کا پلندہ بنا کر اُس میں فلسفہ اور منطق کا مسئلہ چھڑک کر اُنہیں خلیفہ راشد بتانے کی کوشش کی۔

الحمد للہ ہم نے اِس کتاب میں اُن کی کچھ باتوں کا رد صحیح احادیثوں سے ہی کیا ہے نہ کہ اپنی خود کی رائے سے۔ مگر پھر بھی یہاں اِس پر مختصر ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔

ہمارے خلفائے راشدین کچھ اِس طرح ہیں :

(1) سیّدنا ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ : اِن کو بنوثقیف کے حادثے میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے حالات کے پیشِ نظر خلیفہ بنایا تھا، نہ اِنہوں نے خلافت کی خواہش ظاہر کی نہ اپنا نام پیش کیا۔ اِن کی خلافت دو (2) سال رہی۔

(2) سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ : انہوں نے بھی نہ خود اپنا نام پیش کیا، نہ خواہش کا اظہار کیا۔ سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے مشورے سے مقرر فرمایا۔ اِن کی خلافت دس (10) سال رہی۔

(3) سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ : دولت مند ہوتے ہوئے بھی مسلمانوں کو نوازتے رہے، اپنی ذات کے لیے بیت المال سے کچھ نہ لیا۔ اِن کی خلافت بارہ (12) سال رہی۔

(4) سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما : بالکل درویش صفت، دنیا سے بیزار، آخرت کے طلب گار، نہ خلافت کی تمنا نہ اپنا نام پیش کیا۔ لوگوں نے مسجد میں آپ کا ہاتھ پکڑ کر بیعت فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہ کی خلافت پانچ (5) سال چھے (6) مہینے رہی۔

(5) سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما : سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کو بھی لوگوں نے خلیفہ بنایا، نہ آپ نے خود اپنا نام پیش کیا نہ اس کی آرزو کی۔

یہ تھے مسلمانوں کے حقیقی خلفائے راشدین جن کے بارے میں فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھا :

حدیثِ سفینہ

قَالَ: اَلْخِلَافَةُ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَكُوْنُ بَعْدَ ذٰلِكَ مُلْكًا.))

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”خلافت تیس (30) سال رہے گی۔ پھر یہ بادشاہت میں بدل جائے گی۔“

(اِس حدیث پر اِس کتاب میں طویل گفتگو کی گئی ہے۔)

(مسند احمد بن حنبل (اردو)، 10/312 ، رقم: 22264 ؛ سنن ابی داؤد (اردو)، 8/290 ، رقم: 4646-4647 ؛ مُسند ابو داؤد الطیالسی (اردو)، 2/102-103 ، رقم: 1203 ؛ مشکوٰۃ المصابیح، 3/237 ، رقم: 5359)

اگر اِن پانچوں خلیفہ راشد کی خلافت کا وقت ملایا جائے تو اِمام حسن رضی اللہ عنہ پر تیس (30) سال ختم ہو جاتے ہیں پھر بھی سیّد ہاشمی میاں جیسے عالمِ دین نے خلافتِ خاصّہ اور عامّہ کی بے بنیاد تاویل کر کے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلیفہ راشد بتانے کی ناکام کوشش کی ہے۔

جب اِس حدیث کے راوی خادمِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ سے جب پوچھا گیا: ''بنو اُمیّہ دعویٰ کرتے ہیں کہ خلافت اُن میں ہے'' تو سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''بنو زرقاء۔ بلکہ وہ بہترین بادشاہوں میں سے ہیں۔''

تعجب ہے، صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جسے بادشاہ کہے اُسے آج کل کے صوفی و عالم خلافتِ خاصّہ اور عامّہ کی Terminology میں اُلجھا کر خلیفۂ راشد ثابت کرنا چاہے، کیا سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ جو صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و خادمِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اُن کو یہ ''خاصّہ'' اور ''عامّہ'' کا علم نہیں تھا؟

اہلِ سنّت کے محدّثینِ کرام کی ایک بہت بڑی جماعت ''حدیثِ سفینہ'' کو ''قوی'' مانتی ہے جس میں نامور محدّثین کے نام کچھ اِس طرح ہیں:

(1) اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 241 ہجری)
(2) اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 297 ہجری)
(3) اِمام ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 287 ہجری)
(4) اِمام ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 310 ہجری)
(5) اِمام ابن حِبّان رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 354 ہجری)
(6) اِمام حاکم نیشابوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 405 ہجری)
(7) اِبن تیمیہ (متوفّٰی: 728 ہجری)
(8) اِمام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 748 ہجری)
(9) اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 852 ہجری)
(10) علّامہ ناصر الدین اَلبانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 1420 ہجری)
(11) شیخ زُبیر علی زئی (متوفّٰی: 1435 ہجری)

مشاجراتِ صحابہ کو بیان کرنا کیسا ہے؟

ہمارے یہاں جب بھی مشاجراتِ صحابہ پہ گفتگو ہوتی ہے تو اُسے بیان کرنے سے منع کیا جاتا ہے مگر افسوس کہ قرآن اِس پر کیا بیان کرتا ہے اُس کا کوئی ذکر نہیں کرتا؟

اللہ ﷻ نے قرآن میں حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا:

وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾

ترجمہ: اور آدم سے اپنے رب کے حکم میں لغزش واقع ہوئی تو جو مطلب چاہا تھا اُس کی راہ نہ پائی۔ (سورہ طٰہٰ: 20:121)

یہ قرآن میں اِس لیے نہیں فرمایا گیا کہ قیامت تک حفاظِ کرام اور مسجدوں کے اِمام نمازوں میں بار-بار پڑھ کر نعوذ باللہ سیّدنا آدم علیہ السلام کی توہین کرتے رہیں۔

قرآن میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں فرمایا گیا:

اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ

ترجمہ: ''جب تم میں کے دو گروہوں کا اِرادہ ہوا کہ نامردی کر جائیں'' (سورہ آل عمران: 3:122)

حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ

ترجمہ: ''یہاں تک کہ جب تم نے بزدلی کی اور حکم میں جھگڑا ڈالا'' (سورہ آل عمران: 3:152)

اِن آیت کی ترجمے اور تفسیریں آپ اپنے-اپنے مسلک کے علماء سے بھی پوچھ لیں۔ ہم نے یہاں بریلوی مسلک کے مولانا احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ''کنز الایمان'' سے پیش کیا ہے۔

اِسی طرح کی کتنی ہی کمزوریوں کا ذکر اللہ ﷻ قرآنِ کریم میں بیان کرتا ہے، ایسا ہی صحیح احادیثوں میں صحابہ کرام کی کمزوریوں کا بیانِ عام ملتا ہے۔ یہ سب کچھ اِس لیے ذکر کیا گیا کہ ہمارے سامنے توحیدِ باری تعالیٰ کا عقیدہ نکھر کر آ سکے کہ اللہ ﷻ ہی ہے جس سے کسی کمزوری اور خطا کا صادر ہونا کسی بھی صورت میں ممکن نہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ جب بڑی-بڑی شخصیتوں سے خطا ہوئی تو اِسے سامنے رکھ کر بعد والے اپنی اِصلاح کر لیں۔ کہیں اُن کی طرح غلطی پر غلطی نہ کرتے جائیں۔ اِس طریقۂ اِصلاح کا نام ''توہینِ صحابہ'' نہ رکھ لیں، یہ بہت بڑا فریب ہے۔ ہمیں ایسے فریب اور فریب دینے والوں سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عادل ہیں۔

علّامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ''سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عادل ہیں۔''

اہلِ سنّت کے محدّثین کے نزدیک سارے صحابہ رضی اللہ عنہم کے عادل کا مطلب یہ ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث روایت کرنے میں ہر صحابی عادل ہے، کسی صحابی سے یہ ثابت نہیں ہو سکا کہ انہوں نے کوئی غلط اور جھوٹی حدیث نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کی ہو۔ اِس سلسلے میں سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم معیار پر ہیں۔ باقی بشری کمزوریاں اُن میں بھی تھیں۔ اِسی لیے کسی بھی صحابی کے نام کا ''بے گناہ بے خطا'' یہ نعرہ عقیدۂ اہلِ سنت کے خلاف ہے۔''

جب اہلِ سنّت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ''معصوم عن الخطا'' نہیں مانتے تو واضح ہو گیا کہ ''خلافت علیٰ منہاجِ النبوۃ'' کو ختم کر کے اُس کی جگہ بادشاہی نظام رائج کرنا روحِ اسلام کے خلاف عمل تھا جس کی سزا ہم آج تک بھگت رہے ہیں۔

شانِ صحابہ: رافضیت کو جواب:
صحیح مسلم کی ایک حدیث

خبردار! مشاجراتِ صحابہ کو بیان کرنے پر کوئی یہ نہ سمجھ لیں کہ ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی غلطیوں کی وجہ سے اُن پر لعن تعن کر سکتے ہیں، نعوذ باللہ من ذالک۔ اہلِ سنّت کا یہ عقیدہ بالکل نہیں ہے۔

صحیح مسلم (سوئم) ۳۹۲ ٤٤- كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى عنهم

٦٤٣٥ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كَانَ بَيْنَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ وَبَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ شَيْءٌ فَسَبَّهُ خَالِدٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَسُبُّوا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِي فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَوْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ. البخاري (٣٦٧٣) ابوداؤد (٤٦٥٨) الترمذي (٣٨٦١م) ابن ماجه (١٦١)

حضرت ابوسعید بیان کرتے ہیں کہ خالد بن ولید اور حضرت عبد الرحمان بن عوف کے درمیان کوئی مناقشہ تھا، حضرت خالد نے ان کو برا کہا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے اصحاب میں سے کسی کو برا نہ کہو کیونکہ تم میں سے اگر کسی شخص نے احد پہاڑ کے برابر سونا بھی خیرات کیا تو وہ ان میں سے کسی ایک کے دیے ہوئے مُد (ایک کلوگرام) یا نصف مُد کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی مناقشہ تھا، حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اُنہیں (حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو) برا کہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو) فرمایا: ''میرے اصحاب میں سے کسی کو برا نہ کہو، کیوں کہ تم میں سے اگر کسی شخص نے احد پہاڑ کے برابر سونا بھی خیرات کیا تو وہ اُن میں سے کسی ایک کے دیے ہوئے مُد (ایک کلوگرام) یا نصف مُد کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا۔

[صحیح مسلم (اردو)، کتاب: فضائل الصحابہ، باب: سبّ صحابہ کی تحریم - 3/392، رقم: 6435، اِنٹرنیشنل نمبر: 6488؛ (صحیح بخاری (اردو)، اِنٹرنیشنل نمبر: 3673)]

ناصبی فتوے بازوں کو اِمام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا جواب

اِس کے باوجود اگر ناصبی، رافضیت کے فتوے دینے سے بعض نہ آئیں تو اُن کے لیے اِمامِ اہلِ سنّت اِمام محمد بن اِدریس شافعی المعروف اِمام شافعی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی: سن 204 ہجری کا وہ جواب ہی کافی ہے جسے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے محبتِ اہلِ بیت کی وجہ سے اُس وقت کے ناصبی اور یزیدی علماء کے رافضی - شیعہ کا الزام لگانے پر اُن کو دیا تھا اور وہ آپ کے دیوان میں اِس طرح مذکور ہے:

دیوان الإمام الشافعیؒ ۱۷۳ دیوان الإمام الشافعیؒ

٣ إِنْ كَانَ رَفْضاً حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ اگر آلِ محمدؐ سے محبت کرنا رفض ہے	فَلْيَشْهَدِ الثَّقَلانِ أَنِّي رَافِضِي تو جن وانس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں
٤ وَأَعْلِمُهُمْ أَنِّي مِنَ النَّفَرِ الَّذِي اور انہیں بتادے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں	لِوَلاءِ أَهْلِ الْبَيْتِ لَنْ يَنْقِضِي جو اہل بیت کی محبت کے عہد کو توڑ نہیں سکتا

تشریح: امام صاحبؒ کو مخالفین بار بار رافضی ہونیکا طعنہ دیتے تھے، آپ نے کئی بار اپنے عقائد مختلف انداز میں ظاہر فرمائے پھر بھی بعض حاسد شر پھیلاتے تھے، اس پر یہ اعلان فرمارہے ہیں کہ دنیا بھر کے حجاج جب مزدلفہ سے منیٰ واپس آئیں: تو بلند آواز سے اعلان کردو کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد سے محبت رکھنے کا نام رفض ہے: تو بے شک میں رافضی ہوں، خلفاء اربعہؓ کے بارے میں آپ کے اشعار گذشتہ اوراق میں گذر چکے ہیں، سحر کے وقت اعلان اسلئے کروا رہے ہیں کہ وہ سکون کا وقت ہوتا ہے۔

٣۔ الرَّفْض: والرَّافضة، ج، الرَّوافض، فرقة من الشيعة تستحلّ الطعن في الصحابة، وسمّوا بالرَّافضة، لأنهم رفضوا إمامهم، زيد بن علي، لمّا نهاهم عن سبّ أبي بكر وعمر بن الخطاب رضي الله عنهما (معجم لغة الفقهاء)

٤۔ النَّفَر: سارے لوگ، تین سے لیکر دس تک کی جماعت، ج، أنفار، ثلثة نفر، تین آدمی، يوم النَّفر أو النَّفير، بارھویں ذی الحجہ: جسمیں حاجی منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف رخ کرتا ہے۔

اشاعت نمبر: ۴۷

إن من الشعر حكمة. (رواه البخاري)

دِيوَانُ الإمَامِ الشَّافِعِيؒ

ابی عبد اللہ محمد بن ادریس الشافعیؒ
(۱۵۰ھ ۷۶۷م ـــ ۲۰۴ھ ۸۲۰م)

ترجمہ وتشریح
حضرت مولانا عبد اللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم

ناشر
(حضرت مولانا مفتی) احمد دیلوی صاحب (دامت برکاتہم)
جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات، الھند

''اگر آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا رفض ہے، تو جن و انس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں
اور اُنہیں بتا دے کہ میں اُن لوگوں میں سے ہوں، جو اہلِ بیت کی محبت کے عہد کو توڑ نہیں سکتا''

(دیوان الامام الشافعی (اردو)، صفحہ: 173)

الحمد للہ! میں نے اِس کتاب میں ''صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ'' کے موضوع کو کتبِ احادیث کی صحیح روایتوں کی روشنی میں بیان کیا ہے اور کچھ جگہ پر جہاں کتبِ احادیث کی روایتیں نہیں ملی وہاں تاریخی روایتیں پیش کی ہیں۔ اِس کتاب کا اصل مقصد سیّدنا اِمام مولا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما و سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی حقّانیت، فکرِ امّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صبر واستقامت کو عوام کے سامنے پیش کرنا ہے نہ کہ کسی صحابی پر تنقید (ٹیکا) کرنا۔

یہ کتاب اہلِ سنّت کا دعویٰ کرنے والے تینوں مکاتبِ فکر اہلِ حدیث، بریلوی اور دیوبند کے عوام اور خواص (اہلِ علم) کو مدِ نظر رکھ کر لکھی گئی ہے، اِسی لیے میں نے اِس کتاب میں اہلِ حدیث، بریلوی اور دیوبند کے علماء، محدّثین، شارح و پبلی کیشنز (ناشر) کی کتابوں سے Scan Pages کے ساتھ حوالہ جات پیش کیے ہیں۔ اہلِ علم کے لیے خاص اُردو اور عربی Scan Pages بھی پیش کیے ہیں۔

اِس کتاب کو بہتر بنانے کی پوری کوشش کی ہے مگر پھر بھی ''انسان خطا کا پتلا ہے۔'' اگر اِس کتاب میں کسی جگہ لفظی یا معنوی غلطی وارد ہوئی ہو تو معافی کا طلب گار ہوں۔ کتاب کے آخر میں اُن تمام کتابوں کے نام، مصنّف اور مطبوعات کو پیش کیا گیا ہے جن کے حوالہ جات اِس کتاب میں موجود ہیں۔

اِس کتاب میں شروع سے میری حوصلہ افزائی کرنے والے اور اس کتاب کی پروف ریڈنگ کا اہم کام انجام دینے والے اور میری غلطیوں پر ہمیشہ بڑے بھائی کی طرح اصلاح کرنے والے حضرت علّامہ محقق دیوان محسن شاہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اِن کے بغیر شاید اِس کتاب کا کام بہت ہی مشکل تھا۔ اللہ جل جلالہ روزِ قیامت اہل بیت پاک علیہم السلام کے صدقے طفیل اِن کو اور اِن کے گھر والوں کو حضور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک ہاتھوں جامِ کوثر عطا فرمائے۔ آمین۔

اور اِس کتاب کی ٹائپنگ سے لے کر پرنٹنگ تک اپنی ذمّہ داری ادا کرنے والے امام جعفر صادق فاؤنڈیشن کی پوری ٹیم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں نے اِس کتاب میں برادرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و دامادِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا اِمام مولا علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما و نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولادِ بتول علیہا السلام سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی حقّانیت کو صحیح احادیث کی روشنی میں پیش کر کے ناصبیت اور خارجیت کے مقابلے میں حق کا پرچم بلند کرنے کی ادنیٰ سی کاوش کی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اِسے اُمّتِ مسلمہ کو قرآن وسنّت و عترتِ رسول کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رہنے اور دوسروں کو حق کی طرف لوٹنے کا سبب بنائے اور اللہ کریم سے میری دعا ہے کہ اِس کاوش کو قبول ومنظور فرمائے اور روزِ قیامت سیّدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت مجھے اور میرے گھر والوں کو عطا فرمائے۔ آمین۔

آخر میں وحدہٗ لاشریک لہٗ اللہ ربّ العزّت، کی بارگاہ میں وہی دعا کرتا ہوں جو امام اہلِ سنّت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دیوان میں مانگی ہے:

دیوان الإمام الشافعیؒ ۹۳ دیوان الإمام الشافعیؒ

آلُ النَّبِيِّ ذَرِيعَتِي ...

قال الإمام الشافعیؒ، یذکر توسله بآل بیت النبی ﷺ ورجاله المغفرة علیهم:

١ آلُ النَّبِيِّ ذَرِيعَتِي — وَهُمُ إِلَيْهِ وَسِيلَتِي
نبی کریم ﷺ کی پاک اولاد میری نجات کا ذریعہ ہیں — اور انہیں کو حق تعالیٰ کے حضور میں اپنا وسیلہ مانتا ہوں

٢ أَرْجُو بِهِمْ أُعْطَى غَداً — بِيَدِي الْيَمِينِ صَحِيفَتِي
میں امید کرتا ہوں کہ کل قیامت کے دن — انہیں کے وسیلے مجھے میرا عمل نامہ داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا۔

تشریح: اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت، ایمان میں ترقی وکمال پیدا کرتی ہے، اسلئے کہ محبت محبوب کے حکموں کی اطاعت، محبوب کی رضا جوئی بلکہ اپنا فدا ہونے کا نام ہے۔ پھر محبت میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا آخرت کی کامیابی کے منازل طے کرنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ یہی وہ مقبول عمل ہے جو بالآخر عاشق کو معشوق سے ملا ہی دیتا ہے، جانبین سے شوق دید کا یہ لازمی نتیجہ اور ماحصل ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے "احبوا اللہ لما یغذوکم من نعمہ، واحبونی بحب اللہ، واحبوا اھل بیتی بحبی" (رواہ الحرمسلی) امام شافعیؒ نے مذکورہ دو شعر میں اسی فرمان رسول ﷺ کی ترجمانی کی ہے، کیونکہ اہل بیت کی محبت متقاضی ہے رسول اللہ ﷺ کی محبت کی اور رسول ﷺ کی محبت ذریعہ ہے اللہ تعالیٰ کی محبت کے حصول کا اور حق تعالیٰ کی محبت وسیلہ ہے اخروی سرخروئی کا، جسکی تائید ایک اور روایت سے بھی ہوتی ہے "عن انس، ان رجلا قال یا رسول اللہ متی الساعۃ؟ قال ومالک ما اعددت لھا؟ قال ما اعددت لھا الا انی احب اللہ ورسولہ، قال انت مع من احببت" (متفق علیہ) اور ظاہر ہے عشق ومحبت کا یہ عمل بکمال اطاعت وبندگی کروا کر عاشق ومحب کو محبوب ومعشوق والی جنت یا درجہ میں یقیناً لے جائیگا۔ اسلئے کہ آپ ﷺ نے حدیث مذکور میں خود معیت کو ذکر فرمایا ہے۔

١۔ الذَّرِيعَةُ: ذَرَعَ (ف) ذَرْعاً وذُرُوعَ (س) ذَرْعَهُ، عند الرجل والیه، سفارش کرنا، الذریعۃ، وسیلہ، ج، ذَرَائِعُ. وَسِيلَتِي: وَسَلَ (ض) وَسِيلَةً، إِلَى اللهِ بِعَمَلٍ أَوْ وَسِيلَةٍ، کسی عمل یا ذریعہ سے اللہ کا تقرب حاصل کرنا، الوَسِيلَةُ، ذریعہ، تقرب، ج، وَسِيلٌ، وَسَائِلُ، وُسُلٌ.
٢۔ الصَّحِيفَةُ: ج، صَحَائِفُ وَصُحُفٌ، لکھا ہوا ورق، کاغذ، دفتر، صَحِيفَةُ الوَجْهِ، چہرہ کی کمال، کہا جاتا ہے، صُنْ صَحِيفَةَ وَجْهِكَ، اپنی آبرو محفوظ رکھو۔



اشاعت نمبر: ۴۷

إنّ من الشعر حکمة. (رواہ البخاری)

دِيوَانُ الإمَامِ الشَّافِعِيؒ

ابی عبد اللہ محمد بن ادریس الشافعیؒ
(۱۵۰ھ ۷۶۷م — ۲۰۴ھ ۸۲۰م)

ترجمہ وتشریح

حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم

ناشر

(حضرت مولانا مفتی) احمد دیولوی صاحب (دامت برکاتہم)
جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات، الھند

"نبی کریم ﷺ کی پاک اولاد میری نجات کا ذریعہ ہیں
اور اُنہیں کو حق تعالیٰ کے حضور میں اپنا وسیلہ مانتا ہوں۔
میں اُمید کرتا ہوں کہ کل قیامت کے دن
اُنہیں کے وسیلہ سے مجھے میرا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا"

(دیوانُ الامام الشافعی (اردو)، صفحہ: 93)

خادمِ درِ زہراء بتول
ڈاکٹر شہزاد حسین یاسین میاں قاضی
(B.A.M.S., M.J.M.C.), (Excellence in School Education (C.U.))
موڈاسا، اَرولّی، گجرات، اِنڈیا

باب-1

فضائلِ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ

قارئین کرام ! کتاب کا آغاز اُس ہستی کے فضائل سے شروع کیا جا رہا ہے جو اِس کتاب ''صلحِ اِمام حسن اور آغازِ ملوکیّت'' کی اہم شخصیت ہے۔ نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت کی شان میں بے شمار صحیح احادیث و رِوایتیں ہیں اور سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شان میں بھی بے شمار احادیث ہیں مگر کتاب طویل نہ ہو اور کتاب کا اصل موضوع بنا رہے، اِس کے پیشِ نظر صرف چھے (6) عنوان پر صحیح احادیث پیش کر رہا ہوں۔

سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مُشابہت

صحیح بخاری کی ایک حدیث



بخاری شریف (مترجم) جلد دوم	۴۵۵	کتاب المناقب
۹۴۷-حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي أَنَسٌ قَالَ لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَشْبَهَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ	(947) محمد بن مسلم زہری سے روایت ہے کہ مجھے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جس قدر مشابہ تھے اتنا اور کوئی مشابہ نہ تھا۔

ترجمہ

محمد بن مسلم زہری سے روایت ہے کہ مجھے حضرت اَنس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ''حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جس قدر مشابہ تھے اُتنا اور کوئی مشابہ نہ تھا۔'' (1)

1. صحیح بخاری (اُردو)، 2/455، رقم: 947، اِنٹرنیشنل نمبر: 3752

حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ نبیِّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شانۂ اقدس پر سوار

صحیح بخاری کی ایک حدیث

حضور نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے لاڈلے نواسوں سے بے پناہ محبت فرماتے تھے، جس طرح بزرگ اور والدین اپنے گھر کے بچوں کو کندھوں پر سوار کرتے ہیں بالکل اِسی طرح نبیِّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اپنے جگر گوشوں کے لیے سواری بنتے تھے۔ اِس سلسلے میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں حدیث موجود ہیں۔

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم	۴۵۴	کتاب المناقب
۹۴۴- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَدِیٌّ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ عَلٰی عَاتِقِهٖ یَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهٗ فَاَحِبَّهٗ		(944) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا درانحالیکہ آپ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کندھے پر اٹھایا ہوا تھا اور فرما رہے تھے اے اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔

ترجمہ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا، درانحالیکہ (اِس حال میں کہ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کندھے پر اُٹھایا ہوا تھا اور فرما رہے تھے: ''اے اللہ عزوجل! میں اِس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اِس سے محبت فرما۔''[1]

1. صحیح بخاری (اُردو)، 2/454، رقم: 944، اِنٹرنیشنل نمبر: 3749، صحیح مسلم (اردو)، 3/314، رقم: 6208، 6209، اِنٹرنیشنل نمبر: 6258، 6259

اے اللہ! میں اِس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اِس سے محبت رکھ اور جو اِس سے محبت رکھے اُس سے محبت رکھ

صحیح مسلم کی ایک حدیث



صحیح مسلم (سوئم) ۳۱۴ ٤٤-كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى عنهم

٦٢٠٦ - حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ لِحَسَنٍ اللَّهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ.

البخاری (۲۱۲۲-۵۸۸٤) ابن ماجہ (۱٤۲)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: اے اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو اس سے محبت رکھ اور جو اس سے محبت رکھے اس سے محبت رکھ۔



سلسلة الاحاديث الصحيحة ۲۵۸

نبی ﷺ نے فرمایا: ((اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ)). [صحيح مسلم ۲۸۰۷]

کی دلائل میں سوال کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنا منہ کھول کر اس کے منہ کو اپنے منہ میں داخل کیا (یعنی اس کے ہونٹوں کا بوسہ لیا) پھر فرمایا: "اے اللہ میں اسے محبت کرتا ہوں تو اس سے بھی محبت کر اور اس سے محبت کرنے والے سے بھی محبت کر۔"

تخریج: الصحیحة ۵۰۰۰ (الادب المفرد ۳۸۲) احمد (۲/ ۲۵۳) حاکم (۳/ ۱۵۸) مسلم (۱۵۸) (۶۲۷۱) مفرد (والبخاری ۳۷۴۶ مختصراً من طریق آخر)

فوائد: اس میں سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کی شان و عظمت اور سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ ﷺ سے والہانہ محبت کا بیان ہے۔

فضائل و مناقب اور مناقب و فضائل ۲۵۷

باب: الفضل حسنؓ بن علیؓ

سیدنا حسن بن علی کی فضیلت کا بیان

۳۳۸۶: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: فَإِذَا رَأَيْتُ حَسَنًا فَلَا أَمْلِكُ عَيْنَايَ دُمُوعًا وَذَلِكَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ يَوْمًا فَأَخَذَنِي فِي مَسْجِدِهِ فَأَخَذَ بِيَدِي فَمَا كَلَّمَنِي حَتَّى جِئْنَا سُوقَ بَنِي قَيْنُقَاعٍ، فَطَافَ بِهِ وَنَظَرَ، ثُمَّ خَرَجَ وَلَمْ يَقْدِرْ لَنَا حَتَّى جِئْنَا الْمَسْجِدَ، فَجَلَسَ فَاحْتَفَى ثُمَّ قَالَ: ((أَيْنَ لُكَاعُ؟ ادْعُ لِي لُكَاعَ)) فَجَاءَ حَسَنٌ يَشْتَدُّ فَوَقَعَ فِي حِجْرِهِ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي لِحْيَتِهِ، ثُمَّ جَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ يَفْتَحُ فَاهُ فَيُدْخِلُ فَاهُ

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھتا ہوں تو میری آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں اور وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ ایک دن باہر تشریف لائے، میں مسجد میں تھا، آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا، میں آپ کے ساتھ چل دیا، آپ ﷺ نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی حتیٰ کہ ہم بنو قینقاع بازار پہنچ گئے، آپ ﷺ نے وہاں چکر لگایا اور اِدھر اُدھر دیکھا، پھر واپس پلٹ آئے اور میں بھی آپ کے ساتھ تھا، یہاں تک کہ ہم مسجد میں پہنچ گئے۔ آپ ﷺ وہاں جبوہ باندھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا: "چھوٹا بچّہ کدھر ہے؟ چھوٹے کو ذرا بلا کر لاؤ۔" تو حسن رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آئے، آپ ﷺ کی گود میں گر پڑے اور اپنا ہاتھ آپ ﷺ کی داڑھی میں داخل کرنے لگے۔ آپ ﷺ نے اپنا منہ کھول کر اُن کے منہ کو اپنے منہ میں داخل کیا (یعنی اُن کے ہونٹوں کا بوسہ لیا)، پھر فرمایا: "اے اللہ جل جلالہ! میں اِس سے محبت کرتا ہوں، تو بھی اِس سے محبت رکھ اور جو اِس سے محبت رکھے اُس سے محبت رکھ۔"(1)

ترجمہ

سیّدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھتا ہوں تو میری آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں، وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ ایک دِن باہر تشریف لائے، میں مسجد میں تھا، آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا، میں آپ کے ساتھ چل دِیا، آپ ﷺ نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی حتیٰ کہ ہم بنو قینقاع بازار پہنچ گئے، آپ ﷺ نے وہاں چکّر لگایا اور اِدھر اُدھر دیکھا، پھر واپس پلٹ آئے اور میں بھی آپ کے ساتھ تھا، یہاں تک کہ ہم مسجد میں پہنچ گئے۔ آپ ﷺ وہاں جبوہ باندھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا: "چھوٹا بچّہ کدھر ہے؟ چھوٹے کو ذرا بلا کر لاؤ۔" تو حسن رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آئے، آپ ﷺ کی گود میں گر پڑے اور اپنا ہاتھ آپ ﷺ کی داڑھی میں داخل کرنے لگے۔ آپ ﷺ نے اپنا منہ کھول کر اُن کے منہ کو اپنے منہ میں داخل کیا (یعنی اُن کے ہونٹوں کا بوسہ لیا)، پھر فرمایا: "اے اللہ جل جلالہ! میں اِس سے محبت کرتا ہوں، تو بھی اِس سے محبت رکھ اور جو اِس سے محبت رکھے اُس سے محبت رکھ۔"(1)

صحیح مسلم (اردو)، 3/314، رقم: 6206، انٹرنیشنل نمبر: 6256۔ سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (اردو)، 3/457-458، رقم: 3376

نانا اور نواسے ایک ہی سواری پر

صحیح مسلم کی ایک حدیث

آج کے زمانے میں لوگ موٹر بائیک یا اسکوٹر پر اپنے بیٹوں اور اولاد کو بٹھاتے ہیں اور محبت کا اظہار کرتے ہیں۔ 1400 سال پہلے جب گھوڑے یا خچّر کی سواری ہوا کرتی تھی تب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی آنکھوں کے تاروں کو کس طرح سواری پر اپنے ہمراہ بیٹھاتے تھے اِسے اِمام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے۔

صحیح مسلم (سوئم) ۳۱۴ ٤٤-كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى عنهم

٦٢١٠ - حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الرُّومِيُّ الْيَمَامِيُّ وَ عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ (وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ) حَدَّثَنَا إِيَاسٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَقَدْ رُدِفْتُ بِنَبِيِّ اللَّهِ ﷺ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

ایاس اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: میں اس سفید خچر کی لگام کو پکڑ کا چلا ہوں جس پر رسول اللہ ﷺ اور حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما سوار تھے حتیٰ کہ میں نے ان کو نبی ﷺ کے حجرہ میں داخل کیا' یہ آگے

صحیح مسلم (سوئم) ۳۱۵ ٤٤-كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى عنهم

بَغْلَتَهُ الشَّهْبَاءَ حَتَّى أَدْخَلْتُهُمْ حُجْرَةَ النَّبِيِّ ﷺ هَذَا قُدَّامَهُ وَهَذَا خَلْفَهُ. الترمذی (٢٧٧٥)

تھے اور وہ پیچھے تھے۔



ترجمہ

ایاس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: ''میں اُس سفید خچّر کی لگام کو پکڑ کر چلا ہوں جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت حسن و حضرت حسین رضی اللہ عنہما سوار تھے، حتیٰ کہ میں نے اُن کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حُجرہ میں داخل کیا، یہ آگے تھے اور وہ پیچھے تھے۔''(1)

1. صحیح مسلم (اُردو)، 3/314، رقم: 6210، اِنٹرنیشنل نمبر: 6260

نانا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منبر پر نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما

صحیح بخاری کی ایک حدیث

اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''صحیح'' میں حدیث نقل کرتے ہیں :

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم	۴۵۳	کتاب المناقب
۹۴۱- حَدَّثَنَا صَدَقَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا أَبُو	(941) حسن بصری سے روایت ہے کہ انہوں نے ابوبکرہ (نفیع بن	

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم	۴۵۴	کتاب المناقب
مُوسٰى عَنِ الْحَسَنِ سَمِعَ أَبَا بَكْرَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ إِلٰى جَنْبِهِ يَنْظُرُ إِلَى النَّاسِ مَرَّةً وَإِلَيْهِ مَرَّةً وَيَقُولُ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ	حارث) سے سنا انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منبر شریف پر سنا درانحالیکہ حضرت حسن (بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما) آپ کے ایک پہلو میں تھے۔ آپ ایک دفعہ لوگوں کی طرف دیکھتے اور ایک بار حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف اور فرماتے میرا یہ بیٹا سید ہے۔ اللہ عزوجل ان کے ذریعے مسلمانوں کی جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔	

ترجمہ

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ابوبکرہ (نفیع بن حارث) سے سنا، اُنہوں نے کہا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ممبر شریف پر سنا درانحالیکہ (اِس حال میں کہ) حضرت حسن (بن علی رضی اللہ عنہما) آپ کے ایک پہلو میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دفعہ لوگوں کی طرف دیکھتے اور ایک بار حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف اور فرماتے : ''میرا یہ بیٹا سیّد ہے اللہ جل جلالہ اُن کے ذریعے مسلمانوں کی (دو) جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔''(1)

1. صحیح بخاری (اردو)، 2/453-454، رقم : 941، انٹرنیشنل نمبر : 3746

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے نواسوں کے لیے خطبے کا روک دینا

سُنن ترمذی کی صحیح حدیث

اِمام ترمذی اپنی ''سنن'' میں حدیث نقل کرتے ہیں :

جامع سُنن ترمذی
مع
مختصر شرح
تالیف
الامام الحافظ ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی
(۲۰۰-۲۷۹ھ)
جلد چہارم
مولانا علی مرتضیٰ طاہر

اعتقاد پبلشنگ ہاؤس

اَبْوَابُ الْمَنَاقِبِ – 4 | 531 | فضائل ومناقب کا بیان

3774۔ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ:.....

سَمِعْتُ أَبِي بُرَيْدَةَ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَخْطُبُنَا إِذْ جَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا قَمِيصَانِ أَحْمَرَانِ يَمْشِيَانِ وَيَعْثُرَانِ فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مِنَ الْمِنْبَرِ فَحَمَلَهُمَا وَوَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ: ((صَدَقَ اللّٰهُ ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾ فَنَظَرْتُ إِلَى هٰذَيْنِ الصَّبِيَّيْنِ يَمْشِيَانِ وَيَعْثُرَانِ فَلَمْ أَصْبِرْ حَتَّى قَطَعْتُ حَدِيثِي وَرَفَعْتُهُمَا)).

سیّدنا بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک حسن وحسین (رضی اللہ عنہما) آ گئے، ان پر سرخ کرتے تھے وہ چلتے ہوئے گر رہے تھے، تو اللہ کے رسول ﷺ منبر سے نیچے اترے، انہیں اٹھایا اور اپنے سامنے بٹھا دیا پھر فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے (ترجمہ) تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو صرف آزمائش ہیں۔ (التغابن: 15) میں نے ان دونوں بچوں کو دیکھا جو چل رہے تھے اور اٹک کر گر رہے تھے، تو مجھ سے صبر نہ ہو سکا یہاں تک کہ میں نے اپنی بات کو روک کر ان دونوں کو اٹھایا۔''

وضاحت: ..... امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے، ہم اسے حسین بن واقد کے طریق سے ہی جانتے ہیں۔

(3773) أخرجه البخاري: 3704۔ وأبو داود: 4662۔ والنسائي: 1410۔ وأحمد: 37/5۔ والإرواء: 1597۔
(3774) صحيح: أخرجه أبو داود: 1109۔ وابن ماجه: 3600۔ والنسائي: 1413۔ وأحمد: 354/5۔

ترجمہ

سیّدنا بُریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک (حضرت اِمام) حسن و حسین رضی اللہ عنہما آ گئے، اُن پر سُرخ کُرتے تھے، وہ چلتے ہوئے گر رہے تھے، تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ممبر سے نیچے اُترے، اُنہیں اُٹھایا اور اپنے سامنے بیٹھا دیا پھر فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے (ترجمہ) تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو صرف آزمائش ہیں۔ (سورہ التغابُن: 64:15)'' میں نے اِن دونوں بچّوں کو دیکھا جو چل رہے تھے اور اَٹک کر گر رہے تھے، تو مجھ سے صبر نہ ہو سکا یہاں تک کہ میں نے اپنی بات کو روک کر اِن دونوں کو اُٹھایا۔

اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے، ہم اسے حسین بن واقد کے طریق سے ہی جانتے ہیں۔

شیخ ناصر الدین البانی نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. سنن ترمذی (اُردو)، 4/531، رقم: 3774، انٹرنیشنل نمبر: 3774

باب-2

سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ

"صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اُس سے پہلے کے واقعات کے بارے میں علم حاصل کیا جائے۔ "صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ" کا لفظ تو زور شور سے بیان کیا جاتا ہے مگر اِمام حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ کیسے بنے؟ کیا آپ خلیفۂ راشد ہیں؟ اور آپ نے صلح کیوں کی؟ اِن سوالوں پر اہلِ علم ممبروں پر خاموش رہتے ہیں۔ جس طرح کسی واقعے کو سمجھنے کے لیے اُس کے پس منظر سے واقف ہونا ضروری ہے بالکل اُسی طرح "صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ" کو سمجھنے کے لیے اُن واقعات کو سمجھنا ضروری ہے جو اِس صلح کا پس منظر ہے۔ کتاب طویل نہ ہو اِس لیے ہم صرف اُن واقعات کو یہاں بیان کریں گے جو اِمام مولا علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد شروع ہوئے۔

کتاب کا اصل موضوع بنا رہے اِس لیے اِمام مولا علی علیہ السلام کی شہادت کا واقعہ بیان نہیں کر رہا ہوں صرف ایک حدیث بیان کرنے کے بعد آپ علیہ السلام کی شہادت کے بعد آپ کے صاحبزادۂ کبیر سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے جو خطبہ دیا اُسی سے کتاب کے موضوع کی شروعات کر رہا ہوں۔

شہادت مولا علی رضی اللہ عنہ سے متعلق ایک صحیح حدیث



4679 - أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الصَّفَّارُ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرِ بْنِ بَرِّيٍّ، ثَنَا أَبِي وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرِ بْنِ بَرِّيٍّ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُثَيْمٍ الْمَحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَعَلِيٌّ رَفِيقَيْنِ فِي غَزْوَةِ ذِي الْعُشَيْرَةِ، فَلَمَّا نَزَلَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَقَامَ بِهَا، رَأَيْنَا نَاسًا مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ يَعْمَلُونَ فِي عَيْنٍ لَهُمْ فِي نَخْلٍ، فَقَالَ لِي عَلِيٌّ: يَا أَبَا الْيَقْظَانِ، هَلْ لَكَ أَنْ تَأْتِيَ هَؤُلَاءِ فَنَنْظُرَ كَيْفَ يَعْمَلُونَ؟ فَجِئْنَاهُمْ، فَنَظَرْنَا إِلَى عَمَلِهِمْ سَاعَةً، ثُمَّ غَشِيَنَا النَّوْمُ فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَعَلِيٌّ فَاضْطَجَعْنَا فِي صُوَرٍ مِنَ النَّخْلِ فِي دَقْعَاءَ 1)) مِنَ التُّرَابِ، فَنِمْنَا فَوَاللَّهِ مَا أَيْقَظَنَا إِلَّا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَرِّكُنَا بِرِجْلِهِ وَقَدْ تَتَرَّبْنَا مِنْ تِلْكَ الدَّقْعَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا تُرَابٍ لِمَا يُرَى عَلَيْهِ مِنَ التُّرَابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمَا بِأَشْقَى النَّاسِ رَجُلَيْنِ؟ قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: أُحَيْمِرُ ثَمُودَ الَّذِي عَقَرَ 2)) النَّاقَةَ، وَالَّذِي يَضْرِبُكَ يَا عَلِيُّ عَلَى هَذِهِ - يَعْنِي قَرْنَهُ - حَتَّى تَبْتَلَّ هَذِهِ مِنَ الدَّمِ - يَعْنِي لِحْيَتَهُ - هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهَذِهِ الزِّيَادَةِ، إِنَّمَا اتَّفَقَا عَلَى حَدِيثِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قُمْ أَبَا تُرَابٍ

✦✦ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غزوہ "ذی العشیرۃ" کے موقع پر میں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دوسرے کے فریق تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کیا تو ہم نے بنی مدلج کے کچھ لوگوں کو دیکھا جو ایک باغ میں ایک چشمے پر کام کر رہے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوالیقظان کیا خیال ہے؟ ہم وہاں چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟۔ چنانچہ ہم وہاں پر جا پہنچے کچھ دیر ہم ان کو دیکھتے رہے پھر ہم پر نیند کا غلبہ ہو گیا، اس لئے میں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ درختوں کے ایک جھنڈ میں مٹی پر لیٹ کر سو گئے، خدا کی قسم! (ہم بہت دیر تک سوتے رہے) حتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آ کر خود ہمیں اپنے پاؤں سے ہلا کر اٹھایا، زمین پر لیٹنے کی وجہ سے ہمارے جسم خاک آلود ہو چکے تھے، (ہمارے بدن پر مٹی کا اثر دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ان دو آدمیوں کی خبر نہ دوں جو سب سے زیادہ بدبخت ہیں؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ علیہ السلام نے فرمایا:

(۱) قوم ثمود کا احیمر جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں۔

(۲) وہ شخص جو تیرے یہاں پر (یعنی سر پر) مارے گا حتی کہ خون سے تیری یہ (یعنی داڑھی مبارک) تر ہو جائے گی۔

یہ حدیث امام مسلم رحمہ اللہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو اس اضافے کے ہمراہ نقل نہیں کیا، تاہم امام بخاری رحمہ اللہ اور امام مسلم رحمہ اللہ نے ابوحازم کی سہل بن سعد سے روایت کردہ وہ حدیث نقل کی ہے جس میں "قم ابا تراب" کے الفاظ ہیں۔

ترجمہ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''غزوۂ ''ذی العشیرۃ'' کے موقع پر میں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دوسرے کے فریق تھے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کیا تو ہم نے بنی مدلج کے چند لوگوں کو دیکھا جو ایک باغ میں ایک چشمے پر کام کر رہے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: ''اے ابو الیقظان کیا خیال ہے؟ ہم وہاں چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ چنانچہ ہم وہاں پر جا پہنچے، کچھ دیر ہم ان کو دیکھتے رہے پھر ہم پر نیند کا غلبہ ہوگیا، اس لیے میں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ درختوں کے ایک جھنڈ میں مٹی پر لیٹ کر سو گئے، خدا کی قسم! (ہم بہت دیر تک سوتے رہے) حتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آکر خود ہمیں اپنے پاؤں سے ہلا کر اٹھایا، زمین پر لیٹنے کی وجہ سے ہمارے جسم خاک آلود ہو چکے تھے، (ہمارے بدن پر مٹی کا اثر دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے ابو تراب (یعنی مٹی والے)! اُٹھو!'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں اُن دو آدمیوں کی خبر نہ دوں جو زیادہ بدبخت ہیں؟'' کیوں نہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (پہلا بدبخت) قومِ ثمود کا اُحیمر (نامی شخص) جس نے اُونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اور دوسرا (بدبخت) وہ شخص جو تیرے یہاں پر (یعنی سر پر) مارے گا حتی کہ خون سے تیری یہ (یعنی داڑھی مبارک) تر ہوجائے گی۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو اس اضافے کے ہمراہ نقل نہیں کیا، تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو حازم کی سہل بن سعد سے روایت کردہ وہ حدیث نقل کی ہے جس میں ''قُمْ اَبَاتُرَاب'' کے الفاظ ہیں۔[1]

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث کی سند کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرط پر صحیح کہا ہے۔ شیخ ناصر الدین البانی نے بھی اِس حدیث کو صحیح کہا ہے اور اِسے اپنی ''سلسلۃ الصحیحہ'' میں نقل کیا ہے۔

1. المستدرک علی صحیحین (اردو)، 4/279-280، رقم: 4679، انٹرنیشنل نمبر: 4679

سلسلۂ احادیث صحیحہ

سلسلۃ
احادیث صحیحہ (اردو)
جلد سوم

آغاز تخلیق انبیاء علیہم السلام اور مخلوقات کے عجیب حالات

۳۰۷

باب خبر مطعون علیؓ

۳۰۹۳۔ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ (مُرْسَلًا): ((أَشْقَى الْأَوَّلِيْنَ عَاقِرُ النَّاقَةِ، وَأَشْقَى الْآخِرِيْنَ الَّذِيْ يَطْعَنُكَ يَا عَلِيُّ. وَأَشَارَ إِلَى حَيْثُ يَطْعَنُ)). [الصحيحة: ١٠٨٨]

علیؓ کو نیزہ مارے جانے کی خبر کا بیان

عبداللہ بن انسؓ مرسلاً بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''پہلے لوگوں میں سب سے بڑا بدبخت وہ تھا جس نے (حضرت صالح کے معجزہ) کی اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ دی تھیں اور اے علی! پچھلے لوگوں میں بدبخت ترین وہ ہوگا جو تجھ پر نیزے کا وار کرے گا۔'' پھر آپ ﷺ نے نیزے والی جگہ کی طرف اشارہ بھی کیا۔

سلسلة الاحاديث الصحيحة

۳۰۸

تخریج: الصحيحة ١٠٨٨۔ ابن سعد (٣/ ٣٥) مرسلاً، طبرانی فی الکبیر (١٧٣)، حاکم (٣/ ١١٣) عن علی رضی اللہ عنہ بمعناہ احمد (٤/ ٣٦٣) عن عمار رضی اللہ عنہ۔

فوائد: سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قاتل عبدالرحمٰن بن ملجم تھا۔

الکتاب انٹرنیشنل
جامعہ نگر، دہلی ۲۵
Ph. 26984873, 26984834

ترجمہ

علی رضی اللہ عنہ کو نیزہ مارے جانے کی خبر کا بیان

عبیداللہ بن اَنس رضی اللہ عنہ مرسلاً بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''پہلے لوگوں میں سب سے بڑا بدبخت وہ تھا جس نے (حضرت صالح علیہ السلام کے معجزہ) کی اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ دی تھی اور اے علی رضی اللہ عنہ! پچھلے لوگوں میں بدبخت ترین وہ ہوگا جو تجھ پر نیزے کا وار کرے گا! پھر آپ ﷺ نے نیزے والی جگہ کہ طرف اشارہ بھی کیا۔

علامہ ناصر الدین اَلبانی نے اس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔ (1)

(1) سلسلۂ احادیث صحیحہ، 3/307-308، رقم: 3093، انٹرنیشنل نمبر: 3093

مولا علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ

اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ المستدرک للحاکم سے
(تلخیص : اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)

وقني شر ما قضيت ، فإنك تقضي ولا يُقضى عليك ، وإنه لا يذل من واليت ، تباركت ربنا وتعاليت » .

٤٨٦٧- حدثنا أبو محمد الحسن بن محمد بن يحيى ابن أخي طاهر العلوي الحسني ثنا إسماعيل بن محمد بن إسحاق بن جعفر بن محمد بن علي بن الحسين حدثني عمي علي ابن جعفر بن محمد حدثني الحسين بن زيد عن عمر بن علي عن أبيه علي بن الحسين قال : خطب الحسن بن علي الناس حين قتل علي ، فحمد الله وأثنى عليه ، ثم قال : لقد قبض في هذه الليلة رجل لا يسبقه الأولون بعمل ، ولا يدركه الآخرون ، وقد كان رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم يعطيه رايته فيقاتل وجبريل عن يمينه ، وميكائيل عن يساره ، فما يرجع حتى يفتح الله عليه وما ترك على أهل الأرض صفراء ولا بيضاء إلا سبعمائة درهم فضلت من عطاياه أراد أن يبتاع بها خادمًا لأهله .

رَجُلًا اَتٰى اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الْيَوْمَ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ هَلْ لَكَ فِيْ فُلَانٍ يَقُوْلُ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ لَقَدْ بَايَعْتُ فُلَانًا فَوَاللّٰهِ مَا كَانَتْ بَيْعَةُ اَبِيْ بَكْرٍ اِلَّا فَلْتَةً فَتَمَّتْ فَغَضِبَ عُمَرُ ثُمَّ قَالَ اِنِّيْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَقَائِمٌ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ فَمُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَغْصِبُوْهُمْ اُمُوْرَهُمْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَفْعَلْ فَاِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَائَهُمْ فَاِنَّهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى قُرْبِكَ حِيْنَ تَقُوْمُ فِي النَّاسِ وَاَنَا اَخْشٰى اَنْ تَقُوْمَ فَتَقُوْلَ مَقَالَةً يَطِيْرُ بِهَا عَنْكَ كُلُّ مُطَيِّرٍ وَّاَنْ لَّا يَعُوْهَا وَاَنْ لَّا يَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا فَاَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ فَتَخْلُصَ بِاَهْلِ الْفِقْهِ وَاَشْرَافِ النَّاسِ فَتَقُوْلَ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا فَيَعِيْ اَهْلُ الْعِلْمِ مَقَالَتَكَ وَيَضَعُوْنَهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا فَقَالَ عُمَرُ اَمَا وَاللّٰهِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَقُوْمَنَّ بِذٰلِكَ اَوَّلَ مَقَامٍ اَقُوْمُهُ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِيْ عُقْبِ ذِي الْحِجَّةِ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ عَجَّلْتُ الرَّوَاحَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ حَتّٰى اَجِدَ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ جَالِسًا اِلٰى رُكْنِ الْمِنْبَرِ فَجَلَسْتُ حَوْلَهُ تَمَسُّ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهُ فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَلَمَّا رَاَيْتُهُ مُقْبِلًا قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ لَيَقُوْلَنَّ الْعَشِيَّةَ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا مُنْذُ اسْتُخْلِفَ فَاَنْكَرَ عَلَيَّ وَقَالَ مَا عَسَيْتَ اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَمْ يَقُلْ قَبْلَهُ فَجَلَسَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمَّا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُوْنَ قَامَ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ قَائِلٌ لَّكُمْ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِيْ اَنْ اَقُوْلَهَا لَا اَدْرِيْ لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِيْ فَمَنْ

23 ہجری تھا) جب حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ واپس میری طرف آئے تو کہا کاش تم آج اس آدمی کو دیکھتے جو امیر المومنین (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) کے پاس آیا اور کہا کیا تمہیں فلاں کے متعلق خبر ہے جو کہتا ہے اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وفات پا گئے تو میں فلاں (حضرت طلحہ بن عبید اللہ) کی بیعت کروں گا۔ بخدا حضرت ابوبکر صدیق کی بیعت اچانک ہو گئی تھی۔ یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سخت غصہ میں آ گئے۔ پھر فرمایا میں ان شاء اللہ آج شام کو لوگوں کو خطاب کروں گا اور میں ان کو ان لوگوں سے ڈراؤں گا جو ان کے حقوق غصب کرنا چاہتے ہیں۔ عبدالرحمن بن عوف نے کہا میں نے عرض کیا اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ ایسا نہ کرو کیونکہ موسم حج میں رذیلوں اور فسادیوں کو جمع کرتا ہے جب آپ خطبہ کیلئے کھڑے ہوں گے یہی لوگ (آپ کے خطبہ کیلئے کھڑے ہونے کے وقت) آپ کے قریب غلبہ کر لیں گے (اور آپ کے قریب عقلمند لوگوں کیلئے جگہ نہیں چھوڑیں گے) مجھے اندیشہ ہے آپ خطبہ میں کوئی بات کریں گے یہ اس بات کو کسی اور نیت سے لوگوں میں پورا پورا اٹھائیں گے، اڑائیں گے اور تشہیر کریں گے اور اس بات کی مراد نہ پہچانیں گے اور اس کو اس کے مقام و محل پر نہیں رکھیں گے (یعنی اس کو غلط معنی پہنا کر لوگوں تک پہنچائیں گے) آپ ٹھہر جائیں حتیٰ کہ آپ مدینہ منورہ پہنچ جائیں مدینہ منورہ دار ہجرت اور سنت ہے۔ وہاں سمجھ دار اور بزرگ کو منتخب کر کے ان کے سامنے جو کہنا ہو بہت سوچ سمجھ کر کہیں۔ اس کی اس بات کو اہل علم محفوظ رکھیں گے اور صحیح طریقہ سے اس کو اپنی جگہ پر رکھیں گے (جو اس کے مناسب ہے) یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا بخدا میں ان شاء اللہ مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے خطبہ دوں گا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہم ذوالحجہ کے آخر میں مدینہ منورہ آئے جب جمعۃ المبارک کا دن آیا تو میں سورج ڈھلتے ہی جلدی سے مسجد نبوی میں پہنچا حتیٰ کہ میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل کو منبر شریف کے کونے کے پاس بیٹھا ہوا پایا۔ میں بھی ان کے پاس اتنا قریب بیٹھ گیا کہ میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کو مس کر رہا تھا۔ میں ابھی تھوڑا ہی ٹھہرا ہوں گا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے جب میں نے ان کو آتے ہوئے دیکھا تو میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل سے کہا آپ آج شام ایسی بات کہیں گے جو بات آپ نے جب سے خلیفہ بنے ہیں نہیں کہی۔ سعید بن زید نے میری بات تسلیم نہ کی اور مجھے امید نہیں کہ وہ کوئی ایسی بات کہیں گے جس کو انہوں نے اس سے قبل نہیں کہا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ منبر شریف پر جلوہ افروز ہوئے اور جب موذن خاموش ہو

عَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ وَمَنْ خَشِيَ أَنْ لَا يَعْقِلَهَا فَلَا أُحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَكْذِبَ عَلَيَّ إِنَّ اللَّهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ آيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَأْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا رَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ فَأَخْشَى إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ أَنْ يَقُولَ قَائِلٌ وَاللَّهِ مَا نَجِدُ آيَةَ الرَّجْمِ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَيَضِلُّوا بِتَرْكِ فَرِيضَةٍ أَنْزَلَهَا اللَّهُ وَالرَّجْمُ فِي كِتَابِ اللَّهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا أُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ ثُمَّ إِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ فِيمَا نَقْرَأُ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ أَنْ لَا تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ فَإِنَّهُ كُفْرٌ بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ أَوْ إِنَّ كُفْرًا بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ أَلَا ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُطْرُونِي كَمَا أُطْرِيَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَقُولُوا عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ ثُمَّ إِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ قَائِلًا مِنْكُمْ يَقُولُ وَاللَّهِ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ بَايَعْتُ فُلَانًا فَلَا يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ أَنْ يَقُولَ إِنَّمَا كَانَتْ بَيْعَةُ أَبِي بَكْرٍ فَلْتَةً وَتَمَّتْ أَلَا وَإِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذَلِكَ وَلَكِنَّ اللَّهَ وَقَى شَرَّهَا وَلَيْسَ مِنْكُمْ مَنْ تُقْطَعُ الْأَعْنَاقُ إِلَيْهِ مِثْلُ أَبِي بَكْرٍ مَنْ بَايَعَ رَجُلًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَلَا يُبَايَعُ هُوَ وَلَا الَّذِي بَايَعَهُ تِغِرَّةً أَنْ يُقْتَلَا وَإِنَّهُ قَدْ كَانَ مِنْ خَبَرِنَا حِينَ تَوَفَّى اللَّهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْأَنْصَارَ خَالَفُونَا وَاجْتَمَعُوا بِأَسْرِهِمْ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ وَخَالَفَ عَنَّا عَلِيٌّ وَالزُّبَيْرُ وَمَنْ مَعَهُمَا وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَقُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ يَا أَبَا بَكْرٍ انْطَلِقْ بِنَا إِلَى إِخْوَانِنَا هَؤُلَاءِ مِنَ

گئے آپ کھڑے ہوئے اللہ عزوجل کی حمد وثنا کی جس وہ لائق و مستحق ہے پھر فرمایا "امابعد" میں تم سے وہ بات کرنیوالا ہوں جس کا کہنا میرے مقدر میں لکھا جاچکا ہے۔ میں نہیں جانتا شاید کہ میرے سامنے میری موت قریب ہے (یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے موافقات میں سے ہے جو آپ ان کی زبان پر جاری ہوا ایسے ہی واقع ہوا) جو اس کو سمجھ لے اور کلمہ یاد کرے تو اس کی سواری جہاں بھی پہنچے وہ اس کو بیان کرے (اس میں اہل علم وضبط کیلئے سفروں میں تبلیغ کرنے پر ترغیب ہے) اور جس کو یہ اندیشہ ہو کہ اس نے اس کو سمجھا نہیں تو میں کسی کیلئے جائز نہیں سمجھتا کہ وہ مجھ پر جھوٹ باندھے۔ بلاشبہ اللہ عزوجل نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اور آپ کی کتاب نازل فرمائی۔ اللہ جل ذکرہ نے جو کچھ آپ پر نازل فرمایا ان میں سے آیت رجم بھی تھی (وہ یہ ہے الشیخ والشیخة اذا زنیا فارجموھما البتہ) ہم اس آیت رجم کو پڑھا اور سمجھا اور بہت اچھی طرح یاد رکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (شادی شدہ) کو رجم کا حکم دیا اور آپ کے بعد ہم نے بھی رجم کیا مجھے اس بات کا خوف کہ کہیں اگر لوگوں پر طویل زمانہ گزرنے کے بعد کوئی کہنے والا کہے اللہ کی قسم ہم کتاب اللہ میں رجم کی آیات (یا حکم) نہیں پاتے چنانچہ ایک فریضہ کے ترک کے باعث جس کو اللہ عزوجل نے نازل فرمایا گمراہ ہو جائیں اور رجم اللہ عزوجل کی کتاب میں حق اور ثابت ہے جو زنا کرے جب کہ وہ محصن ہو مرد ہو یا عورت جبکہ ان پر گواہی ثابت ہو جائے یا ناجائز حمل ہو جائے یا وہ اقرار کرے۔ پھر اللہ عزوجل کی کتاب میں جو پڑھتے تھے اس میں یہ بھی ہے کہ تم اپنے آباء کے نسب سے مت اعراض کرو کیونکہ یہ تمہارا کفران نعمت ہے۔ کہ تم اپنے باپ دادا کے نسب سے اعراض کرو یا (شک ہے کہ قرآن میں بھی تھا) تمہارا کفران نعمت ہے کہ اپنے باپ دادا کے نسب سے اعراض کرو۔ خبردار سنو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری مدح میں مبالغہ نہ کرو جب کہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی تعریف میں مبالغہ کیا گیا (کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بنا دیا تھا) ہاں اس طرح کہو کہ وہ اللہ عزوجل کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پھر سنو مجھے خبر پہنچی ہے تم میں سے کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ اللہ کی قسم اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وفات پا گئے تو میں فلاں (حضرت طلحہ بن عبید اللہ) کی بیعت کروں گا کسی مرد کا یہ کہنا اس کو دھوکہ میں نہ ڈالے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک تھی اور وہ پوری ہو گئی۔ سنو یہ اسی طرح تھی لیکن اللہ عزوجل نے اس کے شر کو بچا لیا تم میں سے کوئی بھی فضل وشرف میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مثل نہیں۔ ہماری گردنیں اس تک

الْاَنْصَارِ فَانْطَلَقْنَا نُرِيْدُهُمْ فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْهُمْ لَقِيَنَا مِنْهُمْ رَجُلَانِ صَالِحَانِ فَذَكَرَا مَا تَمَالَأَ عَلَيْهِ الْقَوْمُ فَقَالَا اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقُلْنَا نُرِيْدُ اِخْوَانَنَا هٰؤُلَاءِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَا لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَقْرَبُوْهُمْ اقْضُوْا اَمْرَكُمْ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَنَاْتِيَنَّهُمْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَاهُمْ فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ فَاِذَا رَجُلٌ مُزَمِّلٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالُوْا هٰذَا سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقُلْتُ مَا لَهُ قَالُوْا يُوْعَكُ فَلَمَّا جَلَسْنَا قَلِيْلًا تَشَهَّدَ خَطِيْبُهُمْ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ وَكَتِيْبَةُ الْاِسْلَامِ وَاَنْتُمْ مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَهْطٌ وَقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكُمْ فَاِذَا هُمْ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَخْتَزِلُوْنَا مِنْ اَصْلِنَا وَاَنْ يَحْضُنُوْنَا مِنَ الْاَمْرِ فَلَمَّا سَكَتَ اَرَدْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ وَكُنْتُ قَدْ زَوَّرْتُ مَقَالَةً اَعْجَبَتْنِيْ اُرِيْدُ اَنْ اُقَدِّمَهَا بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَكُنْتُ اُدَارِيْ مِنْهُ بَعْضَ الْحَدِّ فَلَمَّا اَرَدْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى رِسْلِكَ فَكَرِهْتُ اَنْ اُغْضِبَهُ فَتَكَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ فَكَانَ هُوَ اَحْلَمَ مِنِّيْ وَاَوْقَرَ وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ مِنْ كَلِمَةٍ اَعْجَبَتْنِيْ فِيْ تَزْوِيْرِيْ اِلَّا قَالَ فِيْ بَدِيْهَتِهٖ مِثْلَهَا اَوْ اَفْضَلَ مِنْهَا حَتّٰى سَكَتَ فَقَالَ مَا ذَكَرْتُمْ فِيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ فَاَنْتُمْ لَهٗ اَهْلٌ وَلَنْ يُعْرَفَ هٰذَا الْاَمْرُ اِلَّا لِهٰذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ هُمْ اَوْسَطُ الْعَرَبِ نَسَبًا وَدَارًا وَقَدْ رَضِيْتُ لَكُمْ اَحَدَ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ فَبَايِعُوْا اَيُّهُمَا شِئْتُمْ فَاَخَذَ بِيَدِيْ وَبِيَدِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَهُوَ جَالِسٌ بَيْنَنَا فَلَمْ اَكْرَهْ مِمَّا قَالَ غَيْرَهَا كَانَ وَاللّٰهِ اَنْ اُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِيْ لَا يُقَرِّبُنِيْ ذٰلِكَ مِنْ اِثْمٍ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَتَاَمَّرَ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ اَللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْ تُسَوِّلَ اِلَيَّ نَفْسِيْ

پہنچ سکیں (انقطاع کرنا اس کو دیکھنے کے امتناع سے تعبیر کیا گیا ہے) جس نے کسی شخص کی مسلمانوں کے باہم مشورہ کے بغیر بیعت کی۔ نہ اس کی پیروی کی جائے اور نہ اس کے متبعین کی کہ (اس نے اپنے آپ اور اپنے ساتھی اور اپنی عزتوں کو) قتل کیلئے پیش کر دیا ہے۔ جس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو وفات دی اس وقت وہ ہم سب سے افضل تھے۔ انصار نے ہماری مخالفت کی اور وہ سب کے سب سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہو گئے اور حضرت علی المرتضیٰ اور زبیر (بن عوام) نے اور جو ان کے ساتھ تھے ہماری مخالفت کی اور مہاجرین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس جمع ہوئے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا اے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے ساتھ ہمارے انصاری بھائیوں کے پاس چلو۔ اس کے بعد ہم چلے جب ہم ان کے قریب پہنچے تو ان میں سے ہمیں دو نیک آدمی (عدیم بن ساعدہ اور معن بن عدی انصاری) ملے۔ اور بتایا کہ پوری قوم کس پر متفق ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہاں جانے کا ارادہ کرتے ہو اے مہاجرین کے گروہ۔ ہم نے کہا ہم اپنے انصار بھائیوں کے پاس جانا چاہتے ہیں۔ ان دونوں نے کہا ان کے پاس نہ جاؤ تو تم دونوں پر کوئی حرج نہیں۔ تم اپنے معاملے کا خود فیصلہ کر لو۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا خدا کی قسم ہم ضرور ان کے پاس جائیں گے۔ اس کے بعد ہم چل پڑے حتیٰ کہ سقیفہ بنی ساعدہ میں ان کے پاس آئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص ان کے درمیان کمبل اوڑھے ہوئے ہیں میں نے کہا یہ کون ہیں۔ انصار نے کہا یہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں میں نے ان سے کہا ان کو کیا ہوا ہے۔ انصار نے کہا ان کو بخار ہے۔ جب ہم تھوڑی دیر ہی بیٹھے تھے کہ انصار کے خطیب (ثابت بن قیس بن شماس) نے تشہد پڑھا اور اللہ عزوجل کی ثناء بیان کی جس کے وہ لائق تھے پھر کہا "اما بعد" ہم اللہ کے انصار اور اسلام کے لشکر ہیں اور اے مہاجرین کے گروہ تم ایک چھوٹی سی جماعت ہو اور تمہاری قوم کے چند لوگ اپنی قوم سے جدا ہو کر ہمارے پاس آئے ہیں اب وہ چاہتے ہیں کہ ہمیں جڑ سے اکھاڑ پھینکیں اور ہمیں خلافت سے الگ کر دیں (یعنی خلافت چھین لیں) جب انصار کا خطیب خاموش ہوا تو میں کلام کرنا چاہا اور میں نے ایک مضمون ذہن میں سوچ لیا تھا تو مجھے بہت اچھا لگ رہا تھا۔ میں چاہتا تھا کہ اس کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے بیان کروں اور چاہتا تھا کہ انصار کے خطیب کے بیان سے جو غصہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آیا ہے وہ دور کروں۔ جب میں نے ارادہ کیا کہ میں بولوں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا محبت اور نرمی استعمال کرو۔

عِنْدَ الْمَوْتِ شَيْئًا لَا أَجِدُهُ الْآنَ فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ مِنَّا أَمِيرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ فَكَثُرَ اللَّغَطُ وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ حَتَّى فَرِقْتُ مِنَ الِاخْتِلَافِ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ فَبَسَطَ يَدَهُ فَبَايَعْتُهُ وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُونَ ثُمَّ بَايَعَتْهُ الْأَنْصَارُ وَنَزَوْنَا عَلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ قَتَلْتُمْ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فَقُلْتُ قَتَلَ اللَّهُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ عُمَرُ وَإِنَّا وَاللَّهِ مَا وَجَدْنَا فِيمَا حَضَرْنَا مِنْ أَمْرٍ أَقْوَى مِنْ مُبَايَعَةِ أَبِي بَكْرٍ خَشِيتُ إِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ وَلَمْ تَكُنْ بَيْعَةٌ أَنْ يُبَايِعُوا رَجُلًا مِنْهُمْ بَعْدَنَا فَإِمَّا بَايَعْنَاهُمْ عَلَى مَا لَا نَرْضَى وَإِمَّا نُخَالِفُهُمْ فَيَكُونُ فَسَادٌ فَمَنْ بَايَعَ رَجُلًا عَلَى غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَلَا يُتَابَعُ هُوَ وَلَا الَّذِي بَايَعَهُ تَغِرَّةً أَنْ يُقْتَلَا

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا میں ناپسند سمجھا کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ناراض کروں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بات چیت شروع کی اور وہ مجھ سے زیادہ حلیم و باوقار تھے۔ اللہ کی قسم جو تقریر میں نے اپنے ذہن میں تیار کر رکھی اور مجھے بہت پسند تھی وہ تقریر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فی البدیہہ کر دی اور انہوں نے کوئی بات نہیں چھوڑی یا اس سے بہتر کہہ دی حتیٰ کہ وہ خاموش ہو گئے۔ انہوں نے فرمایا اے انصار تم نے جو فضائل بیان کئے تم اس کے اہل ہو اور یہ خلافت سوائے اس قبیلہ قریش کے نوچی بھی نہیں جا سکتی قریش پورے عرب میں باعتبار نسب اور گھر کے افضل ہیں اور میں تمہارے لئے ان دونوں میں سے ایک سے راضی ہوں۔ تم ان دونوں میں سے جس کی چاہو بیعت کر لو۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میرا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا حالانکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اس بات (کہ ان میں سے کسی ایک کی بیعت کر لو) کے سوا میں نے کوئی بات ناپسند نہیں سمجھی۔ بخدا حال یہ ہے کہ مجھے آگے کر کے بغیر کسی گناہ کے میری گردن اڑا دی جائے بہ نسبت اس کے کہ میں ایسی قوم کا امیر بنوں جن میں

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ موجود ہیں۔ اے اللہ مگر یہ کہ موت کے وقت میرا نفس مجھے بہکا دے تو دوسری بات ہے۔ اس وقت ایسا نہیں ہے انصار میں سے کسی کہنے والے نے کہا (وہ حباب بن منذر بدری تھے) میں گاڑی ہوئی وہ خشک لکڑی ہوں جس خارش زدہ اونٹ اپنا جسم رگڑ کر خارش دور کرتا ہے۔ میں وہ پھل دار درخت ہوں جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو (یعنی قوم میں معتمد صاحب شرف ہوں جس کی رائے کی جاتی ہے) ہم (یعنی انصار) سے ایک امیر ہوگا اور اے قریش کے گروہ تم میں سے ایک امیر ہوگا۔ پھر شور و غل زیادہ ہو گیا اور آوازیں بلند ہونے لگیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا حتیٰ کہ مجھے اختلاف کا اندیشہ لاحق ہوا تو میں نے کہا اے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنا ہاتھ پھیلاؤ (میں تمہاری بیعت کروں) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ پھیلایا تو میں نے ان کی بیعت کی اور مہاجرین نے بھی ان کی بیعت کی۔ پھر انصار نے ان کی بیعت کی اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ پر غالب آ گئے۔ میں ان سے کسی کہنے والے نے کہا تم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا (یعنی خزلانی اور سلب قوت کے باعث مقتول کی مثل کر دیا) میں نے کہا اللہ عزوجل نے حضرت سعد بن عبادہ کو قتل کیا ہے حضرت عمر فاروق نے کہا بخدا ہم جس معاملہ میں پڑے (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین) ان معاملات میں سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت سے کوامر قوی تر نہیں پایا۔ ہمیں یہ اندیشہ تھا اگر ہم لوگوں کو چھوڑ دیں اور کسی کی بیعت نہ ہو یہ لوگ ہمارے بعد ان میں سے کسی کی بیعت کر لیں اس کے بعد لوگ کسی کی بیعت کریں گے تو پھر یا تو ہم ایسی بات میں ان کے تابع ہو جائیں جو ہمیں پسند نہیں۔ یا ہم ان کی مخالفت کرتے تو فساد برپا ہو جاتا چنانچہ جس نے مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی شخص سے بیعت کی تو نہ اس کی پیروی کی جائے اور اس کے متبعین کی کہ اس نے اپنے آپ اور اپنے ساتھی اور دونوں نے اپنی عزتوں کو ہلاکت کیلئے پیش کر دیا ہے۔

ترجمہ

ابراہیم بن سعد نے صالح (بن کیسان) سے انہوں نے ابن شہاب سے انہوں نے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود سے انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہوں نے کہا: میں مہاجرین کے کچھ لوگوں کو قرآن حکیم پڑھاتا تھا اُن میں سے حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ ایک دفعہ منٰی میں اُن کے گھر میں تھا۔ (ابن اسحاق کی روایت میں ہے میں اُن کے گھر آیا اور اُن کو نہ پایا تو میں نے اُن کا انتظار کیا حتّٰی کہ وہ آ گئے) اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جو آخری حج کیا اُن کے ساتھ تھے (اور یہ سن 23 ہجری تھا) جب حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ واپس میری طرف آئے تو کہا کاش تم آج اِس آدمی کو دیکھتے جو امیر المؤمنین (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) کے پاس آیا اور کہا کیا تمہیں فلاں کے متعلق خبر ہے جو کہتا ہے اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وفات پا گئے تو میں فلاں (حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ) کی بیعت کروں گا، بخدا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہو گئی تھی۔ یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سخت غصّے میں آ گئے، پھر فرمایا میں اِن شاء اللہ آج شام کو لوگوں کو خطاب کروں گا اور میں اُن کو اُن لوگوں سے ڈراؤں گا جو اُن کے حقوق غصب کرنا چاہتے ہیں۔ عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! ایسا نہ کرو کیوں کہ موسمِ حج میں رزیلوں اور فسادیوں کو جمع کرتا ہے جب آپ خطبہ کے لیے کھڑے ہوں گے یہی لوگ (آپ کے خطبے کے لیے کھڑے ہونے کے وقت) آپ کے قریب غلبہ کر لیں گے (اور آپ کے قریب عقلمند لوگوں کے لیے جگہ نہیں چھوڑیں گے) مجھے اندیشہ ہے آپ خطبے میں کوئی بات کریں گے یہ اُس بات کو کسی اور نیت سے لوگوں میں پورا۔ پورا اُٹھائیں گے، اُڑائیں گے اور تشہیر کریں گے اور اُس بات کی مراد نہ پہچانیں گے اور اُس کو اُس کے مقام و محل پر نہیں رکھیں گے (یعنی اُس کو غلط معنی پہنا کر لوگوں تک پہنچائیں گے) آپ ٹھہر جائیں حتّٰی کہ آپ مدینہ منوّرہ پہنچ جائیں، مدینہ منوّرہ دارِ ہجرت اور سنّت ہے۔ وہاں سمجھ دار اور بزرگ کو منتخب کر کے اُن کے سامنے جو کہنا ہو بہت سوچ سمجھ کر کہیں۔ اُس کی اِس بات کو اہلِ علم محفوظ رکھیں گے اور صحیح طریقے سے اِس کو اپنی جگہ پر رکھیں گے (جو اُس کے مناسب ہو) یہ سُن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا بخدا میں اِن شاء اللہ مدینہ منوّرہ پہنچ کر سب سے پہلے خطبہ دوں گا۔ حضرت

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم ذی الحجہ کے آخر میں مدینہ منوّرہ آئے، جب جمعۃ المبارک کا دن آیا تو میں سورج ڈھلتے ہی جلدی سے مسجدِ نبوی میں پہنچا حتّٰی کہ میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل کو ممبر شریف کے کونے کے پاس بیٹھا ہوا پایا۔ میں بھی اُن کے پاس اِتنا قریب بیٹھ گیا کہ میرا گھٹنا اُن کے گھٹنے کو مس کر رہا تھا۔ میں ابھی تھوڑا ہی ٹھہرا ہوں گا کہ حضرت عمر بن خطّاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے، جب میں نے اُن کو آتے ہوئے دیکھا تو میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل سے کہا: آپ آج شام ایسی بات کہیں گے جو بات آپ نے جب سے خلیفہ بنے ہیں نہیں کہی۔ سعید بن زید نے میری بات تسلیم نہ کی اور مجھے امید نہیں کہ وہ کوئی ایسی بات کہیں گے جس کو اُنہوں نے اِس سے قبل نہیں کہا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ممبر شریف پر جلوہ افروز ہوئے اور جب مؤذّن خاموش ہو گئے، آپ کھڑے ہوئے، اللہ جل جلالہ کی حمد وثنا کی جس کا وہ لائق اور مستحق ہے پھر فرمایا: ''امّا بعد! میں تم سے وہ بات کرنے والا ہوں جس کا کہنا میرے مقدّر میں لکھا جا چکا ہے۔ میں نہیں جانتا شاید کہ میرے سامنے میری موت قریب ہے (یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے موافقات میں سے جو آپ اُن کی زبان پر جاری ہوا ایسے ہی واقع ہوا) جو اِس کو سمجھ لے اور کما حقہٗ یاد کرے تو اُس کی سواری جہاں بھی پہنچے وہ اِس کو بیان کرے.... پھر سنو مجھے خبر پہنچی ہے تم میں سے کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ اللہ کی قسم! اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وفات پا گئے تو میں فلاں (حضرت طلحہ بن عبید اللہ) کی بیعت کروں گا، کسی مرد کا یہ کہنا اُس کو دھوکے میں نہ ڈالے کہ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک تھی اور وہ پوری ہو گئی۔ سنو! یہ اِسی طرح تھی لیکن اللہ جل جلالہ نے اُس کے شرّ سے بچا لیا، تم میں سے کوئی بھی فضل وشرف میں حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی مثل نہیں۔ ہماری گردنیں اُس تک پہنچ سکیں (انقطاع گردن اُس کو دیکھنے کے امتناع سے تعبیر کیا گیا ہے) جس نے کسی شخص کی مسلمانوں کے باہم مشورے کے بغیر بیعت کی۔ نہ اُس کی پیروی کی جائے نہ اُس کے متّبعین کی کہ (اُس نے اپنے آپ کو اور اپنے ساتھی اور اپنی عزّتوں کو) قتل کے لیے پیش کر دیا ہے۔....[1]

1. صحیح بخاری: 3/757-758-759-760-761، رقم: 1730، انٹرنیشنل نمبر: 6830

ایسی ہی ایک صحیح روایت دوسرے طریق سے 'مسند احمد' میں ہے:

مُسند احمد کی صحیح روایت



مُسند امام احمد بن حنبل مترجم ۲۳۲ مُسند الخلفاء الراشدین

حَدِيثُ السَّقِيفَةِ

حدیثِ سقیفہ

(۲۹۱) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ رَجَعَ إِلَى رَحْلِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَكُنْتُ أُقْرِئُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ فَوَجَدَنِي وَأَنَا أَنْتَظِرُهُ وَذَلِكَ بِمِنًى فِي آخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ إِنَّ رَجُلًا أَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ إِنَّ فُلَانًا يَقُولُ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بَايَعْتُ فُلَانًا فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِنِّي قَائِمٌ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ فَمُحَذِّرُهُمْ هَؤُلَاءِ الرَّهْطَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ أَنْ يَغْصِبُوهُمْ أَمْرَهُمْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَفْعَلْ فَإِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَهُمْ وَإِنَّهُمْ الَّذِينَ يَغْلِبُونَ عَلَى مَجْلِسِكَ إِذَا قُمْتَ فِي النَّاسِ فَأَخْشَى أَنْ تَقُولَ مَقَالَةً يَطِيرُ بِهَا أُولَئِكَ فَلَا يَعُوهَا وَلَا يَضَعُوهَا عَلَى مَوَاضِعِهَا وَلَكِنْ حَتَّى تَقْدَمَ الْمَدِينَةَ فَإِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ وَتَخْلُصَ بِعُلَمَاءِ النَّاسِ وَأَشْرَافِهِمْ فَتَقُولَ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا فَيَعُونَ مَقَالَتَكَ وَيَضَعُونَهَا مَوَاضِعَهَا فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَئِنْ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ سَالِمًا صَالِحًا لَأُكَلِّمَنَّ بِهَا النَّاسَ فِي أَوَّلِ مَقَامٍ أَقُومُهُ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فِي عَقِبِ ذِي الْحِجَّةِ وَكَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَجَّلْتُ الرَّوَاحَ صَكَّةَ الْأَعْمَى فَقُلْتُ لِمَالِكٍ وَمَا صَكَّةُ الْأَعْمَى قَالَ إِنَّهُ لَا يُبَالِي أَيَّ سَاعَةٍ خَرَجَ لَا يَعْرِفُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ وَنَحْوَ هَذَا فَوَجَدْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ عِنْدَ رُكْنِ الْمِنْبَرِ الْأَيْمَنِ قَدْ سَبَقَنِي فَجَلَسْتُ حِذَاءَهُ تَحُكُّ رُكْبَتِي رُكْبَتَهُ فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ طَلَعَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَلَمَّا رَأَيْتُهُ قُلْتُ لَيَقُولَنَّ الْعَشِيَّةَ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ مَقَالَةً مَا قَالَهَا عَلَيْهِ أَحَدٌ قَبْلَهُ قَالَ فَأَنْكَرَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ ذَلِكَ فَقَالَ مَا عَسَيْتَ أَنْ يَقُولَ مَا لَمْ يَقُلْ أَحَدٌ فَجَلَسَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمَّا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ قَامَ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَيُّهَا النَّاسُ فَإِنِّي قَائِلٌ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِي أَنْ أَقُولَهَا لَا أَدْرِي لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ أَجَلِي فَمَنْ وَعَاهَا وَعَقَلَهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ وَمَنْ لَمْ يَعِهَا فَلَا أُحِلُّ لَهُ أَنْ يَكْذِبَ عَلَيَّ إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ وَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ عَلَيْهِ آيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَأْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ فَأَخْشَى إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ أَنْ يَقُولَ قَائِلٌ لَا نَجِدُ آيَةَ الرَّجْمِ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَيَضِلُّوا بِتَرْكِ فَرِيضَةٍ قَدْ أَنْزَلَهَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَالرَّجْمُ فِي كِتَابِ اللَّهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا

أُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوِ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ أَلَا وَإِنَّا قَدْ كُنَّا نَقْرَأُ لَا تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ فَإِنَّ كُفْرًا بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ أَلَا وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُطْرُونِي كَمَا أُطْرِيَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدُ اللَّهِ فَقُولُوا عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ وَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ قَائِلًا مِنْكُمْ يَقُولُ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بَايَعْتُ فُلَانًا فَلَا يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ أَنْ يَقُولَ إِنَّ بَيْعَةَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَتْ فَلْتَةً أَلَا وَإِنَّهَا كَانَتْ كَذَلِكَ أَلَا وَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَقَى شَرَّهَا وَلَيْسَ فِيكُمُ الْيَوْمَ مَنْ تُقْطَعُ إِلَيْهِ الْأَعْنَاقُ مِثْلُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَلَا وَإِنَّهُ كَانَ مِنْ خَبَرِنَا حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُمَا تَخَلَّفُوا فِي بَيْتِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا بِنْتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَخَلَّفَتْ عَنَّا الْأَنْصَارُ بِأَجْمَعِهَا فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقُلْتُ لَهُ يَا أَبَا بَكْرٍ انْطَلِقْ بِنَا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ فَانْطَلَقْنَا نَؤُمُّهُمْ حَتَّى لَقِيَنَا رَجُلَانِ صَالِحَانِ فَذَكَرَا لَنَا الَّذِي صَنَعَ الْقَوْمُ فَقَالَا أَيْنَ تُرِيدُونَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ نُرِيدُ إِخْوَانَنَا هَؤُلَاءِ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَا لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَقْرَبُوهُمْ وَاقْضُوا أَمْرَكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ وَاللَّهِ لَنَأْتِيَنَّهُمْ فَانْطَلَقْنَا حَتَّى جِئْنَاهُمْ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ فَإِذَا هُمْ مُجْتَمِعُونَ وَإِذَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ رَجُلٌ مُزَمِّلٌ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالُوا سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقُلْتُ مَا لَهُ قَالُوا وَجِعٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا قَامَ خَطِيبُهُمْ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ وَقَالَ أَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ أَنْصَارُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَكَتِيبَةُ الْإِسْلَامِ وَأَنْتُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ رَهْطٌ مِنَّا وَقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ مِنْكُمْ يُرِيدُونَ أَنْ يَخْزِلُونَا مِنْ أَصْلِنَا وَيَحْضُنُونَا مِنَ الْأَمْرِ فَلَمَّا سَكَتَ أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَكُنْتُ قَدْ زَوَّرْتُ مَقَالَةً أَعْجَبَتْنِي أَرَدْتُ أَنْ أَقُولَهَا بَيْنَ يَدَيْ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَقَدْ كُنْتُ أُدَارِي مِنْهُ بَعْضَ الْحَدِّ وَهُوَ كَانَ أَحْلَمَ مِنِّي وَأَوْقَرَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى رِسْلِكَ فَكَرِهْتُ أَنْ أُغْضِبَهُ وَكَانَ أَعْلَمَ مِنِّي وَأَوْقَرَ وَاللَّهِ مَا تَرَكَ مِنْ كَلِمَةٍ أَعْجَبَتْنِي فِي تَزْوِيرِي إِلَّا قَالَهَا فِي بَدِيهَتِهِ وَأَفْضَلَ حَتَّى سَكَتَ فَقَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَا ذَكَرْتُمْ مِنْ خَيْرٍ فَأَنْتُمْ أَهْلُهُ وَلَمْ تَعْرِفِ الْعَرَبُ هَذَا الْأَمْرَ إِلَّا لِهَذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ هُمْ أَوْسَطُ الْعَرَبِ نَسَبًا وَدَارًا وَقَدْ رَضِيتُ لَكُمْ أَحَدَ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ أَيَّهُمَا شِئْتُمْ وَأَخَذَ بِيَدِي وَبِيَدِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فَلَمْ أَكْرَهْ مِمَّا قَالَ غَيْرَهَا وَكَانَ وَاللَّهِ أَنْ أُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِي لَا يُقَرِّبُنِي ذَلِكَ إِلَى إِثْمٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَأَمَّرَ عَلَى قَوْمٍ فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِلَّا أَنْ تَغَيَّرَ نَفْسِي عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ مِنَّا أَمِيرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ فَقُلْتُ لِمَنْ ذَلِكَ مَا مَعْنَى أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ قَالَ كَأَنَّهُ يَقُولُ أَنَا دَاهِيَتُهَا قَالَ وَكَثُرَ اللَّغَطُ وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ حَتَّى خَشِيتُ الِاخْتِلَافَ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ فَبَسَطَ يَدَهُ فَبَايَعْتُهُ وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُونَ ثُمَّ بَايَعَهُ

الْأَنْصَارُ وَنَزَوْنَا عَلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ قَتَلْتُمْ سَعْدًا فَقُلْتُ قَتَلَ اللَّهُ سَعْدًا وَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَمَا وَاللَّهِ مَا وَجَدْنَا فِيمَا حَضَرْنَا أَمْرًا هُوَ أَقْوَى مِنْ مُبَايَعَةِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ خَشِينَا إِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ وَلَمْ تَكُنْ بَيْعَةٌ أَنْ يُحْدِثُوا بَعْدَنَا بَيْعَةً فَإِمَّا أَنْ نُتَابِعَهُمْ عَلَى مَا لَا نَرْضَى وَإِمَّا أَنْ نُخَالِفَهُمْ فَيَكُونَ فِيهِ فَسَادٌ فَمَنْ بَايَعَ أَمِيرًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةِ الْمُسْلِمِينَ فَلَا بَيْعَةَ لَهُ وَلَا بَيْعَةَ لِلَّذِي بَايَعَهُ تِغِرَّةً أَنْ يُقْتَلَا قَالَ مَالِكٌ وَأَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ لَقِيَاهُمَا عُوَيْمِرُ بْنُ سَاعِدَةَ وَمَعْنُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ الَّذِي قَالَ أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ الْحُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ [صححه البخاری (۲۴۶۲) ومسلم (۱۶۹۱) وابن حبان (۴۱۴)] [راجع: ۱۵۴، ۱۵۶، ۲۴۹]

(۳۹۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی میں جو آخری حج کیا ہے، یہ اس زمانے کی بات ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اپنی سواری کے پاس واپس آئے، میں انہیں پڑھایا کرتا تھا، انہوں نے مجھے اپنا انتظار کرتے ہوئے پایا، اس وقت ہم لوگ منیٰ میں تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ آتے ہی کہنے لگے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہنے لگا کہ فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو میں فلاں شخص سے بیعت کرلوں گا۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آج رات کو میں کھڑا ہو کر لوگوں کو اس گروہ سے بچنے اور احتیاط کرنے کی تاکید کروں گا جو خلافت کو غصب کرنا چاہتے ہیں، لیکن میں نے ان سے عرض کیا امیر المؤمنین! آپ ایسا نہ کیجئے، کیونکہ حج میں ہر طرح کے لوگ شامل ہوتے ہیں، شر پسند بھی ہوتے ہیں اور گھٹیا سوچ رکھنے والے بھی، جب آپ لوگوں کے سامنے کھڑے ہو کر کچھ کہنا چاہیں گے تو یہ آپ پر غالب آجائیں گے، مجھے اندیشہ ہے کہ آپ اگر کوئی بات کہیں گے تو یہ لوگ اسے اڑا لے جائیں گے، صحیح طرح اسے یاد نہ رکھ سکیں گے اور صحیح محمل پر اسے محمول نہ کرسکیں گے۔

البتہ جب آپ مدینہ منورہ تشریف لے جائیں، جو کہ دارالہجرۃ اور دارالسنۃ ہے، اور خالصۃً علماء اور معززین کا گہوارہ ہے، تب آپ جو کہنا چاہتے ہیں کہہ دیں اور خوب اعتماد سے کہیں، وہ لوگ آپ کی بات کو سمجھیں گے بھی اور اسے صحیح محمل پر بھی محمول کریں گے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر فرمایا اگر میں مدینہ منورہ صحیح سالم پہنچ گیا تو سب سے پہلے لوگوں کے سامنے یہی بات رکھوں گا۔

ذی الحجہ کے آخر میں جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو جمعہ کے دن میں اندھوں سے ٹکراتا ہوا صبح ہی مسجد میں پہنچ گیا، راوی نے ''اندھوں سے ٹکرانے'' کا مطلب پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کسی خاص وقت کی پرواہ نہیں کرتے تھے، اور نہ ہی گرمی سردی وغیرہ کو خاطر میں لاتے تھے (جب دل چاہتا آ کر منبر پر رونق افروز ہو جاتے) بہر حال! میں نے منبر کی دائیں جانب حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو بیٹھے ہوئے پایا جو مجھ سے سبقت لے گئے تھے، میں بھی ان کے برابر جا کر بیٹھ گیا، اور میرے گھٹنے ان کے گھٹنے سے رگڑ کھا رہے تھے۔

ابھی تھوڑی دیر ہی گذری تھی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لاتے ہوئے نظر آئے، میں نے انہیں دیکھتے ہی کہا کہ آج یہ اس منبر سے ایسی بات کہیں گے جو اس سے پہلے انہوں نے کبھی نہ کہی ہوگی، حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے اس پر تعجب کا اظہار کیا اور کہنے لگے کہ مجھے تو نہیں لگتا کہ یہ کوئی ایسی بات کہیں جو اب سے پہلے نہ کہی ہو، اسی اثناء میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آ کر منبر پر تشریف فرما ہو گئے۔

جب مؤذن اذان دے کر خاموش ہوا تو سب سے پہلے کھڑے ہو کر انہوں نے اللہ کی حمد وثناء کی، پھر ''امابعد'' کہہ کر فرمایا لوگو! میں آج ایک بات کہنا چاہتا ہوں جسے کہنا میرے لیے ضروری ہو گیا ہے، کچھ خبر نہیں کہ شاید یہ میری موت کا پیش خیمہ ہو، اس لئے جو شخص اسے یاد رکھ سکے اور اچھی طرح سمجھ سکے، اسے چاہئے کہ یہ بات وہاں تک لوگوں کو پہنچا دے جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہو اور جو شخص اسے یاد نہ رکھ سکے، اس کے لئے مجھ پر جھوٹ بولنا جائز نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو حق کے ساتھ بھیجا، ان پر اپنی کتاب نازل فرمائی اور ان پر نازل ہونے والے احکام میں رجم کی آیت بھی شامل تھی، جسے ہم نے پڑھا، اور یاد کیا، نیز نبی علیہ السلام نے بھی رجم کی سزا جاری فرمائی اور ان کے بعد ہم نے بھی یہ سزا جاری کی، مجھے خطرہ ہے کہ کچھ عرصہ گذرنے کے بعد کوئی یہ نہ کہنے لگے کہ ہمیں تو کتاب اللہ میں رجم کی آیت نہیں ملتی، اور وہ اللہ کے نازل کردہ ایک فریضے کو ترک کر کے گمراہ ہو جائیں۔

یاد رکھو! اگر کوئی مرد یا عورت شادی شدہ ہو کر بدکاری کا ارتکاب کرے اور اس پر گواہ بھی موجود ہوں، یا عورت حاملہ ہو، یا وہ اعترافِ جرم کر لے تو کتاب اللہ میں اس کے لئے رجم کا ہونا ایک حقیقت ہے، یاد رکھو! ہم یہ بھی پڑھتے تھے کہ اپنے آباؤ اجداد سے اعراض کر کے کسی دوسرے کی طرف نسبت نہ کرو کیونکہ ایسا کرنا کفر ہے۔

یاد رکھو! جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حد سے زیادہ بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا، مجھے اس طرح مت بڑھانا، میں تو محض اللہ کا بندہ ہوں، اس لئے تم بھی مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا پیغمبر ہی کہو۔

مجھے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ آپ لوگوں میں سے بعض لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ جب عمر مر جائے گا تو ہم فلاں شخص کی بیعت کر لیں گے، کوئی شخص اس بات سے دھوکہ میں نہ رہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک اور جلدی میں ہوئی تھی، ہاں! ایسا ہی ہوا تھا، لیکن اللہ نے اس کے شر سے ہماری حفاظت فرمائی، لیکن اب تم میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جیسا کوئی شخص موجود نہیں ہے جس کی طرف گردنیں اٹھ سکیں۔

ہمارا یہ واقعہ بھی سن لو کہ جب نبی علیہ السلام کا وصالِ مبارک ہو گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں رہے، جبکہ انصار سب سے کٹ کر مکمل طور پر سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہو گئے، اور مہاجرین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر اکٹھے ہونے لگے، میں نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ ہمارے ساتھ انصاری بھائیوں کی طرف چلیے۔

چنانچہ ہم ان کے پیچھے روانہ ہوئے، راستے میں ہمیں دو نیک آدمی ملے، انہوں نے ہمیں بتایا کہ لوگوں نے کیا کیا ہے؟

اللہ ہم سے پوچھا کہ آپ کہاں جارہے ہیں؟ میں نے کہا کہ ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ آپ ان کے پاس نہ جائیں تو بہتر ہے، آپ اپنا معاملہ خود طے کر لیجئے، میں نے کہا کہ نہیں! ہم ضرور ان کے پاس جائیں گے۔

چنانچہ ہم سقیفۂ بنی ساعدہ میں ان کے پاس پہنچ گئے، وہاں تمام انصار اکٹھے تھے، اور ان کے درمیان میں ایک آدمی چادر اوڑھے ہوئے بیٹھا ہوا تھا، میں نے اس کے متعلق پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں، میں نے پوچھا کہ انہیں کیا ہوا؟ لوگوں نے بتایا کہ بیمار ہیں۔

بہرحال! جب ہم بیٹھ گئے تو ان کا ایک مقرر کھڑا ہوا اور اللہ کی حمد وثناء کرنے کے بعد کہنے لگا کہ ہم اللہ کے انصار و مددگار ہیں، اور اسلام کا لشکر ہیں، اور اے گروہِ مہاجرین! تم ہمارا ایک گروہ ہو، لیکن اب تم ہی میں سے کچھ ہماری جڑیں کاٹنے لگے ہیں، وہ ہماری اصل سے جدا کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور ہمیں کاروبارِ خلافت سے الگ رکھنا چاہتے ہیں۔

جب وہ اپنی بات کہہ کر خاموش ہوا تو میں نے بات کرنا چاہی کیونکہ میں اپنے دل میں ایک بڑی عمدہ تقریر سوچ کر آیا تھا، میرا ارادہ یہ تھا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے کچھ کہنے سے پہلے میں اپنی بات کہہ لوں، میں نے اس میں بعض سخت باتیں بھی شامل کر رکھی تھیں لیکن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ حلیم اور باوقار تھے، انہوں نے مجھے روک دیا، میں نے انہیں ناراض کرنا مناسب نہ سمجھا، کیونکہ وہ مجھ سے بڑے عالم اور زیادہ پروقار تھے۔

بخدا! میں نے اپنے ذہن میں جو تقریر سوچ رکھی تھی، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس کا ایک کلمہ بھی نہ چھوڑا اور فی البدیہہ وہ سب کچھ بلکہ اس سے بہتر کہہ دیا جو میں کہنا چاہتا تھا، یہاں تک کہ انہوں نے اپنی تقریر ختم کر لی، اس تقریر کے دوران انہوں نے فرمایا کہ آپ لوگوں نے اپنی جو نیکیاں ذکر کی ہیں، آپ ان کے اہل اور حقدار ہیں، لیکن خلافت کو پورا عرب قریش کے اسی قبیلے کا حق سمجھتا ہے کیونکہ پورے عرب میں حسب نسب اور جگہ کے اعتبار سے یہ لوگ ''مرکز'' شمار ہوتے ہیں، میں آپ کے لئے ان دو میں سے کسی ایک کو منتخب کرنے کی تجویز پیش کرتا ہوں، آپ جس مرضی کو منتخب کر لیں، یہ کہہ کر انہوں نے میرا اور حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔

مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی پوری تقریر میں یہ بات اچھی نہ لگی، بخدا! میں یہ سمجھتا تھا کہ اگر مجھے آگے بڑھایا جائے تو میری گردن اڑا دی جائے، مجھے یہ بہت بڑا گناہ محسوس ہوتا تھا کہ میں ایک ایسی قوم کا حکمران بنوں جس میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جیسا شخص موجود ہو، البتہ اب موت کے وقت آ کر میرا مزاج بدل گیا ہے (یہ کسر نفسی کے طور پر فرمایا گیا ہے)

انصار کے ایک آدمی نے کہا کہ مجھے ان معاملات کا خوب تجربہ ہے اور میں اس کے بہت سے پھلوں کا بوجھ لادے رہا ہوں، اے گروہ قریش! ایک امیر ہم میں سے ہوگا اور ایک امیر تم میں سے ہوگا، اس پر شور وشغب بڑھ گیا، آوازیں بلند ہونے لگیں اور مجھے خطرہ پیدا ہو گیا کہ کہیں جھگڑا نہ ہو جائے، یہ سوچ کر میں نے فوراً کہا ابوبکر! اپنا ہاتھ بڑھایئے، انہوں نے اپنا ہاتھ بڑھایا تو میں نے ان کی بیعت کر لی، یہ دیکھ کر مہاجرین نے بھی بیعت کر لی اور انصار نے بھی بیعت کر لی، اور ہم وہاں سے کود کر

آ گئے، اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ وہیں رہ گئے۔

کسی نے کہا کہ تم نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو مار ڈالا، میں نے کہا اللہ نے ایسا کیا ہوگا (ہم کیا کر سکتے ہیں؟) اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا بخدا! آج ہمیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بیعت کے واقعے سے زیادہ مضبوط حالات کا سامنا نہیں ہے، ہمیں اندیشہ ہے کہ اگر لوگ جدا ہو گئے اور اس وقت کوئی خلیفہ نہ ہوا تو وہ کسی سے بیعت کر لیں گے، اب یا تو ہم کچھ ناپسندیدہ فیصلوں پر انہیں اپنے اتباع پر قائم کریں، یا پھر ہم ان کی مخالفت میں احکام جاری کریں، ظاہر ہے کہ اس صورت میں فساد ہوگا۔

اس لئے یاد رکھو! جو شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی شخص کی بیعت کرے گا اس کی بیعت کا کوئی اعتبار نہیں، اور نہ ہی وہ اس شخص کے ہاتھ پر صحیح ہوگی جس سے بیعت لی گئی ہے، اس اندیشے سے کہ کہیں وہ دونوں قتل نہ ہو جائیں۔

(۳۹۲) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ وَقَالَ فِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ [صححه البخاري و صححه مسلم وسيأتي برقم (۱۳۱۲۵) سيأتي في مسند أنس: ۱۳۱۲۵]

ترجمہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ..... اِس لیے یاد رکھو! جو شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی شخص کی بیعت کرے گا اُس کی بیعت کا کوئی اعتبار نہیں اور نہ ہی وہ اُس شخص کے ہاتھ پر صحیح ہوگی جس سے بیعت لی گئی ہے، اِس اندیشے سے کہ کہیں وہ دونوں قتل نہ ہو جائیں۔

شیخ ارنؤوط نے اِس روایت کی سند کو مسلم کی شرط پر ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. مُسند احمد بن حنبل (اُردو): 1/242-247، رقم: 391

قارئین کرام ! یزید پلید کی ولی عہدی کو ثابت کرنے کے لیے جو اہل علم سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرّر کرنے کو بنیادی دلیل بناتے ہیں کیا اُنہوں نے اِن صحیح روایتوں کا مطالعہ نہیں کیا ؟

جب مقرّر ہونے والے دوّم خلیفہ راشد سیّدنا عمر بن خطّاب رضی اللہ عنہ خود یہ خطبہ دے رہے ہیں کہ اب (جو کوئی) بغیر مسلمانوں کے مشورے کے بیعت لے گا اُس کا کوئی اعتبار نہیں کیا جائے گا تو یزید کی ولی عہدی جو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بغیر مشورے کے اور صلحِ حسن کی شرط کو توڑ کر کی تھی کیا یہ خلیفہ دوّم سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نا فرمانی نہیں ہے ؟

اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما - پنجم خلیفۂ راشد

اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی بیعت

اِسی سال یعنی 40 ہجری میں اُن کے باپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی بیعت کی گئی۔ سب سے پہلے قیس بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا، آپ اپنا ہاتھ آگے کریں میں آپ کی بیعت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اُس کی سنّت اور مفسدین سے جنگ کرنے پر حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے کہا، ''اللہ کی کتاب اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنّت ہی کافی ہے۔ یہ سب شرطوں کو شامل ہے، اِس کے بعد لوگوں نے بیعت کر لی۔[1]

امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اُن کے لشکر کے چالیس ہزار آدمیوں نے موت تک اُن کا ساتھ دینے کے وعدے سے بیعت کی تھی۔ یہ اُس وقت کا واقعہ ہے جب وہ اُن لوگوں سے شام کے متعلق کچھ باتیں بیان کرتے تھے۔ مگر اِس اثنا میں کہ وہ روانگی کی تیاریاں کر رہے تھے کہ شہید ہو گئے۔ حق یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اُسے کوئی چیز نہیں روک سکتی۔ غرض کہ جب وہ شہید ہو گئے اور لوگوں نے بڑے صاحب زادے اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے بیعت کر لی تو آپ کو یہ خبر ملی کہ معاویہ رضی اللہ عنہ اہلِ شام کو ہمراہ لے کر اُن پر حملہ کرنے والے ہیں۔ یہ سنتے ہی وہ اور اُن کا لشکر جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی تیار ہو کر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلے کے لیے کوفے سے روانہ ہوئے۔[2]

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی مدّتِ خلافت صرف چھے ماہ تھی۔[3]

خلافتِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ تقریباً 6 ماہ رہی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی 30 سال خلافتِ راشدہ کی حدیث میں شامل ہوتی ہے۔ یعنی سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما پنجم خلیفۂ راشد ہیں۔

---

1. الکامل فی تاریخ (اردو)، 2/756
2. الکامل فی تاریخ (اردو)، 3/25
3. الکامل فی تاریخ (اردو)، 2/756

حدیث سفینہ: شرح جامع الترمذی


شرح جامع ترمذی (1) کتاب الفتن (۱۰۶) ابواب الفتن

2152 حدثنا ابو سعید الاشج حدثنا وکیع عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن معدان بن ابی طلحة عن سفینة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

[illegible]

هکذا روی غیر واحد عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن معدان بن ابی طلحة عن سفینة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم [illegible]

قال ابو عیسی وفی الباب عن عمر وعلی قال ابو عیسی الا من حدیث النبی صلی الله علیه وسلم فی الخلافة شیئا

هکذا روی غیر واحد عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن معدان بن ابی طلحة عن سفینة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم [illegible]

هذا حدیث حسن [illegible] واحد عن معدان بن ابی طلحة ولا نعرفه الا من حدیث سفینة بن حبیب

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میری امت میں خلافت تیس سال تک رہے گی اس کے بعد بادشاہت آ جائے گی۔

راوی کہتے ہیں حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ایک اور بار کہا تم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شمار کرو، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شمار کرو، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت شمار کرو (راوی کہتے ہیں) جب ہم نے شمار کیا تو اسے تیس سال پر مشتمل پایا۔

سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے ان سے کہا: بنو امیہ یہ کہتے ہیں کہ خلافت ان کے درمیان ہے، تو انہوں نے فرمایا: بنو زرقا نے غلط کہا ہے یہ لوگ بادشاہ ہیں اور بدترین بادشاہ ہیں۔

باب ما جاء أن الخلافة من قریش إلی أن تقوم الساعة

شرح

مدت خلافت کا ذکر۔

احادیث باب میں دو مسائل بیان کیے گئے ہیں:

(1) خلافت علی منہاج النبوت کی مدت،

(2) انتقال خلافت کا طریقہ کار، اس کی تفصیل مطلوب ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔

1- خلافت علی منہاج النبوت کی مدت: پہلی حدیث باب میں خلافت علی منہاج النبوت کی مدت تیس سال بیان کی گئی ہے اور اس کے بعد ملوکیت کا دور شروع ہو جائے گا، خلفاء اربعہ حضرت، امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مجموعی دور خلافت تیس سال کا عرصہ بنتا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت دو سال چند ماہ، حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت 10 سال چھ ماہ، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت 12 سال، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت 6 سال اور حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور 5 ماہ۔ (تحفۃ الاحوذی جلد 6 ص 478)

ترجمہ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبیّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میری اُمّت میں خلافت تیس سال تک رہے گی اِس کے بعد بادشاہت آ جائے گی۔ راوی کہتے ہیں: حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ایک اور بار کہا: تم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شمار کرو، پھر اُنہوں نے فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شمار کرو، پھر اُنہوں نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت شمار کرو (راوی کہتے ہیں) جب ہم نے شمار کیا تو اُسے تیس سال پر مشتمل پایا۔

سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اُن سے کہا: 'بنو اُمیّہ یہ کہتے ہیں کہ خلافت اُن کے درمیان ہے'، تو اُنہوں نے فرمایا: 'بنو زرقا نے غلط کہا ہے یہ لوگ بادشاہ ہیں اور بدترین بادشاہ ہیں'۔

امام ترمذی فرماتے ہیں: اس بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے احادیث منقول ہیں ان دونوں نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی شخص کو خلیفہ مقرر نہیں کیا تھا۔

یہ حدیث ''حسن'' ہے۔

کئی راویوں نے اسے سعید بن جُمہان نامی راوی کے حوالے سے نقل کیا ہے اور ہمارے علم کے مطابق یہ صرف اُن سے ہی منقول ہے۔[1]

شرح:

اہلِ سنّت والجماعت، بریلوی مسلک کے مشہور شارح ''علّامہ محمد یاسین قصوری نقشبندی'' اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

''احادیث کے باب میں دو مسائل بیان کیے گئے ہیں:

(1) خلافتُ علیٰ منہاج النبوّۃ کی مدّت

(2) انعقادِ خلافت کا طریقۂ کار، اِس کی تفصیل سطورِ ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔

1. خلافتُ علی منہاج النبوّۃ کی مدّت: پہلی حدیث باب میں خلافتُ علیٰ منہاج النبوّۃ کی مدّت تیس سال بیان کی گئی ہے اور اِس کے بعد ملوکیّت کا دور شروع ہوجائے گا، خلفائے اربعہ مع حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا مجموعی دورِ خلافت تیس سال کا عرصہ بنتا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہیں:

حضرت صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت دو سال چند ماہ، حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت 10 سال چھے ماہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت 13 سال، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دورِ خلاف 6 سال اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا دور 6 ماہ۔[2]

خلیفۂ راشد امیر المؤمنین سیّدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی مدّتِ خلافت سے متعلق اہلِ سنّت کی رائے بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد صلابی جو مشہور سلفی مؤرّخ ہیں، لکھتے ہیں: ''امیر المؤمنین حسن بن علی رضی اللہ عنہما اپنی بیعت کے بعد حجاز، یمن اور عراق وغیرہ کے قریباً سات (7) مہینے، دوسرے قول کے مطابق چھے (6) مہینے خلیفہ رہے۔ اِس مدّت میں آپ کی خلافت صحیح معنی میں خلافت راشدہ تھی، اِس لیے کہ یہ مدّت اُس خلافتِ راشدہ کی مدّت کا تکملہ ہے جس کے بارے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے کہ اس کی مدّت تیس (30) سال ہوگی۔[3]

---

1. سنن جامع الترمذی مع شمائل الترمذی (اردو)، 4/236-237، رقم: 2152، انٹرنیشنل نمبر: 2226
2. سنن جامع الترمذی مع شمائل الترمذی (اردو)، 4/236-237، رقم: 2152، انٹرنیشنل نمبر: 2226
3. صلابی فی سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما شخصیت اور کارنامے (اردو) صفحہ: 249

حدیثِ سفینہ: مُسند ابو داؤد طیالسی

1203 ــ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَفِينَةُ، قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَلْخِلَافَةُ فِي اُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ يَكُونُ مُلْكٌ ثُمَّ قَالَ سَفِينَةُ: اَمْسِكْ، خِلَافَةَ اَبِي بَكْرٍ وَخِلَافَةَ عُمَرَ اِثْنَتَا عَشْرَةَ سَنَةً وَسِتَّةَ اَشْهُرٍ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ اِثْنَتَا عَشْرَةَ سَنَةً وَسِتَّةَ اَشْهُرٍ ثُمَّ خِلَافَةَ عَلِيٍّ تَكْمِلَةَ الثَّلَاثِينَ قُلْتُ: فَمُعَاوِيَةُ؟ قَالَ: كَانَ اَوَّلَ الْمُلُوكِ

حضرت سعید بن جمہان فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا' تو ارشاد فرمایا: خلافت میری اُمت میں تیس سال ہو گی' پھر بادشاہت ہو گی۔ پھر حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھہر جا! حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی خلافت بارہ سال چھ ماہ تک رہی' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت بارہ سال تک رہی' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ تک خلافت تیس سال مکمل ہو گئی۔ (سعید بن جمہان فرماتے ہیں کہ) میں نے کہا: تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ (کی خلافت)۔ تو حضرت سفینہ نے کہا: وہ پہلے بادشاہ ہیں۔

1203- حديث صحيح . أخرجه أبو نعيم في الامامة والرد على الرافضة رقم الحديث: 180' والبيهقي في المدخل رقم الحديث: 52 من طريق المصنف . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 21978' والترمذي رقم الحديث: 2226' والطبراني جلد7 صفحه97' والبيهقي في الدلائل جلد6 صفحه342' وابن عساكر في تاريخ دمشق السيرة النبوية جلد2 صفحه278 من طرق عن الحشرج' به . وقال الترمذي: حديث حسن . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 21969-21978' وأبو داؤد رقم الحديث: 4646-4647' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 8155' وابن أبي عاصم في السنة رقم الحديث: 1181' والبزار رقم الحديث: 3827-3828' والروياني رقم الحديث: 66-668' والطحاوي في المشكل رقم الحديث: 3349' وابن حبان رقم الحديث: 6657-6943' والبغوي في الجعديات رقم الحديث: 3359' والطبراني جلد1 صفحه79' والحاكم جلد3 صفحه71' وغيرهم من طرق عن سعيد بن جمهان' به . قال المروزي كما في المنتخب من العلل للخلال صفحه127: ذكر لأبي عبد الله حديث سفينة صحيحه' وقال: هو صحيح . وانظر جامع بيان العلم وفضله رقم الحديث: 2313 . وفي مسائل الامام أحمد لعبد الله رقم الحديث: 1833 . قال أحمد: وأما الخلافة' فذهب الى حديث سفينة . وانظر فتاوى شيخ الاسلام جلد35 صفحه18' والسلسلة الصحيحة رقم الحديث: 460 .

[مُسند ابي داؤد الطيالسي : 1190 (285/3) ، قال الشيخ غلام مصطفى ظهير امن پوري في السلة 16 : إسناده صحيح]

ترجمہ

سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ 'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''میری اُمّت میں خلافت 30 سال تک رہے گی، پھر اُس کے بعد ملوکیت (بادشاہت) ہو جائے گی۔' پھر سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ نے سعید رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا: ''تم شمار کر لو سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت 12 سال اور 6 ماہ تھی اور سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت 12 سال تھی اور پھر سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی خلافت نے (سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کے 6 ماہ بھی شامل کرنے سے) 30 سال پورے کر دیے ہیں۔ سعید رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں نے سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت کیا ہوئی؟' سیّدنا سفینہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: 'وہ (یعنی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفۂ راشد نہیں بلکہ مسلمانوں کے) بادشاہوں میں سے پہلے (بادشاہ) تھے۔[1]

حدیثِ سفینہ: سنن ابی داؤد

شرح ابوداؤد (۸) کتاب السنة (۲۹۰) فاروقیہ بک ڈپو

4646- حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جمهان عَنْ سَفِينَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ يُؤْتِي اللهُ الْمُلْكَ أَوْ مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ قَالَ سَعِيدٌ قَالَ لِي سَفِينَةُ أَمْسِكْ عَلَيْكَ أَبَا بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَعُمَرَ عَشْرًا وَعُثْمَانَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَعَلِيٍّ كَذَا قَالَ سَعِيدٌ قُلْتُ لِسَفِينَةَ إِنَّ هَؤُلَاءِ يَزْعُمُونَ أَنَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمْ يَكُنْ بِخَلِيفَةٍ قَالَ كَذَبَتْ أَسْتَاهُ بَنِي الزَّرْقَاءِ يَعْنِي بَنِي مَرْوَانَ

◇◇ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نبوت کی خلافت 30 برس تک ہوگی پھر اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا بادشاہت عطا کر دے گا۔

سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں' سفینہ نے مجھ سے فرمایا: تم حساب کرو۔ حضرت ابوبکر کے دو سال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دس سال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارہ سال اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھی اسی طرح۔

سعید کہتے ہیں میں نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے کہا کچھ لوگ یہ کہتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ نہیں تھے تو انہوں نے فرمایا: یہ ''بنو زرقا'' کا بیان کردہ جھوٹ ہے ان کی مراد' بنو مروان'' تھے۔

4647- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جمهان عَنْ سَفِينَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ يُؤْتِي اللهُ الْمُلْكَ مَنْ يَشَاءُ أَوْ مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ

◇◇ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نبوت کی خلافت 30 برس تک ہوگی پھر اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا بادشاہت عطا کر دے گا۔



1. مسند ابو داؤد طیالسی (اردو)، 2/102-103، رقم: 1203

ترجمہ

حدیث : 4646

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نبوّت کی خلافت 30 برس تک ہوگی پھر اللہ عزوجل جسے چاہے گا بادشاہت عطا کر دے گا۔''

سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں، سفینہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم حساب کرو، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے دو (2) سال، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دس (10) سال، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارہ (12) سال اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھی اسی طرح۔

سعید کہتے ہیں میں نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کچھ لوگ یہ کہتے ہیں، ''حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ نہیں تھے تو اُنہوں نے فرمایا: یہ بنو زَرقاء کا بیان کردہ جھوٹ ہے'' اُن کی مراد ''بنو مروان'' تھے۔[1]

حدیث : 4647

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نبوّت کی خلافت 30 برس تک ہوگی پھر اللہ عزوجل جسے چاہے گا بادشاہت عطا کر دے گا۔[2]

حدیثِ سفینہ: مُسند احمد بن حنبل

مُسند الأنصار ۳۱۲ مُسند امام احمد بن حنبل مترجم

حَدِيثُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ سَفِينَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم

حضرت ابوعبدالرحمٰن سفینہ رضی اللہ عنہ کی حدیثیں جو نبی علیہ السلام کے آزاد کردہ غلام ہیں

(۲۲۲۶۴) حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ ح وَعَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ عَنْ سَفِينَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ عَامًا ثُمَّ يَكُونُ بَعْدَ ذَلِكَ الْمُلْكُ قَالَ سَفِينَةُ أَمْسِكْ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَنَتَيْنِ وَخِلَافَةَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَشْرَ سِنِينَ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ اثْنَيْ عَشْرَ سَنَةً وَخِلَافَةَ عَلِيٍّ سِتَّ سِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ [انظر: ۲۲۲۶۰، ۲۲۲۷۳]. [صححه ابن حبان (٦٦٥٧، و٦٩٤٣)، والحاكم (٧١/٣)، وقد حسنه الترمذي. قال الألباني: صحيح (ابو داود: ٤٦٤٦ و٦٤٧ر، الترمذي: ٢٢٢٦). قال شعيب: اسناده حسن].

(۲۲۲۶۴) حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی علیہ السلام کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خلافت تیس سال تک رہے گی۔ اس کے بعد بادشاہت آ جائے گی، حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ اسے یوں شمار کراتے ہیں کہ دو سال حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ہوئے، دس سال حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے، بارہ سال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے، اور چھ سال حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے (کل تیس سال ہو گئے)



1. شرح ابو داؤد شریف (اردو)، 8/290، رقم: 4646، 4647
2. شرح ابو داؤد شریف (اردو)، 8/290، رقم: 4646، 4647

ترجمہ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خلافت تیس (30) سال تک رہے گی اُس کے بعد بادشاہت آ جائے گی، حضرتِ سفینہ رضی اللہ عنہ اِسے یوں شمار کراتے ہیں کہ دو سال حضرت صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ہوئے، دس سال حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے، بارہ سال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے اور چھے (6) سال حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے۔ (کُل تیس سال ہو گئے۔)

علّامہ شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے جبکہ شیخ اَرناؤوط نے اِس کی سند کو ''حسن'' کہا ہے۔[1]

حدیثِ سفینہ: مشکوٰۃ المصابیح



كِتَابُ الْفِتَنِ 237/3 فتنوں کا بیان

٥٣٩٥: وَعَنْ سَفِينَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُولُ: ((اَلْخِلَافَةُ ثَلٰثُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا)). ثُمَّ يَقُوْلُ سَفِينَةُ: أَمْسِكْ: خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ سَنَتَيْنِ، وَخِلَافَةَ عُمَرَ عَشْرَةً، وَعُثْمَانَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ، وَعَلِيٍّ سِتَّةً. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ ۞

٥٣٩٥: سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ''خلافت تیس سال تک ہوگی، پھر بادشاہت ہو گی۔'' پھر سفینہ بیان کرتے ہیں: ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت دو سال شمار کر، عمر رضی اللہ عنہ کی دس سال، عثمان رضی اللہ عنہ کی بارہ سال اور علی رضی اللہ عنہ کی خلافت چھ سال شمار کر۔

۞ إسناده حسن، رواه احمد (٥/ ٢٢٠-٢٢١ ح ٢٢٢٦٤) والترمذي (٢٢٢٦ وقال: حسن) وابو داود (٤٦٤٦)۔

مشہور اہلِ حدیث محقق شیخ زُبیر علی زئی نے اِس کی سند کو ''حسن'' کہا ہے۔[2]

1. مُسند احمد بن حنبل (اردو)، 10/312، رقم: 22264
2. مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 3/237، رقم: 5395

حدیث سفینہ: سلسلۂ احادیثِ صحیحہ

مشہور اہلِ حدیث محدّث و محقق شیخ ناصر الدین اَلبانی اپنی مشہور کتاب ''سلسلۂ احادیثِ صحیحہ'' میں حدیثِ سفینہ کو نقل کرتے ہیں:



خلافت، بیعت، اطاعت اور امارت کا بیان ۱۸۷

باب: خلافة النبوة

۱۷۶: عَنْ سَفِيْنَةَ أَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَرْفُوْعًا: ((اَلْخِلَافَةُ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ تَكُوْنُ بَعْدَ ذٰلِكَ مُلْكًا)).

باب: نبوت کی خلافت کا بیان

مولائے رسول سیدنا ابوعبدالرحمٰن سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تیس سال تک خلافت رہے گی اور اس کے بعد بادشاہت ہوگی۔''

تخریج: الصحیحة ۴۵۹۔ ابوداؤد (۴۶۴۶، ۴۶۴۷) ترمذی (۲۲۲۶) احمد (۵/ ۲۲۰، ۲۲۱) حاکم (۳/ ۷۱)

فوائد: پہلے اس کی وضاحت ہو چکی ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور کی خلافت راشدہ اور آخری دور کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان ظالم اور جابر دو قسم کی سلطنتیں ہوں گی۔

ترجمہ

مولائے رسول سیّدنا ابو عبد الرحمٰن سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''تیس سال تک خلافت رہے گی اور اِس کے بعد بادشاہت ہوگی۔''(1)

1. سلسلۂ احادیثِ صحیحہ (اردو)، 2/287، رقم: 1761

حدیثِ سفینہ:

مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح



مرآۃ المناجیح (سادس) ۲۶۳

وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْخِلَافَةُ ثَلٰثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا ثُمَّ يَقُوْلُ سَفِيْنَةُ اَمْسِكْ خِلَافَةَ اَبِيْ بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَخِلَافَةَ عُمَرَ عَشْرَةً وَّعُثْمَانَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَعَلِيٍّ سِتَّةً. (اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

(۵۱۵۶) روایت ہے حضرت سفینہ سے فرماتے ہیں میں نے صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ خلافت تیس سال تک رہے گی پھر سلطنت ہو جائے گی پھر سفینہ کہتے تھے حساب لگاؤ ابوبکر کی خلافت دو سال اور حضرت عمر کی خلافت دس سال اور حضرت عثمان کی بارہ سال جناب علی کی چھ سال۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

(۵۱۵۶) ۱ یہاں خلافت سے مراد خلافت راشدہ خلافت کاملہ اللہ کی پسندیدہ خلافت ہے۔ خلیفہ راشد وہ ہے جس کی بیعت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت ہو وہ اسلام کا سلطان ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانشین بھی۔ جیسے حضرات خلفائے راشدین یا آخر میں حضرت امام مہدی۔ بعض لوگوں نے حضرت عمر بن عبد العزیز کو بھی خلیفہ راشد مانا ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ وہ صرف خلیفہ راشد تھے جیسا کہ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز اور آخر زمانہ میں امام مہدی خلیفہ برحق ہیں۔ باقی سب خلفاء کی خلافت خلافت راشدہ نہیں کہلاتی ہے جس میں سلطان صرف حضور تو ہوئے مگر حضور کا جانشین نہ ہوگا۔ اس کی بیعت بیعت ہوگی۔ بیعت ارادت نہ ہوگی۔ غرضیکہ بیعت ... ہوگی اور بیعت ارادت حضرت مشائخ عظام کی ہے یہ حساب ہے۔ جس میں سال کی کسریں یعنی مہینے چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ حساب کیجئے یہ ہے کہ خلافت صدیقی دو سال چار ماہ خلافت فاروقی ... چھ مہینے خلافت عثمانی چند دن کم بارہ سال۔ خلافت حیدری چار سال نو ماہ۔ جو دو خلفاء کی خلافت تھی سال سات مہینے دن ... پانچ ماہ باقی رہے۔ وہ تھی حضرت امام حسن کی خلافت نے پورے کر دیئے۔ (قصہ) ان مدتوں کے بیان میں کچھ اختلاف بھی ہے۔ بہرحال حضرت امام حسن کی چند ماہ خلافت پر تیس سال پورے ہو گئے چونکہ امام حسن کی خلافت دراصل خلافت حیدری کا تتمہ تھی ... نے اس کا ذکر علیحدہ نہ فرمایا۔ خیال رہے کہ مروانی حکومت کا دور یوں ہے۔ یزید بن معاویہ اس کا بیٹا معاویہ ابن یزید عبد الملک ... بن عبد الملک ولید سلیمان عمر ابن عبد العزیز یزید بن یزید ابن ولید مروان ابن محمد پھر حکومت بنی عباس میں منتقل ہوگئی۔ ... ت) حضور خاتم الانبیاء ہیں۔ حضرت علی خاتم الخلفاء اور امام مہدی خاتم الاولیاء ہیں (مرقات)



مُفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ علیہ کا قول

مشکوٰۃ المصابیح کی حدیثِ سفینہ کی شرح میں مشہور بریلوی شارح مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''یہاں خلافت سے مراد خلافتِ راشدہ، خلافتِ کاملہ، اللہ جل جلالہ کی پسندیدہ خلافت ہے۔ خلیفہ راشد وہ ہے جن کی بیعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت ہو، وہ اسلام کا سلطان ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانشین بھی، جیسے حضرات خلفائے راشدین یا آخر زمانہ میں حضرت امام مہدی۔ بعض لوگوں نے حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کو بھی خلیفہ راشد مانا ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ وہ

صرف خلفائے راشدین تھے جیسا کہ اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ اور آخرِ زمانہ میں امام مہدی رضی اللہ عنہ خلیفۂ برحق ہیں۔ امامِ عادل ہیں مگر اُن کی خلافت خلافتِ راشدہ نہیں کہلاتی۔ جس میں سلطان صرف حاکم تو ہوگا مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین نہ ہوگا۔ اُس کی بیعت بیعتِ سلطنت ہوگی۔ بیعتِ ارادت نہ ہوگی۔ غرض یہ کہ بیعتِ عمارت تو سلطان کی ہوگی اور بیعتِ اِرادت حضراتِ مشائخِ عظام کی۔ یہ حساب تقریبی ہے، جس میں سال کی کسریں یعنی مہینے چھوڑ دیے گئے ہیں۔ حسابِ تحقیقی یہ ہے کہ خلافتِ صدّیقی دو سال چار ماہ، خلافتِ فاروقی دس سال چھے مہینے، خلافتِ عثمانی چند دِن کم بارہ سال، خلافتِ حیدری چار سال نو ماہ۔ چاروں خلفاء کی خلافت اُنتیس سال سات مہینے نو دن ہے، پانچ ماہ باقی رہے، وہی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت نے پورے کردیے۔ اِن مدّتوں کے بیان میں کچھ اختلاف بھی ہے، بہر حال حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی چند ماہ خلافت پر تیس سال پورے ہوگئے چونکہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت در اصل خلافتِ حیدری کا تتمّہ (آخری حصّہ) تھی۔ [1]

قارئینِ کرام! حدیثِ سفینہ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ نبوّت کی طرز پر خلافت تیس (30) سال تھی جسے خلافتِ راشدہ کہا گیا اور اُسی میں اِمام حسن رضی اللہ عنہ خلفیۂ راشد ہیں۔

حدیثِ سفینہ کو قوی کہنے والے ائمۂ حدیث درجِ ذیل ہیں:

(1) اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ
(2) اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ
(3) اِمام ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ
(4) اِمام ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ
(5) امام ابن حِبّان رحمۃ اللہ علیہ
(6) اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ
(7) ابن تیمیّہ رحمۃ اللہ علیہ
(8) اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ
(9) اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ
(10) شیخ ناصر الدین اَلبانی رحمۃ اللہ علیہ
(11) شیخ شعیب اَرناؤوط رحمۃ اللہ علیہ
(12) شیخ زُبیر علی زئی رحمۃ اللہ علیہ

1. مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو): 7/162-163

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِس حدیث پر ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ گفتگو کرتے ہیں۔

سنة ٤٩هـ

٤٤

لم يحفظ منكم فليكتب». رواه البيهقي عن الحاكم عن عبد الله بن أحمد عن أبيه. وقال محمد بن سعد: ثنا الحسن بن موسى وأحمد بن يونس قالا: ثنا زهير بن معاوية، ثنا أبو إسحاق عن عمرو بن الأصم قال قلت للحسن بن علي: إن هذه الشيعة تزعم أن علياً مبعوث قبل يوم القيامة، قال: كذبوا والله! ما هؤلاء بالشيعة، لو علمنا أنه مبعوث ما زوجنا نساءه ولا اقتسمنا ماله.

وقال عبد الله بن أحمد: حدثني أبو علي سويد الطحان، ثنا علي بن عاصم، ثنا أبو ريحانة عن سفينة عن النبي ﷺ قال: «الخلافةُ من بَعْدِي ثلاثونَ سنةً» فقال رجل كان حاضراً في المجلس: قد دخلت من هذه الثلاثين ستة شهور في خلافة معاوية. فقال: من ها هنا أتيت تلك الشهور كانت البيعة للحسن بن علي، بايعه أربعون ألفاً أو اثنان وأربعون ألفاً. وقال صالح بن أحمد: سمعت أبي يقول: بايع الحسن تسعون ألفاً فزهد في الخلافة وصالح معاوية ولم يسل في أيامه محجمة من دم.

(١) هي: يقال: عن بالأمر: لم يهتد لوجه مراده، أو عجز عنه.

البداية والنهاية

تأليف

أبي الفداء الحافظ ابن كثير الدمشقي

المتوفى سنة ٧٧٤هـ

وقف وتابع مخطوطاته

الشيخ علي محمد معوض — الشيخ عادل أحمد عبد الموجود

وضع حواشيه

الدكتور أحمد أبو ملحم — الدكتور علي نجيب عطوي

الأستاذ فؤاد السيد — الأستاذ مهدي ناصر الدين

الأستاذ علي حسن فاعور

الجزء السابع

الناشر: دار الكتب العلمية

بيروت ١٣ - ٤ شارع المعرفة الجديدة

DKI

ترجمہ

''حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد خلافت تیس (30) سال ہوگی۔'' ایک شخص نے جو مجلس میں حاضر تھا، کہا: 'اِن تیس سالوں میں چھے ماہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت

میں شامل ہو چکے ہیں۔'' اُنہوں نے (حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے) کہا: ''تو مہینوں کو یہاں سے شمار کر جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی بیعت ہوئی تھی۔'' چالیس ہزار یا بیالیس ہزار نے آپ کی بیعت کی تھی اور صالح بن احمد نے بیان کیا ہے میں نے اپنے باپ کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی نوّے ہزار لوگوں نے بیعت کی اور آپ نے خلافت کو چھوڑ کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مصالحت کرلی اور آپ کے زمانے میں ایک قطرہ خون بھی نہ گرا۔[1]

حدیثِ سفینہ اور شیخ عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''اشعۃ اللّمعات شرح مشکوٰۃ'' میں ''حدیثِ سفینہ'' کے ضمن میں لکھتے ہیں:


اشعۃ اللمعات اردو جلد ۶ ۳۹۲ فتنے کا بیان - فصل ۲

۱۹۰/۱۹۱ وَعَنْ سَفِينَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا ثُمَّ قَالَ لِي سَفِينَةُ أَمْسِكْ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَخِلَافَةَ عُمَرَ عَشْرَ سِنِينَ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَخِلَافَةَ عَلِيٍّ سِتَّةً۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ خلافت تیس سال تک ہے پھر سلطنت ہو جائے گی۔ پھر سفینہ نے فرمایا کہ حساب لگاؤ، ابوبکر صدیق کی خلافت دو سال، حضرت عمر کی دس سال حضرت عثمان کی بارہ سال، حضرت علی کی چھ سال۔[1]
(مسند احمد، ترمذی، ابوداؤد)

[1] یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں نہایت ہی صاحب برکات، کرامات شخصیت ہیں ان کے احوال متعدد جگہ لکھے جا چکے ہیں۔
[2] یہاں مراد خلافت کا عرصہ ہے جو کاملاً موافق سنت ہوگا۔
[3] لوگ اس وقت ان بادشاہوں کی تکلیف سے بے خوف نہ ہوں گے عدالت اور دین کے معاملات میں طرح کے


فتنے کا بیان - فصل ۲ ۳۹۳ اشعۃ اللمعات اردو جلد ۶

[1] یہ حساب تقریبی ہے اس میں کسروں کو حذف کر دیا گیا ہے اور حضرت ابوبکر کی خلافت جیسا کہ صحیح تاریخ میں ہے دو سال چار ماہ، خلافت حضرت عمر دس سال چھ ماہ، خلافت حضرت عثمان بارہ سال سے کچھ دن کم اور خلافت سیدنا علی چار سال نو ماہ ہے اس حساب سے خلفائے اربعہ کا دور ۲۹ سال سات ماہ اور نو دن ہے۔ تیس سال سے باقی پانچ ماہ رہ جاتے ہیں جو کہ امام المسلمین حضرت حسن بن علی کا دور ہے اور یہ بھی خلفاء میں شامل ہیں۔ بعض کتب میں خلافت ابوبکر دو سال تین ماہ نو دن، خلافت عمر دس سال چھ ماہ پانچ دن، خلافت عثمان بارہ دن کم بارہ سال اور خلافت علی چار سال اور نو ماہ ہے۔ اس حساب سے امام حسن کا دور چھ ماہ اور تین دن تاخیر سے ہے۔

1. البدایہ والنہایہ (عربی)، 8/44، و (اُردو) 8/60

''یہ حساب تقریبی ہے، اِس میں کسروں (Fraction) کو حذف کر دیا گیا ہے ورنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت جیسا کہ جامع الاصول میں ہے، ''دو سال چار ماہ''، خلافتِ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ''دس سال چھے ماہ''، خلافتِ حضرت عثمان ''بارہ سال سے کچھ دن کم'' اور خلافتِ سیّدنا علی ''چار سال نو ماہ'' ہے، اِس حساب سے خلفائے اربعہ کا دور 29 سال سات ماہ اور نو دِن ہے۔ تیس سال سے باقی پانچ ماہ رہ جاتے ہیں، جو کہ اِمام المسلمین حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا دور ہے اور یہ بھی خلفاء میں شامل ہیں، بعض کتب سے خلافتِ ابوبکر رضی اللہ عنہ ''دو سال، تین ماہ، نو دِن''، خلافتِ عمر رضی اللہ عنہ ''دس سال، چھ ماہ، پانچ دِن''، خلافتِ عثمان رضی اللہ عنہ ''بارہ دِن کم بارہ سال'' اور خلافتِ علی رضی اللہ عنہ ''چار سال اور نو ماہ'' ہے۔ اِس حساب سے امام حسن کا دور چھے ماہ اور تین راتیں بنتا ہے۔ (1)

رئیس المحدّثین شیخ عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ حدیثِ سفینہ پر گفتگو کرتے ہوئے اپنی مشہور کتاب ''تکمیل الایمان'' میں لکھتے ہیں:


تکمیل الایمان

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت صرف تیس سال تک تھی۔ اس کے بعد ملوکیت و امارت تھی۔ حدیث پاک میں آیا ہے:

الخلافة بعدی ثلثون سنة ثم یصیر بعدها ملا عضوضا

اس کے بعد خلافت نہیں ہو گی۔ انسان دو طرح کے ہوں گے۔ جن کے زیر سے بادشاہت کم لوگ حکومت دیکھیں گے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے ساتھ تیس سال کا عرصہ مکمل ہو جاتا ہے۔ تحقیق یہ ہے کہ انہی تیس سال میں سے چھ ماہ باقی تھے کہ امام المسلمین حضرت حسن ابن ابی طالب خلیفہ رہے۔ آپ کی وفات کے ساتھ ہی خلافت کا تیس سالہ دور ختم ہو گیا۔ اس کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ نہیں تھے بلکہ امیر یا بادشاہ تھے جو لوگ امراء کو خلفاء میں شمار کرتے ہیں جہالت اور اصطلاح معنوں میں غلط ہے۔

احناف کے محقق علامہ کمال بن ہمام سایوسی میں لکھتے ہیں کہ تمام اہل حق اس بات پر

201

حقیقت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بادشاہ تھے اور خلیفہ نہیں تھے۔

202

ایمان کامل کیسے ہو؟

ترجمہ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد خلافت صرف تیس سال تک تھی۔ اُس کے بعد ملوکیت و عمارت تھی۔ حدیث پاک میں آیا ہے:

الخلافة بعدی ثلثون سنة ثم یصیر

بعدها ملا عضوضا

1. اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ (اردو)، 6/394، رقم: 5160

''میرے بعد خلافت تیس سال رہے گی، اِس کے بعد خلافت نہیں ہوگی، نقصان وہ ملوک ہوں گے (یعنی نقصان پہنچانے والے بادشاہ) جن کے زہر سے بہت کم لوگ سلامت رہ سکیں گے۔''

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے ساتھ تیس سال کا عرصہ مکمل ہو جاتا ہے، تحقیق یہ ہے کہ ابھی تیس سال میں سے چھے ماہ باقی تھے کہ امام المسلمین حضرت حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما خلیفہ رہے۔ آپ کی (علی رضی اللہ عنہ کی) وفات کے ساتھ ہی خلافت کا تیس سالہ دور ختم ہو گیا۔ اِس کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ نہیں تھے بلکہ امیر و بادشاہ تھے۔ جو لوگ امرائے عبّاسیہ کو خلفاء میں شمار کرتے ہیں مجازی اور اصطلاحی معنوں میں لکھتے ہیں۔

احناف کے محقّق شیخ کمال بن ہمام 'مسائرۃ' میں لکھتے ہیں کہ تمام اہلِ حق اِس بات پر متّفق ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بادشاہ تھے اور خلیفہ نہیں تھے۔[1]

ابو بکر بن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ سچّا وعدہ "اَلْخِلَافَةُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَعُوْدُ مُلْكًا" صحیح سے ثابت ہوا، چنانچہ ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم کی خلافت اور حسن رضی اللہ عنہ کی آٹھ مہینے کی خلافت تیس سال سے نہ ایک دِن زیادہ ہوتی ہے اور نہ کم۔ ہم تمام چیزوں کا علم رکھنے والے رب جل جلالہ کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں جس کے علاوہ کوئی حقیقی رب نہیں۔[2]

1. تکمیل الایمان (اردو)، صفحہ: 201-202
2. احکام القرآن للابنِ عربی: 4/1720، بحوالہ صلّابی فی سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما (اردو)

قاضی عیاض کا قول

تیس سالوں میں چاروں خلفاء کی مدّتِ خلافت اور حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کے چند مہینے ہی شامل ہیں اور حدیث کے ٹکڑے "اَلْخِلَافَةُ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً" میں خلافت سے مراد 'خِلَافَةُ عَلٰی مِنْهَاجِ النُّبُوَّة' ہے جیسا کہ اِس کی تفسیر دوسری روایتوں میں اِس طرح آئی ہے: خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ بَعْدِیْ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا

ترجمہ

"میرے بعد 'خِلَافَةُ عَلٰی مِنْهَاجِ النُّبُوَّة' تیس سال رہے گی پھر ملوکیت ہوگی۔" (1)

شارح الطّحاویہ کا قول

'ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی مدّتِ خلافت دو سال تین مہینے، عمر رضی اللہ عنہ کی دس سال چھے مہینے، عثمان رضی اللہ عنہ کی بارہ سال، علی رضی اللہ عنہ کی چار سال نو مہینے، حسن رضی اللہ عنہ کی چھے مہینے تھی۔' (2)

1. شرح نووی علی صحیح مسلم: 12/201؛ بحوالہ: صلابی فی سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما (اُردو): صفحہ: 250/251
2. شرح الطحاویہ، صفحہ: 540؛ بحوالہ: سلابی فی سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما (اُردو)

مُناوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام مُناوی رحمۃ اللہ علیہ نے قولِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :

(میرا یہ بیٹا سردار ہے، اللہ جل جلالہ اِس کے ذریعے سے مسلمانوں کی دو بڑی جماعت کے مابین صلح کرائے گا) کو ذکر کرنے کے بعد کہا: اور معاملہ ایسا ہی ہوا، آپ (امام حسن رضی اللہ عنہ) کے والد کے بعد جب آپ کے لیے بیعت کی گئی اور آپ چھے مہینے تک خلیفۂ برحق رہے جو اُن تیس (30) سالوں کا تکملہ ہے جن کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے، تو یہ مدّت، مدّتِ خلافت ہے، اِس کے بعد ملوکیت ہے۔'[1]

علّامہ ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

وہ اپنے نانا کی تشریح کے مطابق آخری خلیفۂ راشد ہیں، اپنے والد کے قتل کے بعد اہلِ کوفہ کی بیعت سے خلیفہ ہوئے، آپ چھے مہینے چند دن تک اِس پیشین گوئی کو سچ ثابت کرتے ہوئے خلیفۂ برحق، سچّے اور عدل پسند حاکم رہے، جس میں آپ کے نانا رسولِ صادق و مصدوق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: "الخلافة بعدی ثلاثون سنة" یہ چھے مہینے اُن تیس سالوں کا تکملہ ہے، اِس طرح آپ (حسن رضی اللہ عنہ) کی خلافت پر نص موجود ہے اور اِس پر اجماع ہے، اِس لیے اُس کے برحق ہونے میں کوئی شُبہ نہیں۔[2]

---

1. فیض القدیر: 2/409؛ بحوالہ: صلابی فی سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہ (اردو)
2. الصواعق المحرقۃ علی اھل الرفض والضلال والزندقۃ (اردو)، صفحہ: 458

حدیثِ سفینہ اور علّامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول



حدیث کو تمام اصحاب سنن نے لکھا ہے اور ابن حبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو صحیح لکھا ہے۔
علمائے کرام کہتے ہیں کہ خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور امام حسن (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کے زمانے پر یہ مدت ختم ہوگئی یعنی تیس سال پورے ہوگئے (بزارؒ نے محمد بن سکین، یحییٰ بن حسان اور دیگر اسناد کے ساتھ بیان کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسلام کی ابتداء نبوت اور رحمت سے ہوئی، اس کے بعد خلافت و رحمت ہوگی اور اس کے بعد ملوکیت اور جبر کا دور دورہ ہوگا۔ (یہ حدیث حسن ہے۔)

اِمام احمد نے حمّاد بن سلمہ، سعید بن جُمہان اور سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تیس سال تک خلافت رہے گی، اِس کے بعد ملوکیت ہو جائے گی (خلافت ملوکیت میں بدل جائے گی) اِس حدیث کو تمام اصحابِ سنن نے لکھا ہے اور ابن حِبّان نے اِس کو صحیح لکھا ہے۔

علمائے کرام کہتے ہیں کہ خلفائے اربعہ اور اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے زمانے پر یہ مدّت ختم ہوگئی یعنی تیس سال پورے ہو گئے۔ (بزّار نے محمد بن سکین، یحییٰ بن حسّان اور دیگر اسناد کے ساتھ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسلام کی ابتداء نبوّت اور رحمت سے ہوئی، اِس کے بعد خلافت و رحمت ہوگی، اور اِس کے بعد ملوکیت اور جبر کا دور دورہ ہوگا (یہ حدیث حسن ہے)۔[1]

اِن صحیح احادیث اور اِن کی تشریحات سے معلوم ہوا کہ فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق خلافتِ راشدہ تیس سال تک رہی جس میں سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ تقریباً دو سال تین ماہ تختِ خلافت پر رہے۔ آپ کے بعد سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ نے تقریباً ساڑھے دس سال تک اِس منصب کو زینت بخشی۔ پھر سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے تقریباً بارہ سال حکومت کی، آپ کے بعد سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ تقریباً چار سال نو ماہ تک اِس عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے اور آپ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ تقریباً چھے ماہ اِس منصب پر فائز رہے۔ یوں اِن پانچوں حضرات کا زمانۂ خلافت دورِ خلافتِ راشدہ کہلایا یعنی خلفائے اربعہ کے ساتھ سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہ بھی ''پنجم خلیفہ راشد'' کہلائے۔

---

1. تاریخ الخلفاء (اردو)، صفحہ: 119

خلفائے راشدین کی اطاعت کا حکم: قرآن کی روشنی میں

خلفائے راشدین کی بیعت نہ کرنے والوں کے لیے بہت سخت حکم ہے:

والمحصنٰت ۵	۴۴۵	النسآء ۴

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا

والمحصنٰت ۵	۴۴۶	النسآء ۴

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ

اور حکم مانو رسول کا و۱۶۷ اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں

ترجمہ

"اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اُن کا جو تم میں حکومت والے ہیں۔"(1)

1. سورۃ النساء، 4:59، کنزل الایمان

خلفائے راشدین کی اطاعت لازم ہے:
ایک صحیح حدیث



كتاب السنة — خلفائے راشدین کے طریقے کی پیروی کا بیان

٤٣- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السَّوَّاقُ قَالاَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ يَقُولُ: وَعَظَنَا

٤٣- حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (ایسا) وعظ فرمایا جس کے اثر سے آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور دل (اللہ کی ناراضی اور عذاب سے) خوف زدہ ہو گئے۔ ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ تو ایسا وعظ ہے جیسے کسی رخصت کرنے والے کی نصیحت تو آپ ہم سے کیا

٤٣- [إسناده صحيح] أخرجه أبوداود، السنة، باب في لزوم السنة، ح:٤٦٠٧، والترمذي، ح:٢٦٧٦ وقال: "حسن صحيح"، ورواه أحمد:(٤/١٢٦) عن عبدالرحمٰن بن مهدي به، وصححه ابن حبان:(١٠٢) والحاكم: ١/٩٥، ٩٦، والذهبي.

كتاب السنة — خلفائے راشدین کے طریقے کی پیروی کا بیان

رَسُولُ اللهِ ﷺ مَوْعِظَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ. قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللهِ! إِنَّ هٰذِهِ لَمَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ. فَمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا؟ قَالَ: «قَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلَى الْبَيْضَاءِ، لَيْلُهَا كَنَهَارِهَا. لاَ يَزِيغُ عَنْهَا بَعْدِي إِلَّا هَالِكٌ، مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرَى اخْتِلاَفاً كَثِيراً. فَعَلَيْكُمْ بِمَا عَرَفْتُمْ مِنْ سُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ. وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ، وَإِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا. فَإِنَّمَا الْمُؤْمِنُ كَالْجَمَلِ الأَنِفِ، حَيْثُمَا قِيدَ انْقَادَ».

وعدہ لیتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "میں تمہیں روشن (شریعت) پر چھوڑ رہا ہوں۔ جس کی رات بھی دن کی طرح (روشن) ہے میرے بعد وہی شخص کج روی اختیار کرے گا جو ہلاک ہونے والا ہے۔ تم میں سے جو کوئی زندہ رہے گا وہ جلد بہت اختلاف دیکھے گا لہٰذا تمہیں میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کا جو طریقہ معلوم ہو اسی کو اختیار کرنا۔ اسے داڑھوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑنا۔ اور (امیر کی) اطاعت کو لازم پکڑنا اگرچہ وہ حبشی غلام ہو کیونکہ مومن تو نکیل والے اونٹ کی طرح ہوتا ہے جہاں لے جایا جائے چلا جاتا ہے۔"



ترجمہ

"تم میں سے جو کوئی (میرے بعد) زندہ رہے گا وہ جلد بہت اختلاف دیکھے گا، لہٰذا تمہیں میری سنّت اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کا جو طریقہ معلوم ہو اُسی کو اختیار کرنا۔ اُسے داڑھوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑنا۔ اور (امیر کی) اطاعت کو اپنے اوپر لازم پکڑنا۔"

حافظ زُبیر علی زئی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث کی سند کو "صحیح" کہا ہے۔[1]

اِس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام صحابۂ کرام سمیت ساری اُمّتِ محمدیہ کو اِس بات کی تلقین کر رہے ہیں کہ میرے بعد اُن خلفائے راشدین کی سنّت کو پکڑے رہنا اور اُن کی اطاعت کو اپنے اوپر واجب کر لینا اور اُن کی بیعت میں رہنا۔

1. سنن ابن ماجہ (اردو)، 1/43 ؛ اِس حدیث کو امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ و امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کیا ہے۔
   - مسند احمد بن حنبل (عربی)، 4/126، رقم: 17182
   - مُستدرک للحاکم (اردو)، 1/175، رقم: 331
   - معجم الکبیر (عربی)، 18/247، رقم: 619

خلفائے راشدین کی اِطاعت کا حکم : صحیح حدیث کی روشنی میں

عَنْ الْأَرْضِ حَرَجٌ فِي سَبْعِينَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَدْخُلُونَهَا ❶

آپ ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ نکلیں گے جو آپ ﷺ کو اللہ کے پاس پہنچا دیں گے۔

[16] باب اتِّبَاعِ السُّنَّةِ

اتباعِ سنت کا بیان

96. أَخْبَرَنَا أَبُو صَالِحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو

عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ صَلَاةَ الْفَجْرِ ثُمَّ وَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَأَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَأَوْصِنَا فَقَالَ أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللَّهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِي فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَالْمُحْدَثَاتِ فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَقَالَ أَبُو صَالِحٍ مَرَّةً وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ ❷

عرباض بن ساریہ بیان کرتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی، پھر ہمیں پر اثر کرنے والا وعظ کیا جس سے آنکھیں بہنے لگیں۔ اور اس سے دل کانپنے لگے۔ کسی نے کہا: "اللہ کے رسول! گویا کہ یہ آپ کا الوداعی وعظ ہے تو ہمیں اور نصیحت کیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: "میں تمہیں اللہ سے ڈرتے رہنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اور اس بات کی وصیت کرتا ہوں کہ اپنے امیر کی بات سنو اور مانو اگرچہ وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ جو کوئی تم میں سے میرے بعد زندہ رہے گا وہ بہت زیادہ اختلاف دیکھے گا پس تم میری سنت کو اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑنا۔ سنت پر داڑھیں جما لینا (یعنی مضبوطی سے قائم رہنا) اور اپنے آپ کو نئی باتوں سے بچانا کیونکہ ہر نئی بات بدعت ہے۔ اور ابو عاصم نے ایک بار کہا: کہ تم نئے کاموں سے بچنا۔ بے شک ہر بدعت گمراہی ہے۔"

فوائد: ..... آپ ﷺ کی یہ آخری وصیتوں میں سے ایک اہم وصیت ہے جس سے مندرجہ ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں

❶ "إسناده صحيح" المقرئ البديع لمام مسند ري (ص: 48)

❷ "إسناده صحيح" سنن ابي داود، كتاب السنة، باب في لزوم السنة حديث 4607، وسنن ابن ماجه، مقدمة، باب اتباع سنة الخلفاء الراشدين حديث 42، وجامع الترمذي، كتاب العلم، باب ما جاء في الأخذ بالسنة حديث 2676.

حُجْرٍ قَالَا: أَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ، وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيهِ ﴿وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ﴾ [التوبة: ٩٢] فَسَلَّمْنَا وَقُلْنَا. أَتَيْنَاكَ زَائِرِينَ وَعَائِدِينَ وَمُقْتَبِسِينَ، فَقَالَ الْعِرْبَاضُ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! كَأَنَّ هَذِهِ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا؟ قَالَ. أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللَّهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ حَبَشِيٌّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِي فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ تَمَسَّكُوا بِهَا، وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ، فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

لوگوں پر کوئی گناہ نہیں کہ جب وہ آپ کے پاس آئے کہ آپ انہیں سواری دیں آپ نے کہا کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں تو وہ اس حال میں لوٹ گئے کہ ان کی آنکھیں اس غم سے آنسو بہا رہی تھیں کہ انہیں کچھ میسر نہیں جسے وہ خرچ کریں۔" ہم نے انہیں سلام کیا اور عرض کیا: ہم آپ سے ملنے کے لیے آئے ہیں اور یہ کہ آپ کی صحبت اور جائے اور کوئی علمی فائدہ بھی حاصل کریں تو حضرت عرباض رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک دن نماز پڑھائی پھر ہماری طرف مڑ کر بیان فرمایا بڑا ہی بلیغ اور جامع وعظ ایسا کہ اس سے ہماری آنکھیں بہہ پڑیں اور دل دہل گئے۔ ایک کہنے والے نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ تو گویا الوداعی وعظ تھا تو آپ ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟ فرمایا: "میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کیے رہنا اور اپنے حکام کے احکام سنتا اور مانتا خواہ کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ پس تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہا وہ بہت اختلاف دیکھے گا پس ان حالات میں میری سنت اور میرے خلفاء کی سنت اپنائے رکھنا، خلفاء راشدین اصحاب رشد و ہدایت ہیں سنت کو خوب مضبوطی سے تھامنا، مگر ڈاڑھوں سے پکڑے رہنا، نئی نئی رسومات و اختراعات سے اپنے آپ کو بچائے رکھنا، یاد رکھو ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔"

فوائد و مسائل: (1) ایک بار کے حکم میں تعمیل کر لینا کافی ہے۔ اور جو شخص خود اس کے مطابق نہ ہو۔ پھر بھی اپنے ذمہ داران علماء و امراء اور علمی استفادہ سے محبت کے کام میں انہیں سوچ عمل اور حالات کی مناسبت

٤٦٠٧- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ. حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ. حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ وَحُجْرُ بْنُ

۴۶۰۷- ہم سے احمد بن حنبل نے بیان کیا، ہم سے ولید بن مسلم نے بیان کیا، ہم سے ثور بن یزید نے بیان کیا، ہم سے خالد بن معدان نے بیان کیا، ہم سے عبدالرحمن بن عمرو سلمی اور حجر بن حجر کا بیان ہے کہ ہم حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جن کے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ: ﴿وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ﴾ "اور

٤٦٠٦- تخريج: أخرجه مسلم، الأقضية، باب نقض الأحكام الباطلة ورد محدثات الأمور، ح: ١٧١٨ عن محمد بن الصباح، والبخاري، الصلح، باب: إذا اصطلحوا على صلح جور فالصلح مردود، ح: ٢٦٩٧ من حديث إبراهيم بن سعد به.

٤٦٠٧- تخريج: [إسناده صحيح] أخرجه الترمذي، العلم، باب ما جاء في الأخذ بالسنة واجتناب البدعة، ح ٢٦٧٦ من حديث خالد بن معدان به، وقال "حسن صحيح"، وهو في مسند أحمد: ٤/١٢٦، ١٢٧، وصححه ابن حبان، ح: ١٠٢، والحاكم: ١/٩٥، ٩٦، ووافقه الذهبي.

غَلَّتْهُ وِزْرَهُ وَمِثْلَ أَوْزَارِ مَنِ اتَّبَعَهُ غَيْرَ مَنْقُوصٍ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا.))

اور جس نے کوئی برا طریقہ ایجاد کیا پھر اس کی پیروی کی تو اس پر اس کا اپنا بوجھ بھی ہوگا اور اس کی پیروی کرنے والوں کے (گناہوں کے) بوجھ کی طرح بھی لیکن ان کے گناہوں سے بھی کمی نہیں ہوگی۔"

وضاحت:..... اس بارے میں عدی رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی طرق سے بواسطہ جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے ایسے ہی مروی ہے۔

نیز یہ حدیث منذر بن جریر بن عبداللہ سے بھی ان کے باپ کے واسطے نبی ﷺ سے مروی ہے۔ اسی طرح عبداللہ بن جریر سے بھی ان کے باپ کے واسطے نبی ﷺ سے مروی ہے۔

16..... بَابُ مَا جَاءَ فِي الْأَخْذِ بِالسُّنَّةِ وَاجْتِنَابِ الْبِدَعِ

سنت پر عمل کرنا اور بدعت سے بچنا

2676- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ.....

عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ: وَعَظَنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَوْمًا بَعْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ مَوْعِظَةً بَلِيغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هَذِهِ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: ((أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللَّهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ يَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا، وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ فَإِنَّهَا ضَلَالَةٌ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ.))

سیدنا عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ہم نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک کامل وعظ کیا جس کی وجہ سے آنکھوں میں آنسو آ گئے اور دل دہل گئے، تو ایک آدمی کہنے لگا: یہ الوداع کرنے والے کی نصیحت ہے اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں کیا وصیت کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "میں تمہیں اللہ کے تقویٰ، اور (امیر کی) بات سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں اگرچہ وہ (امیر) حبشی غلام ہی ہو۔ تم میں سے جو شخص زندہ رہا وہ بہت اختلاف دیکھے گا اور (دین میں) نئے کاموں سے بچنا، کیوں کہ وہ گمراہی ہیں، چنانچہ تم میں جو شخص اس (وقت) کو پالے تو تم میری اور میرے راہ یافتہ خلفاء کی سنت کو اختیار کرنا اسے اپنی داڑھوں سے پکڑ لینا۔"

وضاحت:..... امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ثور بن یزید نے بھی خالد بن معدان سے

(2676) صحيح لغيره: 4607، ابن ماجه: 42، مسند احمد 126/4، دارمی: 95.



(المعجم ٦) - بَابُ اتِّبَاعِ سُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ (التحفة ٦)

باب ٦- ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کے طریقے کی پیروی کا بیان

٤٢- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَشِيرٍ ابْنِ ذَكْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْعَلَاءِ يَعْنِي: ابْنَ زَبْرٍ: حَدَّثَنِي بَحِيرُ بْنُ أَبِي السُّطَامِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ يَقُولُ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللهِ ﷺ، ذَاتَ يَوْمٍ، فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيغَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ. فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ! وَعَظْتَ مَوْعِظَةَ مُوَدِّعٍ، فَاعْهَدْ إِلَيْنَا بِعَهْدٍ. فَقَالَ: «عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللهِ، وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَإِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا. وَسَتَرَوْنَ بَعْدِي اخْتِلَافًا شَدِيدًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ، عَضُّوا

٤٢- حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: ایک دن رسول اللہ ﷺ ہم لوگوں میں کھڑے ہوئے اور ایک متاثر کن وعظ فرمایا جس سے دل (اللہ کی ناراضی اور عذاب سے) خوف زدہ ہو گئے اور آنکھیں اشک بار ہو گئیں۔ عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول! آپ نے ہمیں ایسے نصیحت فرمائی ہے جس طرح رخصت کرنے والا نصیحت کیا کرتا ہے آپ ہم سے کوئی عہد و پیمان لے لیجیے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور حکم سن کر تعمیل کرو اگرچہ (تمہارا حاکم) کوئی حبشی غلام ہو اور تم میرے بعد سخت اختلاف دیکھو گے تو میری سنت کو اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کے طریقے کو اختیار کرنا اسے (دانتوں سے) پکڑ کر رکھنا (اس پر مضبوطی سے قائم رہنا) اور نئے کاموں سے

٤٢- إسناده حسن. أخرجه الطبراني في الكبير: ١٨/٢٤٨، ح ٦٢٦، والحاكم ١/٩٧ من حديث عبدالله بن العلاء بن زبر، بنحوه، وانظر الحديث الآتي.

عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ. وَإِيَّاكُمْ وَالْأُمُورَ الْمُحْدَثَاتِ، فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ.

پرہیز کرنا کیونکہ ہر بدعت گمراہی ہے۔"



ترجمہ

حضرت عرباض بن ساریہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک دِن نماز پڑھائی پھر ہماری طرف منہ کر لیا اور واعظ (خطبہ) فرمایا، بڑا ہی بلیغ اور جامع واعظ، ایسا کہ اِس سے ہماری آنکھیں بہہ پڑی اور دِل دہل گئے۔ ایک کہنے والے نے کہا، ''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! یہ تو گویا الوداع واعظ تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟'' فرمایا: ''میں تمہیں وصیّت کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل کا تقویٰ اختیار کیے رہنا اور اپنے حُکّام کے احکام سننا اور ماننا، خواہ کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ بلاشبہ تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہا وہ بہت اختلاف دیکھے گا، چنانچہ اُن حالات میں میری سنّت اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنّت کو خوب مضبوطی سے تھامنا بلکہ داڑھوں سے پکڑے رہنا، نئی نئی بدعات و اختراعات سے اپنے آپ کو بچائے رکھنا بلاشبہ ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

محقق شیخ زُبیر علی زئی نے سنن ابو داؤد، سنن ترمذی اور سنن نسائی میں اِس حدیث کو ''صحیح الاسناد'' کہا ہے۔ جبکہ ''سنن ابن ماجہ'' میں ''حسن'' کہا ہے۔

''سنن دارمی'' کے محقق نے بھی اِسی حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔ (1)

---

1. سنن دارمی (اردو)، 1/135، رقم: 96
سنن ابو داؤد (اردو)، 4/506-507، رقم: 4607، اِنٹرنیشنل نمبر: 4607
جامع الترمذی (اردو)، 3/406، رقم: 2676، اِنٹرنیشنل نمبر: 2676
سنن نسائی (اردو)، 3/424-425، رقم: 1579، اِنٹرنیشنل نمبر: 1579
سنن ابن ماجہ (اردو)، 1/100-101، رقم: 42، اِنٹرنیشنل نمبر: 42

دوسنن نسائی کی حدیث میں یہ الفاظ موجود ہے:

-424-

١٩- كتاب صلاة العيدين ——— عیدین اور نماز عیدین سے متعلق احکام و مسائل

١٥٧٩- أَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَقُولُ فِي خُطْبَتِهِ يَحْمَدُ اللهَ وَيُثْنِي عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ يَقُولُ: «مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ، إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ، وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ» ثُمَّ يَقُولُ: «بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ» وَكَانَ إِذَا ذَكَرَ السَّاعَةَ احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ وَعَلَا صَوْتُهُ وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ كَأَنَّهُ نَذِيرُ جَيْشٍ يَقُولُ: صَبَّحَكُمْ مَسَّاكُمْ [ثُمَّ قَالَ:] «مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِأَهْلِهِ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ أَوْ عَلَيَّ وَأَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ».

١٥٧٩- حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنا خطبہ یوں شروع فرماتے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان فرماتے جو اللہ تعالیٰ کی شان گرامی کے لائق ہے پھر فرماتے: "جسے اللہ تعالیٰ راہ راست پر لے آئے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اسے کوئی راہ راست پر لانے والا نہیں۔ بلاشبہ سب سے زیادہ سچی بات اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے اور بہترین طریقہ محمد (ﷺ) کا طریقہ ہے۔ اور بدترین کام وہ ہیں جنھیں (شریعت میں) اپنی طرف سے جاری کیا گیا۔ ہر ایسا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی آگ میں لے جائے گی۔" پھر آپ فرماتے: "مجھے اور قیامت کو ان دو انگلیوں (انگشت شہادت اور ساتھ والی) کی طرح (ملا کر) بھیجا گیا ہے۔ آپ جب قیامت کا ذکر فرماتے تو آپ کے رخسار مبارک سرخ ہو جاتے، آواز بلند ہو جاتی اور غصے کے آثار چہرے پر نمایاں ہو جاتے۔ یوں لگتا جیسے آپ کسی لشکر سے ڈرا رہے ہیں (یعنی اس کے حملے کی خبر دے رہے ہیں) کہ تم پر صبح حملہ کر دے گا یا شام کو۔ (پھر فرماتے:) "جو شخص مال چھوڑ جائے وہ تو اس کے رشتے داروں کو ملے گا اور جو آدمی قرض یا چھوٹے چھوٹے بچے (جن کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے) چھوڑ جائے تو وہ میرے سپرد ہوں گے اور ان کے اخراجات اور قرض وغیرہ کی ادائیگی میرے ذمے ہو گی کیونکہ

١٥٧٩- أخرجه مسلم، الجمعة، باب تخفيف الصلاة والخطبة، ح: ٨٦٧/ ٤٥ من حديث سفيان الثوري به، وهو في الكبرى، ح: ١٧٨٦.



"اور بدترین کام وہ ہیں جنہیں (شریعت میں) اپنی طرف سے جاری کیا گیا۔ ہر ایسا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی آگ میں لے جائے گی۔

1. سنن نسائی (اردو) 3/424، رقم: 1579

باب - 4

صُلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ و مولا علی رضی اللہ عنہ : فضیلت و جنگِ جمل

خلافتِ اِمام علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بعد وہ کون سے واقعات تھے جن کی وجہ سے سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ خلافت سے دست بردار ہوئے اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کہ جنہوں نے سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگِ صِفّین کی تھی اور سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے جن پر قنوتِ نازلہ پڑھی تھی آخر کار کیا وجہ تھی کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے اُن کے ساتھ صلح کی؟

اِن تمام باتوں کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے خلافتِ اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کے زمانے کی جنگوں کو سمجھنا ضروری ہے۔ اِس باب میں سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کی تینوں جنگیں، جمل، صِفّین و نہروان کو صحیح احادیث و فضیلتِ امام مولا علی رضی اللہ عنہ کی روشنی میں ذکر کیا گیا ہے۔

صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ کے واقعہ کو تفصیل سے سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ خلافتِ سیّدنا امام مولا علی رضی اللہ عنہ کے دور کے اُن واقعات کا ذکر کیا جائے جن میں جنگِ جمل، جنگِ صِفّین اور نہروان کا ذکر ہے۔ ''علمائے سوٗ'' نے عوام میں اِن واقعات کو لے کر عجیب وغریب ماحول بنایا ہے کہ ایک عام مسلمان تو اِن کے ذکر تک کرنے سے ڈرتا ہے جب کہ اہلِ سنّت کے محدّثین، مفسّرین اور فقہاء نے اپنی کتابوں میں کھل کر اِن واقعات کو بیان کرکے اِن تمام جنگوں میں سیّدنا ''مولا علی رضی اللہ عنہ کی حقّانیت'' کے پرچم کو بلند کیا ہے۔ ہم اِس باب میں اِن تمام واقعات کو صحیح احادیث و اہلِ سنّت کے چاروں فقہ کے اسلاف کے عقائد کی روشنی میں Scan Page کے حوالہ جات کے ساتھ مختصر ذکر کر رہے ہیں۔

قارئین! اُس کا آغاز ہم سیّدنا امام مولا علی رضی اللہ عنہ کی ''قنوتِ نازلہ'' کی صحیح روایت سے کرتے ہیں جو سیّدنا امام مولا علی رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے دور میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بغاوت وفتنوں سے تنگ آکر اُن کے لیے بددُعا کی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اِسی طرح دشمنوں کے لیے ''قنوتِ نازلہ'' کا عمل صحیح حدیث سے ثابت ہے۔

سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما
کی قنوتِ نازلہ

الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار

للإمام الحافظ
أبي بكر عبد الله بن محمد بن أبي شيبة العبسي الكوفي المتوفى سنة ٢٣٥ هـ

تقديم وضبط
كمال يوسف الحوت

الجزء الثاني

دار التاج

(٥٩٩) في تسمية الرجل في القنوت

٧٠٥٠ ـ حدثنا هشيم قال أخبرنا حصين قال حدثنا عبد الرحمن بن مغفل قال صليت مع علي صلاة الغداة قال فقنت فقال في قنوته اللهم عليك بمعاوية وأشياعه وعمرو بن العاص وأشياعه وأبا السلمي وأشياعه وعبد الله بن قيس وأشياعه.

٧٠٥١ ـ حدثنا هشيم عن يحيى بن سعيد قال حدثنا محمد بن يحيى بن حبان قال مكث النبي ﷺ أربعين صباحاً يقنت في صلاة الصبح بعد الركوع وكان يقول في قنوته اللهم أنج الوليد بن الوليد وعياش بن أبي ربيعة والعاص بن هشام والمستضعفين من المؤمنين بمكة الذين لا يستطيعون حيلة ولا يهتدون سبيلا.

٧٠٥٢ ـ حدثنا يزيد بن هارون قال أخبرنا محمد بن إسحاق عن عمران بن أبي أنس عن حنظلة بن علي الأسلمي عن خفاف بن إيماء بن رحضة الغفاري قال صلى بنا رسول الله ﷺ الفجر فلما رفع رأسه من الركعة الآخرة قال لعن الله لحيانا ورعلا وذكوانا وعصية عصت الله ورسوله ـ أسلم سالمها الله غفار غفر الله لها ثم خرّ ساجداً فلما قضى الصلاة أقبل على الناس بوجهه فقال أيها الناس إني أنا لست قلت هذا ولكن الله قاله.

(٦٠٠) في سهو في قنوت الفجر

٧٠٥٣ ـ حدثنا أبو بكر قال حدثنا هشيم عن يونس عن الحسن قال إذا نسي القنوت في الفجر فعليه سجدتا السهو.

٧٠٥٤ ـ حدثنا شريك عن ابن أبي ليلى قال سئل عن رجل سها فقنت فقال هذا سها فأصاب.

١٠٨

المصنف

لابن أبي شيبة

الإمام الحافظ
أبو بكر عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن أبي شيبة العبسي
١٥٩ - ٢٣٥ هـ

تحقيق
أبي محمد أسامة بن إبراهيم بن محمد

المجلد الثاني

العيدين - جامع الصلاة
٥٦٣٣ - ٨١٥٦

الناشر
الفاروق الحديثة للطباعة والنشر

مصنف ابن أبي شيبة ٢٤٥

٧١٢٢- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قال: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَىٰ، أَنَّ أَبَا عَبْدِ الرحمن السُّلَمِيَّ قَنَتَ فِي الفَجْرِ يَدْعُو عَلَىٰ [قطري][1].

٧١٢٣- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَمَّنْ سَمِعَ إِبْرَاهِيمَ يَقُولُ لاَ يُسَمَّى الرِّجَالُ فِي الصَّلاَةِ.

٧١٢٤- حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قال: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ قال: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرحمن بْنُ [معقل][2] قال صَلَّيْتُ مَعَ عَلِيٍّ صَلاَةَ الغَدَاةِ قال فَقَنَتَ فقال: فِي قُنُوتِهِ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِمُعَاوِيَةَ وَأَشْيَاعِهِ وَعَمْرِو بْنِ العَاصِ وَأَشْيَاعِهِ، وَأَبِي السُّلَمِيِّ وعَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ وَأَشْيَاعِهِ[3].

(١) كذا في الأصول، ووقع في المطبوع: [قطة]، وإنما هو قطري بن الفجاءة أحد زعماء الخوارج.

(٢) كذا في (خ) وفي المطبوع، و (هـ): [مغفل]، و هي غير واضحة في: (و)، (ت) والصواب ماأثبتناه، أنظر ترجمة عبد الرحمن بن معقل بن مقرن من «التهذيب».

(٣) تقدم التعليق عليه برقم (٧٠٧٦).



(۷۱۲۳) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ ، قَالَ :حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَعْقِلٍ ، قَالَ :صَلَّيْتُ مَعَ عَلِيٍّ صَلاَةَ الْغَدَاةِ ، قَالَ :فَقَنَتَ ، فَقَالَ فِي قُنُوتِهِ :اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِمُعَاوِيَةَ وَأَشْيَاعِهِ وَعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَأَشْيَاعِهِ ، وَأَبِي الأَعْوَرِ السُّلَمِيِّ ، وَعَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ وَأَشْيَاعِهِ.

(۷۱۲۳) حضرت عبدالرحمٰن بن معقل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، انہوں نے اس میں دعائے قنوت پڑھی اور اس میں یہ کلمات کہے (ترجمہ) اے اللہ! معاویہ اور اس کے گروہ کو سنبھال لے، اے اللہ! عمرو بن عاص اور اس کے گروہ کو سنبھال لے، اے اللہ! ابو اعور اور اس کے گروہ کو سنبھال لے، اے اللہ! عبداللہ بن قیس اور اس کے گروہ کو سنبھال لے۔

ترجمہ

حضرت عبد الرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں نے سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما کے ساتھ نمازِ فجر ادا کی تو اُنہوں نے اُس میں دعائے قنوت پڑھی اُس میں یہ کلمات کہے: ''اے اللہ جل جلالہ! معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُس کے گروہ کو سنبھال لے (نمٹ لے)، اے اللہ! عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اور اُس کے گروہ کو سنبھال لے (نمٹ لے)، اے اللہ! ابو اعور اور اس کے گروہ کو سنبھال لے (نمٹ لے)، اے اللہ! عبد اللہ بن قیس اور اُس کے گروہ کو سنبھال لے (نمٹ لے)۔''[1]

اہلِ حدیث عالم شیخ زُبیر علی زئی اپنے ''مقالات'' جلد-6 میں اِس حدیث کو صحیح الاسناد کہتے ہیں۔[2]

1. المصنف ابن ابی شیبہ (عربی)، رقم: 7050، اُردو: 2/552، رقم: 7123
2. ریسرچ پیپر: واقعۂ کربلا کا حقیقی پس منظر، حدیث: 20

قنوتِ نازلہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنّت

محدّث محمد بن اسحاق بن ابراہیم سراج ثقفی نیشابوری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی : 313 ہجری سن اپنی کتاب ''مسند سراج'' میں حدیث نقل کرتے ہیں۔



79- بَابٌ فِي الْقُنُوتِ

یہ باب قنوتِ نازلہ کے بارے میں ہے

1301 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: مَا حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ إِلَّا عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ بِمَكَّةَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينًا كَسِنِي يُوسُفَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی نماز میں جب دوسری رکعت سے (یعنی رکوع سے) سر اُٹھاتے تو یہ دعا پڑھتے: اے اللہ ولید بن ولید، سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ اور کمزوروں (مسلمانوں) کو مکہ میں نجات دے۔ اے اللہ! مضر کو سختی سے روند ڈال اور ان پر حضرت یوسف (علیہ السلام) کے زمانہ کی طرح قحط کے سال مسلط کر دے۔

1302 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِثْلَهُ.

ایک دوسری سند سے یہی روایت ثابت ہے۔

1303 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ أَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی کے حق میں یا خلاف دعا کرنے کا ارادہ

(1301) إسناده صحيح، اخرجه البخاري في الأدب في باب تسمية الوليد (ج 2 ص 915) عن ابي نعيم، ومسلم في المساجد في باب استحباب القنوت في جميع الصلوات (ج1 ص 237) عن ابن ابي شيبة وقتيبة والفلاس، كلاهما عن سفيان به.

(1302) إسناده صحيح، اخرجه أبو عوانة (ج2 ص 283) عن محمد بن إسحاق الصغاني عن عبد الرزاق به وسيذكر المؤلف قريبا بعمامة رقم 1306.

(1303) إسناده صحيح، اخرجه البخاري في التفسير في تفسير سورة آل عمران باب قوله ليس لك من الأمر شيء (ج ص 655) عن موسى بن إسماعيل عن إبراهيم به.





مسند السراج 590 70- باب فی القنوت

المُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ عَلَى أَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوعِ، وَرُبَّمَا قَالَ إِذَا قَالَ: سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ اللَّهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ اللَّهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ وَاجْعَلْهَا سِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ قَالَ، وَكَانَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ بِدَعْوَةٍ عَلَى أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ حَتَّى أَنْزَلَ اللهُ (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران:128).

1304 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: ثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: ثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ حِينَ يَقُولُ: سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، ثُمَّ يَقُولُ وَهُوَ قَائِمٌ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ: اللَّهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ

فرماتے تو رکوع کے بعد قنوت پڑھتے اور بسا اوقات سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد پڑھ کر دعا مانگتے اے اللہ ولید بن ولید سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ربیعہ کو نجات عطا فرما اے اللہ اس کو سختی سے روند ڈال اور ان پر حضرت یوسف کے زمانہ کی طرح قحط کے سال مسلط کر دے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں کچھ عرب کے قبیلوں کے خلاف دعا فرماتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمادی: "لیس لک من الامر شیء الی آخرہ" (آل عمران:128)۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں دعا مانگتے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد پڑھتے تو سجدہ میں جانے سے پہلے سیدھے کھڑے ہو کر دعا مانگتے اے اللہ ولید بن ولید اور سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ اور کمزور مسلمانوں کو نجات عطا فرما اے اللہ اس کو سختی سے روند ڈال اور ان پر حضرت یوسف کے زمانہ کی طرح قحط کے سال مسلط کر دے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم

(1304) إسناده صحيح، أخرجه أبو عوانة (ج 2 ص 261) من طريق أبي اليمان، وأخرجه (رقم: 1075) من طريق يحيى بن يحيى كلاهما عن شعيب به، وروواه الشافعي في الأم في باب الهرب بالتشهيد جهر مسعد (ج 1 ص 110) عن أبي اليمان به، لكن ليس فيه عن أبي بكر بن عبد الرحمن وعيسى شعبة عن أبي الزناد عن سعيد، وكذا روى عنه البيهقي (ج 2 ص 207) وأبو عوانة في المهذب (ج 3 ص 9) من طريق بشر بن شعيب عن أبيه شعيب به عن أبي بكر وأبي سلمة، لكن ذكر ضمرة في شعبة (ج 5 ص 55، 21) وأخرجه البخاري وقال: عن سعيد وأبي سلمة وشعيب الحديث في الكتاب الطرائف.

مسند السراج 591 70- باب فی القنوت

وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، اللَّهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ كَسِنِي يُوسُفَ، ثُمَّ يَقُولُ، اللهُ أَكْبَرُ ثُمَّ يَسْجُدُ، وَصَاحِبُهُ مُضَرٌ يَوْمَئِذٍ مُشْرِكُونَ يَرْمُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

اللہ اکبر کہہ کر سجدہ کرتے۔

ترجمہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے حق میں یا خلاف دعا کرنے کا اِرادہ فرماتے تو رکوع کے بعد قنوت پڑھتے اور بسا اوقات 'سمع اللہ لمن حمدہ - ربّنا ولک الحمدُ' پڑھ کر دعا مانگتے: "اے اللہ! مُضر (غلط - ناحق) کو سختی سے روند ڈال اور اُن پر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی طرح قحط کے سال مسلط کر دے۔" حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ فجر میں کچھ عرب کے قبیلوں کے خلاف دعا فرماتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما دی: "یہ بات تمہارے ہاتھ نہیں یا اُنہیں توبہ کی توفیق دے یا اُن پر عذاب کرے کہ وہ ظالم ہیں۔" (سورہ آل عمران، 3:128، ترجمہ: کنز الایمان)

کتاب کے محقق نے اِس حدیث کو "صحیح" کہا ہے۔[1]

1. مُسند سراج، صفحہ: 589-591، رقم: 1301 سے 1304۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے جس شخص سے جنگ کی، جس کے لیے قنوتِ نازلہ تک پڑھی تو اُنہی کے بیٹے سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اُسی شخص سے صلح کیوں کر رہے ہیں؟؟؟

اِن شاء اللہ جل جلالہ! ہم اِنہی سب سوالوں کے جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں اِس باب میں دینے کی کوشش کریں گے۔

صلح پر قرآن پاک کی آیات

سب سے پہلے ''صلح'' کے معاملے میں قرآن پاک کی آیات ''سورۃ الانفال'' سے ملاحظہ فرمائیں:

۞ وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦١﴾
وَإِن يُرِيدُوا أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾

ترجمہ

'اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں (صلح چاہیں) تو تم بھی جھکو اور اللہ ﷻ پر بھروسہ رکھو، بے شک وہی ہے سنتا جانتا (61) اور اگر وہ تمہیں فریب دینا (دھوکا دینا) چاہیں تو تو بے شک اللہ ﷻ تمہیں کافی ہے، وہی ہے جس نے تمہیں زور دیا (قوت دی) اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا' (62) [1]

1. سورۃ الانفال، 8:61-62، ترجمہ: کنزل الایمان

امام حسن رضی اللہ عنہ اور تین گروہ

(٣) أخرجه البخاري: (٧/ ١٣١-١٣٢)، ومسلم: (١٦/ ٨-٩) - مطولاً في قصة مرض موت النبي ﷺ من قوله ﷺ.
(٤) إسناده ضعيف. فيه عاصم بن بهدلة وهو سيئ الحفظ للحديث.
(٥) في إسناده سليمان بن ميسرة وقد وثقه ابن معين.

المصنف
لابن أبي شيبة
الإمام الحافظ
أبي بكر عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن أبي شيبة العبسي
١٥٩-٢٣٥هـ
تحقيق
أبي محمد أسامة بن إبراهيم بن محمد
المجلد العاشر
فضائل القرآن - الإيمان - الرؤيا - الأدعية
الوصايا - الفرائض - الفضائل
٣٠٥١٤ - ٣٣١٢٨
الناشر
الفاروق الحديثة للطباعة والنشر

(۳۰۹۲۵) حضرت ابوالاحوص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر چیز کا ایک لب لباب ہوتا ہے، اور قرآن کا لب لباب مفصل سورتیں ہیں۔

(۷۰) فِي الْقُرْآنِ وَالسُّلْطَانِ

قرآن اور بادشاہت کا بیان

(۳۰۹۲۶) حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ قَالَ سَلْمَانُ لِزَيْدِ بْنِ صُوحَانَ: كَيْفَ أَنْتَ إِذَا اقْتَتَلَ الْقُرْآنُ وَالسُّلْطَانُ؟ قَالَ: إِذًا أَكُونُ مَعَ الْقُرْآنِ، قَالَ نِعْمَ الزُّوَيْدُ إِذًا أَنْتَ

(۳۰۹۲۶) حضرت طارق بن شہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے زید بن صوحان رحمہ اللہ سے پوچھا: تیرا کیا حال ہوگا جب قرآن والوں اور بادشاہت والوں کے درمیان قتال ہوگا؟ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: تب تو میں قرآن کے ساتھ ہوں گا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کھولے سے زید تب تو تو بہت اچھا ہوگا۔

مصنف ابن ابی شیبہ
مترجم
مولانا محمد ادریس

ترجمہ

حضرت طارق بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے زید بن صوحان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: ''تیرا کیا حال ہوگا جب قرآن والوں اور بادشاہت والوں کے درمیان قتال ہوگا؟'' آپ نے فرمایا: ''تب تو میں قرآن کے ساتھ ہوں گا'' آپ نے (سلمان رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: ''چھوٹے سے زید! تب تو تو بہت اچھا ہوگا۔

قارئین! ''حدیثِ سفینہ'' سے ثابت ہو چکا ہے کہ ''بادشاہت والا گروہ'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ہے اور قرآن والا گروہ سیدنا امام علی رضی اللہ عنہ کا ہے کیوں کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ ''علی قرآن کی تاویل پر جنگ کریں گے۔''

1 مصنف ابن ابی شیبہ (عربی)، 8.841، ح 30916

2 مصنف ابن ابی شیبہ (عربی)، 10.76، ح 30907

لوگو! علی رضی اللہ عنہ کی شکایت مت کیا کرو: صحیح حدیث

شیخ ناصر الدین اَلبانی اپنی ''صحیحہ'' میں نقل کرتے ہیں:



سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ ۴۹۴

باب: فضل علی

سیدنا علیؓ کی فضیلت کا بیان

۳۴۶۰- عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: اشْتَكَى النَّاسُ عَلِيًّا -رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ- فَقَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ خَطِيبًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: ((أَيُّهَا النَّاسُ! لَا تَشْكُوا عَلِيًّا، فَوَاللهِ إِنَّهُ لَأَخْشَنُ فِي ذَاتِ اللهِ أَوْ فِي سَبِيلِ اللهِ- مِنْ أَنْ يُشْكَى))

[الصحيحة: ٢٤٧٩]

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی شکایت کی رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے خطبہ دیا اور یہ بھی کہا: ''لوگو! علی کی شکایت مت کیا کرو! اللہ کی قسم! وہ اللہ تعالیٰ کی ذات یا اللہ تعالیٰ کے راستے میں اس بات سے اعلیٰ ہے کہ اس کی شکایت کی جائے۔''

تخریج: الصحیحۃ ۳۳۷۹، ابن اسحاق فی السیرۃ (ابن ہشام: ۳/ ۲۵۰) و من طریقہ احمد (۳/ ۸۶) حاکم (۱/ ۶۸)۔

فوائد: اول تو سیدنا علی رضی اللہ عنہ میں قابل اعتراض بات ہو نہیں سکتی اور اگر ہے تو اسے برداشت کیا جائے کیونکہ ان کی فضیلت و منقبت، مقام و مرتبہ اور شان و عظمت ان کے بشری تقاضوں پر غالب ہیں۔

ترجمہ

سیّدنا ابو سعید خُدری رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی شکایت کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے، خطبہ دیا اور یہ بھی کہا: ''لوگوں! علی رضی اللہ عنہ کی شکایت مت کیا کرو، اللہ کی قسم! وہ اللہ تعالیٰ کی ذات یا اللہ تعالیٰ کے راستے میں اِس بات سے اعلیٰ ہے کہ اُس کی شکایت کی جائے۔[1]

شیخ اَلبانی اِس حدیث کے ضمن میں لکھتے ہیں:

''اوّل تو سیّدنا علی رضی اللہ عنہ میں قابلِ اعتراض بات ہو نہیں سکتی اور اگر ہے تو اُسے برداشت کیا جائے، کیوں کہ اُن کی فضیلت و منقبت، مقام و مرتبہ اور شان و عظمت اُن کے بشری تقاضوں پر غالب ہے۔[1]

اِس حدیث کو اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کیا ہے۔[1]

شیخ اَلبانی نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (اردو)، 3/494، رقم: 3460

ایسی ہی حدیث امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔ شیخ ناصر الدین البانی نے بھی اِس حدیث کو اپنی ''صحیحہ'' میں نقل کیا ہے:

علی رضی اللہ عنہ سے محبت ایمان کی علامت ہے

صحیح حدیث

فضائل ومناقب اور معائب وفضائل ۵۴۶

تخریج: الصحیحۃ ۲۲۲۳ ترمذی (۳۷۳۱) نسائی فی الکبریٰ (۸۳۸۱) ابن حبان (۲۱۳۹) حاکم (۳/ ۱۲۰) احمد (۱/ ۳۸)۔

فوائد: علی سے محبت ایمان کی علامت ہے۔

۵۴۶

علی کی فضیلت اور موالات کا معنی

سیدنا عمران بن حصین ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدنا علی ﷺ کو امیر بنا کر ایک لشکر بھیجا' وہ اپنی جماعت کے ہمراہ چلے گئے' سیدنا علی ﷺ نے ایک لونڈی لے لی' دوسرے لوگوں نے اس چیز کو اچھا نہ سمجھا اور چار اصحاب رسول نے آپس میں معاہدہ کیا کہ اگر ہم رسول اللہ ﷺ کو ملے تو سیدنا علی ﷺ کے کیے پر آپ کو آگاہ کریں گے۔ (اس وقت یہ معمول تھا کہ) مسلمان جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے پاس جاتے' آپ پر سلام کرتے' پھر اپنے گھروں کی طرف جاتے۔ جب یہ لشکر واپس آیا تو اس میں شریک افراد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور نبی ﷺ کو سلام کیا۔ جیسا بیان کے مطابق مذکورہ بالا چار افراد میں سے ایک کھڑا ہوا اور کہا: اے اللہ کے رسول! آپ کو علی کا پتہ نہیں؟ انھوں نے ایسے ایسے کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا اس نے بھی یہی بات کہی۔ آپ نے اس سے بھی اعراض کیا۔ پھر تیسرا کھڑا ہوا اور یہی بات کہی' رسول اللہ ﷺ نے اس سے بھی منہ پھیر لیا۔ پھر چوتھا کھڑا ہوا وہی بات کہی' آپ ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے' آپ کے چہرے سے غیظ و غضب کا پتہ چل رہا تھا اور فرمایا: "تم علی کی شکایت کر کے کیا چاہتے ہو؟ بیشک علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میرے بعد وہ ہر مومن کا دوست ہوگا۔"

سلسلۃ احادیث صحیحہ (اردو)

جلد سوم

مرتب

محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

ترجمہ

محمد اسحاق بن بشیر بن نبی خان

محمد ایوب بن محمود بن خان

الکتاب انٹرنیشنل

ترجمہ

سیّدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کو امیر بنا کر ایک لشکر بھیجا، وہ اپنی جماعت کے ہمراہ چلے گئے، سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے ایک لونڈی لے لی، دوسرے لوگوں نے اِس چیز کو اچھا نہ سمجھا اور چار اصحاب رسول رضی اللہ عنہم نے آپس میں معاہدہ کیا کہ اگر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملے تو سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے کیے پر آپ کو آگاہ کریں گے۔ (اُس وقت یہ معاملہ تھا کہ) مسلمان جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاتے، آپ پر سلام کرتے، پھر اپنے گھروں کی طرف جاتے۔ جب یہ لشکر واپس آیا تو اُس میں شریک افراد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کیا، عہد و پیمان کے مطابق مذکورہ بالا چار افراد میں سے ایک کھڑا ہوا اور کہا: ''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کو علی رضی اللہ عنہ کا پتہ نہیں؟ اُنہوں نے ایسے ایسے کیا ہے۔'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس سے منہ پھرا لیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا، اُس نے بھی یہی بات کہی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس سے بھی اعراض کیا۔ پھر تیسرا کھڑا ہوا اور یہی بات کہی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس سے بھی منہ پھرا لیا، پھر چوتھا کھڑا ہوا اور وہی بات کہی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے، آپ کے چہرے سے غیض و غضب کا پتہ چل رہا تھا اور فرمایا: ''تم علی رضی اللہ عنہ کی شکایت کر کے کیا چاہتے ہو؟ بیشک علی رضی اللہ عنہ مجھ سے ہیں اور میں اُس سے ہوں اور میرے بعد وہ ہر مؤمن کا دوست ہوگا۔''(1)

شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے اور بعد میں اِس حدیث کے ضمن میں لکھتے ہیں:

''علی سے محبت ایمان کی علامت ہے۔''

میری اُمّت میرے بعد تیرے خلاف بغاوت کرے گی

مُستدرک علی الصحیحین کی ایک حدیث

المستدرک (مترجم) جلد چہارم ۲۸۲ کتاب معرفۃ الصحابۃ

4686- عَنْ حَيَّانَ الْأَسَدِيِّ، سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْأُمَّةَ سَتَغْدِرُ بِكَ بَعْدِي، وَأَنْتَ تَعِيشُ عَلَى مِلَّتِي، وَتُقْتَلُ عَلَى سُنَّتِي، مَنْ أَحَبَّكَ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَبْغَضَكَ أَبْغَضَنِي، وَإِنَّ هَذِهِ سَتُخَضَّبُ مِنْ هَذَا يَعْنِي لِحْيَتَهُ مِنْ رَأْسِهِ صَحِيحٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بارے میں فرمایا: میری امت میرے بعد تیرے خلاف بغاوت کرے گی اور تم میرے دین پر قائم رہو گے اور تم میرے طریقے پر جہاد کرو گے۔ جو تم سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت

المستدرک (مترجم) جلد چہارم ۲۸۳ کتاب معرفۃ الصحابۃ

کرے گا اور جس نے تم سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور بے شک تمہاری یہ داڑھی شریف رنگین ہو جائے گی۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

1. سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (اردو)، 3/546-547، رقم: 3566

١١١ ٢١ كتاب معرفة الصحابة رضي الله تعالى عنهم (المجلد الثالث)

٤٧٤٨- حدثني محمد بن حاتم بن بهرام ثنا أحمد بن سلمة ومحمد بن شاذان قالا ثنا إسحاق بن إبراهيم ومحمد بن رافع قالا ثنا عبد الرزاق أنا النعمان بن أبي شيبة عن سفيان الثوري عن أبي إسحاق عن زيد بن يثيع(1) عن حذيفة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم: «إن وليتموها أبا بكر فواحد، في الدنيا راغب في الآخرة وفي حسمه ضعف، وإن وليتموها عمر فقوي أمين لا يخاف في الله لومة لائم، وإن وليتموها عليًا فهاد مهدي يأخذكم على صراط مستقيم».

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

٤٧٤٩- عن حبان الأسدي سمعت عليًا يقول، قال لي رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم: «إن الأمة ستغدر بك بعدي وأنت تعيش على ملتي، وتقتل على سنتي، من أحبك أحبني، ومن أبغضك أبغضني، وإن هذه ستخضب من هذا - يعني لحيته من رأسه».

صحيح.

* * *

ذكر مقتل أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضي الله تعالى عنه

بأصح الأسانيد على سبيل الاختصار

٤٧٥٠- حدثني أبو الطيب(00) محمد بن أحمد الذهلي ثنا جعفر بن أحمد بن نصر الحافظ ثنا إسماعيل(2) بن موسى السدي ثنا شريك عن عثمان عن أبي زرعة(3) عن زيد بن وهب قال: قدم على علي وفد من أهل البصرة وفيهم رجل من الخوارج يقال له: الجعد بن نعجة، فحمد الله وأثنى عليه وصلى على النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم، ثم قال: اتق الله يا علي فإنك ميت، فقال علي: لا، ولكني مقتول ضربة على هذا تخضب هذه، قال: وأشار علي إلى رأسه ولحيته بيده فصام مقضي وعهد معهود، وقد خاب من افترى، ثم عاب عليًا في لباسه، فقال: لو لبست ثيابًا(1) خيرًا من هذا، فقال: إن لباسي هذا أبعد

(1) زيد بن يثيع مما روى عنه إلا أبو إسحاق، كما في «الميزان»، ولم يوثقه معتبر.
(00) في السند سقط. (00) صوابه: «أبو الطاهر» كما في «السير»، و«تاريخ بغداد».
(2) إسماعيل مختلف فيه، ولكنه قال لي الشيخ، وشريك ساء حفظه لما ولي القضاء.
(3) صوابه: عثمان بن أبي زرعة، وهو عثمان بن المغيرة. (1) ثيابًا. (مصححه).

المستدرك على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله الحاكم النيسابوري رحمه الله تعالى

طبعة متممة للتعليقات الذهبي رحمه الله

وبذيله

تتبع أوهام الحاكم التي سكت عليها الذهبي

لأبي عبد الرحمن مقبل بن هادي الوادعي

الجزء الثالث

دار الحرمين للطباعة والنشر والتوزيع

ترجمہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے بارے میں فرمایا : میری اُمّت میرے بعد تیرے خلاف بغاوت کرے گی اور تم میرے دین پر قائم (Strong) رہو گے اور تم میرے طریقے پر جہاد کرو گے۔ جو تم سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کرے گا اور جس نے تم سے بُغض رکھا اُس نے مجھ سے بُغض رکھا اور بیشک تمہاری یہ داڑھی رنگین ہو جائے گی۔

یہ حدیث صحیح ہے۔[1]

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث پر سکوت اختیار کیا ہے۔[2]

1. مستدرک للحاکم (اردو)، 4/282-283، رقم: 4686
2. مستدرک علی الصحیحین (عربی)، 3/166، رقم: 4749

اَفضلیت ومقام: اِمام مولا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما

حضرت علی رضی اللہ عنہ اہلِ بیت سے ہیں اُن پر کسی کو قیاس نہیں کیا جا سکتا: اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِمام علّامہ جمال الدین اَبی الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن محمد بن جوزی المعروف اِمام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی سن 597 ہجری اپنی مشہور کتاب 'مناقبِ اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ' میں لکھتے ہیں:

مناقب الامام احمد بن حنبل
للحافظ ابی الفرج عبد الرحمن بن الجوزی

ابو اِسحاق اِبراہیم بن احمد طبری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ میں نے ابو الحسن احمد بن ابو القاسم بن ریّان سے سنا اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے عبد اللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے والد (اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ) نے حدیثِ سفینہ بیان فرمائی تو میں نے کہا اے ابا جان! خلافت کی افضلیت کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟" اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ، "خلافت میں پہلے ابوبکر ہیں اور پھر عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم" تو میں نے کہا کہ، "علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما کا کیا؟" تو اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "اے میرے بیٹے! علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہما تو اہل بیت میں سے ہیں، کہ اُن پر کسی کو قیاس نہیں کیا جا سکتا (یعنی کوئی اُن کی برابری نہیں کر سکتا۔)"[1]

اِمام ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں:

ابو الفضل طوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، میں نے عبد اللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد (اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) سے سنا ہے کہ صحابۂ کرام میں سے کسی کے فضائل حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مانند صحیح احادیث سے ثابت نہیں ہیں۔[2]

اِمام ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں:

حضرت ابن منصور بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو کہتے ہوئے سنا کہ جو کوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امامت کو ثابت نہیں مانتا تو وہ گدھوں میں سب سے بڑا گمراہ گدھا ہے۔[3]

---

1. مناقب امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (عربی)، صفحہ: 163
2. مناقب امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (عربی)، صفحہ: 163
3. مناقب امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (عربی)، صفحہ: 163

قارئین کرام! اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی یہ روایت صحیح ہے کیوں کہ آج تک کسی بھی حنابلہ نے اس روایت کا انکار نہیں کیا بلکہ اِس کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔ اگر کوئی اِس روایت کو نقل کرنے کے سبب مجھ فقیر پر تفضیلی شیعہ یا رافضی ہونے کا فتویٰ لگاتا ہے تو کیا اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ بھی اِن فتووں کی زد میں آئیں گے؟؟ یہی نہیں بلکہ ایسے فتوے باز لوگوں کو چاہیے کہ مجھ سے پہلے وہ اُن علمائے اہل سنّت کی خبر لیں جو ایسے روایتیں نقل کر کے اِس کو بھی ''محض سنّیت'' کہتے ہیں۔ یہاں ہم صرف دو کتابوں کے حوالے پیش کر رہے ہیں۔

عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور فضیلتِ اہل بیت

الشیخ الامام الحافظ الفقیہ
الحمد للہ کے لئے ہر طرح پر بہت آسان اور سہل بنا
میں مسئلہ تفضیل کی اہمیت شیعہ اور اہل سنت
قابل مطالعہ و محترمہ
ایمان کامل کیسے ہو؟
مصنف: الشیخ الامام شاہ عبدالحق محدث دہلوی
ترجمہ: علامہ پیر محمد افضال احمد قادری
سبزواری پبلشرز پائینانگ ایڈیا پرنٹنگ پریس
0303-7297476

تو دیگر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضلیت اور تقدیم رکھتے ہیں۔ اختلاف تو صرف حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مابین میں پایا جاتا ہے۔ الغرض علمائے اہل سنت کا یہ نظریہ ہے کہ تمام صحابہ پر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو افضلیت حاصل ہے۔ لیکن فقہاء اور محدثین نے قصیدہ امالیہ کی شرح میں نقل کیا ہے کہ چاروں بزرگ کی افضلیت اہل بیت کے بعد آتی ہے۔ ابن عبد البر جو علمائے حدیث میں سے مشہور ہیں۔ اپنی کتاب استیعاب میں بیان کرتے ہیں کہ بعض متقدمین نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت میں اختلاف کیا ہے۔ سلمان و ابو ذر، مقداد، خباب، جابر، ابو سعید خدری، زید بن ارقم رضی اللہ عنہم نے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے، لیکن ابو طالب کے خوف سے انہوں نے چھپا لیا۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یہ جماعت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فضیلت دیتی ہے اور کہتے ہیں کہ ابن عبد البر کا کلام مقبول اور معتبر نہیں ہے کیوں کہ شاذ روایت ہے جو جمہور کے قول کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ جمہور ائمہ نے اجماع پر فیصلہ کیا ہے۔ اسی طرح حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تفضیل میں اور روایت بھی ملتی ہے۔ خطابی نے بعض مشائخ کے حوالے سے اُن روایتوں کو جمع کیا ہے کہ ''ابوبکر خیر من علی و علی افضل من ابو بکر رضی اللہ عنہما۔''

اِمام عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''تکمیل الایمان'' میں لکھتے ہیں:

''الغرض علمائے اہلِ سنّت کا یہ نظریہ ہے کہ تمام صحابہ پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کو افضلیت حاصل ہے، لیکن فقہاء اور محدّثین نے قصیدہ امالیہ کی شرح میں نقل کیا ہے کہ چاروں بزرگ کی افضلیت اہلِ بیت کے بعد آتی ہے۔ ابن عبد البر جو علمائے حدیث میں سے مشہور ہیں، اپنی کتاب 'استیعاب' میں بیان کرتے ہیں کہ بعض متقدّمین نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی افضلیت میں اختلاف کیا ہے۔ سلمان و ابو ذر، مقداد، خبّاب، جابر، ابو سعید خُدری، زید بن اَرقم رضی اللہ عنہم نے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے، لیکن ابو طالب کے خوف سے اُنہوں نے چھپا لیا۔ چنانچہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی یہ جماعت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتی ہے اور کہتے ہیں کہ ابن عبد البر کا کلام مقبول اور معتبر نہیں ہے کیوں کہ شاذ روایت ہے جو جمہور کے قول کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ جمہور ائمہ نے اِجماع پر فیصلہ کیا ہے۔ اِسی طرح حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی تفضیل میں اور روایت بھی ملتی ہے۔ خطابی نے بعض مشائخ کے حوالے سے اُن روایتوں کو جمع کیا ہے کہ ''ابوبکر خیر من علی و علی افضل من ابو بکر رضی اللہ عنہما۔''

امام تاج الدین سُبکی رحمۃ اللہ علیہ جو علمائے شافعی میں بڑے معتبر مانے جاتے ہیں، حضراتِ حسنین رضی اللہ عنہما کو فضیلت دیتے ہیں کیوں کہ وہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جگر گوشہ تھے۔ شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب 'خصائص' اور امام علم الدّین عراقی نے نقل کیا ہے، ''حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ چاروں خلفاء سے افضل تھے۔'' حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''میں جگر گوشۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (یعنی سیّدہ فاطمہ زہراء بتول رضی اللہ عنہا) سے کسی کو افضلیت نہیں دے سکتا۔ یہ ساری روایتیں جو ہم نے اوپر بیان کی ہیں ہمارے موضوع کے خلاف نہیں جاتیں اور نہ ہی ہمارے مدّعا (Defendant) کے مخالف ہیں کیوں کہ ہم بیان کر آئے ہیں کہ خاص قسم کی افضلیت وہ عام حالات میں کسی کی افضلیت کے منافی نہیں ہوتی۔[1]

مولانا احمد رِضا رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ: فتاویٰ رِضویّہ

فتاوی رضویہ جلد پنجم

اصطلاح محدثین میں تشیع و رفض میں کتنا فرق ہے۔
زبان متاخرین میں شیعہ، روافض کو کہتے ہیں علم اللہ تعالیٰ جیسا بلکہ آج کل کے بیہودہ مہذبین روافض کو رافضی کہنا خلاف تہذیب جانتے اور انہیں شیعہ ان کے لقب سے یاد کرنا ضروری مانتے ہیں خود فریبی کے خیال میں اپنی خفائی کے باعث یہی تازہ جاہلوں کو دھوکا دینے کیلئے تشیع کو رافضی بنایا حالانکہ سلف میں جو تمام خلفائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ حسن عقیدت رکھتے اور حضرت امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو اُن میں افضل جانتا شیعی کہا جاتا بلکہ جو صرف امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر تفضیل دیتا اُسے بھی شیعی کہتے ہیں حالانکہ یہ مسلک بعض علمائے اہلسنت کا تھا اسی بنا پر متعدد ائمہ کوفہ کو شیعہ کہا گیا بلکہ کبھی محض غلبہ محبت اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو شیعیت سے تعبیر کرتے حالانکہ یہ محض سنیت ہے امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں خود انہیں محمد بن فضیل کی نسبت تصریح کی کہ ان کا تشیع صرف سوالات تھا۔

حیث قال: محمد بن فضیل بن غزوان، المحدث الحافظ، کان من علماء هذا الشان، و ثقه یحیی بن معین، وقال احمد: حسن الحدیث، شیعی۔ قلت: کان متولیا فقط[1]۔

چنانچہ ذہبی نے کہا ہے کہ محمد ابن غزوان، جو کہ محدث اور حافظ ہے، حدیث کے علماء میں سے تھا، یحیی ابن معین نے اس کو ثقہ قرار دیا ہے اور احمد نے کہا ہے کہ اچھی حدیثیں بیان کرتا ہے مگر شیعہ ہے۔ میں نے کہا "صرف اہل بیت سے محبت رکھتا تھا"۔ (ت)

رہا: بزرار تو شیخین دیکھ کر شیعی کو رافضی بنا کر تکفیر کی ہوتی، کیا بخاری و مسلم سے بھی

ھ: کما صرحوا به وتدل علیه محاورا تهم، منها ما فی المیزان فی ترجمة الحاکم بعد ما حکی القول برفضه، الله یحب الانصاف، ما الرجل برافضی بل شیعی فقط اھ ۱۲ منه (ر)

[1] تذکرۃ الحفاظ فی ترجمۃ محمد بن فضیل مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد ۲/۲۹۸
Page 176 of 596

مولانا احمد رِضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب 'فتاویٰ رضویّہ' میں نقل کرتے ہیں:

''حالانکہ سلف میں جو تمام خلفائے کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ حُسنِ عقیدت رکھتا اور حضرت امیر المؤمنین مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو اُن میں افضل جانتا شیعی کہا جاتا بلکہ جو صرف امیر المؤمنین عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ پر تفضیل دیتا اُسے بھی شیعی کہتے ہیں حالانکہ یہ مسلک بعض علمائے اہلِ سنت کا تھا اِسی بنا پر متعدد ائمّہ کوفہ کو شیعہ کہا گیا بلکہ کبھی محض غلبۂ محبتِ اہلِ بیتِ کرام رضی اللہ عنہم کو شیعیت سے تعبیر کرتے حالانکہ یہ محض سنّیت ہے۔''[2]

1. تکمیل الایمان (ایمان کامل کیسے ہو؟) (اردو)، صفحہ: 190
2. فتاویٰ رضویہ (اردو)، صفحہ: 5/176

صحیح مسلم کی ایک حدیث

٢٤٥٥- حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ نَا الْقَسِمُ وَهُوَ ابْنُ الْفَضْلِ الْحَدَانِيُّ قَالَ نَا أَبُو نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ تَمْرُقُ مَارِقَةٌ عِنْدَ فُرْقَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَقْتُلُهَا أَوْلَى الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ. ابوداؤد (٤٦٦٧)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں میں تفریق کے وقت ایک فرقہ جدا ہو جائے گا اور مسلمانوں کی دو جماعتوں میں سے جو حق کے زیادہ قریب ہوگی وہ اس فرقہ کو قتل کرے گی۔

ترجمہ

سیّدنا ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں تفریق کے وقت ایک فرقہ جُدا ہو جائے گا اور مسلمانوں کی دو جماعتوں میں سے جو حق کے زیادہ قریب ہوگی وہ اُس فرقے کو قتل کرے گی۔[1]

خصائصِ علی رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی - سن 303 ہجری اپنی مشہور کتاب ''خصائصِ علی رضی اللہ عنہ'' میں حدیث نقل کرتے ہیں۔

171 أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «تَفْتَرِقُ أُمَّتِي فِرْقَتَيْنِ يَفْرُقُ بَيْنَهُمَا مَارِقَةٌ تَقْتُلُهُمْ أَوْلَى الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ»

171۔ سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت دو گروہوں میں تقسیم ہو جائے گی پھر ان دونوں کے درمیان سے ایک [تیسرا] گروہ نکلے گا۔ ان دونوں میں اسے وہی قتل کرے گا جو حق کے زیادہ قریب ہے۔

تحقیق:

[اسناد صحیح]

تخریج:

مسند الامام احمد 25/3

ترجمہ

سیّدنا ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''میری اُمّت دو گروہ میں تقسیم ہو جائے گی پھر اُن دونوں کے درمیان سے ایک (تیسرا) گروہ نکلے گا۔ اُن دونوں میں اُسے وہی قتل کرے گا جو حق کے زیادہ قریب ہے۔''

مشہور اہلِ حدیث محدّث شیخ غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری نے اِس حدیث کو ''صحیح الاسناد'' کہا ہے۔[2]

---

1. صحیح مسلم شریف (اردو)، 1/748 ، رقم: 2455
2. خصائصِ علی (اردو)، صفحہ: 242 ، رقم: 171

تشریح

صحیح مسلم کی اِس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اُمّت میں دو گروہ ہوئے یعنی سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کا گروہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا گروہ۔ پھر اِن دونوں کے اندر سے ایک (تیسرا) فرقہ یعنی خوارج جُدا ہو گئے۔ اب بمطابق فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو گروہ اِس جدا فرقہ یعنی خوارج سے قتال کرے گا وہ اُن دونوں گروہ (یعنی سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کا گروہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا گروہ) میں سے حق کے قریب تر ہوگا۔ اور ''جنگِ نہروان'' میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے تیسرے گروہ یعنی خوارج سے قتال کیا تھا۔

مولا علی رضی اللہ عنہ کی جنگیں: قرآن کی روشنی میں

قارئین کرام! سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کو اُن کی زمانۂ خلافت کی تینوں جنگوں (جمل، صفّین و نہروان) کو حدیثِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید حاصل تھی اور یہ تینوں جنگیں اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ نے قرآن کی طرح سورۂ حجرات کی آیت پر عمل کرتے ہوئے لڑی تھی۔

الحجرات ۴۹ ۱۷۰۱
حصہ ۲۶
بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ
کوئی جاہلانہ ایذا دے بیٹھو پھر اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤ اور جان لو کہ تم میں اللہ کے رسول ہیں۔ بہت
اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ
سے معاملوں میں اگر یہ تمہاری خوشی کریں تو تم ضرور مشقت میں پڑو لیکن اللہ نے تمہیں ایمان
الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ كَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ
پیارا کر دیا ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی
اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَ
ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔ اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم و حکمت والا ہے اور
اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ
اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ۔ پھر اگر ایک دوسرے پر
اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ
زیادتی کرے۔ تو اس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے۔ پھر اگر
فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝
پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ ان میں اصلاح کرو اور عدل کرو بے شک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۹﴾

'اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو اُن میں صلح کراؤ پھر اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو اُس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے پھر اگر پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ اُن میں اصلاح کر دو اور عدل کرو، بیشک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں۔[1]

1. سورۃ الحجرات، 49:9، ترجمہ: کنز الایمان

جنگِ جمل

مولا علی رضی اللہ عنہ کا سورہ حجرات کی آیت پر عمل جنگِ جمل میں

مولا علی رضی اللہ عنہ جو خلیفہ برحق تھے اُنہیں جب پتہ چلا کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا، سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ، سیّدنا طلحہ رضی اللہ عنہ نے قصاص عثمان رضی اللہ عنہ کے ماتحت بیعت شکنی کی ہے اور لشکر کے ساتھ بصرہ پر حملہ کیا اور بعد میں جب جنگِ جمل کی صورت پیش آئی تو سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ نے اِس آیت کے الفاظ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا پر عمل کرتے ہوئے سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ کو حدیثِ نبوی سنائی اور صلح کی کوشش کی مگر افسوس مروان بن حکم ملعون کی چالوں کی وجہ سے جنگِ جمل ہوئی مگر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ اِس جنگ سے علیحدہ رہے اور سیّدنا طلحہ رضی اللہ عنہ کو مروان ملعون نے شہید کیا۔

حضرت زُبیر بن عوّام رضی اللہ عنہ کی جنگِ جمل سے واپسی

سیّدنا زُبیر بن عوّام رضی اللہ عنہ کو جب سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث سنائی تو سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ جنگِ جمل سے واپس چلے گئے، اِس پر اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی صحیحین میں ایک حدیث کو نقل کرتے ہیں:

المستدرك على الصحيحين — كتاب معرفة الصحابة

5574- اَخْبَرَنِي اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ [illegible] نَجِيبِ الْقَطِيعِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو قِلَابَةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، قَالَ شَهِدْتُ الزُّبَيْرَ خَرَجَ يُرِيدُ عَلِيًّا، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ اَنْشُدُكَ اللهَ هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ لَقَدْ كُنْتَ لَهُ ظَالِمًا، فَقَالَ. لَمْ اَذْكُرْ، ثُمَّ مَضَى الزُّبَيْرُ مُنْصَرِفًا،

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ فَقَدْ رَوَى عَنْهُ يَزِيدُ بْنُ صُهَيْبٍ الْفَقِيرُ، وَالْفَضْلُ بْنُ فَضَالَةَ فِي اِسْنَادٍ وَاحِدٍ

[illegible] ابو حرب بن ابی الاسود دیلی فرماتے ہیں میں نے زبیر [illegible] کو دیکھا، انہوں نے حضرت علی [illegible] کے خلاف بغاوت کی، حضرت علی [illegible] نے ان سے کہا میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نے رسول اللہ [illegible] کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے "تم اس (علی) [illegible] اور تم [illegible] لیکن پھر وہ واپس لوٹ گئے۔

[illegible] یہ حدیث ابو حرب بن ابی الاسود دیلی کی [illegible] صحیح ہے [illegible] روایت سے یزید بن صہیب الفقیر اور فضل بن فضالہ نے ایک ہی سند کے ساتھ روایت کی ہے

ترجمہ

ابو حرب بن ابو الاسود دیلی فرماتے ہیں: میں نے زُبیر رضی اللہ عنہ کو دیکھا، اُنہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت کی، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن سے کہا میں تمہیں اللہ جل جلالہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے

ہوئے سنا ہے، ''تم اُس (علی رضی اللہ عنہ) سے لڑو گے اور تم حد سے بڑھنے والے ہو گے۔'' حضرت زُبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: ''مجھے کچھ یاد نہیں آ رہا''، لیکن پھر وہ واپس لوٹ گئے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اِس حدیث کو حسبِ ذیل لکھتے ہیں:

''یہ حدیث ابو حرب بن ابو الاسود دیلی کی سند کے ہمراہ ''صحیح'' ہے، اور اُنہیں سے یزید بن صُہیب الفقیر اور فضل بن فضالہ نے ایک ہی اِسناد کے ہمراہ روایت کی ہے۔[1]

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کا قاتل مروان بن حکم

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیحین میں یہ روایت نقل کی ہے:

المستدرک (مترجم) جلد چہارم ۶۹۵ کتاب معرفۃ الصحابۃ

5591- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ رَأَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ حِينَ رُمِيَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ فَوَقَعَ فِي رُكْبَتِهِ فَمَا زَالَ يُسَبِّحُ إِلَى أَنْ مَاتَ

✧✧ قیس بن حازم کہتے ہیں: میں نے مروان بن حکم کو دیکھا ہے، جنگ جمل میں جب اس نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ پر تیر پھینکا تو وہ ان کے گھٹنے پر جا کر لگا، وہ اس درد میں بھی تسبیح پڑھتے رہے حتیٰ کہ وہ شہید ہو گئے۔

ترجمہ

قیس بن حازِم کہتے ہیں: ''میں نے مروان بن حکم کو دیکھا ہے جنگِ جمل میں، جب اُس نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ پر تیر پھینکا تو وہ اُن کے گھٹنے پر جا کر لگا، وہ اُس درد میں بھی تسبیح پڑھتے رہے حتّٰی کہ وہ شہید ہو گئے۔''[2]

1. مُستدرک علی صحیحین (اُردو)، 4/687، رقم: 5574
2. مُستدرک علی صحیحین (اردو)، 4/695، رقم: 5591

سیّدنا زُبیر بن عوّام رضی اللہ عنہ کا قاتل جہنّمی ہے

مشہور بریلوی محقق قاری ظہور احمد فیضی اپنی مشہور کتاب ''خصائصِ علی'' کی شرح میں لکھتے ہیں۔

شرح خصائص علی رضی اللہ عنہ ج:152 ۸۱۹

''سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ سے یوم الجمل کو فرمایا: کیا آپ ابن عبدالمطلب کے ساتھ جنگ کرنے آئے ہیں؟ تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ واپس چلے گئے لیکن ابن جرموز نے حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کو جا کر عرض کیا کہ ابن صفیہ (سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ) کے قاتل کا کیا ٹھکانہ ہے؟ فرمایا: آگ''۔

(الطبقات الکبری لابن سعد ج۳ ص۵۹، الإصابة ج۲ ص۴۶۰، الاستیعاب ج۲ ص۹۳)

۳۔ تیسرا سبب یہ بیان کیا گیا ہے کہ:

''حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے تو وہ اس خدشہ کے پیشِ نظر واپس جانے لگے کہ کہیں عمار رضی اللہ عنہ آج (جنگ جمل میں) ہی شہید نہ ہو جائیں اور میرا شمار باغیوں میں ہو جائے''۔

(البدایة والنهایة ج۵ ص۳۳۷، أسمی المطالب ص۵۴۱)

سیّدنا عبّاس رضی اللہ عنہ نے سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ سے یوم الجمل کو فرمایا: 'کیا آپ ابن عبد المطلب کے ساتھ جنگ کرنے آئے ہیں؟' تو حضرت زُبیر رضی اللہ عنہ واپس چلے گئے۔ لیکن ابن جُرموز نے حملہ کر کے اُنہیں شہید کر دیا، حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ نے مولا علی رضی اللہ عنہ کو جا کر عرض کیا کہ ''ابن صفیہ (سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ) کے قاتل کا کیا ٹھکانا ہے؟'' فرمایا: ''آگ''[1]

''اِس کے بعد ابن جُرموز حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا تو اُس نے آپ کے پہرے دار سے کہا کہ قاتلِ زبیر کے لیے اندر آنے کی اجازت مانگو، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اندر آنے کی اجازت دے دو اور اُسے جہنم کی خوش خبری سنا دو''[2]

1. الإصابة فی تمیز الصحابة: 2/460، الاستیعاب: 2/93، بحوالہ: خصائص علی، قاری ظہور احمد فیضی (اردو)، صفحہ: 819
2. الکامل فی تاریخ ابن اثیر (عربی): 3/131، (اُردو): 2/622

اُمّ المؤمنین طیّبہ طاہرہ
سیّدہ عائشہ صدّیقہ سلام اللہ علیہا

سیّدہ عائشہ علیہا السلام ، جنگِ جمل اور ایک صحیح حدیث

اِمام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''مسند عائشہ'' میں لکھتے ہیں :

(١٢٢) عن عائشة رضي الله عنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأزواجه: أيتكن التي تنبحها كلاب الحوأب؟ فلما مرت

١٢٢ - عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے کہا تم میں سے کون ہوگی جس پر الحواب مقام کے کتے بھونکیں گے۔

(١٢٠) عبد الرزاق في المصنف ٨/٢٧٤، كتاب الأيمان والنذور، باب النذور ماض؛ والحميدي ١٠/٤٩ من طرق ابن عيينة وحميد وابن جريج مختصرا، وهذا موقوف كما قال أبو داود ٣/٢٢٤، كتاب الأيمان والنذور، باب لغو اليمين والبن كثير في تفسيره ٣٩٦/١ عند تفسير هذه الآية [لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم]. (سورة البقرة/٢٢٥)

(١٢١) ابن أبي شيبة في المصنف ١٥/٢٥٩-٢٦٠، كتاب الجمل، باب مسير عائشة والزبير ...؛ وأحمد في مسنده ٥٢/٦ والطبراني المختار، ورجاله كلهم ثقات إلا قيس بن أبي حازم فإنه وإن كان ثقة فقيه مقال، قال يحيى بن معين قيس بن أبي حازم ينكر الحديث، ثم ذكر له بعض أحاديث منتكرة منها حديث كلاب الحوأب، قال إسماعيل بن أبي

(١) القرآن المجيد، سورة البقرة، آية ٢٢٥

(٢) قال ياقوت في معجم البلدان: الحوأب، بالفتح ثم السكون وهمزة مفتوحة وباء موحدة ق أبو منصور: الحوأب موضع بمر فيه كلابه على عائشة أم المؤمنين منه مقبلها إلى البصر وراءه، وفي الحديث أن عائشة لما أرادت المضي إلى البصرة في وقعة الجمل مرت بهذا الموضع فسمعت نباح الكلاب، فقالت: ما هذا الموضع؟ فقيل لها هذا موضع يقال له الحوأب، فقالت: إن

مسند عائشة رضي الله عنها

عائشة ببعض مياه بني عامر ليلا فسمعت الكلاب عليها، فسألت[1] عنه، فقيل لها: هذا ماء الحوأب، فوقفت وقالت: ما أظنني إلا راجعة؛ إني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لنا ذات يوم: كيف بإحداكن تنبح عليها كلاب الحوأب، فهل لها يا أم المؤمنين، إذا تصلحين بين الناس (ش، و خريم بن حماد في الفتن).

(١٢٢) عن عائشة رضي الله عنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ایک دفعہ عائشہ رضی اللہ عنہا رات کے وقت بنو عامر کے تالابوں کے پاس سے گزر رہی تھیں کہ ان پر کتے بھونکے تو انھوں نے اس مقام کے بارے میں دریافت کیا کہا گیا کہ یہ الحواب مقام کا تالاب ہے، تو وہاں رک گئیں اور کہا میرا خیال ہے کہ مجھے بالضرور واپس لوٹ جانا چاہئے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دن ہم (ازواج) سے فرماتے سنا: تم میں سے کسی کا (اس دن) کیا حال ہوگا جب اس پر الحواب مقام کے کتے بھونکیں گے؟ تو عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا گیا کہ آپ تو اس وقت لوگوں کے درمیان صلح کرانے جا رہی ہیں۔

= شاذ: كبير قيس حتى جاز المائة بسنين كثيرة حتى شرب وذهب عقله. انظر التهذيب ٢٨٨/٨، وميزان الاعتدال للذهبي ٣٩٢/٣-٣٩٣. ولكن له شواهد تاريخية كما ذكره الهيثمي في المجمع ٢٣١/٧ كتاب الفتن باب فيما كان في الجمل والصفين وغيرهما. وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار ورجال أحمد رجال الصحيح اهـ وفي هذا، فلا يضر ضعف قيس في هذا السند.

٥٦

ترجمہ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ازواج سے کہا ''تم میں کون ہوگی جس پر ''الحواب'' مقام کے کتے بھونکیں گے۔'' ایک دفعہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا رات کے وقت بنو عامر کے تالابوں کے پاس سے گزر رہی تھیں کہ اُن پر کتے بھونکے تو اُنہوں نے اُس مقام کے بارے میں دریافت کیا، کہا گیا کہ یہ ''الحواب'' مقام کا تالاب ہے، وہ وہیں رُک گئیں اور کہا میرا خیال ہے کہ مجھے بالضرور (بیشک) واپس لوٹ جانا چاہیے کیوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک دن ہم (ازواج) سے فرماتے سنا: ''تم میں سے کسی کا (اُس دن) کیا حال ہوگا جبکہ اُس پر ''الحواب'' مقام کے کتے بھونکیں گے؟'' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا گیا، ''مگر آپ تو اُس وقت لوگوں کے درمیان صلح کرانے جا رہی ہیں۔''

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اِس حدیث کے تمام راوی ''ثقہ'' ہیں اور اِس کے رِجال اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے رِجال ہیں جو ''صحیح'' ہیں۔

1. مسند عائشہ (اردو)، صفحہ : 55-56 ، رقم : 122

مجمع الزوائد کی صحیح احادیث

امام ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''مجمع الزوائد و منبع الفوائد'' میں نقل کرتے ہیں:

بغية الرائد
في تحقيق
مجمع الزوائد ومنبع الفوائد
للحافظ نور الدين علي بن أبي بكر الهيثمي
المتوفى سنة ٨٠٧ هـ
تحقيق
حسام الدين القدسي
الجزء السابع
كتاب التفسير، والتعبير، والقدر
دار الفكر

١٢٠٢٤ - وعن أبي رافع: أن رسول الله ﷺ قال لعلي بن أبي طالب:

«إِنَّهُ سَيَكُونُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ عَائِشَةَ أَمْرٌ» قال: أنا يا رسول الله[1]؟ قال: «نَعَمْ» قال: أنا أشقاهم يا رسول الله؟ قال: «لا، ولكِنْ إِذَا كَانَ ذَلِكَ فَارْدُدْهَا إِلَى مَأْمَنِهَا».

رواه أحمد والبزار والطبراني ورجاله ثقات.

١٢٠٢٥ - وعن قيس بن أبي حازم: أن عائشة لما نزلت على الحَوْأَبِ سمعت نباح الكِلاب فقالت: ما أظنني إلا راجعة، سمعت رسول الله ﷺ يقول لنا:

«أَيَّتُكُنَّ يَنْبَحُ عَلَيْهَا كِلابُ الحَوْأَبِ».

فقال لها الزبير: ترجعين، عسى الله أن يصلح بك بين الناس.

رواه أحمد وأبو يعلى والبزار، ورجال أحمد رجال الصحيح.

١٢٠٢٦ - وعن ابن عبّاس قال: قال رسول الله ﷺ لنسائه:

«لَيْتَ شِعْرِي أَيَّتُكُنَّ صَاحِبَةُ الجَمَلِ الأَدْبَبِ[1] تَخْرُجُ فَيَنْبَحُهَا كِلابُ حَوْأَبٍ يُقْتَلُ عَنْ يَمِينِهَا وَعَنْ يَسَارِهَا قَتْلَى كَثِيرٌ، ثُمَّ تَنْجُو بَعْدَمَا كَادَتْ».

رواه البزار ورجاله ثقات.

ترجمہ

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدنا علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''یاد رکھنا، اے علی رضی اللہ عنہ! عنقریب تمہارے اور عائشہ رضی اللہ عنہا کے درمیان ایک معاملہ (رنجش والا) ہوگا۔'' سیّدنا علی نے پوچھا ''کیا میرے ساتھ؟'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ہاں''، سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! پھر تو میں بڑا بدبخت ہوں گا۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں!'' بلکہ جب ایسا ہوگا تو تم اُس (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) کو اُس کی پناہ گاہ تک پہنچا دینا۔

ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اِس حدیث کے راوی امام احمد رضی اللہ عنہ، امام بزّار رحمۃ اللہ علیہ و امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں، اور اِس کے رِجال ''ثقہ'' ہے۔[1]

1. مجمع الزوائد ومنبع الفوائد (عربی)، 6/474، رقم: 12024

سیّدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواجِ مطہّرات رضی اللہ عنہن سے فرمایا: ''کاش! مجھے معلوم ہو جاتا کہ تم میں سے میری کون سی بیوی ایک ایسے اونٹ پر سوار ہوگی جس (اونٹ) کے چہرے پر بہت زیادہ بال ہوں گے۔'' الحواب کے کتّے نکلیں گے اور اُس کے دائیں-بائیں بہت زیادہ قتل وغارت ہوگی اور پھر وہ بال بال بچ جائیں گی۔

ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اِس حدیث کے راوی اِمام بزّار کے ہیں اور 'ثقہ' ہیں۔[1]

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا پچھتاوا

صحیح بخاری کی ایک حدیث



بخاری شریف (مترجم) جلد اوّل ۵۶۶ کتاب الجنائز

۱۳۰۲- حَدَّثَنَا فَرْوَةُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ لَمَّا سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْحَائِطُ فِي زَمَانِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَخَذُوا فِي بِنَائِهِ فَبَدَتْ لَهُمْ قَدَمٌ فَفَزِعُوا وَظَنُّوا أَنَّهَا قَدَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا وَجَدُوا أَحَدًا يَعْلَمُ ذَلِكَ حَتَّى قَالَ لَهُمْ عُرْوَةُ لَا وَاللَّهِ مَا هِيَ قَدَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هِيَ إِلَّا قَدَمُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَعَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّهَا أَوْصَتْ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا لَا تَدْفِنِّي مَعَهُمْ وَادْفِنِّي مَعَ صَوَاحِبِي بِالْبَقِيعِ لَا أُزَكَّى بِهِ أَبَدًا

(1302) ہشام بن عروہ اپنے باپ عروہ بن زبیر سے روایت کرتے ہیں کہ جب ولید بن مروان کے زمانہ میں (حجرہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) کی دیوار گر گئی۔ اور لوگوں نے اس کو بنانا شروع کیا (لوگ قبر انور کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے تو حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس دیوار کو بلند کیا تا کہ قبر شریف نظر نہ آئے جب وہ دیوار گر گئی) تو ایک قدم (پنڈلی اور گھٹنے سمیت) ان کو ظاہر ہوا وہ ڈر گئے اور گمان کیا کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم شریف ہے۔ اور انہیں کوئی ایسا نہ ملا جو اس کو پہچانتا ہو، یہاں تک کہ ان کو حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا بخدا یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم شریف نہیں ہے بلکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قدم مبارک ہے۔ ہشام نے اپنے باپ عروہ بن زبیر سے روایت کی اور انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے انہوں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو وصیت فرمائی کہ مجھے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر، عمر رضی اللہ عنہما) کے پاس دفن نہ کرنا، اور مجھے اپنی سوکنوں کے ساتھ بقیع میں دفن کرنا (تا کہ) ان کے سبب میری تعریف نہ کی جائے۔ (یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ ناپسند سمجھا کہ یہ کہا جائے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدفون ہے اس میں میری تعظیم ہوگی اور تزکیہ کا یہی معنی ہے)

1. مجمع الزوائد ومنبع الفوائد (عربی)، 6/474، رقم: 12026

ترجمہ

ہشام نے اپنے باپ اُروا بن زُبیر سے روایت کی اور اُنہوں نے سیّدہ عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا سے، اُنہوں نے عبداللہ بن زُبیر رضی اللہ عنہ کو وصیت فرمائی کہ ''مجھے (نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہم) کے پاس دفن نہ کرنا اور مجھے اپنی سوکنوں (سوتنوں) کے ساتھ بقیع میں دفن کرنا (تاکہ) اُن کے سبب میری تعریف نہ کی جائے۔'' (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ ناپسند سمجھا کہ یہ کہا جائے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدفن ہے اِس میں میری تعظیم ہوگی اور تزکیہ کا یہی معنی ہے)[1]

مصنّف ابن شیبہ کی ایک صحیح حدیث

مصنّف ابن ابی شیبہ کی ایک حدیث جسے محقق شیخ ناصر الدین اَلبانی نے ''صحیح'' کہا ہے اور اُسے اپنی کتاب ''سلسلۃ الاحادیث صحیحۃ'' میں نقل بھی کیا ہے:

٣٧٧٧٢ ـ حدثنا أبو أسامة قال حدثنا إسماعيل عن قيس قال: قالت عائشة لما حضرتها الوفاة: ادفنوني مع أزواج النبي عليه السلام فإني كنت أحدثت بعده حدثاً.

٣٧٧٧٣ ـ حدثنا غندر عن شعبة عن سعد بن إبراهيم قال: سمعت أبي قال: بلغ علي ابن أبي طالب أن طلحة يقول: إنما بايعت واللج على قفاي، قال: فأرسل ابن عباس فسألهم، قال: فقال أسامة بن زيد أما واللج على قفاه [فلا أعلم]، ولكن قد بايع وهو كاره، قال: فوثب الناس إليه حتى كادوا أن يقتلوه، قال: فخرج صهيب وأنا إلى جنبه فالتفت إلي فقال: قد ظننت أن أم عوف حانقة.

٣٧٧٧٤ ـ حدثنا أبو أسامة عن خالد بن أبي كريمة عن أبي جعفر قال: جلس علي وأصحابه يوم [الجمل] يبكون على طلحة والزبير.

٣٧٧٧٥ ـ حدثنا أبو أسامة قال حدثنا معتمر بن سليمان عن أبيه قال: حدثنا أبو نضرة أن ربيعة كلمت طلحة في مسجد بني مسلمة فقالوا: كنا في نحر العدو حتى جاءتنا بيعتك هذا الرجل، ثم أنت الآن تقاتله أو كما قالوا، قال: فقال: إني أدخلت الحش ووضع على عنقي اللج، وقيل: بايع وإلا قتلناك، قال: فبايعت وعرفت أنها بيعة ضلالة، قال التيمي: وقال الوليد

٥٣٦

الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار

الجزء السابع

دار التاج

1. صحیح بخاری (اردو)، 1/566، رقم: 1302، انٹرنیشنل نمبر: 1391

ترجمہ

حضرت قیس تابعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ جب اُمّ المؤمنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا آخری وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہم کے ساتھ دفن کرنا کیوں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ایک نیا کام سرزد ہو گیا۔[1]

شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے اور اِسے اپنی کتاب ''سلسلۃ الاحادیث صحیحۃ'' میں نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:

حَدِيثُ الْحَوْأَبِ

٤٧٤ - (أَيَّتُكُنَّ تَنْبَحُ عَلَيْهَا كِلَابُ الْحَوْأَبِ)[1]

أخرجه أحمد (٦ / ٥٤ و٩٧) عن يحيى - وهو ابن سعيد -، و(٦ / ٩٧) عن شعبة، وأبو إسحاق الحربي في «غريب الحديث» (٥ / ٧٨ / ١) عن هشيم، وابن حبان في «صحيحه» (١٨٣١ - موارد) عن وكيع وعلي بن مسهر، وابن عدي في «الكامل» (ق ٢٢٣ / ٢) وأبو يعلى (٤٨٦٨) عن ابن فضيل، والحاكم (٣ / ١٢٠) عن يعلى بن عبيد، والبزار (٣٢٧٥) عن أبي معاوية؛ كلهم عن إسماعيل بن خالد عن قيس بن أبي حازم:

«أن عائشة لما أتت الحوأب، سمعت نباح الكلاب، فقالت: ما أظنني إلا راجعة؛ إن رسول الله ﷺ قال لنا: (فذكره) فقال لها الزبير: ترجعين؟ عسى الله عز وجل أن يصلح بك بين الناس».

(١) (الحوأب): ماء قريب من البصرة على طريق مكة.

٨٤٦

«إسماعيل بن أبي خالد عن قيس قال: قالت عائشة وكانت تحدث نفسها أن تدفن في بيتها، فقالت: إني أحدثت بعد رسول الله ﷺ حدثاً، ادفنوني مع أزواجه، فدفنت بالبقيع رضي الله عنها. قلت: تعني بالحدث مسيرها يوم الجمل؛ فإنها ندمت ندامة كلية، وتابت من ذلك. على أنها ما فعلت ذلك إلا متأوِّلة قاصدة للخير؛ كما اجتهد طلحة بن عبيدالله والزبير بن العوام وجماعة من الكبار رضي الله عن الجميع».

٨٥٥

سلسلة
الأحاديث الصحيحة
وشيء من فقهها وفوائدها

محمد ناصر الدين الألباني

مكتبة المعارف للنشر والتوزيع
لصاحبها محمد بن عبد الرحمن الراشد
الرياض

''اس سے کام سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد جمل کی جنگ میں شرکت کرنا تھا، کیوں کہ بعد میں آپ اِس سفر پر بہت نادم (شرمندہ) تھیں اور اپنے عمل پر توبہ بھی کی تھی۔ مگر اُنہوں نے یہ کام بھی نیک اِرادے سے ہی کیا تھا، بالکل اِسی طرح سیّدنا طلحہ رضی اللہ عنہ، سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ نے بھی نیک اِرادے کے ساتھ بھلائی کی اُمید پر اِصلاح کی غرض سے اِس سفر میں شرکت کی تھی۔''[2]

1. مصنف ابن ابی شیبہ (عربی)، 7/536، رقم: 37772
2. سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (عربی)، 1/855، رقم: 474

اِس حدیث کے ضمن میں شیخ ناصر الدین اَلبانی اپنی کتاب ''سلسلۃ الاحادیث صحیحۃ'' میں نقل کرتے ہیں :


سلسلة
الأحاديث الصحيحة
وشيء من فقهها وفوائدها
محمد ناصر الدين الألباني
مكتبة المعارف للنشر والتوزيع
لصاحبها سعد بن أسعد الراشد
الرياض

حَدِيثُ الحَوْأَبِ

٤٧٤ - (أَيَّتُكُنَّ تَنْبَحُ عَلَيها كِلابُ الحَوْأَبِ)[1].

أخرجه أحمد (٦ / ٥٢ و٩٧) عن يحيى - وهو ابن سعيد -، و(٦ / ٩٧) عن شعبة، وأبو إسحاق الحربي في «غريب الحديث» (٥ / ٧٨ / ١) عن عيلة، وابن حبان في «صحيحه» (١٨٣١ - موارد) عن وكيع وعلي بن مسهر، وابن عدي في «الكامل» (ق ٢٢٣ / ٢) وأبو يعلى (٤٨٦٨) عن ابن فضيل، والحاكم (٣ / ١٢٠) عن يعلى بن عبيد، والبزّار (٣٢٧٥) عن أبي معاوية؛ كلهم عن إسماعيل بن خالد عن قيس بن أبي حازم:

«أن عائشة لما أتت الحوأب؛ سمعت نُباح الكلاب، فقالت: ما أظنني إلا راجعة؛ إن رسول الله ﷺ قال لنا: (فذكره). فقال لها الزبير: ترجعين! عسى الله عزَّ وجلَّ أن يصلح بك بين الناس».

(١) (الحوأب): ماء قريب من البصرة على طريق مكة.

غريب فرد، ويؤيده قوله عقبه: «لا يروى من طريق غيره»؛ يعني: من حديث ابن عباس، فإن كان أراد هذا؛ فلا إشكال، وإن أراد التضعيف؛ فلا وجه له، لا سيما وهو موافق لحديث عائشة الصحيح؛ فأين النكارة؟!

وجملة القول: أن الحديث صحيح الإسناد، ولا إشكال في متنه؛ خلافاً لظن الأستاذ الأفغاني؛ فإن غاية ما فيه أن عائشة رضي الله عنها لما علمت بالحوأب؛ كان عليها أن ترجع، والحديث يدل أنها لم ترجع! وهذا مما لا يليق أن ينسب لأم المؤمنين.

وجوابنا على ذلك: أنه ليس كل ما يقع من الكُمَّل يكون لائقاً بهم، إذ المعصوم من عصمه الله، والسني لا ينبغي له أن يُغالي فيمن يحترمه حتى يرفعه إلى مصاف الأئمة الشيعة المعصومين عندهم!

ولا نشك أن خروج أم المؤمنين كان خطأ من أصله، ولذلك همَّت بالرجوع حين علمت بتحقق نبوءة النبي ﷺ عند الحوأب، ولكن الزبير رضي الله عنه أقنعها بترك الرجوع بقوله: «عسى الله أن يصلح بك بين الناس»، ولا نشك أنه كان مخطئاً في ذلك أيضاً، والعقل يقطع بأنه لا مناص من القول بتخطئة إحدى الطائفتين المتقاتلتين اللتين وقع فيهما مئات القتلى، ولا شك أن عائشة رضي الله عنها هي المخطئة؛ لأسباب كثيرة وأدلة واضحة، ومنها ندمها على خروجها، وذلك هو اللائق بفضلها وكمالها، وذلك مما يدلُّ على أن خطأها من الخطأ المغفور، بل المأجور.

قال الإمام الزيلعي في «نصب الراية» (٤ / ٦٩ - ٧٠):

«وقد أظهرت عائشة الندم؛ كما أخرجه ابن عبدالبر في «كتاب الاستيعاب» عن ابن أبي عتيق - وهو عبدالله بن محمد بن عبدالرحمٰن بن أبي بكر الصديق - قال: قالت عائشة لابن عمر: يا أبا عبدالرحمٰن! ما منعك أن تنهاني عن مسيري؟ قال: رأيت رجلاً غلب عليك - يعني: ابن الزبير -. فقالت: أما والله؛ لو نهيتني ما خرجتُ. انتهى».

اِس معاملے میں زیادہ سے زیادہ اعتراض یہ کیا جاسکتا ہے کہ اُمّ المؤمنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو جب ''الحواب'' نامی مقام کے بارے میں معلوم ہو گیا تھا تو اُنہیں واپس چلے جانا چاہیے تھا، لیکن احادیث میں آیا ہے کہ آپ واپس نہیں گئیں، یہ بات اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا کی شان کو زیبا نہیں تھی۔ اِس (علمی سوال) پر ہمارا جواب یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں کمال والی ہر صفت پائی جاتی ہے۔ یاد رکھیں! لغزش اور غلطی سے پاک صرف اللہ جل جلالہ کی ذات ہے۔ کسی بھی سُنّی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنی قابلِ احترام ہستیوں کے بارے میں اِتنا غلو کرلے کہ اِنہیں شیعوں کی طرح معصوم اماموں کی صف میں لا کھڑا کرے۔ اِس میں شک نہیں ہے کہ اُمّ المؤمنین رضی اللہ عنہا کا یہ خروج اصل میں خطا پر ہی مبنی تھا، اِس لیے جب اُن کو مقامِ الحواب کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشین گوئی کے پورے ہونے کا معلوم ہوا تو اُنہوں نے واپسی کا اِرادہ بھی کرلیا تھا لیکن سیّدنا زُبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے اُنہیں یہ کہہ کر واپسی کا ارادہ ترک کرنے پر قائل کرلیا کہ شاید آپ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے اللہ جل جلالہ مسلمانوں میں صلح کی کوئی صورت نکال دے گا۔ اِس میں بھی شک نہیں ہے کہ سیّدنا زُبیر رضی اللہ عنہ بھی اپنے اِس اجتہاد میں خطا پر تھے۔ عقل بھی اِس بات کا تقاضہ کرتی ہے کہ اُن دونوں گمراہ میں سے کسی ایک کو ضرور خطا پر قرار دیا جائے کہ جس وجہ سے مسلمانوں کے درمیان سیکڑوں ہزاروں لوگوں کا خون ہوا اور بیشک اُمّ المؤمنین رضی اللہ عنہا کا اجتہاد ہی اِس (جنگِ جمل میں) معاملہ میں خطا پر مبنی تھا۔ اس کے بہت سے اسباب اور واضح دلائل موجود ہیں اور ایک دلیل تو اُن کا اپنے اِس خروج پر نادم ہونا ہی ہے اور یہی ندامت اُن کے فضل وکمال کو زیبا بھی ہے۔ اُن کی یہ خطا، اجتہادی خطاؤں میں سے ایک خطا تھی جو کہ نہ صرف معاف کردی جاتی ہے بلکہ اُس پر ایک اَجر بھی ملتا ہے۔''[1]

1. سلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ (عربی)، 1/854، رقم: 474

سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی تعظیم کرنا

جنگِ جمل کے مقتولین اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی تعظیم کے بارے میں مولا علی رضی اللہ عنہ کا ایک واقعہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کی مشہور کتاب ''الکامل فی التاریخ'' میں کچھ اِس طرح بیان کیا ہے۔

''اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جانبین سے قتل ہونے والے لوگوں کے بارے میں اپنے قریب موجود لوگوں سے پوچھا، جب بھی آپ کو کسی کی شہادت کا بتایا جاتا آپ رضی اللہ عنہا فرماتیں، 'اللہ جل جلالہ اُس پر رحم فرمائے' تو آپ (سیّدنا علی رضی اللہ عنہ) سے پوچھا گیا، یہ کیوں کر ہوگا؟ آپ (سیّدنا علی رضی اللہ عنہ) نے جواب دیا، اِسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ''فلاں شخص جنّتی ہے، فلاں شخص جنّتی ہے''، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارے اور اُن میں سے جو بھی شخص اِس حالت میں شہید ہوا جس کے دل میں کسی سے بھی حسد و بُغض نہ ہو تو اللہ جل جلالہ کی رحمت سے مجھے اُمید ہے اُسے جنّت میں داخل فرمائے گا۔'' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سفر کا عمدہ انتظام کیا کہ چند اُن لوگوں کے ہمراہ بھیج دیا جو آپ کے لشکر میں شامل تھے اور باقی وہیں ٹھہر گئے اور آپ (حضرت علی رضی اللہ عنہ) نے آپ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) کے ہمراہ بصرہ کی چالیس معروف عورتوں کو بھیجا اور آپ رضی اللہ عنہا کے بھائی محمد بن ابو بکر رضی اللہ عنہ ہمراہ تھے، جب آپ رضی اللہ عنہا کی کوچ کا دِن آیا تو علی رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے، تو دوسرے لوگ بھی اور موجود ہوئے، تو آپ رضی اللہ عنہا نے اُن لوگوں کو الوداع کہہ کر سفر کرنا شروع کر دیا۔[1]

1. الکامل فی التاریخ (اُردو)، ابن اثیر: 2/635

باب - 5

جنگِ صِفّین : سیّدنا عمّار بن یاسِر رضی اللہ عنہ و باغی گروہ

اِس باب میں جنگِ صِفّین، جو خلیفۂ راشد سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کا گروہ و حدیثِ نبوی اور باغی گروہ جس کے سردار امیر معاویہ تھے، اُن کے بیچ ہوئی تھی۔ ہم یہاں کتاب طویل نہ ہو اِس لیے اِس جنگ کے پورے واقعہ کو بیان نہ کرکے صرف اِس جنگ سے متعلق صحیح احادیثِ نبوی پیش کر رہے ہیں جس کی روشنی میں قارئین 'حق پر کون تھا' یہ آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔

اِس جنگ کی اہم وجہ یہ تھی:

(1) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے خلیفۂ راشد اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کی بیعت سے اِنکار کیا یا اَور پہلے قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کا مطالبہ کیا۔ حالانکہ قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کس سے لیا جائے اِس کا فیصلہ شرعی عدالت میں ہونا تھا جو خلیفۂ راشد کے ماتحت ہوتی تھی مگر یہاں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ قِصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کو

ڈھال بنا کر حقیقت میں بیعت سے صرف اِنکار ہی نہیں کر رہے تھے بلکہ خلیفۂ راشد کے خلاف بغاوت کر رہے تھے۔

(2) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے اِس سوال (قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ) کے جواب میں خلیفۂ راشد اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کا موقف یہ تھا کہ پہلے خلیفۂ راشد کی بیعت کرو بعد میں شرعی عدالت میں قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کا دعویٰ پیش کرو اور عدالت میں شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق گنہگار کو سزا دی جائے گی جیسا کہ اگلے تینوں خلفائے راشدین کے زمانے میں ہوتا تھا۔

کسی بھی عام اِنسان کی سمجھ میں آ جائے گا کہ مولا علی رضی اللہ عنہ کا موقف حق بجانب تھا اِس لیے اُمّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمائے کرام چاہے وہ کسی بھی مذہب، مسلک

یا فرقہ سے تعلق رکھتے ہوں، اِمام مولا علی کو حق پر مانتے ہیں؛ مگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اپنی ضِد پر اَڑے رہے اور قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کو ڈھال بنا کر مولا علی رضی اللہ عنہ سے جنگِ صِفّین کی۔

اِس جنگ میں مشہور صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما مولا علی رضی اللہ عنہ کی جانب سے لڑتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکریوں کے ہاتھوں شہید ہوئے اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ''عمّار رضی اللہ عنہ کو باغی جماعت قتل کرے گی'' کے مطابق امیر معاویہ باغی ٹھہرے۔

اِس باب میں فضیلت و مناقبِ سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما و جنگِ صفّین سے متعلق صحیح احادیث پیش کی گئی ہیں۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جن سے مولا علی رضی اللہ عنہ نے جنگ کی اُن سے سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کیوں کی؟

اب سوال یہ اُٹھتا ہے کہ جب سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کی اور اُس جنگ میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ بزبانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق پر تھے اور یہ جنگ قرآن کی تاویل پر تھی تو پھر سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے دشمن سے صلح کیوں کی؟

قارئین کرام! ایک بات ذہن میں رکھ لیجیے کہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے جس کو ہم قرآن سے ثابت کریں گے۔

الحجرات ۴۹ ۱۷۰۱

حٰمٓ ۲۶

بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ

کوئی جاہلانہ دے تمہیں پھر اپنے کئے پر پچھتانے والے رہ جاؤ اور جان لو کہ تم میں اللہ کے رسول ہیں بہت

اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ

سالوں میں اگر وہ تمہاری خوشی کریں والے تو تم ضرور مشقت میں پڑو لیکن اللہ نے تمہیں ایمان

الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ كَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ

پیارا کر دیا ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَ

ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں والے اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم و حکمت والا ہے اور

اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ

اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ پھر اگر ایک دوسرے پر

اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ

زیادتی کرے والے تو اس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے پھر اگر

فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ ان میں اصلاح کرو اور عدل کرو بے شک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۹﴾

'اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو اُن میں صلح کرواؤ پھر اگر ایک دوسرے پر زیادتی کریں تو اُس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے پھر اگر پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ اُن میں اصلاح کر دو اور عدل کرو، بیشک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں۔[1]

1. سورۃ الحجرات، 49:9. ترجمہ: کنزالایمان

جنگِ صِفّین

مولا علی رضی اللہ عنہ کا سورہ حجرات کی آیت پر عمل جنگِ صِفّین میں

مولا علی رضی اللہ عنہ نے سورہ حجرات کی آیت پر عمل کرتے ہوئے امیر معاویہ کو بار بار خط بھیجے اور مسلمانوں میں فتنہ نہ پھیلانے اور اُمّت کو خون خرابے سے روکنے کی کوشش کی اور ہمیشہ یہ کوشش کی کہ صلح کی کوئی صورت نکل آئے مگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مولا علی رضی اللہ عنہ کی بات کو ماننے سے اِنکار کرتے رہے، اُنہوں نے مولا علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی نہ اُن کو خلیفہ تسلیم کیا بلکہ آپ کے خلاف بغاوت پر اُتر آئے، آخر کار مولا علی رضی اللہ عنہ نے اِس آیت کے فَقَٰتِلُواْ ٱلَّتِي تَبۡغِي حَتَّىٰ تَفِيٓءَ إِلَىٰٓ أَمۡرِ ٱللَّهِۚ حکم پر عمل کرتے ہوئے اِن باغی گروہ سے صِفّین کے مقام پر جنگ فرمائی جسے جنگِ صِفّین کہتے ہیں اور اِس جنگ میں مشہور صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ مولا علی رضی اللہ عنہ کی جانب سے لڑتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کے ہاتھوں سے شہید ہوئے۔

صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ

کون ہے سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ؟

- نام : حضرت عمّار بن یاسر بن عامر بن مالک بن کنانہ بن قیس بن حسین بن وزیم بن ثعلبہ بن عوف بن حارثہ بن عامر اکبر بن یام بن عنس بن مالک بن ادد بن زید بن یشجب مذحجی عنسی رضی اللہ عنہما۔
- کنیت : ابو الیقظان
- قبولِ اسلام : یہ اُن لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اسلام کی طرف سبقت کی تھی۔ حضرت عمّار تیس سے کچھ زیادہ آدمیوں کے اسلام قبول کرنے والوں کے بعد اسلام لائے تھے۔
- والد-والدہ : والدہ سیّدتنا سُمیّہ جو اللہ کی راہ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون تھیں اور حضرت عمّار کے والد-والدہ دونوں سابقین (یعنی شروع میں اسلام لانے والے) میں سے تھے۔ یہ اُن لوگوں میں سے ہیں جو کہ اللہ کی راہ میں بیحد ستائے گئے۔[1]

مؤرّخین کا کہنا ہے کہ سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما نے جنگِ بدر، جنگِ احد، جنگِ خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ شرکت کی۔[2]

سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما جنگِ صفّین میں سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما کے لشکری افسروں میں سے ایک تھے۔ جنگ صفّین میں آپ کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر نے بے دردی سے شہید کیا اور آپ کا سر آپ کے جسم سے جدا کیا گیا۔

جنگِ صفّین میں آپ کی شہادت 37 ہجری سن ماہِ صفر میں ہوئی تھی۔ اُس وقت آپ کی عمر 93 سال کی تھی۔[3]

---

1. اسد الغابۃ (اردو)، 5/630-631
2. مُستدرک للحاکم (اردو)، 4/821
3. مُستدرک للحاکم (اُردو)، 4/823

صحیح حدیث:

فضائلِ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما

سلسلة الأحاديث الصحيحة

٤٣٦

باب: من فضائل عمار بن ياسر

٣٣٤٠: عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أُتِيَ حُذَيْفَةُ فَقِيلَ لَهُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قُتِلَ هٰذَا الرَّجُلُ، وَقَدِ اخْتَلَفَ النَّاسُ فَمَا نَقُولُ؟ فَقَالَ: أَسْنِدُونِي، فَأَسْنَدُوهُ إِلَى صَدْرِ رَجُلٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: ((أَبُو الْيَقْظَانِ عَلَى الْفِطْرَةِ، لَا يَدَعُهَا حَتَّى يَمُوتَ، أَوْ يَمَسَّهُ الْهَرَمُ)). [الصحيحة: ٣٢١٦]

باب: سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی فضیلت

بلال بن یحییٰ کہتے ہیں: جب سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ کو خواب آیا، انھیں کہا گیا: اے ابوعبداللہ! عثمان کو تو شہید کر دیا گیا ہے اور لوگ اختلاف میں پڑ چکے ہیں، ایسے میں آپ کیا کہیں گے؟ انھوں نے کہا: مجھے سہارا دو۔ انھیں ایک آدمی کے سینے کا سہارا دیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا: ''ابو الیقظان فطرت (اسلام) پر ہے اور اس کو مرنے تک یا انتہائی بوڑھا ہونے تک نہیں چھوڑے گا۔''

تخريج: الصحيحة: ٣٢١٦۔ البزار (الكشف: ٢٦٨٢) و(البحر: ٢٩٣٥) ابن سعد (٣/ ٢٦٣) ابن عساكر (٣٦/ ٢٨١)۔

فوائد: سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوالیقظان تھی۔ وہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور ان ہی کے لشکر میں جنگِ صفین میں شہید ہو گئے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شہادتِ عثمان کے بعد سیدنا علی رضی اللہ عنہ حق پر تھے۔

سلسلۂ احادیثِ صحیحہ (اردو)

ترجمہ

بلال بن یحییٰ کہتے ہیں: جب سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو سیّدنا حُذیفہ رضی اللہ عنہ کو خواب آیا، اُنہیں کہا گیا، ''اے ابوعبداللہ! عثمان کو تو شہید کر دیا گیا ہے اور لوگ اختلاف میں پڑ چکے ہیں، ایسے میں آپ کیا کہیں گے؟'' اُنہوں نے کہا: ''مجھے سہارا دو''، اُنہیں ایک آدمی کے سینے کا سہارا دیا گیا۔ اُنہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا: ابو الیقظان (سیّدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی کنیت) فطرتِ (اسلام) پر ہے اور اُس کو مرنے تک یا انتہائی بوڑھا ہونے تک نہیں چھوڑے گا۔''(1)

اِس حدیث کے ضمن میں شیخ ناصر الدین اَلبانی لکھتے ہیں:

''سیّدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو الیقظان تھی۔ وہ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور اُنہیں کے لشکر میں جنگِ صفین میں شہید ہو گئے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ حق پر تھے۔(2)

1. سلسلۂ احادیث صحیحہ (اردو)، 3/4336، رقم: 3340
2. سلسلۂ احادیث صحیحہ (اردو)، 3/4336، رقم: 3340

عمّار رضی اللہ عنہ کو شیطان سے پناہ حاصل ہے

صحیح بخاری کی حدیث

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی صحیح میں ''مناقبِ عمّار و حذیفہ رضی اللہ عنہما'' میں حدیث نقل کرتے ہیں:

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم — ۴۵۱ — کتاب المناقب

بَابُ مَنَاقِبِ عَمَّارٍ وَحُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

باب 406 حضرت عمار بن یاسر اور حذیفہ بن یمانی رضی اللہ عنہما کے مناقب کے ذکر کے بیان میں

۹۳۷- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَدِمْتُ الشَّامَ فَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قُلْتُ اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِي جَلِيسًا صَالِحًا فَأَتَيْتُ قَوْمًا فَجَلَسْتُ إِلَيْهِمْ فَإِذَا شَيْخٌ قَدْ جَاءَ حَتَّى جَلَسَ إِلَى جَنْبِي قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا أَبُو الدَّرْدَاءِ فَقُلْتُ إِنِّي دَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَ لِي جَلِيسًا صَالِحًا

(937) علقمہ (بن قیس نخعی) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں ملک شام آیا اور دو رکعتیں نماز ادا کیں۔ پھر میں نے اپنے دل میں کہا اے اللہ مجھے نیک ساتھی عطا فرما۔ پھر میں چند لوگوں کے پاس گیا اور ان کے پاس بیٹھ گیا کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بزرگ تشریف لائے حتیٰ کہ وہ میرے پہلو میں بیٹھ گئے۔ میں نے کہا یہ کون آدمی ہیں۔ لوگوں نے کہا یہ حضرت ابودرداء (عویمر بن عامر انصاری) ہیں۔ میں نے دل میں کہا میں نے اللہ عزوجل سے ایک نیک ساتھی کی دعا کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اچھا جلیس عطا فرمایا۔ حضرت

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم — ۴۵۲ — کتاب المناقب

فَسَأَلَنِي مِمَّنْ أَنْتَ قُلْتُ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ قَالَ أَوَلَيْسَ عِنْدَكُمُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالْوِسَادِ وَالْمِطْهَرَةِ وَفِيكُمُ الَّذِي أَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ يَعْنِي عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَلَيْسَ فِيكُمْ صَاحِبُ سِرِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي لَا يَعْلَمُهُ أَحَدٌ غَيْرُهُ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ يَقْرَأُ عَبْدُ اللّٰهِ (وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى) فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ (وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى) وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى قَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ أَقْرَأَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيهِ إِلَى فِيَّ

۹۳۸- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ذَهَبَ عَلْقَمَةُ إِلَى الشَّامِ فَلَمَّا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِي جَلِيسًا صَالِحًا فَجَلَسَ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ مِمَّنْ أَنْتَ قَالَ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ قَالَ أَلَيْسَ فِيكُمْ أَوْ مِنْكُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِي لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُهُ يَعْنِي حُذَيْفَةَ قَالَ قُلْتُ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ فِيكُمْ أَوْ مِنْكُمُ الَّذِي أَجَارَهُ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ يَعْنِي عَمَّارًا قُلْتُ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ فِيكُمْ أَوْ مِنْكُمْ صَاحِبُ السِّوَاكِ وَالْوِسَادِ أَوِ الْمِيضَأَةِ قَالَ بَلَى قَالَ كَيْفَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ (وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى) قُلْتُ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى قَالَ مَا زَالَ بِي هٰؤُلَاءِ حَتَّى كَادُوا يَسْتَفِزُّونِي عَنْ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابودرداء رضی اللہ عنہ نے مجھ سے دریافت کیا تم کون ہو۔ علقمہ نے کہا میں اہل کوفہ سے ہوں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا کیا تمہارے پاس ام عبد (بنت عبدود) کے بیٹے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین تکیہ اور چھاگل بردار ہیں نہیں ہیں۔ کیا تم میں وہ شخص (حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ) ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف پر شیطان سے پناہ دی۔ کیا تم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رازدان (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ) نہیں ہے جو اس کے سوا کوئی دوسرا آپ کا اتنا محرم راز نہیں۔ پھر حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ آیت ''وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى'' کیسے تلاوت فرماتے تھے۔ حضرت علقمہ نے کہا میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو پڑھ کر سنایا ''وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى) وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى'' حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہا اللہ کی قسم مجھے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح پڑھایا ہے اور اپنے دہن مبارک سے میرے منہ میں ڈالا۔

(938) ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ علقمہ بن قیس نخعی شام گئے اور جب مسجد میں داخل ہوئے تو دعا کی اے مجھے اچھا اور نیک ساتھی عنایت فرما۔ اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس جا بیٹھے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم کون ہو۔ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں کوفہ کا رہنے والا ہوں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رازدان ہے جسے ان کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ یعنی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ علقمہ نے کہا میں نے عرض کیا ہاں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جس کی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس پر شیطان سے پناہ عطا فرمائی یعنی حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ میں نے عرض کیا ہاں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جو حضور کو مسواک کرنے کیلئے نعلین تکیہ اور چھاگل اپنے پاس رکھتے تھے حضرت علقمہ نے عرض کیا کیوں نہیں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ آیت مبارکہ کیسے پڑھتے تھے۔ ''وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى'' میں نے عرض کیا (وَمَا خَلَقَ) کو چھوڑ دیتے تھے اور ''وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى'' پڑھتے تھے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمیشہ یہ لوگ میرے ساتھ مزاحمت کرتے رہے ہیں حتیٰ کہ مجھے اس چیز سے ہٹانا چاہتے ہیں جو میں نے رسول اکرم معظم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

ترجمہ

حدیث: 938

اِبراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ علقمہ بن قیس نخعی شام گئے اور جب مسجد میں داخل ہوئے تو دعا کی، ''اے اللہ! مجھے اچھا اور نیک ساتھی عنایت فرما۔'' اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے پاس جا بیٹھے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: ''تم کون ہو؟'' حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: ''میں کوفہ کا رہنے والا ہوں۔'' حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رازدان ہے، جسے اُن کے سوا کوئی نہیں جانتا یعنی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ!'' علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا، ''میں نے عرض کیا، جی ہاں!'' حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ اقدس پر شیطان سے پناہ عطا فرمائی یعنی حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما!'' میں نے عرض کیا ''جی ہاں'' حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''کیا تم میں یا تم میں سے وہ شخص نہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیش کرنے کے لیے نعلین، تکیہ اور چھاگل اپنے پاس رکھتے تھے (یعنی عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ)، حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا، ''کیوں نہیں!'' .....[1]

1. صحیح بخاری، 2/451-453، رقم: 937-938، انٹرنیشنل نمبر: 3742-3743

عمار رضی اللہ عنہ کا ایمان: صحیح حدیث

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ''مستدرک'' میں اور امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''سُنن'' میں اور شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اپنی ''صحیحہ'' میں حدیث نقل کی ہے:

سلسلة الاحاديث الصحيحة ۵۵۰

باب: فضل عمار ايمانا

٣٥٧٤۔ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مُلِئَ عَمَّارٌ اِيْمَانًا اِلٰى مَشَاشِهِ)). [الصحيحة:٨٠٧]

تخريج: الصحيحة ٨٠٧۔ نسائی (۵۱۰)، حاکم (۳/ ۳۹۲، ۳۹۳)، ابن ماجہ (۱۴۷)، عن علی رضی اللہ عنہ۔

سیدنا عمارؓ کی فضیلت ایمان کے اعتبار سے

نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صاحب بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عمار کو ہنسلی کی ہڈیوں تک ایمان سے بھر دیا گیا ہے۔''

ترجمہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ کو ہنسلی (Clavicle) کی ہڈیوں تک ایمان سے بھر دیا گیا ہے۔''

شیخ ناصر الدین اَلبانی نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. سلسلۃ الاحادیث صحیحہ (اردو)، 3/550، رقم: 3574

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

صحیح بخاری کی احادیث

بخاری شریف (مترجم) جلد اول — ۲۳۱ — کتاب الصلوٰۃ

۴۳۱- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُخْتَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ لِي ابْنُ عَبَّاسٍ وَلِابْنِهِ عَلِيٍّ انْطَلِقَا إِلَى أَبِي سَعِيدٍ فَاسْمَعَا مِنْ حَدِيثِهِ فَانْطَلَقْنَا فَإِذَا هُوَ فِي حَائِطٍ يُصْلِحُهُ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَاحْتَبَى ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا حَتَّى أَتَى عَلَى ذِكْرِ بِنَاءِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ كُنَّا نَحْمِلُ لَبِنَةً لَبِنَةً وَعَمَّارٌ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَتَيْنِ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْهُ وَيَقُولُ وَيْحَ عَمَّارٍ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ يَدْعُوهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ وَيَدْعُونَهُ إِلَى النَّارِ قَالَ يَقُولُ عَمَّارٌ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الْفِتَنِ

(431) حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ (آزاد کردہ غلام حضرت ابن عباس) روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے اور اپنے بیٹے علی (بن عبداللہ بن عباس) کو فرمایا تم دونوں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس چلے جاؤ اور ان کی باتیں سنو۔ (وہ کہتے ہیں) ہم دونوں گئے تو دیکھا وہ اپنے باغ کو درست کر رہے تھے یعنی (انہوں نے باغ کو پانی لگایا ہوا تھا) آپ نے اپنی چادر لی اور (پشت اور پنڈلیوں کو چادر سے باندھ) کر بیٹھ گئے پھر ہم سے باتیں کرنا شروع کر دیں۔ یہاں تک کہ جب مسجد نبوی کی تعمیر کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا (مسجد نبوی کی تعمیر کے لئے) ہم ایک ایک اینٹ اٹھا کر لاتے اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو اینٹیں (ایک اپنی طرف سے اور ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دیکھا تو ان کے (سر) سے مٹی جھاڑنے لگے اور ساتھ ساتھ فرمانے لگے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے لئے افسوس کہ اس کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔ عمار ان کو جنت کی طرف بلائیں گے اور وہ عمار کو دوزخ کی طرف۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے میں فتنوں سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

بخاری شریف (مترجم) جلد دوم — ۷۷ — کتاب الجہاد والسیر

۷۷- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لَهُ وَلِعَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ائْتِيَا أَبَا سَعِيدٍ فَاسْمَعَا مِنْ حَدِيثِهِ فَأَتَيَاهُ وَهُوَ وَأَخُوهُ فِي حَائِطٍ لَهُمَا يَسْقِيَانِهِ فَلَمَّا رَآنَا جَاءَ فَاحْتَبَى وَجَلَسَ فَقَالَ كُنَّا نَنْقُلُ لَبِنَ الْمَسْجِدِ لَبِنَةً لَبِنَةً وَكَانَ عَمَّارٌ يَنْقُلُ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَتَيْنِ فَمَرَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ عَنْ رَأْسِهِ الْغُبَارَ وَقَالَ وَيْحَ عَمَّارٍ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ عَمَّارٌ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللَّهِ وَيَدْعُونَهُ إِلَى النَّارِ

77- عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ان (عکرمہ) کو اور علی بن عبداللہ کو فرمایا تم دونوں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور ان سے حدیث سنو۔ ہم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس گئے وہ (ابوسعید خدری) اور اس کا بھائی (قتادہ بن نعمان جو ماں کی جہت سے بھائی تھا اور ان کی والدہ کا نام اسیہ بن قیس انصاریہ ہے) اپنے باغ میں تھے اور اس کو پانی سے سیراب کر رہے تھے اور جب انہوں نے ہمیں دیکھا ہمارے پاس آئے اور گٹ مار کر بیٹھ گئے اور کہا ہم مسجد نبوی کی تعمیر کے لئے ایک ایک اینٹ اٹھا کر لا رہے تھے اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ دو دو اینٹیں لا رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پاس سے گزرے اور اس کے سر سے غبار صاف کیا اور فرمایا افسوس کہ عمار کو باغی لوگ قتل کر دیں گے عمار ان کو اللہ تعالیٰ (کی اطاعت) کی طرف بلائے گا اور وہ اس کو آگ کی طرف بلائیں گے۔

ترجمہ

حضرت عِکرمہ رضی اللہ عنہ (آزاد کردہ غلام حضرت ابن عبّاس) روایت کرتے ہیں، حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ نے مجھے اور اپنے بیٹے علی (بن عبد اللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما) کو فرمایا: تم دونوں حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ کے پاس چلے جاؤ اور اُن کی باتیں سنو۔ (وہ کہتے ہیں) ہم دونوں گئے، تو دیکھا وہ اپنے باغ کو درست کر رہے تھے (یعنی اُنہوں نے باغ کو پانی لگایا ہوا تھا)، آپ نے اپنی چادر اور (پشت اور پنڈلیوں کو چادر سے باندھ کر) بیٹھ گئے پھر ہم نے باتیں کرنا شروع کردیں۔ یہاں تک کہ جب مسجدِ نبوی کی تعمیر کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا (مسجدِ نبوی کی تعمیر کے لیے) ہم ایک - ایک اینٹ اُٹھا کر لاتے اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو اینٹیں (ایک اپنی طرف سے اور ایک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے)، نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کو دیکھا تو اُن کے سر سے مٹّی جھاڑنے لگے اور اِسی حال میں فرمانے لگے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے لیے، ''افسوس! کہ اِس کو ایک باغی جماعت قتل کر دے گی۔ عمار رضی اللہ عنہ اِن کو جنّت کی طرف بلائیں گے اور وہ عمار رضی اللہ عنہ کو دوزخ کی طرف۔'' حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے ''میں فتنوں سے اللہ جل جلالہ کی پناہ مانگتا ہوں۔''(1)

---

1. صحیح بخاری (اردو): 1/241، رقم: 431، انٹرنیشنل نمبر: 447
2. صحیح بخاری (اردو): 2/77، رقم: 77، انٹرنیشنل نمبر: 2818

صحیح مسلم میں حدیث ہے:



صحیح مسلم (سوئم) ۶۳۰ ۵۲-کتاب الفتن والشراط

۷۲۴۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ (وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى) قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا نَضْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ لِعَمَّارٍ حِينَ جَعَلَ يَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَجَعَلَ يَمْسَحُ رَأْسَهُ وَيَقُولُ بُؤْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ فِئَةٌ بَاغِيَةٌ.

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھ سے بہتر شخص نے مجھے بتایا: جب حضرت عمار خندق کھود رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ ان کے سر پر ہاتھ پھیر کر فرما رہے تھے: اے ابن سمیہ! تم پر کیسی افتاد پڑے گی جب ایک باغی گروہ تم کو قتل کرے گا۔

۷۲۵۰- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ عَبَّادٍ الْعَنْبَرِيُّ وَهُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَا حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالُوا أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ النَّضْرِ أَخْبَرَنِي مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي أَبُو قَتَادَةَ وَفِي حَدِيثِ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ أُرَاهُ يَعْنِي أَبَا قَتَادَةَ وَفِي حَدِيثِ خَالِدٍ وَيَقُولُ وَيْسَ أَوْ يَقُولُ وَاوَيْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ. مسلم، تحفۃ الاشراف (۱۲۱۳۴)

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں ذکر کیں: ایک سند کے ساتھ مروی ہے: مجھ سے بہتر شخص ابوقتادہ ہیں؛ دوسری سند میں ہے: میرا گمان ہے وہ ابوقتادہ ہیں اور اس روایت میں ویس یا ویس ابن سمیہ مذکور ہے۔

۷۲۵۱- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ عُقْبَةُ حَدَّثَنَا وَقَالَ أَبُو بَكْرٍ أَخْبَرَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدًا يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ لِعَمَّارٍ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ. مسلم، تحفۃ الاشراف (۱۸۲۵۴)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

۷۲۵۲- وَحَدَّثَنِي إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ وَالْحَسَنِ عَنْ أُمِّهِمَا عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِمِثْلِهِ. مسلم، تحفۃ الاشراف (۱۸۲۵۴)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے اس کی مثل روایت بیان کی۔

ترجمہ

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھ سے بہتر شخص نے مجھے بتایا: جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ خندق کھود رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے سر پر ہاتھ پھیر کر فرما رہے تھے، ''اے بن سمیہ رضی اللہ عنہا! تم پر کیسی اُفتاد پڑے گی جب ایک باغی گروہ تم کو قتل کرے گا۔''(۱)

1. صحیح مسلم (اردو): 3/640، رقم: 7249-7252، ومثل فیہ: 7320-7321-7322-7323-7324

مسند احمد کی صحیح احادیث:

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ عبد اللہ بن حارث سے روایت کرتے ہیں: وہ بیان کرتے ہیں کہ:







٦٤٩٩ - حدثنا أبو معاوية، حدثنا الأعمش، عن عبدالرحمٰن بن زياد عن عبدالله بن الحارث، قال: إني لأسيرُ مع معاوية في مُنْصَرَفِه من صِفِّينَ، بينه وبينَ عمرو بن العاص، قال: فقال عبدُالله بن عمرو بن العاصي: يا أبتِ، ما سمعتَ رسول الله ﷺ يقولُ لعمَّارٍ: «وَيْحَكَ يا ابنَ سُمَيَّةَ! تقتُلُكَ الفِئةُ الباغيةُ»؟ قال: فقال عمرو لمعاوية: ألا تسمعُ ما يقولُ هذا؟ فقال معاوية: لا تَزالُ تأتينا بهَنَةٍ! أنحنُ قتلناه؟! إنما قتله الذين جاؤوا به(١).

- طريق حماد بن سلمة، كلهم عن عطاء بن السائب، به.

قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وقد روى شعبة والثوري عن عطاء بن السائب هذا الحديث، وروى الأعمش هذا الحديث عن عطاء بن السائب مختصراً.

وأخرجه مختصراً أبو داود (١٥٠٢)، والترمذي (٣٤١١)، والحاكم ٥٤٧/١ من طريق الأعمش، عن عطاء، به، ولفظه: «رأيتُ النبي ﷺ يعقد التسيع».

وزاد محمد بن قتادة - شيخ أبي داود - في رواية لفظ. وبيعته.

قال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من حديث الأعمش.

وأخرجه الحاكم أيضاً ٥٤٧/١ من طريق شعبة، عن عطاء، به.

وأخرجه النسائي في «الكبرى» (١٠٢٥٦) من طريق العوام بن حوشب، عن عطاء، به، موقوفاً على ابن عمرو.

وسيأتي برقم (٦٩١٠)

وفي الباب عن علي سلف برقم (٨٣٨) و(١٢٤٩)، وانظر (٦٥٥٤).

(١) إسناده صحيح، عبدالرحمٰن بن زياد، ويقال: ابن أبي زياد وثقه ابن معين وابن حبان والعجلي، وروى له النسائي في «الخصائص»، وبقية رجاله ثقات

٤٢

٦٩٢٦ - حدثنا الفضلُ بنُ دُكَيْنٍ، حدثنا سفيان، عن الأعمش، عن عبدالرحمٰن بن أبي زياد، عن عبدالله بن الحارث، قال:

إنِّي لأُسايِرُ عبدَالله بنَ عمرو بن العاصي ومعاوية، فقال عبدُالله بن عمرو لعمرو: سمعتُ رسولَ الله ﷺ يقول: «تقتُلُهُ الفِئةُ الباغيةُ» يعني عَمَّاراً، فقال عمرو لمعاوية: اسْمَعْ ما يقولُ هذا، فحدَّثَه، فقال: أنحنُ قتلناه؟ إنما قتله مَنْ جاء به(٢).

٦٩٢٧ - حدثنا أبو معاوية - يعني الضرير -، حدثنا الأعمش، عن عبدالرحمٰن بن أبي زياد، فذكر نحوه(٣).

٦٩٢٨ - حدثنا عبدُالواحد الحدَّاد، حدثنا حُسين المعلِّم. ويزيدُ قال: أخبرنا حسين، عن عمرو بن شعيب، عن أبيه

عن جدِّه، قال: رأيتُ رسولَ الله ﷺ يصومُ في السَّفر ويفطر، ورأيتُه يَشْرَبُ قائماً وقاعِداً، ورأيتُه يُصَلِّي حافياً ومتنعِّلاً، ورأيتُه ينصرف عن يمينه وعن يساره(٤).

- ريح.

رقم يورده الهيثمي في «المجمع»، وهو على شرطه

وقد سلف برقم (٦٤٨٧)، وذكرنا شواهده برقم (٦٥١٥).

(١) إسناده صحيح، وهو مكرر (٦٥٠٠). عبدالرحمٰن بن أبي زياد ويقال: ابن زياد مولى بني هاشم وثقه ابن معين والعجلي وابن حبان، وعبدالله بن الحارث: هو ابن نوفل.

(٢) صحيح، وهو مكرر (٦٤٩٩)

(٣) صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن، عبدالواحد الحداد: هو ابن واصل السدوسي مولاهم أبو عبيدة. ويزيد: هو ابن هارون.

٥٢٢



ترجمہ

عبد اللہ بن حارث کہتے ہیں کہ جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جنگِ صفّین سے فارغ ہو کر آ رہے تھے تو میں عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اور معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان چل رہا تھا، عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنے والد عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے کہنے لگے: ”میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی ہے کہ اُن (عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما) کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی“ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: ”ذرا سنو! بیٹا کیا کہہ رہا ہے؟“ اور پھر اُنہوں نے بیٹے کی بات نقل کی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ

نے سب سن کر کہا: ''کیا اُن کو ہم نے قتل کیا ہے؟ اُنہیں تو قتل اُس نے کیا ہے جو اُنہیں میدانِ جنگ میں لایا تھا۔''(1)

مسند احمد کے محققین شعیب اَرناؤوط نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔(2)



مُسند امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ ۲۷۱ مُسند عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ

(٦٩٢٩) حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ حَدَّثَنِي أَسْوَدُ بْنُ مَسْعُودٍ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ خُوَيْلِدٍ الْعَنَزِيِّ قَالَ كُنَّا عِنْدَ مُعَاوِيَةَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِي رَأْسِ عَمَّارٍ يَقُولُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَنَا قَتَلْتُهُ فَقَالَ عَبْدُ

مُسند امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ ۲۷۲ مُسند عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ

لِيَطِبْ بِهِ أَحَدُكُمَا نَفْسًا لِصَاحِبِهِ فَإِنِّي سَمِعْتُ نَبِيَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ كَذَا قَالَ أَبِي يَعْنِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ أَلَا تُغْنِي عَنَّا مَجْنُونَكَ يَا عَمْرُو فَمَا بَالُكَ مَعَنَا قَالَ إِنَّ أَبِي شَكَانِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطِعْ أَبَاكَ مَا دَامَ حَيًّا وَلَا تَعْصِهِ فَأَنَا مَعَكُمْ وَلَسْتُ أُقَاتِلُ. [راجع: ٦٥٣٨].

(۶۹۲۹) حنظلہ بن خویلد کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، دو آدمی ان کے پاس جھگڑا لے کر آئے، ان میں سے ہر ایک کا دعویٰ یہ تھا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو اس نے شہید کیا ہے، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ تمہیں چاہئے ایک دوسرے کو مبارکباد دو، کیونکہ میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمار کو باغی گروہ قتل کرے گا، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے پھر آپ ہمارے ساتھ کیا کر رہے ہو، اے عمرو! اپنے اس دیوانے سے ہمیں مستغنی کیوں نہیں کر دیتے؟ انہوں نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میرے والد صاحب نے نبی ﷺ کے سامنے میری شکایت کی تھی اور نبی ﷺ نے فرمایا تھا زندگی بھر اپنے باپ کی اطاعت کرنا، اس کی نافرمانی نہ کرنا، اس لئے میں آپ کے ساتھ تو ہوں لیکن لڑائی میں شریک نہیں ہوتا۔



٦٩٢٩- حدثنا يزيدُ بن هارون[1]، أخبرنا العوَّام، حدثني أسْوَدُ بن مسعود، عن حَنْظَلَة بن خُوَيْلِد العَنَزي، قال:

بينما أنا عند معاوية، إذْ جاءه رجلان يختصمان في رأسِ عمّار، يقولُ كلُّ واحدٍ منهما: أنا قتلتُه، فقال عبدالله بن عمرو: لِيَطِبْ به أحدُكما نفساً لصاحبه، فإني سَمِعْتُ -يعني رسول الله ﷺ-، [قال عبدالله بن أحمد]: كذا قال أبي: «يعني رسول الله[2] ﷺ» يقول: «تقتُلُه الفِئةُ الباغيةُ»، فقال معاوية، ألا تُغْنِي عنّا مجنونَك يا عَمْرُو؟! فما بالُكَ معنا؟ قال: إنَّ أبي شَكاني إلى رسولِ الله ﷺ، فقال لي رسولُ الله ﷺ: «أطِعْ أباكَ ما دامَ حيّاً ولا تَعْصِهِ» فأنا معكم ولَسْتُ أُقاتِلُ[3]. ٢٠٧/٢

٦٩٣٠- حدثنا يزيدُ بنُ هارون، ومحمدُ بنُ يزيد، قالا: أخبرنا محمدُ بنُ إسحاق، عن عمرو بن شعيب، عن أبيه

عن جدِّه، قال: قلتُ: يا رسولَ الله[4]، أَكْتُبُ ما أسمع منك؟

- وسلف تخريجه وذكر شواهده برقم (٦٦٢٧) عدا زيادة: «ويصوم في السفر ويفطر»، وسلف تخريج هذه الزيادة وذكر شواهدها برقم (٦٦٧٩)، وسيأتي أيضاً برقم (٦٦٦٠) و(٦٧٨٣)، وسيأتي برقم (٧٠٢١).

(١) وقع في (م): حدثنا أسود بن عامر، حدثنا يزيد بن هارون. بزيادة أسود بن عامر، وهو خطأ.

(٢) في هامش (ظ): يعني سمع رسول الله.

(٣) إسناده صحيح، وهو مكرر (٦٥٣٨)

قوله: «ألا تُغني عنا مجنونك»، أي: ألا تكفّه وتصرفه عنا.

(٤) في (ظ): صلى الله عليك.

٥٢٣

1. مسند احمد (اردو)، 3/504، رقم: 6499، اور 3/640، رقم: 6926
2. مسند احمد (عربی)، 11/42، رقم: 6499، 11/522، رقم: 6926

ترجمہ

حنظلہ بن خویلد کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، دو آدمی اُن کے پاس جھگڑا لیکر آئے، اُن میں سے ہر ایک کا دعویٰ تھا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو اُس نے شہید کیا ہے، حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ ''تمہیں چاہیے ایک دوسرے کو مبارکباد دو، کیوں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا۔'' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے ''پھر آپ ہمارے ساتھ کیا کر رہے ہو؟ اے عمرو رضی اللہ عنہ اپنے اِس دیوانے سے ہمیں مستغنی (Contented) کیوں نہیں کر دیتے؟'' اُنہوں نے (عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ: ''ایک مرتبہ میرے والد صاحب نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے میری شکایت کی تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا، زندگی بھر اپنے باپ کی اِطاعت کرنا، اُن کی نافرمانی نہ کرنا، اِس لیے میں آپ کے ساتھ تو ہوں لیکن لڑائی میں شریک نہیں ہوتا۔''[1]

مُسند احمد کے محقق شیخ شعیب ارناؤوط نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔[2]

1. مسند احمد (اردو)، 3/641، رقم: 6929
2. مسند احمد (عربی)، 11/523، رقم: 6929

مُسند احمد کی صحیح احادیث:


مُسند امام احمد بن حنبل مترجم
[مسند احمد]
مؤلف
حضرت مولانا محمد حلیم
ناشر
کتب خانہ

مُسند امام احمد بن حنبل مترجم ۹۷۳ مُسند الانصار

(۲۴۲۵۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ابْنِ طَاوُوسٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ أَبِي قَالَ لَمَّا قُتِلَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ دَخَلَ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ عَلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ قُتِلَ عَمَّارٌ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ [سقط من الميمنية]. [راجع: ۱۰/۹۳۱] [مسند الحاكم (۱۰۰/۲) قال شعيب: صحيح]

(۲۴۲۵۹) محمد بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ، حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور انہیں بتایا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ عمار کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

ترجمہ

محمد بن عمرو کہتے ہیں کہ جب حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور اُنہیں بتایا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ عمار رضی اللہ عنہ کو ایک باغی گروہ قتل کر دے گا۔

شیخ شعیب اَرناؤوط نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. مُسند احمد بن حنبل (اردو): 10/973، رقم: 24259

سُنن الکبریٰ بیہقی کی صحیح احادیث



(۱۶۷۸۹) قال: حدثنا إبراهيم بن مرزوق حدثنا أبو داود حدثنا شعبة عن عاصم بن بهدلة عن أبي الحسن عن أبي قتادة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لعمار مثله

(۱۶۷۹۰) تقدم

(۱۶۷۹۱) أخبرنا أبو عبد الله الحافظ أخبرنا أبو الفضل بن إبراهيم حدثنا أحمد بن سلمة حدثنا إسحاق بن إبراهيم وإسحاق بن منصور عن النضر بن شميل حدثنا شعبة عن أبي مسلمة عن أبي نضرة عن أبي سعيد الخدري قال حدثني من هو خير مني أبو قتادة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لعمار بن ياسر رضي الله عنه ويحك ابن سمية تقتلك الفئة الباغية. رواه مسلم في الصحيح عن إسحاق بن إبراهيم وإسحاق بن منصور وغيرهما. صحيح

(۱۶۷۸۹) ابو قتادہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت عمار کو فرمایا تھا اے ابن سمیہ افسوس ہے تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

(۱۶۷۹۰) أخبرنا أبو الحسين علي بن محمد بن عبد الله بن بشران وأبو محمد عبد الله بن يحيى بن عبد الوهاب السكري ببغداد قالا أخبرنا إسماعيل بن محمد الصفار حدثنا أحمد بن منصور حدثنا عبد الرزاق أخبرنا معمر عن ابن طاوس عن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن أبيه قال لا أدري أسمع مع أبيه أو أخبره أبوه قال لما قتل عمار رضي الله عنه قدم عمرو بن حزم فدخل على عمرو بن العاص فقال قتل عمار وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تقتله الفئة الباغية فقام عمرو مشتملا قميصه فدخل على معاوية فقال قتل عمار فقال معاوية قتل عمار فماذا قال عمرو سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول تقتله الفئة الباغية. قال فقال معاوية دحضت في بولك أو نحن قتلناه إنما قتله علي وأصحابه جاءوا به حتى ألقوه بين رماحنا أو قال سيوفنا لفظ حديث السكري وفي رواية ابن بشران قال فقام عمرو فرجع يرتجع حتى دخل على معاوية فقال معاوية ما شأنك فقال قتل عمار ثم ذكره. صحيح

(۱۶۷۹۰) ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمار کو قتل کر دیا گیا تو عمرو بن حزم عمرو بن عاص کے پاس آئے اور کہنے لگے عمار کو قتل کر دیا گیا ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا تھا۔ اسے عمار! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا تو عمرو اٹھے ہوئے ان کا رخ اٹھا ہوا تھا۔ یہ معاویہ کے پاس آئے اور کہا عمار کو قتل کر دیا گیا ہے تو معاویہ نے پوچھا کیوں؟ عمرو نے کہا نبی ﷺ نے فرمایا تھا۔ اسے عمار! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا تو معاویہ نے فرمایا تو اپنے ہی پیشاب میں پھنس گیا۔ کیا ہم نے اسے مارا ہے؟ اسے تو علی اور اس کے اصحاب نے قتل کیا ہے اور ہماری طرف ان کو پھینک دیا ہے۔

ترجمہ

ابو قتادہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو فرمایا تھا: ''اے ابن سُمیّہ! افسوس ہے تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔''

محقق نے اس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. سنن الکبریٰ بیہقی (اردو): 10/506-507، رقم: 16789

ترجمہ

ابو بکر بن محمد بن عمرو بن حزم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا تو عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے، عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ''اے عمار رضی اللہ عنہ! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا'' تو عمرو رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اُن کا رنگ اُڑا ہوا تھا، یہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: ''عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا ہے۔ تو معاویہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیوں؟'' عمرو نے کہا: ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: اے عمار رضی اللہ عنہ! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔'' تو معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''تو تو اپنے ہی پیشاب میں دھنس گیا، کیا ہم نے اُسے مارا ہے؟ اُسے علی رضی اللہ عنہ اور اُس کے اصحاب نے قتل کیا ہے اور ہماری طرف پھینک دیا ہے۔''

محقق نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

سنن کُبریٰ بیہقی کی صحیح حدیث

سنن الکبریٰ بیہقی مترجم (جلد ۱۰) ۳۶۹ ثبت عمار قتل حسنی

(۱۶۷۹۰) أَخْبَرَنَا أَبُو زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبَاحٍ أَنَّ عَمَّارًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: لَا تَقُولُوا كَفَرَ أَهْلُ الشَّامِ وَلَكِنْ قُولُوا فَسَقُوا أَوْ ظَلَمُوا. [صحيح]

(۱۶۷۹۰) حضرت عمار فرماتے ہیں کہ تم یہ نہ کہو کہ اہل شام کافر ہو گئے بلکہ وہ فاسق اور ظالم ہوئے۔

ترجمہ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''تم یہ نہ کہو کہ اہلِ شام کافر ہو گئے بلکہ وہ فاسق اور ظالم ہوئے۔''

محقق نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[2]

---

1. سنن الکبریٰ بیہقی (اردو): 10/506-507، رقم: 16790
2. سنن الکبریٰ بیہقی (اردو): 10/469، رقم: 16721

مشکوٰۃ المصابیح کی حدیث

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ابو جلد یازدہم ۳۷ کتاب الفتن

ترجمہ: "(مشہور صحابی) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عمار (ابن یاسر) خندق کھود رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے سر پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ ہائے سمیہ کے بیٹے (عمار ابن یاسر) کی سختی و مشکل، کہ تمہیں باغیوں کا ایک گروہ قتل (شہید) کر ڈالے گا"۔

تشریح: (یحفر الخندق) یہ جنگ احزاب کی حکایت ہے۔

(ویقول بؤس) بضم اور ہمزہ ساکن۔ یعنی ہمزہ کو واؤ سے بدلا جاتا ہے۔ نیز سین کے فتحہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے، یہ کلمہ بین حسرۃ کے طرف مضاف ہے۔ اور کلمہ سمیہ کے سین پر ضمہ اور میم پر فتحہ اور یاء کی تشدید کے ساتھ یہ حضرت عمار کی والدہ محترمہ ہیں یہ کہ میں مسلمان ہوئی تھیں۔ اور دوسرے مسلمانوں کی طرح یہ بھی کفار مکہ کے ظلم و ستم کا تختۂ مشق بنی تھیں، اور ان کو دین سے ہٹانے کی بہت کوشش کی گئی لیکن عورت ذات ہونے کے باوجود ظالموں کے ہاتھوں سخت اذیتیں اور مصیبتیں سہیں۔ لیکن دین کے راستے سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں۔ آخر کار ابوجہل لعین نے ایک دن ان کے پیٹ میں خنجر مار کر ان کو شہید کر دیا۔ ابن ملک وغیرہ حضرات نے لکھا ہے، حضرت عمار کی والدہ ابوحذیفہ مخزومی کی بیٹی تھی ان کے شوہر کا نام یاسر ہے حضرت یاسر ابوحذیفہ کے حلیف تھے جب یاسر سے ان کا بیٹا عمار پیدا ہوئے تو ابوحذیفہ نے ان کو آزاد کر دیا۔ اور بؤس ابن سمیہ اصل میں یا شدۃ عذاب احضری ہے، اے عمار کی مصیبت آ جا یہی شخص تیرا مدعو کا ہے۔ یعنی یہاں حرف ندا محذوف ہے: اسماء نحو اس سے پہلے حرف ندا کے حذف کرنے کی طرف گنجائش ہوتی ہے۔ جبکہ اسماء اعلام سے پہلے ان کا حذف کرنا قوی ہے۔ ایک روایت میں بؤس رفع کے ساتھ ہے جو کہ کچھ نسخوں میں بھی پایا جاتا ہے اس صورت میں یہ مبتدا ہے، اور اس کی خبر علیک مقدم ہے۔ اصل میں یوں ہے علیک بؤس یا مصیبتک بؤس ہے۔ اس صورت میں ابن سمیہ منادیٰ مضاف ہوگا یعنی۔ ابن حجر۔ ایک شارح نے کہا ہے: اس کا معنی ہے ندا "بؤس" کو زمی حالانکہ مراد ان کو ندا دینا تھا۔ اسی وجہ سے پھر آپ نے بؤس کا سبب کر کے فرمایا تقتلک الفئۃ الباغیۃ کہ ایک جماعت امام وقت اور خلیفہ زمان کے خلاف خروج کرنے والی ہوگی تو قتل کرے گی۔

کتاب الفضائل والشمائل 442/3 معجزوں کا بیان

۵۸۷۸ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لِعَمَّارٍ حِينَ يَحْفِرُ الْخَنْدَقَ فَجَعَلَ يَمْسَحُ رَأْسَهُ وَيَقُولُ ((بُؤْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

۵۸۷۸ ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خندق کھودتے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا، آپ اس وقت ان کے سر پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور فرما رہے تھے "سمیہ کے بیٹے! تجھے تکالیف کا سامنا ہوگا اور تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔"

❷ رواہ مسلم (۷۱، ۷۰/ ۲۹۱۵)۔



ترجمہ

(مشہور صحابی) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عمار (ابن یاسر) خندق کھود رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے سر پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ "ہائے! سُمیّہ کے بیٹے (عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ) کی سختی و مشکل، کہ تمہیں باغیوں کا ایک گروہ قتل (شہید) کر ڈالے گا۔"(۱)

1. مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو): 11/37، رقم: 5878، مشکوٰۃ المصابیح مع الاکمال فی اسماء الرجال (اردو)، محقق: شیخ زبیر علی زئی (اردو)، 3/442، رقم: 5878، انٹرنیشنل نمبر: 5878

عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا

متواتر حدیث

اِمام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِمام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''قطف الازھار المتناثرۃ فی الاخبار المتواترۃ'' میں لکھتے ہیں:



امام جلال الدین سیوطی اپنی کتاب "قطف الأزهار المتناثرة في الأخبار المتواترة" میں لکھتے ہیں:

"عمار کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی" اس حدیث کی تخریج شیخین نے ابوسعید سے مسلم نے ابوقتادہ اور ام سلمہ سے حاکم نے حذیفہ اور ابن مسعود سے، احمد نے عمار بن یاسر، عمرو بن العاص، ابن عبداللہ، عمرو بن حزم اور خزیمہ بن ثابت سے، ابویعلیٰ اور طبرانی نے عثمان بن عفان، انس اور ابوہریرہ سے، رافعی نے اپنی تاریخ میں ابورافع سے اور ابن عساکر نے جابر بن عبداللہ سے کی ہے۔

یہ حدیث مندرجہ ذیل صحابہ کرام سے مروی ہے

(۱) عمار (۲) عثمان بن عفان (۳) معاویہ بن ابی سفیان
(۴) ابن عباس (۵) عمرو بن عاص (۶) عبداللہ بن عمرو بن عاص
(۷) ابن عمر (۸) ابورافع (۹) عبداللہ بن مسعود
(۱۰) حذیفہ بن یمان (۱۱) ابوہریرہ (۱۲) ابوسعید
(۱۳) ہاشم بن ابی الوقاص اسلمی (۱۴) جابر بن سمرہ (۱۵) جابر بن عبداللہ
(۱۶) ابوقتادہ (۱۷) عمرو بن حزم (۱۸) خزیمہ بن ثابت
(۱۹) ابوالیسر (۲۰) کعب بن عمرو (۲۱) زیاد بن فرد
(۲۲) کعب بن مالک (۲۳) انس (۲۴) ابوامامہ باہلی
(۲۵) عائشہ (۲۶) ام سلمہ

ترجمہ

''عمار کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی'' اِس حدیث کی تخریج شیخین نے ابوسعید رضی اللہ عنہ سے اِمام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اور اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے، اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے حذیفہ رضی اللہ عنہ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے، اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما، عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ، ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ، عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ اور خُذیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے، اِمام ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے عثمان بن عفّان رضی اللہ عنہ، اَنس رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، رافعی نے اپنی تاریخ میں ابو رافع رضی اللہ عنہ سے اور ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کی ہے۔

یہ حدیث مندرجہ ذیل صحابۂ کرام سے مروی ہے:

1. عمار بن یاسر	2. عثمان بن عفان	3. معاویہ بن ابوسفیان
4. ابن عبّاس	5. عمرو بن عاص	6. عبد اللہ بن عمرو بن عاص
7. ابن عمر	8. ابو رافع	9. عبد اللہ بن مسعود
10. حذیفہ بن یمان	11. ابو ہریرہ	12. ابوسعید
13. زید بن ابی اوفی اسلمی	14. جابر بن سَمُرہ	15. جابر بن عبد اللہ
16. ابوقتادہ	17. عمرو بن حَزم	18. خُزیمہ بن ثابت
19. ابو الیَسَر	20. کعب بن عَمرو	21. زیاد بن فرد
22. کعب بن مالک	23. اَنس	24. ابو اُمامہ باہلی
25. سیّدہ عائشہ	26. سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہم (1)	

اِمام عبد البرّ رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِمام عبد البرّ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب'' میں لکھتے ہیں:

— ١١١٠ —

ضَبَاح[1] من لبن، فقال عمار — حين شربه: الحمد لله، الليلة تحت الأسنة، ثم قال: والله لو ضربونا حتى يبلغوا بنا سَعَفَاتِ هجر لعلمنا أنّا مُصْلِحُونَ على الحق وأنهم على الباطل، ثم قاتل حتى قُتل

روى شعبة، عن أبي إسحاق، عن حارثة بن مضرب[2]، قال: قرأت كتاب عمر إلى أهل الكوفة: أما بعد فإني بعثتُ إليكم عمّاراً أميرا، وعبد الله بن مسعود معلّما ووزيراً، وهما من النجباء من أصحابِ رسول الله صلى الله عليه وسلم، فأطيعوا لهما، واقتدوا بهما، فإني قد آثرتكم بعبد الله على نفسي أثرة

قال أبو عمر رحمه الله: إنما قال عمر في عمار وابن مسعود، وهما من النجباء من أصحابِ رسول الله صلى الله عليه وسلم لحديثِ علي بن أبي طالب رضي الله عنه — والله أعلم — من رواية قطر بن خليفة وغيره، عن كثير أبي إسماعيل، عن عبد الله بن مُغَفَّل، عن علي رضي الله عنه، قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنه لم يكن نبيٌّ إلا أعطي سبعة نجباء وزراء ورفقاء، وإني أعطيت أربعة عشر: حمزة، وجعفر، وأبو بكر، وعمر، وعلي، والحسن، والحسين، وعبد الله بن مسعود، وسلمان، وعمّار، وأبو ذر، وحذيفة، والمقداد، وبلال.

وتواترت الآثار عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: تقتل عمار الفئة الباغية. وهذا من إخباره بالغيب وأعلام نبوته صلى الله عليه وسلم، وهو من أصحّ الأحاديث

وكانت صفّين في ربيع الآخر سنة سبع وثلاثين، وولّاه علي رضي الله عنه

(١) الضباح: اللبن الرقيق الممزوج. (٢) في س: المضرب.

الاستيعاب
في معرفة الأصحاب
لأبي عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البرّ
المجلد الثالث
تحقيق
علي محمد البجاوي
دار الجيل

1. The Judgement of Ahl-Al-Sunnah of Siffin Classical Sources By Sayyid Hasnain Bukhari, 2018، جمل وصفین حدیث وتاریخ کی روشنی میں، صفحہ: 21-22

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے با سند تواتر ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''عمّار کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا'' یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُن خبروں میں سے ہے جن کا تعلّق اعلام النبوّۃ سے ہے اور صحیح ترین احادیث میں سے ایک ہے۔''(1)

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِمام شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّی : سن 748 ہجری) اپنی کتاب ''سیر اعلام النُّبلاء'' میں لکھتے ہیں:


سِيَرُ أَعْلَامِ النُّبَلَاءِ

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المجلد الأول

مؤسسة الرسالة

الثَّرى(1).

وأخرج أبو خزامة أيضاً مثله من حديث القاسم الشَّداني، عن لقاءة، عن سالم بن أبي الجعد، عن عبد الله بن محمد بن الحنفية، عن أبيه، عن عثمان.

وأخرج أبو خزامة من طريق حفاد بن سلمة، عن أبي التياح، عن عبد الله ابن أبي الهذيل، عن عمار: قال لي رسول الله ﷺ: «تَقْتُلُكَ الفِئَةُ الباغِيَةُ»(2).

وفي الباب عن عدة من الصحابة، فهو متواتر(3).

قال يعقوب بن شيبة: سمعتُ أحمد بن حنبل سئل عن هذا فقال: فيه غيرُ حديثٍ صحيح عن النبيّ ﷺ. وغيرة أن يتكلم في هذا بأكثر من هذا.

الثوري: عن أبي إسحاق عن أبي ليلى الكندي قال: جاء خبّاب إلى عمر فقال: لقدْ ما أحد أحقّ بهذا المجلس منك إلا عمّار.

الثوري: عن أبي إسحاق، عن حارثة بن مضرّب قال: أُتِيَ عليّا كاتبٌ

(1) ذكره الهيثمي في «المجمع» ٩/٢٤٧ ونسبه إلى أبي يعلى، والطبراني في الثلاثة بالمعجم الكبير، وقال الحافظ في «التلخيص» ٥/٢٧٩: رويٰ حديث عمار بقتل عمار الفئة الباغية جماعة من الصحابة، منهم أبو قتادة بن النعمان كما تقدم، وأم سلمة عند مسلم، وأبو هريرة عند الترمذي، وعبد الله بن عمرو بن العاص عند النسائي، وعثمان بن عفان، وحذيفة وأبو أيوب، وأبو رافع، وخزيمة بن ثابت، وحذيفة، وعمرو بن العاص، وأبو اليسر، وعمار نفسه. وكلها عند الطبراني وغيره، وفي طرقها صحيحة أو حسنة. وله عن جماعة آخرين يطول ذكرهم.

(2) ذكره الهيثمي في «المجمع» ٩/٢٤٧ وقال: رواه أبو يعلى، والطبراني باختصار، ورجال الطبراني باختصار، وإسناده حسن.

(3) انظر طرقه الكثيرة عند ابن سعد ٣/١٨٧-١٩٣، وجميع الروايات ٢٤٧/٧ وما بعدها، و٢٩٥/٩-٢٩٧. وانظر الحافظ في «التلخيص» الحبير ٥/٢٧٩ حيث ذكر عن واحد وثلاثين صحابياً. وانظر «فتح الباري» ٥/٥٤٩.

٤٢١


30

امام شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی (متوفی 748ھ) اپنی کتاب "سیر اعلام النبلاء" میں عمار کی روایت کردہ حدیث کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:
"اس باب میں کئی ایک صحابہ کرام سے یہ حدیث مروی ہے اور یہ متواتر ہے۔"

عمّار رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے فرمایا: ''تمہیں ایک باغی گروہ قتل کرے گا، نقل کرنے کے بعد اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''اِس باب میں کئی ایک صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ حدیث مروی ہے اور یہ متواتر ہے۔''(2)

1. الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (عربی)، 3/1140
2. سیر اعلام النبلاء (عربی)، 1/421

اِمام اِبن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''الإصابة في تمييز الصحابة'' میں لکھتے ہیں:

1069 تراجم الرجال: حرف العين المهملة 1099

يعذب في الله، فكان النبي ﷺ يمر عليهم، فيقول: «صبراً آل ياسر، فإن موعدكم الجنة».

واختلف في هجرته إلى الحبشة، وهاجر إلى المدينة، وشهد المشاهد كلها، ثم شهد اليمامة فقطعت أذنه بها، ثم استعمله عمر على الكوفة، وكتب إليهم: إنه من النجباء من أصحاب محمد.

قال عاصم، عن زر، عن عبد الله: إن أول من أظهر إسلامه سبعة، فذكر منهم عماراً. أخرجه ابن ماجه.

وعن زيرة، عن همام، عن عمار، قال: رأيت رسول الله ﷺ وما معه إلا خمسة أعبد وامرأتان وأبو بكر. أخرجه البخاري.

وعن علي قال: استأذن عمار على النبي ﷺ فقال: «افتحوا له، مرحباً بالطيب المطيب».

وفي رواية: إن علياً قال ذلك، وقال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «إن عماراً ملئ إيماناً إلى مشاشه».

أخرجه الترمذي، وابن ماجه، وسنده حسن، عن خالد بن الوليد، قال: كان بيني وبين عمار كلام، فأغلظت له، فشكاني إلى النبي ﷺ، فجاء خالد فرفع رسول الله رأسه، فقال: «من عادى عماراً عاداه الله، ومن أبغض عماراً أبغضه الله».

وفي الترمذي عن عائشة مرفوعاً: «ما عير عمار بين أمرين إلا اختار أيسرهما».

وعن حذيفة، رفعه: «اقتدوا باللذين من بعدي: أبي بكر وعمر، واهتدوا بهدي عمار».

وأخرجه الترمذي وابن ماجه، وقال الترمذي: حسن

وتواترت الأحاديث عن النبي ﷺ أن عماراً تقتله الفئة الباغية، وأجمعوا على أنه قتل مع علي بصفين سنة سبع وثمانين في ربيع وله ثلاث وتسعون سنة، واتفقوا على أنه نزل فيه: ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ﴾ [النحل: ١٠٦].

وروى عن النبي ﷺ عدة أحاديث.

وروى عنه من الصحابة أبو موسى، وابن عباس، وعبد الله بن جعفر، وأبو لاس الخزاعي، وأبو الطفيل، وجماعة من التابعين.

٦٢٩٩ - عمار:

رجل من أهل الشام في عمارة.

٦٣٠٠ - عمارة بن أوس بن ثعلبة الأنصاري الجشمي:

ذكر الأموي في «المغازي» عن ابن إسحاق أن استشهد باليمامة هو وأخوه مالك.

استدركه ابن فتحون، ويحتمل أن يكون هو الذي بعده.

٦٣٠١ - عمارة بن أوس بن خالد بن عبيد بن ثعلبة ابن عامر بن خطمة الأنصاري الخطمي:

هكذا نسبه ابن سعد، وابن أبي خيثمة.

وقال البخاري: له صحبة.

وكذا قال ابن حبان، وزاد: إلا أني لست أعتمد على إسناده وحديثه.

وأخرج ابن أبي خيثمة والبغوي، من طريق قيس بن الربيع، عن زياد بن علاقة، عن عمارة بن أوس، وكان قد صلى إلى القبلتين، قال: إني لفي إحدى صلاتي العشاء إذ نادى منادٍ: ألا إن القبلة قد حولت إلى الكعبة... الحديث.

تفرد به قيس وهو ضعيف.

وأخرجه الطبراني من رواية عبد الله بن حسين، عن زياد بن علاقة، عن عمارة بن رؤيبة، فالله أعلم.

٦٣٠٢ - عمارة بن أوس بن زيد بن ثعلبة بن غنم ابن مالك بن النجار:

ذكره أبو عمر، وضمه ابن الأثير إلى الذي قبله، وهو محتمل.

٦٣٠٣ - عمارة بن ثابت الأنصاري أخو خزيمة:

روى ابن منده من طريق يونس، عن الزهري، عن أبي خزيمة بن ثابت، عن عمه عمارة بن خزيمة بن ثابت، رأى فيما يرى النائم أنه سجد على جبهة النبي ﷺ، فأتى النبي ﷺ، فذكر ذلك له... الحديث.

وهذا قد أخرجه النسائي من هذا الوجه فلم يسم الصحابي.

وكذلك أخرج أبو داود من طريق شعيب، عن الزهري،

''وہ احادیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے جن میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے: عمار کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔''(1)

1. الاصابة فی تمییز الصحابة (عربی)، صفحہ: 1069، رقم: 6298

اِمام محمد بن جعفر کتّانی کا قول

اِمام ابو عبد اللہ بن جعفر علی کتّانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی سن 1345 ہجری اپنی کتاب ''نظم المتناثر من الحدیث المتواتر'' میں 'حدیثِ عمار' کو متواتر کہہ کر 31 صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام نقل کرتے ہیں جس سے یہ حدیث روایت کی گئی ہے۔[1]

25

نظم المتناثر من الحديث المتواتر

تأليف

أبي عبد الله محمد بن جعفر الكتاني



26

امام ابو عبداللہ محمد بن جعفر کتانی اپنی کتاب ''نظم المتناثر من الحدیث المتواتر'' میں لکھتے ہیں:

۲۳۷۔ حدیث: عمار کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔

اس بارے میں اس حدیث کو مندرجہ ذیل صحابہ کرام سے روایت کیا ہے:

(۱) ابو سعید (۲) ابو قتادہ (۳) ام سلمہ
(۴) حذیفہ (۵) ابن مسعود (۶) عمار بن یاسر
(۷) عمرو بن عاص (۸) عبداللہ بن عمرو (۹) عمرو بن حزم
(۱۰) خزیمہ بن ثابت (۱۱) عثمان بن عفان (۱۲) انس
(۱۳) ابو ہریرہ (۱۴) ابو رافع (۱۵) جابر بن عبداللہ
(۱۶) معاویہ بن ابی سفیان (۱۷) عبداللہ بن عباس (۱۸) یزید بن ابی اوفی اسلمی
(۱۹) جابر بن سمرہ (۲۰) ابو الیسر کعب بن عمرو (۲۱) زیاد بن فرد
(۲۲) کعب بن مالک (۲۳) ابو امامہ باہلی (۲۴) عائشہ

میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث مندرجہ ذیل صحابہ کرام سے بھی مروی ہے:

(۲۵) ابن عمر (۲۶) ابو ایوب (۲۷) قتادہ بن نعمان
(۲۸) زید بن ثابت (۲۹) عمرو بن میمون (۳۰) عمر
(۳۱) کنیۃ عمار بن یاسر

جن حضرات نے اس حدیث کو متواتر کہا ہے، ان میں نمایاں نام سیوطی کا ہے، انھوں نے اپنی کتاب ''خصائص کبریٰ'' میں یہ صراحت کی ہے۔ حافظ ابن حجر نے احادیث رافعی کی تخریج میں لکھا ہے کہ ابن عبدالبر نے اس کو متواتر احادیث میں شمار کیا ہے اور یہ صحیح ترین حدیث ہے۔ ابن دحیہ کہتے ہیں کہ اس کی صحت میں کسی قسم کا شک نہیں ہے۔

[1] The Judgement of Ahl-Al-Sunnah of Siffin Classical Sources By Sayyid Hasnain Bukhari, 2018،
تبل واسطین حدیث و تاریخ کی روشنی میں، صفحہ: 25-26

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی باطل تاویل

امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''سیرُ اعلام النبلاء'' اور ''تاریخِ اسلام'' میں نقل کرتے ہیں :

سِيَرُ أَعْلَامِ النُّبَلَاءِ

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى

٧٤٨هـ - ١٣٧٤م

الجزء الأول

تحقيق هذا الجزء

حسين الأسد

اشترك في تحقيق الكتاب وتخريج أحاديثه

شعيب الأرنؤوط

مؤسسة الرسالة

رسول الله ﷺ: «تقتلك الفئة الباغية». فدخل صعصعة على معاوية فقال: «قُتِل عمار»، فقال: قتل عمار فماذا؟ قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «تقتله الفئة الباغية». قال: دحضت في بولك! أو نحن قتلناه؟ إنما قتله علي وأصحابه الذين أتوا به بين رماحنا، أو قال: بين سيوفنا[1].

شعبة: عن أبي مسلمة، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد، عن أبي قتادة أن النبي ﷺ، قال لعمار: «تقتلك الفئة الباغية»[2].

أبو عوانة في مسنده وأبو يعلى من حديث أحمد بن محمد الباهلي: حدثنا يحيى بن عيسى، حدثنا الأعمش، حدثنا زيد بن وهب أن عماراً قال لعثمان: حملت فرساً على رقاب الناس، علوا عليّ، فضربوني، فغضب عثمان ثم قال: مالي ولقريش؟ عَلَوْا على رجل من أصحاب محمد ﷺ فضربوه، سمعتُ النبيَّ ﷺ يقول لعمار: «تقتلك الفئة الباغية»، وقُتِل في

(١) إسناده صحيح، وأخرجه عبد الرزاق (٢٠٤٢٢)، ومن طريقه أخرجه أحمد (١٩٧٤)، وانظر صحيح البخاري (٢٤٧٢)، و(٢٦٩٧). دحضت في بولك: أي زللت وزلقت.

وجاء مختصراً من رواية عمار، أخرجه ابن ماجه، وابن أبي عاصم، وأبي يعلى، وغيرهم، بأن محمداً ﷺ: إنما في سيرة من أخرجه.

قال في فتح الباري: هذا من علم من علام النبوة، وهو مما لا يعرف إلا من جهة النبي ﷺ. وقال السخاوي في فتح المغيث (٣٣٧/١): قول عبد الله بن عمرو بن العاص في كتاب صفين: تجمع الفئة الباغية الخروج من الرأي الصحيح والحق الصريح، وأبو حنيفة، والأوزاعي، والجمهور الأعظم من المتكلمين والمسلمين أن علياً مصيب في قتله لأهل صفين. كما هو مصيب في أهل الجمل. وأن الذين قاتلوه بغاة ظالمون له، ولكن لا يكفرون بذلك. وقال القرطبي: من (٢١٣/٨)... فظهر من هذه الأحاديث وثبت بالحق اليقين، أن علياً رضي الله عنه كان إماماً، وأن كل من خرج عليه باغ، وأن قتاله واجب حتى يفيء إلى الحق، ويدخل في الجماعة والصلح.

قوله: وإن علي قاتل أصحاب الجمل، وأهل النهروان، ولم يقع بعد الاستيفاء ما أخبروه من الخروج، وبعضا مذكورة في الخوارج خاصة، وقد استوفاه أبو عمار بن عبد الحليم وغيره، وهو شيء من تكلف فيه الأشياء له، وقد سكن معاوية، عن حكام وعدد فيها أشكرا وأما الجمل أصلا ورثنا، وكانا أشار إلى إنكارها أبو بكر بن الشرعي في شرحه، وابن حزم، وقد ذكرها خلف أصلا ورأيناه أنكرا وقوع الضرب فيها على كيفية مخصوصة، وعلى كل حال فهو مردود لأنه سكنوا له أنت بالخوض الخطرج ه.

(٤٤٤٤) كانت وقعة الجمل في سنة ست وثلاثين، وكانت وقعة صفين في ربيع الأول سنة سبع وثلاثين وتصرمت ثلاثة أشهر، وكانت النهروان في سنة ثمان وثلاثين.

قوله: ثبت أن أهل الجمل وصفين والنهروان بغاة. هو كما قال، ويدل عليه حديث علي: أمرت بقتال الناكثين والقاسطين والمارقين، رواه النسائي[١٩٦] في خصائص، والبزار[١٩٧] والطبراني[١٩٨] والناكثين: أهل الجمل لأنهم نكثوا بيعته، والقاسطين: أهل الشام لأنهم عدلوا عن الحق في عهد معاوية، والمارقين: أهل النهروان لقوله الخوارج فيه: أنهم يمرقون من الدين كما يمرق السهم من الرمية، ولست في أهل الشام حديث صحيح، فقد تقدم، وهو الذي من الأحاديث.

(١٩٦) [illegible]
(١٩٧) [illegible]
(١٩٨) [illegible]

104

شیخ الاسلام حافظ ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی بن محمد بن حجر عسقلانی شافعی اپنی کتاب ''تلخیص الحبیر فی تخریج احادیث الرافعی الکبیر'' میں لکھتے ہیں:

ان کا یہ قول: یہ بات ثابت ہے کہ اہل جمل، اہل صفین اور اہل نہروان باغی تھے، درست ہے اور اس کی دلیل علی رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث ہے: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ناکثین، قاسطین اور مارقین سے جنگ کروں۔ اس حدیث کو نسائی نے خصائص میں، اور بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

ناکثین سے مراد اہل جمل ہیں کیوں کہ انھوں نے علی کی بیعت توڑی تھی، قاسطین سے مراد اہل شام ہیں کیوں کہ انھوں نے علی کے ہاتھ پر بیعت نہ کر کے حق سے انحراف کیا تھا اور مارقین سے مراد اہل نہروان ہیں جیسا کہ ان کے بارے میں صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ وہ دین سے اسی طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ اہل شام کے بارے میں صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ انھیں ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔

ترجمہ

یہ بات ثابت ہے کہ اہلِ جمل، اہلِ صفّین اور اہلِ نہروان باغی تھے، درست ہے اور اِس کی دلیل علی رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث ہے: ''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ناکثین، قاسطین اور مارقین سے جنگ کروں۔'' اِس حدیث کو اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے ''خصائص'' میں، اور اِمام بزّار رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔

ناکثین (خلاف ورزی کرنے والے) سے مراد اہلِ جمل ہیں کیوں کہ اُنہوں نے علی رضی اللہ عنہ کی بیعت توڑی تھی، قاسطین سے مراد اہلِ شام ہیں کیوں کہ اُنہوں نے علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت نہ کر کے حق سے انحراف کیا تھا اور مارقین سے مراد اہلِ نہروان ہیں، جیسا کہ اُن کے بارے میں صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ وہ دین سے اِسی طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے، اہلِ شام کے بارے میں حدیثِ عمّار بھی ثابت ہے کہ اُنہیں ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔

1. تلخیص الحبیر فی تخریج احادیث الرافعی الکبیر (عربی)، 4/84،
The Judgement of Ahl Al-Sunnah on Siffin From Classical Sunni Sources, By Sayyid Hasnain Bukhari, 2018، جمل وصفّین: حدیث و تاریخ کی روشنی میں (اُردو): صفحہ: 103-104

اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''فتح الباری شرح صحیح البخاری'' میں لکھتے ہیں :

كتاب الفتن باب ٢٤

«لا تقوم الساعة حتى لا يقال في الأرض لا إله إلا الله» أخرجه أحمد بسند قوي، وهو عند مسلم بلفظ «الله الله» وله من حديث أبي سعيد «لا تقوم الساعة إلا على شرار الناس» ولأحمد مثله من حديث علباء السلمي بكسر العين المهملة وسكون اللام بعدها موحدة خفيفة وبعد بلفظ «حثالة» بدل «شرار» وقد تقدمت شواهده في «باب إذا بقي حثالة من الناس» وللطبراني من وجه آخر عن «لا تقوم الساعة على مؤمن» ولأحمد بسند جيد عن عبد الله بن عمرو «لا تقوم الساعة حتى يأخذ الله ميثاقه من أهل الأرض، فيبقى عجاج لا يعرفون معروفاً ولا ينكرون منكراً» وللطيالسي عن أبي هريرة «لا تقوم الساعة حتى يرجع ناس من أمتي إلى الأوثان يعبدونها من دون الله» وقد تقدم حديثه في ذكر ذي الخلصة قريباً، ولابن ماجه من حديث حذيفة «ويبقى طوائف من الناس الشيخ الكبير والعجوز يقولون أدركنا آباءنا على هذه الكلمة لا إله إلا الله فنحن نقولها» ولمسلم وأحمد من حديث ثوبان «ولا تقوم الساعة حتى تلحق قبائل من أمتي بالمشركين، وحتى تعبد قبائل من أمتي الأوثان» ولمسلم أيضاً عن عائشة «لا تذهب الأيام والليالي حتى تعبد اللات والعزى من دون الله» الحديث وفيه «ثم يبعث الله ريحاً طيبة فيتوفى بها كل مؤمن في قلبه مثقال حبة من إيمان فيبقى من لا خير فيه فيرجعون إلى دين آبائهم». وفي حديث حذيفة عن أسيد عند مسلم وفي الدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها كالحامل التم ونزول عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج والريح التي تهب بعد موت عيسى فتقبض أرواح المؤمنين، وقد استشكلوا على ذلك حديث «لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق حتى يأتي أمر الله» فإن ظاهر الأول أنه لا يبقى أحد من المؤمنين فصلاً عن القائم بالحق، وظاهر الثاني البقاء، ويمكن أن يكون المراد بقوله: «أمر الله» هبوب تلك الريح فيكون الظهور قبل هبوبها، فبهذا الجمع يزول الإشكال بتوفيق الله تعالى، فأما بعد هبوبها فلا يبقى إلا الشرار وليس فيهم مؤمن فعليهم تقوم الساعة، وعلى هذا فآخر الآيات المؤذنة بقيام الساعة هبوب تلك الريح، وسأذكر في آخر الباب قول عيسى عليه السلام «إن الساعة حينئذ تكون كالحامل التم لا يدري أهلها متى تضع».

(فصل): وأما قوله: «حتى تقتتل فئتان» الحديث تقدم في كتاب الرقاق أن المراد بالفئتين علي ومن معه ومعاوية ومن معه، ويؤخذ من تسميتهم مسلمين ومن قوله دعوتهما واحدة الرد على الخوارج ومن تحاجهم في تكفيرهم كلاً من الطائفتين، وفيه حديث «تقتل عمار الفئة الباغية» على أن علياً كان المصيب في تلك الحرب لأن أصحاب معاوية قتلوه، وقد أخرج البزار بسند جيد عن زيد بن وهب قال: كنا عند حذيفة فقال: كيف أنتم وقد خرج أهل دينكم يضرب بعضهم وجوه بعض بالسيف؟ قالوا: فما تأمرنا؟ قال: انظروا الفرقة التي تدعو إلى أمر علي فالزموها فإنها على

كتاب الفتن باب ٢٤ — ١٠٧

الحق» وأخرج يعقوب بن سفيان بسند جيد عن الزهري قال «لما بلغ معاوية غلبة علي على أهل

فتح الباري
شرح
صحيح البخاري
تأليف
الإمام الحافظ شهاب الدين أحمد بن علي بن حجر العسقلاني
الشافعي
الجزء الثالث عشر
DKI

فيض الباري پارہ ٢٩ — 367 — كتاب الفتن

أَكْلَةً إِلَى فِيهِ فَلَا يَطْعَمُهَا.

آ جائے گی اور البتہ قائم ہو جائے گی قیامت اور البتہ ایک مرد اپنی لوقمی کا دودھ لے کر پھرے گا یعنی سونہ پہنچا ہوگا برتن اس کے منہ تک کہ قیامت آ جائے گی اور البتہ قائم ہو جائے گی قیامت اور وہ اپنے حوض کو درست کر رہا ہوگا سونہ پا چکا ہوگا اس سے پانی کہ قیامت آ جائے گی اور البتہ قائم ہو جائے گی قیامت اور حالانکہ ایک مرد نے لقمے کو اپنے منہ کی طرف اٹھایا ہوگا سو اس کو اپنے منہ میں نہ رکھا ہوگا کہ قیامت آ جائے گی۔

فائدہ: مراد فتنہ سے علی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی اور معاویہ اور اس کے ساتھی ہیں کہ دونوں کا دین اسلام تھا اور اسلام پر لڑتے تھے اور یہ جو کہا کہ دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا اور ان کا نام مسلمان رکھا تو اس سے لیا جاتا ہے رد خارجیوں پر کہ وہ دونوں گروہوں کو کافر کہتے ہیں اور یہ جو فرمایا کہ مارے عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا تو یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ علی رضی اللہ عنہ امام برحق تھے اور مصیب تھے ان لڑائیوں میں اس واسطے کہ معاویہ کے ساتھیوں نے عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا اور روایت کی ہے ابو داؤد نے زید بن وہب سے کہ ہم حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے سو اس نے کہا کہ کیا حال ہے تمہارا اور حالانکہ تمہارے اہل دین یعنی مسلمان باغی ہوئے بعض بعض کے منہ کو تلوار سے مارتے ہیں انہوں نے کہا سو تم ہم کو کیا حکم کرتے ہو؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جو گروہ علی رضی اللہ عنہ کی طرف بلائے اس کو لازم پکڑ اس واسطے کہ وہ حق پر ہے اور روایت کی یعقوب نے زہری سے کہ جب معاویہ کو خبر پہنچی کہ علی رضی اللہ عنہ اہل دالوں پر غالب ہوئے تو اس نے عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا دعویٰ کیا تو شام والوں نے اس کا کہنا قبول کیا تو علی رضی اللہ عنہ اس کی طرف چلے یہاں تک کہ صفین میں دونوں کا مقابلہ ہوا اور یحییٰ بن سلیمان نے کتاب صفین میں ابو مسلم خولانی سے روایت کی ہے کہ اس نے معاویہ سے کہا کہ تو علی رضی اللہ عنہ سے خلافت میں نازع کرتا ہے کیا تو اس کے برابر ہے معاویہ نے کہا کہ میں اس کے برابر نہیں اور بے شک میں جانتا ہوں کہ علی رضی اللہ عنہ مجھ سے افضل ہے اور لائق تر ہے ساتھ خلافت کے لیکن کیا تم نہیں جانتے کہ عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم مارے گئے اور میں اس کا بھائی ہوں اور ولی ہوں میں اس کا قصاص چاہتا ہوں سو تم علی رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے قاتلوں کو مارے حوالے کر دیں سو وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے کلام کیا تو علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ معاویہ بیعت میں داخل ہوئے پھر ان کا میرے پاس دعویٰ کرے تو معاویہ نے کہا نہیں تو علی رضی اللہ عنہ عراق کے لشکروں کے ساتھ چلے یہاں تک کہ صفین میں اترے اور معاویہ بھی لشکر کے ساتھ وہاں اترا اور یہ ماجرا ہجری کے چھتیسویں سال میں ہوا اور دونوں نے باہم پیغام کیا لیکن کچھ فیصلہ نہ ہوا آخر لڑائی واقع ہوئی یہاں تک کہ دونوں لشکروں سے ستر ہزار آدمی بلکہ زیادہ مارے گئے پھر جب شام والوں نے دیکھا

''اور یہ جو فرمایا کہ ہائے! عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا'' تو یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ علی رضی اللہ عنہ امام برحق تھے اور مُصیّب تھے اُن لڑائیوں میں اُس واسطے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا اور روایت کی بزّار نے زید بن وہب سے کہ ہم حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے سو اُس نے کہا کہ ''کیا حال ہے تمہارا اور حالانکہ تمہارے اہلِ دین یعنی مسلمان باغی ہوئے، بعض بعض کے منہ کو تلوار سے مارتے ہیں'' اُنہوں نے کہا: سو تم ہم کو کیا حکم کرتے ہو؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ''جو گروہ علی رضی اللہ عنہ کی طرف بلائے اُس کو لازم پکڑو، اِس واسطے کہ وہ حق پر ہے۔''[1]

1. فتح الباری (عربی)، 16/106-107، فیض الباری (اردو)، 28/367

علّامہ بدر الدّین عینی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علّامہ بدر الدّین عینی حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری'' میں لکھتے ہیں:

٣٠٨ ٨ ـ كتاب الصلاة/ باب (٦٣)

إلى النار، أي: يدعو هؤلاء الفئة الباغية عمارًا إلى النار. إن قيل: كان قتل عمار بصفين، وكان مع علي رضي الله تعالى عنه، وكان الذين قتلوه مع معاوية، وكان معه جماعة من الصحابة فكيف يجوز أن يدعوه إلى النار؟ فأجاب ابن بطال عن ذلك فقال: إنما يصح هذا في الخوارج الذين بعث إليهم علي عمارًا يدعوهم إلى الجماعة، وليس يصح في أحد من الصحابة لأنه لا يجوز أن يتأول عليهم إلا أفضل التأويل. قلت: تبع ابن بطال في ذلك المهلب، وتابعه على ذلك جماعة في هذا الجواب، ولكن لا يصح جدًا لأن الخوارج إنما خرجوا على علي رضي الله تعالى عنه بعد قتل عمار بلا خلاف بين أهل العلم بذلك، لأن ابتداء أمرهم كان عقيب التحكيم بين علي ومعاوية، ولم يكن التحكيم إلا بعد انقضاء القتال بصفين، وكان قتل عمار قبل ذلك قطعًا، وأجاب بعضهم بأن المراد بالذين يدعونه إلى النار كفار قريش، وهذا أيضًا لا يصح، لأنه وقع في رواية ابن السكن وكريمة وغيرهما زيادة توضيح بأن الضمير يعود على قتلة عمار، وهم أهل الشام. وقال الحميدي: لعل هذه الزيادة لم تقع للبخاري، أو وقعت فحذفها عمدًا ولم يذكرها في الجميع. قال: وقد أخرجها الإسماعيلي والبرقاني في هذا الحديث، والجواب الصحيح في هذا أنهم كانوا مجتهدين ظانين أنهم يدعونه إلى الجنة، وإن كان في نفس الأمر خلاف ذلك، فلا لوم عليهم في اتباع ظنونهم، فإن قلت: المجتهد إذا أصاب فله أجران، وإذا أخطأ فله أجر، فكيف الأمر هنا؟ قلت: الذي قلنا جواب إلزامي فلا يليق أن يذكر في حق الصحابة خلاف ذلك، لأن الله تعالى أثنى عليهم وشهد لهم بالفضل، بقوله: ﴿كنتم خير أمة أخرجت للناس﴾ [آل عمران: ١١٠]، قال المفسرون: هم أصحاب محمد ﷺ.

ذكر ما يستنبط منه من الفوائد: فيه: أن الصلاة في بناء المسجد من أفضل الأعمال لأنه مما يجري للإنسان أجره بعد موته، ومثل ذلك حفر الآبار وكري الأنهار وتحبيس الأموال التي يعم المنفعة نفعها. وفيه: الحث على أخذ العلم من كل أحد وإن كان الآخذ أفضل من المأخوذ منه، ألا ترى أن ابن عباس مع سعة علمه أمر ابنه عليًا بالأخذ عن أبي سعيد الخدري؟ قيل: يحتمل أن يكون إرسال ابن عباس إليه لطلب علو الإسناد لأن أبا سعيد أقدم صحبة وأكثر سماعًا من النبي ﷺ. قلت: مع هذا لا ينافي ذلك ما ذكرناه. وفيه: أن العالم له أن يتهيأ للحديث ويجلس له جلسة. وفيه: ترك التحديث في حالة السهو إعظامًا للحديث وتوقيرًا لصحابه. وهكذا كان السلف. وفيه: أن للإنسان أن يأخذ من أفضل الأمر ما يشق عليه إن شاء كما أخذ عمار لبنين. وفيه: إكرام العامل في سبيل الله والإحسان إليه بالفعل والقول. وفيه: علامة النبوة لأنه ﷺ أخبر بما يكون فكان كما قال. وفيه: إصلاح الشخص: بما يتعلق بأمر دنياه كإصلاح بدنه وكرمه بنفسه وكان السلف على ذلك لأن فيه إظهار التواضع ودفع التكبر وهما من أفضل الأعمال الصالحة. وفيه: فضيلة ظاهرة لعلي وعمار، ورد على النواصب القائلين أن عليًا لم يكن مصيبًا في حروبه. وفيه: استحباب الاستعاذة من الفتن لأنه لا يدري أحد في الفتنة أمأجور هو أم مأزور؟ إلا بغلبة الظن، ولو كان

''اس حدیث میں واضح فضیلت ہے علی رضی اللہ عنہ اور عمّار رضی اللہ عنہ کی اور اُس میں رد ہے اُن نواصب کا جو یہ خیال کرتے ہیں کہ علی رضی اللہ عنہ اپنی جنگوں میں حق پر نہیں تھے۔''

1 عینی فی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری (عربی)، 4/308

''باغی'' سے مراد ''امیر معاویہ کی جماعت'':
شرح مشکوٰۃ المصابیح

امام مُلّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ اِس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ اُردو جلد یازدھم ۳۸ کتاب الفتن

طیبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں آنحضرتؐ کو حضرت عمار بن یاسر پر باغی جماعت کی جانب سے آنے والی تکلیف پر رحم آ رہا تھا، اور باغی جماعت سے مراد آنحضرتؐ کی پیشینگوئی حضرت معاویہؓ اور ان کی جماعت کے متعلق تھی کیونکہ حضرت عمار جنگ صفین میں شہید کر دیے گئے تھے۔ ابن ملک کہتے ہیں: حضرت عمارؓ کو حضرت معاویہؓ اور ان کی جماعت نے قتل کیا۔ لہٰذا آپؐ کی پیشینگوئی کے مطابق اس حدیث سے یہی جماعت سرکش اور باغی تھی کیونکہ عمارؓ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فوج میں تھے اور اس وقت حضرت علیؓ ہی امامت کے مستحق تھے، جن کے ہاتھ پر بیعت کرنے سے حضرت معاویہؓ اور ان کی جماعت نے انکار کیا تھا۔ یہ بھی منقول ہے کہ حضرت معاویہؓ اس حدیث کے الفاظ میں تاویل کرتے ہوئے فرماتے تھے لفظ باغیہ یہاں بغی سے مشتق نہیں ہے جس کے معنی بغاوت کے ہیں، بلکہ بغاء سے مشتق ہے جس کے معنی ڈھونڈنا، طلب کرنا ہیں، اس اعتبار سے ان کے نزدیک آنحضرتؐ کے ارشاد تقتلک الفئۃ الباغیۃ کا ترجمہ یہ ہوا کہ تمہیں مطالبہ کرنے والوں کا گروہ قتل کرے گا۔ اور فرماتے تھے:

نحن فئۃ باغیۃ طالبۃ بدم عثمان، یعنی ہم حضرت عثمان کے خون بہا کا مطالبہ کرنے والی جماعت ہیں۔ لیکن عقل و نقل کی روشنی میں حضرت معاویہؓ کی یہ تاویل نہیں بلکہ صریح تحریف ہے کیونکہ خون بہاء کے مطالبہ کے ساتھ یہاں یہ معنی کرنا مناسب نہیں، اس لئے کہ آنحضرتؐ نے یہ حضرت عمارؓ کی فضیلت اور اس کے قاتل کے خون کے اظہار کے لئے ارشاد فرمایا ہے۔ اور دلیل یہ ہے کہ ان کے قاتل کے حق میں لفظ ویح منقول ہے، اور لفظ ویح ایک ایسا کلمہ ہے جو ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو ہلاکت کا مستحق ہو اور کسی طرح کے دعا کا حقدار نہ ہو، اور وہ غیب بعد میں بھی اس کے ساتھ رہے جب کہ اس کے مقابلہ میں لفظ ویل کلمہ زجر و عقوبت ہے اور یہ اس شخص پر بولا جاتا ہے، جو سزا کا مستحق ہو اور اس کے لئے دعا نہیں ہوتی ہے۔

''طیبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما پر باغی جماعت کی جانب سے آنے والی تکلیف پر رحم آ رہا تھا اور باغی جماعت سے مراد آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشین گوئی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کی جماعت کے متعلق تھی کیوں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ جنگِ صفین میں شہید کر دیے گئے تھے۔ ابن مالک کہتے ہیں: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کی جماعت نے قتل کیا۔ لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشین گوئی کے مطابق اِس حدیث سے یہی جماعت سرکش اور باغی تھی۔ کیوں کہ عمار رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فوج میں تھے اور اُس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی اِمامت

کے مستحق تھے جن کے ہاتھ پر بیعت کرنے سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کی جماعت نے اِنکار کیا تھا۔ یہ بھی منقول ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اِس حدیث کے الفاظ میں تاویل کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ لفظ ''باغیہ'' یہاں ''بغی'' سے مشتق نہیں ہے جس کے معنی بغاوت کے ہیں، بلکہ ''بغاء'' سے مشتق ہے جس کے معنی ڈھونڈنا، طلب کرنا ہیں، اِس اعتبار سے اُن کے نزدیک آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد تقتلك الفئة الباغية کا ترجمہ یہ ہوا کہ تمہیں مطالبہ کرنے والوں کا گروہ قتل کرے گا اور فرماتے تھے: نحن فئة باغية طالبة بدم عثمان یعنی ہم حضرت عثمان کے خون بہا کا مطالبہ کرنے والی جماعت ہیں۔ لیکن عقل ونقل کی روشنی میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی یہ تاویل نہیں بلکہ صریح تحریف ہے کیوں کہ خون بہا کے مطالبہ کے ساتھ یہاں یہ معنی کرنا مناسب نہیں، اِس لیے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور اُس کے قاتل کے خون کے اظہار کے لیے ارشاد فرمایا ہے اور دلیل یہ ہے کہ اُن کے قاتل کے حق میں لفظ ویحٌ منقول ہے اور لفظ ویحٌ ایک ایسا کلمہ ہے جو ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو ہلاکت کا مستحق ہو اور کسی طرح کی دعا کا حق دار نہ ہو اور وہ عیب بعد میں بھی اُس کے ساتھ رہے کہ جب کہ اُس کے مقابلہ میں لفظ ویل کلمۂ جبر وعقوبت ہے اور یہ اُس شخص پر بولا جاتا ہے، جو سزا کا مستحق ہوا اور اُس کے لیے دعا نہیں ہوتی ہے۔[1]

1. مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو): 11/38

کیا اَمیر معاویہ رضی اللہ عنہ مجتہد تھے؟ علّامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ حنفی کا عقیدہ

امام بدر الدّین عینی حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''میں کہتا ہوں کہ یہ کیسے کہہ دیا جاتا ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اجتہاد میں خطا کی، سوال یہ ہے کہ اُن کے اجتہاد پر دلیل کیا ہے؟ حالانکہ اُنہیں وہ حدیث پہنچ چکی تھی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ابن سُمیّہ (یعنی حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ) پر رحمت ہو، اس کو باغی گروہ قتل کرے گا، ابن سمیّہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما ہیں، اور اُنہیں معاویہ رضی اللہ عنہ کے گروہ نے شہید کیا تھا۔ کیا معاویہ رضی اللہ عنہ اس بات پر راضی نہیں کہ اُن کا معاملہ برابر - برابر ہو جائے، چہ جائیکہ اُن کے لیے (غلط اجتہاد کا) اَجر واحد ہو؟''(1)

1. عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری (عربی): 24/192

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ باطن میں باغی تھے: علّامہ ملّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ

علّامہ ملّا علی بن سلطان القاری ہروی حنفی، نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق لکھتے ہیں:



ملا علی قاری فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں جب حضرت معاویہؓ پر واجب تھا کہ وہ اپنی بغاوت کو چھوڑ کر امام برحق کی اطاعت کریں اور مخالفت اور خلافت کی طلب کو چھوڑ دیں تو اس سے ظاہر ہوا کہ وہ باطناً باغی تھے اور ظاہر میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ لینے کے طالب، مراعی و مرائی تھے۔

"مُلّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر واجب تھا کہ وہ اپنی بغاوت کو چھوڑ کر امامِ برحق کی اطاعت کریں اور مخالفت اور خلافت کی طلب کو چھوڑ دیں تو اِس سے ظاہر ہوا کہ وہ باطن میں باغی تھے اور ظاہر میں عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ لینے کے طالب، مراعی و مرائی تھے۔"[1]

1. مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو): 11/39

مُلّا علی قاری ہروی حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''شرح الشفا للقاضی عیاض'' میں لکھتے ہیں :

النوجع) لإصلاح العباد، (قال مالكٌ رَحِمَهُ الله تعالى مَنْ شَتَمَ النبيَّ) أي جنس الأنبياء (قُتِلَ وَمَنْ شَتَمَ أصحابَهُ أُدِّبَ) أي جلد وضرب وقد تقدم الحديث بذلك (وقالَ) أي مالك (أيضاً مَنْ شَتَمَ أحداً مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله تعالى عليه وسلم أبا بكرٍ أو عُمَرَ أو عثمانَ أو مُعاوِيَةَ أو عَمْرَو بنَ العاصِ) وسقط أو علياً من أصل الدلجي فقال ولم يذكر المصنف علياً لأن محبيه كثيرون انتهى ولا يخفى أن الكثرة إنما هي بالنسبة إلى معاوية وعمرو بن العاص لا بالإضافة إلى من قبله فقد اختلفت المبتدعة في حب علي كالروافض وبغضه كالخوارج (فإنْ قال) شاتمهم (كانوا) أي الصحابة كلهم (على ضَلالٍ وكُفْرٍ) عطف تفسير (قُتِلَ) لتكذيبه القرآن فيما أثنى الله عليهم لقوله تعالى ﴿رضي الله عنهم﴾ وحديث أصحابي كالنجوم بأيهم اقتديتم اهتديتم وحديث لو أنفق أحدكم مثل أحد ذهباً ما بلغ مد أحدهم ولا نصيفه أي نصفه (وإنْ شَتَمَهُمْ) أي كلهم أو بعضهم (بِغَيْرِ هذا) الذي ذكر (مِنْ مُشاتَمَةِ النَّاسِ نُكِّلَ) بصيغة المجهول مشدداً ومخففاً أي ردع وزجر وعوقب (نَكالاً شَديداً، وقال ابنُ حَبيبٍ مَنْ غَلا) أي تجاوز عن الحد وتعدى (مِنَ الشِّيعَةِ) أو الخوارج (إلى بُغْضِ عُثْمانَ والبَرَاءَةِ مِنْهُ) أي وإلى التبري من محبته (أُدِّبَ أدباً شَديداً وَمَنْ زادَ) أي إلى ذلك ما في نسخة أي ضم إليه (بُغْضِ أبي بَكْرٍ وَعُمَرَ فالعُقُوبَةُ عليه أشَدُّ) أي كمية وكيفية (وَيَكْثُرُ ضَرْبُهُ) بقدر زيادة بغض صحبه عليه الصلاة والسلام وحزبه (ويُطالُ سِجْنُهُ) أي مدة حبسه (حَتَّى يَمُوتَ ولا يُبْلَغُ بِهِ) أي فيه (القَتْلُ إلاَّ في سَبِّ النبيِّ صلى الله تعالى عليه وسلم) وإلا في إنكار صحبة أبي بكر وكذا في صحة خلافته المجمع عليهما ولا عبرة بمخالفة الشيعة فيهما وكذا إذا قيل له قل رضي الله تعالى عنهم فأبى فإنه كالإنكار لما في القرآن (وقال سُحْنُونُ مَنْ كَفَّرَ أحداً مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله تعالى عليه وسلم عَلِيّاً أو عثمانَ أو غَيْرَهُما) كمعاوية وعمرو بن العاص (يُوجَعُ) بصيغة المجهول مخففاً أو مشدداً (ضَرْباً) بالنصب على التمييز وإنما خص علياً وعثمان بالذكر لأن الخوارج قالوا بتكفيرهما بناء على قواعدهم الفاسدة وأصولهم الكاسدة ولم يختلفوا في تعظيم الشيخين للإجماع على خلافتهما وعدم ما يقتضي هتك حرمتهما فمن كفرهما كفر خلافاً للروافض ولا عبرة بقولهم المناقض بل التحقيق أن أصل مذهب الشيعة ليس تكفيرهما بل ينسبونهما إلى المخالفة في أمر الخلافة بناء على أنهم يفضلون علياً عليهما وإنما الذم والتكفير صدر من غلاتهم ولعل هذا معنى ما روي من أن سب الشيخين كفر المفهوم منه أن سب غيرهما ليس كذلك لتفاوت رتبتهما هنالك وأما معاوية وأتباعه فيجوز نسبتهم إلى الخطأ والبغي والخروج والفساد وأما لعنهم فلا يجوز أصلاً بخلاف يزيد وابن زياد وأمثالهما فإن بعض العلماء جوزوا لعنهما بل الإمام أحمد بن حنبل قال بكفر يزيد لكن جمهور أهل السنة لا يجوزون لعنه حيث لم يثبت كفره عندهم وعلى التنزل فلعله مات تائباً ولهذا قالوا لا يجوز لعن كافر بعينه إلا إذا ثبت كفره وقوله عليه بدليل قطعي من كتاب أو سنة كفرعون وأبي لهب وأبي جهل وأمثالهم والله تعالى أعلم وربما قررنا اندفع اعتراض

شرح الشفا
للقاضي عياض

شرحه
الملا علي القاري الهروي الحنفي
المتوفى سنة ١٠١٤هـ

ضبط وصححه
عبد الرزاق مهدي

الجزء الثاني

منشورات
محمد علي بيضون
لنشر كتب السنة والجماعة
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

''معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کے متابعین کی طرف غلطی، بغاوت، خروج اور فساد کی نسبت کرنا جائز ہے، البتہ اُن پر لعنت بھیجنا جائز نہیں ہے۔''(1)

1. شرح الشفا للقاضی عیاض (عربی)، 2/552

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ باغی ہیں: مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ علیہ

مولانا الحاج مفتی احمد یار خاں بدایونی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور شرح ''مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح'' میں 'حدیثِ عمار' حدیث نمبر: 5622 کی تشریح میں کچھ یوں نقل کرتے ہیں۔

وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ حِیْنَ یَحْفِرُ الْخَنْدَقَ فَجَعَلَ یَمْسَحُ رَاْسَہٗ وَیَقُوْلُ بُؤْسَ ابْنِ سُمَیَّۃَ تَقْتُلُکَ الْفِئَۃُ الْبَاغِیَۃُ. (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

(۵۶۲۲) روایت ہے حضرت ابوقتادہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب عمار سے کہا جبکہ وہ خندق کھود رہے تھے تو آپ ان کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگے اور کہتے کہ اے ابن سمیہ کی تختی! تم کو باغی جماعت قتل کرے گی۔ (مسلم)

(۵۶۲۲) حضرت عمار ابن یاسر کی والدہ ماجدہ کا نام سمیہ بنت ابی حذیفہ تھا قبیلہ بنی مخزوم سے تھیں مکہ مکرمہ میں اسلام لائیں ابوجہل اور دیگر کفار کے ہاتھوں بہت ہی بے دردی سے شہید کی گئیں اس جملہ کی کئی ترکیبیں ہیں آسان ترکیب یہ ہے بوس ایک پوشیدہ فعل کا فاعل ہے اور ابن سمیہ منادی ہے یعنی اے سمیہ کے فرزند تم کو سخت تکلیف پہنچے گی۔ اس فرمانِ عالی میں تین غیبی خبریں ہیں ایک یہ کہ حضرت عمار شہید ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ مظلوم ہوں گے۔ تیسرے یہ کہ ان کے قاتل باغی ہوں گے یعنی امام برحق پر بغاوت کرنے والے یہ تینوں خبریں من وعن اسی طرح ظاہر ہوئیں حضرت عمار جناب مولیٰ کائنات علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے جنگ صفین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جماعت کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ جب یہ حدیث شہادت عمار کے بعد حضرت امیر معاویہ کو پہنچی کہ عمرو ابن عاص نے کہا کہ معاویہ غضب ہوگیا حضرت عمار ہماری جماعت کے ہاتھوں شہید ہوئے اور حضور انور نے ان کے قاتلین کو فئۃ باغیہ فرمایا ہے ہم اس حدیث کے ماتحت باغی ہوئے تو امیر معاویہ نے فرمایا نحن امۃ باغیۃ للدم عثمان یعنی یہاں باغیہ بغاوت سے نہیں بلکہ بمعنی مطالبہ سے ہم حضرت عثمان کے خون کا بدلہ مانگنے والے ہیں اس معنی سے واقعی ہم لوگ باغی ہیں۔ دوسرے یہ کہ عمار کو قتل کرنے والے دراصل علی ہیں جو انہیں جنگ میں لائے ہم تو عمار کا بڑا احترام کرتے تھے اور کرتے ہیں۔ حضرت علی نے فرمایا کہ اگر حدیث کا مطلب یہ ہے تو جناب حمزہ کے قاتل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہ وہی آپ کو جنگ اُحد میں لے گئے تھے بہرحال حضرت علی خلیفہ برحق ہیں امیر معاویہ ان کی مخالفت کی بناء پر باغی ہیں

ترجمہ

روایت ہے ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب عمار سے کہا جب کہ وہ خندق کھود رہے تھے تو آپ اُن کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگے اور کہتے کہ 'اے ابن سُمیّہ! تم کو باغی جماعت قتل کرے گی۔'

اِس حدیث کو اِمام مسلم نے بھی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کا نام سُمیّہ بنت ابی حُذیفہ تھا، قبیلۂ بنی مخزوم سے تھیں مکہ مکرمہ میں اسلام لائیں، ابوجہل اور دیگر کفّار کے ہاتھوں بہت ہی بے دردی سے شہید کی گئیں، اِس جملے کی کئی ترکیبیں ہیں، آسان ترکیب یہ ہے: ''بوءس'' ایک پوشیدہ فعل کا فاعل ہے اور ابن سمیّہ منادی ہیں یعنی اے سمیّہ کے فرزند تم کو سخت تکلیف پہنچے گی۔ اِس فرمانِ عالی میں تین غیبی خبریں ہیں ایک یہ کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ شہید ہوں گے، دوسری یہ کہ مظلوم ہوں گے، تیسری یہ کہ اُن کے قاتل باغی ہوں گے۔ یعنی اِمام برحق پر بغاوت کرنے والے۔ یہ تینوں خبریں من وعن اِسی طرح ظاہر ہوئیں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ جناب مولائے کائنات علیّ المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، جنگِ صفّین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جماعت کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ جب یہ حدیث شہادتِ عمار رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو پہنچی کہ عمرو بن عاص نے کہا کہ 'معاویہ رضی اللہ عنہ! غضب ہو گیا، حضرت عمار رضی اللہ عنہ ہماری جماعت کے ہاتھوں شہید ہوئے اور حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے قاتلین کو ''فئة باغية'' فرمایا ہے، ہم اِس حدیث کے ماتحت باغی ہوئے' تو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''یہاں 'باغية' بغاوت سے نہیں بلکہ 'باغیٌ' بمعنی مطالبہ سے، ہم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ مانگنے والے ہیں، اِس معنی سے واقعی ہم لوگ باغی ہیں، دوسرا یہ کہ عمار کو قتل کرنے والے دراصل علی رضی اللہ عنہ ہیں، جو اِنہیں جنگ میں لائے، ہم تو عمار رضی اللہ عنہ کا بڑا احترام کرتے تھے اور کرتے ہیں۔''

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اگر حدیث کا مطلب یہ ہے تو جناب حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہ وہی آپ کو جنگ اُحد میں لے گئے تھے۔'' بہر حال، حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفۂ برحق ہیں، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اُن کی مخالفت کی بناء پر باغی ہیں۔[1]

1. مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 8/159-160

اب جب کہ بات جنگِ اُحد کی آ ہی گئی ہے تو کیوں نہ سیّدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا بھی ذکر کیا جائے تاکہ قارئین جان لیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے چچا، سیّد الشہداء سیّدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے جسم کے ساتھ بعدِ شہادت کس نے کیا وحشیانہ کارنامہ انجام دیا۔ جو سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کو صِفّین میں اُحد یاد دلوا رہے ہیں وہ (امیر معاویہ) اور اُن کے والدین ابوسفیان و ہِند انے صحابۂ کرام پر کتنے ظلم کیے تھے۔

جنگِ اُحد کے اِس پورے واقعہ کو اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مسند'' میں روایت کیا ہے۔

سیّدنا حمزہ سیّد الشہداء ہیں:
صحیح حدیث

اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی 'مُستدرک' میں، اِمام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے ''معجم الاوسط'' میں اور شیخ ناصر الدّین اَلبانی نے اپنی ''صحیحہ'' میں حدیث نقل کی ہے:


سلسلة الأحاديث الصحيحة
أحاديث صحيحة

سلسلة الأحاديث الصحيحة — ۵۱۴
باب: سيد الشهداء حمزة بن عبد المطلب
سیدنا حمزہ سید الشہداء ہیں
۳۵۰۶- عن جابر، عن النبي ﷺ قال: «سيد الشهداء حمزة بن عبد المطلب، ورجل قام إلى إمام جائر فأمره ونهاه فقتله».
سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی ﷺ نے فرمایا: "(دو بندگانِ خدا) شہیدوں کے سردار ہیں: (۱) حمزہ بن عبدالمطلب اور وہ آدمی جس نے ظالم حکمران کو (شریعت کے مطابق) حکم دیا اور (حرام امور سے) منع کیا لیکن اس نے اسے قتل کر دیا۔"

فضائل ومناقب ومعائب وخصائص — ۵۱۵
[الصحيحة: ۳۷۴] (امور سے) منع کیا لیکن اس نے اسے قتل کر دیا۔"
تخريج: الصحيحة ۳۵۰۶، حاكم ۳/۱۹۵، طبراني في الأوسط ۳۰۸۱.

ترجمہ

سیّدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''(دو بندگانِ خدا) شہیدوں کے سردار ہیں: حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اور وہ آدمی جس نے ظالم حکمران کو (شریعت کے مطابق) حکم دیا اور (حرام اُمور سے) منع کیا، لیکن اُس نے اُسے قتل کر دیا۔''

شیخ ناصر الدّین اَلبانی نے اس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. سلسلة الاحاديث الصحيحة (اردو)، 3/514-515 رقم: 3506

مُسند احمد کی صحیح حدیث :

اُحد میں سیّد الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ چبایا گیا

المسند

لأحمد بن محمد بن حنبل

٢٤١ - ١٦٤ هـ

أحمد محمد شاكر

دار الحديث

٤٤١٤ - حدثنا عفان، حدثنا حماد، حدثنا عطاء بن السائب، عن الشعبي، [illegible] أحد خلف المسلمين، [illegible] يريد الدنيا، حتى أنزل الله عز وجل ﴿ منكم من يريد الدنيا ومنكم من يريد الآخرة ثم صرفكم عنهم ليبتليكم ﴾، فلما خالف أصحاب النبي ﷺ وعصوا ما أُمروا به، أقرد رسول الله ﷺ في تسعة: سبعة من الأنصار، ورجلين من قريش، وهو عاشرهم، فلما رهقوه قال: «رحم الله رجلاً ردّهم عنا»، فقام رجل من الأنصار، فقاتل ساعة حتى قُتل، فلما رهقوه أيضاً قال: «رحم الله رجلاً ردّهم عنا»، فلم يزل يقول ذلك حتى قُتل السبعة، فقال النبي ﷺ لصاحبيه: «ما أنصفنا أصحابنا»، فجاء أبو سفيان، فقال: اعْلُ هُبَل!، فقال رسول الله ﷺ: «قولوا: الله أعلى وأجل»، فقالوا: الله أعلى وأجل، فقال أبو سفيان: لنا عُزّى ولا عُزّى لكم!، فقال رسول الله ﷺ: «قولوا: الله مولانا، ولا مولى لكم»، ثم قال أبو سفيان: يوم بيوم بدر، يوم لنا، ويوم علينا، ويوم نُساء، ويوم نُسَرّ، حنظلة بحنظلة، وفلان بفلان، وفلان بفلان. فقال رسول الله ﷺ: «لا سواء، أما قتلانا فأحياء يُرزقون، وقتلاكم في النار يُعذّبون». قال أبو سفيان: قد كانت في القوم مُثلة، وإن كانت لَعَن غير مَلإٍ منا، ما أمرت ولا نهيت، ولا أحببت ولا كرهت، ولا ساءني ولا سرّني. قال: فنظروا، فإذا حمزة قد بُقر بطنه، وأُخذت هند كبده فلاكتها، فلم تستطع أن تأكلها، فقال رسول الله ﷺ: «أكلت منه شيئاً؟»، قالوا: لا. قال: «ما كان الله ليُدخل شيئاً من حمزة النار»، فوضع رسول الله ﷺ حمزة فصلى عليه، وجيء برجل من الأنصار فوضع إلى جنبه فصلى عليه، فرفع الأنصاري وترك حمزة، ثم جيء بآخر فوضعه إلى جنب حمزة، فصلى عليه، ثم رفع وترك حمزة، حتى صلى عليه يومئذ سبعين صلاة.

(٤٤١٤) إسناده صحيح، وهو في مصنف عبد الرزاق ٦ / ١٠٩ - ١١٠ وقال: «رواه أحمد، وفيه عطاء بن السائب، وقد اختلط». وعلقه ابن كثير في التفسير ٢ / ٣٦٢ - ٣٦٣ والتاريخ ٤ / ١٠٠ - ١٠١، وقال في التاريخ: «تفرد به أحمد، وهذا إسناده فيه ضعف أيضاً من جهة عطاء بن السائب». وذكره الهيثمي في المجمع ٦ / ٨٤ - ٨٥ وبسط أيضاً لابن أبي شيبة وابن المنذر. وصحيح الإسناد بعطاء غير جيد، فإن حماداً بن سلمة سمع منه قبل اختلاطه، وعفان: هو ابن مسلم الصفار، ومعنى «رهقه»: أي غشيه، وأرهقه: أي أعجله. وقال ابن الأثير: «الصاحبية في ح الصاحبية»، وهو خطأ، صحيح من ك وص والتاريخ المذكور، وعن غير ملا سكه أي عن غير الشاذ من أشرفها وصاحبها، فرهقه أي شق وفتح فلاكها أي مضغها.

(٢٥٠)

المسند

لأحمد بن محمد بن حنبل

٢٤١ - ١٦٤ هـ

أحمد محمد شاكر

دار الحديث

مسند الإمام أحمد بن حنبل

(١٦٤ - ٢٤١ هـ)

أشرف على تحقيقه: الشيخ شعيب الأرنؤوط

شارك في تحقيق أحاديثه وعلق عليه: عادل مرشد، محمد نعيم العرقسوسي، إبراهيم الزيبق

الرسالة

مؤسسة الرسالة

صاحبيكم خليلاً».

٤٤١٤ - حدثنا عفان، حدثنا حماد، حدثنا عطاء بن السائب، عن الشعبي

عن ابن مسعود، أن النساء كُنّ يوم أُحُد خلف المسلمين، يُجهزن على جَرْحَى المشركين، فلو حلفتُ يومئذٍ رجوتُ أن أبرّ؛ إنه ليس أحدٌ مما يريد الدنيا، حتى أنزل الله عز وجل: ﴿منكم من يريد الدنيا ومنكم من يريد الآخرة ثم صرفكم عنهم ليبتليكم﴾ [آل عمران: ١٥٢]، فلما خالف أصحابُ النبيِّ ﷺ، وعصوا ما أُمروا به، أقرد رسولُ الله ﷺ في تسعة: سبعةٍ من الأنصار، ورجلين من قريش، وهو عاشرهم، فلما رَهِقُوه(١)، قال: «رَحِمَ الله رجلاً ردَّهم عنا»، قال: فقام رجلٌ من الأنصار، فقاتل ساعةً حتى قُتل، فلما رهقوه أيضاً، قال: «رَحِمَ الله رجلاً ردَّهم عنا»، فلم يزل يقول ذا، حتى قُتل السبعةُ، فقال النبي ﷺ لصاحبَيْه: «ما أنصفنا أصحابَنا»، فجاء أبو سفيان، فقال: اعْلُ هُبَل. فقال رسول الله ﷺ: «قولوا: اللهُ أعلى وأجَلّ»، قالوا: اللهُ أعلى وأجَلّ، قال أبو سفيان: لنا عُزّى، ولا عُزّى لكم. فقال رسول الله ﷺ: «قولوا: اللهُ مَوْلانا، والكافرونَ لا مَوْلى لهم»، ثم قال أبو سفيان: يومٌ بيومِ بدرٍ، يومٌ لنا، ويومٌ علينا، ويومٌ نُساءُ، ويومٌ نُسَرُّ، حَنْظَلَةُ بحنظلة، وفلانٌ بفلانٍ، وفلانٌ بفلانٍ. فقال رسول الله ﷺ: «لا سَوَاءَ، أمّا قتلانا فأحياءٌ يُرْزَقُون، وقتلاكم في النار يُعَذَّبُون». قال أبو سفيان: قد كانت في القوم مُثْلَةٌ، وإن كانت لَعَنْ غيرِ مَلإٍ منّا، ما أمرتُ ولا نَهَيْتُ، ولا أَحْبَبْتُ ولا كَرِهْتُ، ولا سَاءَنِي ولا سَرَّنِي. قال: فنظروا، فإذا حمزةُ قد بُقِرَ بطنُه، وأُخِذَتْ هندٌ كَبِدُهُ فَلَاكَتْهَا، فلم تَسْتَطِعْ أن تأكلها، فقال رسول الله ﷺ: «أَكَلْتِ منه شيئاً؟»، قالوا: لا. قال: «وما كان الله لِيُدْخِلَ شيئاً من حَمْزَةَ النارَ». فوضعَ رسولُ الله ﷺ حمزةَ، فصلّى عليه، وجيءَ(٢) برجلٍ من الأنصار، فوُضِعَ إلى جنبه، فصلّى عليه، فرُفِعَ الأنصاريُّ، وتُرِكَ حمزةُ، ثم جيءَ بآخرَ فوُضِعَ إلى جَنْبِ حمزةَ، فصلّى عليه، ثم رُفِعَ وتُرِكَ حمزةُ، حتى صلّى عليه يومئذٍ سبعينَ صلاةً(٣).

(١) في (ظ): «لم جيء».

(٢) حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لانقطاعه، الشعبي - وهو عامر بن شراحيل - لم يسمع من عبد الله بن مسعود، وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح غير عطاء بن السائب، فقد روى له أصحاب السنن والبخاري مقروناً، وهو صدوق اختلط -

٤١٩



مُسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ۴۷۵ مُسند عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۴۴۱۴) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوۂ احد کے دن خواتین مسلمانوں کے پیچھے تھیں اور مشرکین کے زخموں کی دیکھ بھال کر رہی تھیں، اگر میں قسم کھا کر کہوں تو میری قسم صحیح ہوگی (اور میں اس میں حانث نہیں ہوں گا) کہ اس دن ہم میں سے کوئی شخص دنیا کا خواہش مند نہ تھا، یہاں تک کہ اللہ نے یہ آیت نازل فرمادی "تم میں سے بعض لوگ دنیا چاہتے ہیں اور بعض لوگ آخرت، پھر اللہ نے تمہیں ان سے پھیر دیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے"

جب نبی رضی اللہ عنہ کے صحابہ نے حکمِ نبوی کی مخالفت کرتے ہوئے اس کی تعمیل نہ کی تو نبی رضی اللہ عنہ صرف نو افراد کے درمیان تنہا رہ گئے جن میں سات انصاری اور دو قریشی تھے، دسویں خود نبی رضی اللہ عنہ تھے، جب مشرکین نے نبی رضی اللہ عنہ پر ہجوم کیا تو نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ اس شخص پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے جو انہیں ہم سے دور کرے، یہ سن کر ایک انصاری آگے بڑھا، کچھ دیر قتال کیا اور شہید ہو گیا، اسی طرح ایک ایک کر کے ساتوں انصاری صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہو گئے، یہ دیکھ کر نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم نے اپنے ساتھیوں سے انصاف نہیں کیا۔

تھوڑی دیر بعد ابوسفیان آیا (جنہوں نے اس وقت تک اسلام قبول نہیں کیا تھا) اور اہل کی بے کاری کا نعرہ لگانے لگا، نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اسے جواب دو کہ اللہ ہی بلند و برتر اور بزرگ ہے، ابوسفیان کہنے لگا کہ ہمارے پاس عزیٰ ہے تمہارا کوئی عزیٰ نہیں، نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اسے جواب دو کہ اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور کافروں کا کوئی مولیٰ نہیں، پھر ابوسفیان نے کہا کہ آج کا دن جنگ بدر کا بدلہ ہے، ایک دن فتح اور ایک دن ہار ہے، ایک دن میں تکلیف ہوئی اور ایک دن ہم فتح مند ہوئے، حنظلہ

مُسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ۴۷۶ مُسند عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

کے بدلے، فلاں فلاں کے بدلے اور فلاں فلاں کے بدلے، نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم میں اور ہم میں برابری کوئی برابری نہیں، ہمارے مقتولین زندہ ہیں اور رزق پاتے ہیں جبکہ تمہارے مقتولین جہنم کی آگ میں مزا پاتے ہیں۔

پھر ابوسفیان نے کہا کہ کچھ لوگوں کی لاشوں کا مثلہ کیا گیا ہے یہ ہمارے سرداروں کا کام نہیں ہے، میں نے اس کا حکم دیا اور نہ ہی اس سے روکا، میں اسے پسند کرتا ہوں اور نہ ہی ناگواری ظاہر کرتا ہوں، مجھے یہ برا لگا اور نہ ہی خوشی ہوئی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب دیکھا تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا پیٹ چاک کر دیا گیا تھا، اور ابوسفیان کی بیوی ہند نے ان کا جگر نکال کر اسے چبایا تھا لیکن اسے کھا نہیں سکی تھی، نبی رضی اللہ عنہ نے ان کی لاش دیکھ کر پوچھا کیا اس نے اس میں سے کچھ کھایا بھی ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے بتایا نہیں، نبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ عزوجل حمزہ رضی اللہ عنہ کے جسم کے کسی حصے کو آگ میں داخل نہیں کرنا چاہتا، پھر نبی رضی اللہ عنہ نے ان کی لاش کو سامنے رکھ کر ان کی نماز جنازہ پڑھائی، پھر ایک انصاری کا جنازہ لایا گیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں رکھ دیا گیا، نبی رضی اللہ عنہ نے ان کی بھی نماز جنازہ پڑھائی، پھر انصاری کا جنازہ اٹھا لیا گیا، اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ وہیں رہنے دیا گیا، پھر ایک اور جنازہ لا کر حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں رکھا گیا اور نبی رضی اللہ عنہ نے اس کی نماز جنازہ بھی پڑھائی، پھر اس کا جنازہ اٹھا لیا گیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ وہیں رہنے دیا گیا، اس طرح اس دن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ ستر مرتبہ ادا کی گئی۔

''مسند احمد'' کے محقق شیخ شعیب ارنؤوط نے اِس حدیث کو ''حسن لِغیرہٖ'' کہا ہے۔[1]

ترجمہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوۂ اُحد کے دِن خواتین مسلمانوں کے پیچھے تھیں اور مشرکین کے زخموں کی دیکھ بھال کر رہی تھیں، اگر میں قسم کھا کر کہوں تو میری قسم صحیح ہوگی (اور میں اِس میں حانث نہیں ہوں گا) کہ اُس دِن ہم میں سے کوئی شخص دنیا کا خواہش مند نہ تھا، یہاں تک کہ اللہ نے یہ آیات نازل فرما دی، ''تم میں سے بعض لوگ دنیا چاہتے ہیں اور بعض لوگ آخرت، پھر اللہ نے تمہیں اُن سے پھیر دیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے۔''

جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے حکمِ نبوی کی مخالفت کرتے ہوئے اُس کی تعمیل نہ کی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف نو (9) (Nine) افراد کے درمیان تنہا رہ گئے جن میں سات انصاری اور دو قریشی تھے، دسویں خود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے، جب مشرکین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہجوم کیا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ''یا اللہ اُس شخص پر اپنی رحمتیں نازل فرما جو اِنہیں ہم سے دور کرے''، یہ سن کر ایک انصاری آگے بڑھا، کچھ دیر قِتال کیا اور شہید ہو گیا، اِس طرح ایک-ایک کر کے ساتوں انصاری صحابہ رضی اللہ عنہم

1. مسند احمد (عربی)، 7/418-419، رقم: 4414

شہید ہوگئے، یہ دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ہم نے اپنے ساتھیوں سے انصاف نہیں کیا۔''

تھوڑی دیر بعد ابوسفیان آیا (جنہوں نے اُس وقت تک اِسلام قبول نہیں کیا تھا) اور 'ہُبل کی جئے کاری' کا نعرہ لگانے لگا، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم اِسے جواب دو کہ ''اللہ ہی بلند و برتر اور بزرگ ہے''، ابوسفیان کہنے لگا کہ ''ہمارے پاس 'عُزّیٰ (ایک بُت)' ہے، تمہارا کوئی 'عُزّیٰ' نہیں،'' نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اِسے جواب دو کہ اللہ ہمارا مولا ہے اور کافروں کا کوئی مولا نہیں۔'' پھر ابوسفیان نے کہا، آج کا دِن ''جنگِ بدر'' کا بدلہ ہے، ایک دِن ہمارا اور ایک دِن ہم پر، ایک دِن ہمیں تکلیف ہوئی اور ایک دِن ہم خوش ہوئے، حنظلہ - حنظلہ کے بدلے، فلاں فلاں کے بدلے اور فلاں فلاں کے بدلے، ''نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں اور ہم میں پھر بھی کوئی برابری نہیں، ہمارے مقتولین زندہ ہیں اور رزق پاتے ہیں جب کہ تمہارے مقتولین جہنم کی آگ میں سزا پاتے ہیں۔''

پھر ابوسُفیان نے کہا کہ ''کچھ لوگوں کی لاشوں کا 'مثلہ' کیا گیا ہے، یہ ہمارے سرداروں کا کام نہیں ہے، میں نے اِس کا حکم دیا اور نہ ہی اِس سے روکا، میں اِسے پسند کرتا ہوں اور نہ ہی ناگواری ظاہر کرتا ہوں، مجھے یہ برا لگا اور نہ ہی خوشی ہوئی۔'' صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے جب دیکھا تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا پیٹ چاک کر دیا گیا تھا، اور ابوسُفیان کی بیوی ہِند (یعنی ابو یزید معاویہ کی ماں) نے اُن کا جگر نکال کر اُسے چبایا تھا لیکن اُسے کھا نہیں سکی تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کی لاش دیکھ کر پوچھا، ''کیا اُس نے اِس میں سے کچھ کھایا بھی ہے؟'' صحابہ رضی اللہ عنہم نے بتایا: ''نہیں''، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ جل جلالہ حمزہ رضی اللہ عنہ کے جسم کے کسی حصّے کو آگ میں داخل نہیں کرنا چاہتا''، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کی لاش کو سامنے رکھ کر اُن کی نمازِ جنازہ پڑھائی، پھر ایک انصاری کا جنازہ لایا گیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں رکھ دیا گیا، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کی بھی نمازِ جنازہ پڑھائی، پھر انصاری کا جنازہ اُٹھا لیا گیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ وہیں رہنے دیا گیا۔ پھر ایک اور جنازہ لا کر حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں رکھا گیا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کی نمازِ جنازہ بھی پڑھائی، پھر اُس کا جنازہ اُٹھا لیا گیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ وہیں رہنے دیا گیا، اِس طرح اُس دن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ ستّر مرتبہ ادا کی گئی۔[1]

''مسند احمد'' کے محقق 'احمد محمد شاکر نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے۔[2]

1. مسند احمد (اردو)، 2/765-766، رقم: 4414
2. مُسند احمد (عربی)، 4/250-251، رقم: 4414

تاریخِ طبری کی ایک روایت
ابوسُفیان نے سیّدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش میں نیزہ مارا

تاریخِ طبری میں اُحد کا ایک واقعہ یوں نقل ہے:



سنة ٣ ٧١

حدّثنا ابنُ حميد ، قال : حدّثنا سلمة ، عن ابن إسحاق ، قال في حديثه : لمّا أخاف عمرُ أبا سفيان قال له أبو سفيان : هلمّ يا عمر ، فقال له رسولُ الله ﷺ : إيتِه فانظرْ ما شأنه ؟ فجاءه فقال له أبو سفيان : أنشدُك الله يا عمر ، أقتلنا محمداً ؟ فقال عمر : اللهمّ لا ، وإنه ليسمع كلامَك الآن ، فقال : أنت أصدق عندي من ابن قَمِئة وأبرّ ، لقول ابن قمئة لهم : إنّي قتلت محمداً . ثمّ نادى أبو سفيان ، فقال : إنّه قد كان في قتلاكم مُثْلٌ والله ما رضيت ولا سخطت ، ولا نهيت ولا أمرت .

وقد كان الحُلَيْس بن زَبّان أخو بني الحارث بن عبد مَناة ، وهو يومئذ سيّد الأحابيش ، قد مرّ بأبي سفيان بن حرب ، وهو يضرب في شِدْق حمزة بزُجّ الرّمح ، وهو يقول : ذُقْ عُقَقْ ! فقال الحُلَيْس : يا بني كنانة ، هذا سيّد قريش يصنع بابن عمّه كما ترون لحماً ! فقال : اكتمها ، فإنّها كانت زَلّة ، فلمّا انصرف أبو سفيان ومَنْ معه نادى : إنّ موعدَكم بدر للعام المقبل ، فقال رسولُ الله ﷺ لرجل من أصحابه : قل نعمْ هي بيننا وبينك موعد .

ثم بعث رسولُ الله ﷺ عليّ بن أبي طالب عليه السّلام ، فقال : اخرُجْ في آثار القوم فانظر ماذا يصنعون ، وماذا يريدون ! فإن كانوا قد اجتنبوا الخيل ، وامتطوا الإبل ، فإنّهم يريدون مكّة ، وإن ركبوا الخيل ، وساقوا الإبل ، فهم يريدون المدينة ، فوالّذي نفسي بيده ، لئن أرادوها لأسيرنّ إليهم فيها ثم لأناجزنّهم . قال عليّ : فخرجت في آثارهم أنظر ماذا يصنعون ، فلما اجتنبوا الخيل وامتطوا الإبل توجّهوا إلى مكّة ، وقد كان رسولُ الله ﷺ قال : أيّ ذلك كان فأخْبِرْه حتى تأتيني . قال عليٌّ عليه السلام : فلما رأيتهم قد توجّهوا إلى مكّة أقبلت أصيح ، ما أستطيع أن أكتم الذي أمرني به رسولُ الله ﷺ لما بي من الفَرَح ، إذ رأيتهم انصرفوا إلى مكّة عن المدينة .

وفرغ الناس لقتلاهم ، فقال رسولُ الله ﷺ - كما حدّثنا ابنُ حُميد ، قال : حدّثنا سلمة ، قال :



تاریخ طبری 645 جلد اول

ابن اسحٰق اپنے بیان میں کہتے ہیں کہ جب عمرؓ نے ابوسفیان کو جواب دیا تو اُس نے اُن سے کہا کہ ذرا یہاں آؤ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے کہا کہ جاؤ دیکھو وہ کیا کہتا ہے، عمرؓ اس کے پاس آئے، ابوسفیان نے اُن سے کہا اے عمرؓ! میں تم کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ تم سچ بتاؤ کہ کیا واقعی ہم نے محمد (ﷺ) کو قتل کر دیا ہے؟ عمرؓ نے کہا بخدا ہرگز نہیں وہ اس وقت بھی تمہاری گفتگو سن رہے ہیں۔ ابوسفیان نے کہا تم کو میں ابن قمئہ سے زیادہ صادق القول سمجھتا ہوں اور اس کے اس دعوے کے مقابلہ میں کہ اُس نے محمد کو قتل کر دیا ہے تمہارے بیان کو زیادہ صحیح سمجھتا ہوں، اس کے بعد اُس نے بلند آواز میں کہا تمہارے مقتولین میں مقطوع الاعضاء لوگ ہیں مگر میں نے نہ اس کی اجازت دی تھی اور نہ ممانعت کی تھی، اسی لئے اس فعل کو نہ میں نے اچھا سمجھا اور نہ بُرا۔ حالانکہ بنوالحارث بن عبد مناۃ کے حلیس بن زبان نے جو اُس روز حبیش کا افسر تھا خود ابوسفیان بن حرب کو حمزہؓ کے جبڑے میں نیزے کی انی بھونک کر یہ کہتے سنا لے اس کا مزہ چکھ اور پھر اُس نے کہا اے بنو کنانہ دیکھتے ہو یہ قریش کا سردار اپنے عزیز قریب کے ساتھ وہ سلوک کر رہا ہے جو ذبح کردہ جانور کے گوشت کے

تاریخ طبری 646 جلد اول

ساتھ کیا جاتا ہے۔ ابوسفیان نے اُس سے کہا خاموش رہو، اس بات کو اب کسی سے بیان نہ کرنا یہ مجھ سے لغزش ہو گئی۔

''ابن اسحاق اپنے بیان میں کہتے ہیں کہ جب عُمر رضی اللہ عنہ نے ابوسُفیان کو جواب دیا تو اُس نے اُن سے کہا کہ ''ذرا یہاں آؤ''، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے کہا کہ ''جاؤ! دیکھو وہ کیا کہتا ہے'' عُمر رضی اللہ عنہ اُس کے پاس آئے، ابوسُفیان نے اُن سے کہا، ''اے عُمر! میں تم کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ تم سچ بتاؤ کہ کیا واقعی ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا؟'' ''عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، ''بخدا، ہرگز نہیں، وہ اِس وقت بھی تمہاری گفتگو سُن رہے ہیں'' ابوسفیان نے کہا، ''تم کو میں ابن قمیئہ سے زیادہ صادق القول سمجھتا ہوں اور اُس کے اِس دعوے کے مقابلہ میں کہ اُس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا ہے تمہارے بیان کو زیادہ صحیح سمجھتا ہوں''، اِس کے بعد اُس نے بلند آواز میں کہا، ''تمہارے مقتولین میں 'مقطوع الاعضاء' لوگ ہیں (یعنی مقتولین کے اعضاء کاٹ دیے گئے ہیں)، مگر میں نے نہ اُس کی اِجازت دی تھی اور نہ ممانعت کی تھی، اِس لیے اِس فعل کو نہ میں نے اچھا سمجھا نہ برا۔'' حالانکہ بنو حارث بن عبدِ مناۃ کے طیس بن زیان نے جو اُس روز حبوش کا افسر تھا خود ابوسفیان بن حرب کو سیّدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کے جبڑے میں نیزے کی اَنی بھونک کر یہ کہتے سنا، ''لے! اِس کا مزہ چکھ'' اور پھر اُس نے کہا، ''اے بنو کنانہ دیکھتے ہو، یہ قریش کا سردار اپنے عزیز قریب کے ساتھ وہ سلوک کر رہا ہے جو ذبح کردہ جانور کے گوشت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔'' ابوسُفیان نے اُس سے کہا، ''خاموش رہ، اِس بات کو اب کسی سے بیان نہ کرنا مجھ سے لغزش ہوگئی۔''(1)

1. تاریخ طبری (عربی)، 2/71
2. تاریخ طبری (اُردو)، 1/645-646

اُحد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زخم
اور
سیّدہ فاطمہ زہراء و اِمام مولا علی رضی اللہ عنہما

اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں حدیث نقل کی ہے:


بخاری شریف (جلد دوم) ۵۹۳ کتاب المغازی

(1251) - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ وَهُوَ يُسْأَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا

(1251) ابوحازم (سلمہ بن دینار) سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے اس حال میں سنا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زخم کے متعلق دریافت کیے گئے تو حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم میں

بخاری شریف (جلد دوم) ۵۹۳ کتاب المغازی

وَالْمَاءُ يُسْكَبُ فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الْمَاءَ لَا يَزِيدُ الدَّمَ إِلَّا كَثْرَةً أَخَذَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ فَأَحْرَقَتْهَا وَأَلْصَقَتْهَا فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَئِذٍ وَجُرِحَ وَجْهُهُ وَكُسِرَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ

پہچانتا ہوں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زخم مبارک دھوتا تھا اور کون پانی ڈالتا تھا اور کس چیز سے دوائی کی گئی۔ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت فاطمۃ الزہرا بنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے زخم کو دھوتی تھیں اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ڈھال کے ساتھ پانی ڈالتے تھے۔ جب حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام نے دیکھا کہ پانی سے خون زیادہ بہہ رہا ہے تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اور اس کو جلایا اور اس سے زخم بھر دیا تو خون رک گیا۔ غزوہ احد کے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے والے چار دانتوں کو شہید کر دیا گیا اور آپ کے چہرہ پرنور کو زخمی کر دیا گیا اور آپ کے سر مبارک کا خود توڑ دیا گیا۔

نوٹ: اِس حدیث میں اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے سیّدہ فاطمہ کے نام کے ساتھ ''علیہا السلام'' لکھا ہے۔

ترجمہ

ابو حازِم (سلمہ بن دینار) سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے اِس حال میں سنا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زخم کے متعلق دریافت کیے گئے تو حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں پہچانتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زخم مبارک دھوتا تھا اور کون پانی ڈالتا تھا اور کس چیز سے دوائی کی گئی۔ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام بنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے زخم کو دھوتی تھیں اور حضرت علیّ المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ڈھال کے ساتھ پانی ڈالتے تھے۔ جب حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام نے دیکھا کہ پانی سے خون زیادہ بہہ رہا ہے تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اور اُس کو جلایا اور اُس سے زخم بھر دیا تو خون رُک گیا۔ غزوۂ اُحد کے دِن آپ کے سامنے والے چار دانتوں کو شہید کر دیا گیا اور آپ کے چہرۂ پرنور کو زخمی کر دیا گیا اور آپ کے سر مبارک کا خود (سر پر پہننے کی لوہے کی ٹوپی) توڑ دیا گیا۔[1]

1. صحیح بخاری (اردو)، 2/593-594، رقم: 1251، انٹرنیشنل نمبر: 3703

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا اہلِ بیت کے ناموں کے ساتھ لفظ ''علیہ السلام'' کا استعمال

٢٥ - باب ما اصاب النبي ﷺ من الجراح يوم أحد

٤٠٧٣ - حدثنا إسحاق بن نصر حدثنا عبد الرزاق، عن معمر، عن همام سمع أبا هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ اشتد غضب الله على قوم فعلوا به ... بشر أبي رباعية ... اشتد غضب الله على رجل قتله رسول الله ﷺ في سبيل الله

٤٠٧٤ - حدثني محمد بن مالك حدثنا يحيى بن سعيد الأموي حدثنا ابن جريج، عن عمرو بن دينار، عن عكرمة، عن ابن عباس رضي الله عنهما قال اشتد غضب الله على من قتله نبي ﷺ في سبيل الله، اشتد غضب الله على قوم دموا وجه نبي الله ﷺ [الحديث ٤٠٧٤ - طرفه في: ٤٠٣٦]

٢٦ - باب

٤٠٧٥ - حدثنا عبد الله بن يوسف حدثنا يعقوب، عن أبي حازم أنه سمع سهل بن سعد، وهو يسأل عن جرح رسول الله ﷺ، فقال ... وأنا أعرف من كان يغسل جرح رسول الله ﷺ، ومن كان يسكب الماء ... فقال كانت فاطمة عليها السلام بنت رسول الله ﷺ تغسله، والمجن يسكب الماء بالمجن، فلما رأت فاطمة أن الماء لا يزيد الدم إلا كثرة، أخذت قطعة من حصير، فأحرقتها، فألصقتها، فاستمسك الدم، وكسرت رباعيته يومئذ، وجرح وجهه، وكسرت البيضة على رأسه [طرفه في ٢١٣]

٤٠٧٦ - حدثني عمرو بن علي حدثنا أبو عاصم حدثنا ابن جريج، عن عمرو بن دينار، عن عكرمة، عن ابن عباس قال اشتد غضب الله على من قتله نبي، واشتد غضب الله على من دمى وجه رسول الله ﷺ. [طرفه في ٤٠٧٤]

٢٧ - باب ﴿الذين استجابوا لله والرسول﴾ [آل عمران: ١٧٢]

٤٠٧٧ - حدثنا محمد حدثنا أبو معاوية، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة رضي الله عنها ﴿الذين استجابوا لله والرسول من بعد ما أصابهم القرح للذين أحسنوا منهم واتقوا أجر عظيم﴾ قالت لعروة يا ابن أختي، كان أبواك منهم الزبير وأبو بكر، لما أصاب رسول الله ﷺ ما أصاب يوم أحد وانصرف عنه المشركون خاف أن يرجعوا، قال من يذهب في إثرهم؟ فانتدب منهم سبعون رجلاً، قال كان فيهم أبو بكر والزبير

٢٨ - باب من قتل من المشركين يوم أحد، منهم: حمزة بن عبد المطلب، والمهاجر، وأنس بن النضر، وخيثمة بن الحسن

٤٠٧٨ - حدثني عمرو بن علي حدثنا معاذ بن هشام قال حدثني أبي، عن قتادة قال ما علمنا حياً من أحياء العرب، أكثر شهداء أعز يوم القيامة من الأنصار

قال قتادة وحدثنا أنس بن مالك أنه قتل منهم يوم أحد سبعون، ويوم بئر معونة سبعون، ويوم اليمامة سبعون، قال وكان بئر معونة على عهد رسول الله ﷺ، ويوم اليمامة على عهد أبي بكر، يوم مسيلمة الكذاب



امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث میں سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے نام کے ساتھ لفظ ''علیہا السلام'' استعمال کیا ہے۔

صحیح مسلم کی احادیث

امام مسلم نے بھی ایسی ہی حدیث دوسرے طریق سے روایت کی ہے:

ترجمہ

ابو حازِم بیان کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے جنگِ اُحد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زخمی ہونے کے متعلق سوال کیا گیا، اُنہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرۂ انور زخمی ہو گیا تھا اور سامنے کا ایک دانت ٹوٹ گیا تھا اور سر مبارک پر خود (لوہے کی ٹوپی) ٹوٹ گیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا (آپ کے چہرے سے) خون دھو رہی تھیں اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما ڈھال میں پانی لا کر ڈال رہے تھے، جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے یہ دیکھا کہ پانی ڈالنے سے تو خون زیادہ نکل رہا ہے، تو اُنہوں نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لے کر جلایا اور اُس کی راکھ زخم پر لگا دیا، پھر خون بند ہو گیا۔[1]

1. صحیح مسلم (اردو)، s2/557-558، رقم: 4618-4619-4620، انٹرنیشنل نمبر: 4642-4643-4644

باب - 7

صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ

خلیفۂ راشد سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور آپ رضی اللہ عنہ کا اپنی خلافت کے دور میں ہوئی تمام جنگوں میں حق پر ہونا صحیح احادیث کی روشنی میں واضح ہو چکا ہے اور یہی اہلِ سنّت کا عقیدہ ہے۔ اب جب مولا علی رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کی تو پھر خلیفۂ راشد سیّدنا اِمام حسن نے اُن کے ساتھ صلح کیوں کی؟

- کیا اِمام حسن رضی اللہ عنہ شروع سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح چاہتے تھے؟
- کیا صلح کی پیشکش اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے کی تھی؟
- کیا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جن سے اُن کے والد مولا علی رضی اللہ عنہ نے جنگ لڑی تھی، اُن کی 'بیعتِ اِطاعت' کر لی تھی؟ اِن تمام سوالوں کے جواب اِس باب میں پیش کیے جا رہے ہیں۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جن سے مولا علی رضی اللہ عنہ نے جنگ کی اُن سے سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کیوں کی؟

اب سوال یہ اُٹھتا ہے کہ جب سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کی اور اُس جنگ میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ بزبانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق پر تھے اور یہ جنگ قرآن کی تاویل پر تھی تو پھر سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے دشمن سے صلح کیوں کی؟

قارئینِ کرام! پھر سے ایک بار یہ بات ذہن میں رکھ لیجیے کہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے جس کو ہم قرآن سے ثابت کریں گے۔

اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا قرآن پر عمل:
صلحِ اِمام حسن میں

شہادتِ اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کے بعد جب سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو صحابۂ کرام نے خلیفہ نامزد کیا تو سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے والدِ گرامی مولا علی رضی اللہ عنہ کے طریقے پر چلتے ہوئے اِسی ''سورۂ حجرات'' کی آیت پر عمل کرتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کی تیّاری شروع کر دی۔

قارئینِ کرام! یہاں غور کیجیے گا! امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بغاوت کو کچلنے کی تیّاری اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے بھی شروع کر دی، یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو جنگ کی دعوت اِمام حسن رضی اللہ عنہ دے رہے ہیں۔ یعنی اِمام حسن رضی اللہ عنہ ''سورہ حجرات'' کی آیت اور مولا علی رضی اللہ عنہ کی سنّت پر عمل پیرا تھے اور چالیس ہزار کے لشکر کے ہمراہ جنگ کے لیے تیّار تھے۔ تو پھر ایسا کیا ہوا کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کی؟ کیا وہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خود سے زیادہ خلافت کا اہل سمجھتے تھے؟ بالکل نہیں۔

مگر حقیقت میں یوں ہوا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُس وقت خود سامنے سے چل کر اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو صلح کا پیغام بھیجا جس سے اِمام حسن رضی اللہ عنہ قرآن کی ''سورہ انفال'' کی آیت 61 پر عمل پیرا ہوئے جو اِس طرح ہے:

۞ وَإِن جَنَحُوا۟ لِلسَّلْمِ فَٱجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى ٱللَّهِ ۚ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٦١﴾

اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں (صلح چاہیں) تو تم بھی جھکو اور اللہ پر بھروسہ رکھو، بیشک وہی ہے سنتا جانتا۔

وَإِن يُرِيدُوٓا۟ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ ٱللَّهُ ۚ هُوَ ٱلَّذِىٓ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِۦ وَبِٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾

اور اگر وہ تمہیں فریب دینا (دھوکا دینا) چاہیں تو بیشک اللہ تمہیں کافی ہے، وہی ہے جس نے تمہیں زور دیا (قوت دی) اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا۔[1]

1. سورۃ الانفال، 8:61-62، ترجمہ: کنز الایمان

اِس ''سورۂ اَنفال'' میں اللہ کافروں کے بارے میں اِس آیت - 61 کے ماتحت فرما رہا ہے کہ اگر وہ یعنی کافر سامنے سے صلح کی پیشکش کریں تو تم بھی اُن سے صلح کر لو۔

قارئین کرام! جب قرآن میں اللہ کافروں سے صلح کا یہ حکم دے رہا ہے تو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کا گروہ تو مسلمان ہے جب وہ سامنے سے صلح کی پیشکش کرتے تو پھر اِمام حسن رضی اللہ عنہ قبول کیوں نہ کرتے؟ کیوں کہ اگر قبول نہ کرتے تو یہ قرآن کی خلاف ورزی ہوتی اور قرآن کی تفسیر کو اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ، اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور اِمام حسین رضی اللہ عنہ سے زیادہ کون سمجھے گا کہ جو صاحبِ قرآن کے سائے میں پلے بڑے ہیں۔

ہم یہاں پر مشہور اہل حدیث عالم مولانا اِسحاق صاحب کے خطبوں کی کتاب 'مقصدِ حسین' سے ''سورہ انفال'' کی آیت 61 اور 62 کی تفسیر بیان کر رہے ہیں، مولانا اِسحاق صاحب فرماتے ہیں:

'اب ذرا سورہ انفال کی آیت 61 اور 62 پڑھیں، جو لوگ شروع سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دشمنی کر رہے تھے اور اُن کی عداوت چھپی ہوئی نہ تھی، اُن کے بارے میں اللہ عزوجل نے فرمایا کہ اِن لوگوں کی دشمنی اگرچہ بالکل واضح ہے اور آئندہ بھی باز آنے والے نہیں ہیں، یہ دھوکا کریں گے، اُن سب باتوں کے باوجود حکم ہوا کہ اگر کفّار آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حالتِ جنگ میں بھی صلح کی پیشکش کریں تو اُن سے صلح کرلیں، اِسلام پر عمل کرنا پُل صراط سے گزرنا ہے، اسلام اخلاقیات کا پابند ہے جب کہ سیاسی چالیں اور ہیں۔ اگر کفّار سے اُن کی پیشکش کے باوجود صلح نہ کریں تو اُن کو یہ پروپیگنڈہ کرنے کا موقع مل جائے گا کہ مسلمان دہشت گرد ہیں صلح سے نفور ہیں اور صرف فساد چاہتے ہیں۔ فرمایا اگر کافر صلح کی طرف مائل ہو تو تم بھی صلح کی طرف مائل ہو جاؤ اور خدا پر بھی بھروسہ رکھو (اگرچہ اللہ عزوجل کو معلوم ہے کہ کفّارِ مکّہ اور یہود باز نہ آئیں گے مگر صلح کا حکم فرمایا کیوں کہ صلح نہ کرنے سے بدنامی ہوگی، اللہ عزوجل سب کچھ دیکھنے والا جاننے والا ہے، اگر کافر صلح کے پردے میں دھوکہ دینے کا اِرادہ رکھتے ہیں اور یہ صلح صرف چال ہے تو آپ یہ بدنامی نہ لیں کہ مسلمان صلح کرنا جانتے نہیں ہیں) اللہ تیرے لیے کافی ہے۔

یہ قرآن کا ہی حکم تھا کہ خندق کی جنگ لڑنے اور کفّار کو بے بس کر دینے کے بعد حُدیبیہ کے مقام پر کفّار نے صلح کی پیشکش کی تو فوراً منظور فرمائی ورنہ اشارہ فرماتے تو جانثار کفّار کی بوٹیاں اُڑا دیتے کیوں کہ وہ کافر وہی تو تھے جو کئی دفعہ

چکے تھے۔ مگر خدا تعالیٰ نے فرمایا 'صلح کر لیں' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح کی اور ایسی شرطوں پر کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے محدّث نے اُن شرطوں پر احتجاج کیا جیسے اللہ عزوجل نے پہلے ہی فرما دیا تھا، کفّار نے صلح کے بعد دھوکا کیا اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے صلح کرنے والوں نے بھی دھوکا کیا۔

اِس کے بعد مولانا اِسحاق صاحب آگے فرماتے ہیں:

'کچھ مؤرخین (Historian) نے جھوٹ لکھا کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بنتے ہی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو صلح کی پیشکش کے خط لکھنا شروع کر دیے۔ صحیح بخاری اور دوسری کتابیں پڑھو، کیا حسن رضی اللہ عنہ نے ایک بار بھی صلح کی پیشکش کی؟

مؤرخین نے مزید یہ جھوٹ بولا کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بزدِل آدمی تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بھی اُن کو جنگ سے روکتے رہے۔ اِس طرح جھوٹ لکھ لکھ کر سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کی شخصیت کو داغ دار کر دیا جب کہ حقیقت یہ ہے کہ سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ نے ایک دِن بھی امیر معاویہ کو صلح کی پیشکش نہیں کی بلکہ خود امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے صلح کی پیشکش کی تھی۔'[1]

قارئین کرام! ایک اہلِ حدیث عالم نے یہاں برجستہ حق بلند کیا کہ جس طرح صلح حُدیبیہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کیا بالکل اُسی طرح سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو جب امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے سامنے سے صلح کی پیشکش کی تو اُسے قبول کر کے قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت پر عمل کیا اور جس طرح مولا علی رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کر کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے 'قرآن کی تاویل کے لیے جنگ کرے گا' الفاظ کو سچا ثابت کیا بالکل اُسی طرح سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کر کے فرمانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ 'میرا یہ بیٹا سردار ہے اور مجھے امید ہے کہ اللہ عزوجل اِس کے ذریعے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کروا دے گا' الفاظ کو سچا ثابت کیا۔

1. مولانا محمد اسحاق، مقصد حسین (اردو)، صفحہ: 242 سے 243

صلح کا واقعہ

جیسے ہی صحابہ اور تابعین کی ایک بڑی جماعت نے سیّدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو خلیفہ منتخب کیا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اہلِ شام کے ساتھ امیر المؤمنین سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سے جنگ کرنے روانہ ہو گئے۔ چنانچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے اِس اقدام پر مولانا شاہ معین الدّین احمد ندوی لکھتے ہیں:

'جنابِ امیر (سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ) اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں بہت قدیم اختلاف چلا آرہا تھا۔ امیرِ معاویہ رضی اللہ عنہ اُن کی حیات ہی میں عالمِ اسلام پر حکومت کرنے کا خواب دیکھ رہے تھے لیکن جناب امیر علیہ السلام کی زندگی میں یہ خواب منّت کش تعبیر نہ ہوا، آپ کی وفات کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ جذبہ دفعتاً نہایت شدّت سے اُبھر آیا۔[1]

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے پہلے عبد اللہ بن عامر بن کُریز کو 'مقدّمۃ الجیش' کے طور پر آگے روانہ کر دیا اور پھر خود بھی فوج لے کر پہنچ گئے۔ افسوس کہ اُنہوں نے اِس کا کچھ خیال نہ کیا کہ فرزندِ رسول جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لختِ جگر ہیں، اُن پر حملہ اور فوج کشی کرنا کیسا ہے؟ اور اُن کی اولاد و خاندان پر اِس کا کیا اثر پڑے گا؟ اِدھر امیر المؤمنین سیّدنا امام حسن علیہ السلام اہلِ عراق کے ساتھ روانہ ہوئے، اللہ عزوجل کا اِرشاد ہے:

فَقَٰتِلُواْ ٱلَّتِي تَبۡغِي حَتَّىٰ تَفِيٓءَ إِلَىٰٓ أَمۡرِ ٱللَّهِۚ

''تو اُس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ عزوجل کے حکم کی طرف پلٹ آئے۔''[2]

چنانچہ ارضِ کوفہ کی ایک منزل پر دونوں کا آمنا سامنا ہوا جہاں امیر المؤمنین سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ پہاڑوں سا لشکر لے کر آئے۔

1. معین الدین احمد فی سیر الصحابۃ (اردو): 04/21
2. سورۃ الحجرات، 49:09، ترجمہ: کنز الایمان

اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کی پیشکش نہیں کی :
صحیح بخاری کی حدیث

اِمام حسن رضی اللہ عنہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں پہاڑوں جیسا لشکر لے کر جنگ کرنے آئے اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو سامنے سے صلح کا پیغام بھیجا، اِس بات کو واضح کرنے کے لیے ہم کوئی تاریخی حوالہ نہیں پیش کر رہے ہیں بلکہ اہلِ سنّت کی حدیث کی اوّل درجے کی کتاب 'صحیح بخاری' کی ایک حدیث پیش کر رہے ہیں :

صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ صحیح بخاری سے

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيمَتَيْنِ وَقَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ

(فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا)

٢٥١٦ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ اسْتَقْبَلَ وَاللَّهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ مُعَاوِيَةَ بِكَتَائِبَ أَمْثَالِ الْجِبَالِ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ إِنِّي لَأَرَى كَتَائِبَ لَا تُوَلِّي حَتَّى تُقْتَلَ أَقْرَانُهَا فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ وَكَانَ وَاللَّهِ خَيْرَ الرَّجُلَيْنِ أَيْ عَمْرُو إِنْ قَتَلَ هَؤُلَاءِ هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ هَؤُلَاءِ مَنْ لِي بِأُمُورِ النَّاسِ مَنْ لِي بِنِسَائِهِمْ مَنْ لِي بِضَيْعَتِهِمْ فَبَعَثَ إِلَيْهِ وَجُنْدَبِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَمُرَةَ وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ كُرَيْزٍ فَقَالَ الْحَقَا بِي هَذَا الرَّجُلِ فَاعْرِضَا عَلَيْهِ وَقُولَا لَهُ وَاطْلُبَا إِلَيْهِ فَأَتَيَاهُ فَدَخَلَا عَلَيْهِ فَتَكَلَّمَا قَبْلَ لَا يَكُ فَطَلَبَا إِلَيْهِ فَقَالَ لَهُمَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ إِنَّا بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَدْ أَصَبْنَا مِنْ هَذَا الْمَالِ وَإِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ قَدْ عَاثَتْ فِي دِمَائِهَا قَالَا فَإِنَّهُ يَعْرِضُ عَلَيْكَ كَذَا وَكَذَا وَيَطْلُبُ إِلَيْكَ وَيَسْأَلُكَ قَالَ فَمَنْ لِي بِهَذَا قَالَا نَحْنُ لَكَ بِهِ فَمَا سَأَلَهُمَا شَيْئًا إِلَّا قَالَا نَحْنُ لَكَ بِهِ فَصَالَحَهُ فَقَالَ الْحَسَنُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ يَقُولُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ إِلَى جَنْبِهِ وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ مَرَّةً وَعَلَيْهِ أُخْرَى وَيَقُولُ إِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بِهَذَا تَبَيَّنَ لَنَا سَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ أَبِي بَكْرَةَ بِهَذَا الْحَدِيثِ

الْمُسْلِمِينَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بِهَذَا تَبَيَّنَ لَنَا سَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ أَبِي بَكْرَةَ

باب ۱۶۸۵: نبی اکرم ﷺ کا حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے لئے فرمان کہ میرا یہ بیٹا سردار ہے یقیناً اللہ تعالیٰ اُن کے ذریعے دو بڑی جماعتوں کے درمیان صلح کرا دے گا اور اللہ تعالیٰ جلّ ذکرہ کا فرمان اُن کے درمیان صلح کراؤ

(۲۵۱۶) ابو موسیٰ (اسرائیل بن موسیٰ بصری) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا۔ اللہ کی قسم حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے پہاڑوں کی طرح لشکر لے کر آئے ہیں۔ عمرو بن عاص نے کہا میں دیکھتا ہوں وہ ایسا لشکر لے کر آئے ہیں جب تک وہ اپنے مدمقابل کا صفایا نہ کر دیں اس وقت تک واپس نہ جائیں گے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بارہ مردوں (معاویہ اور عمرو بن عاص) سے بہتر تھے، عمرو بن عاص سے کہا اگر حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے لشکر نے ہمارے لشکر کو اور ہمارے لشکر نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے لشکر کو قتل کر دیا تو لوگوں کے امور کی نگرانی کون کرے گا۔ (یعنی دونوں لشکروں پر اللہ کے نزدیک میں ہی مطالبہ کیا جاؤں گا)۔ اُن کی عورتوں کی کفالت کون کرے گا۔ اُن کی جائیدادوں یا اُن کے بچوں اور بڑھوں کی حفاظت کون کرے گا۔ اور اُن کی طرف قریش کے قبیلہ بنو عبس سے دو آدمی عبدالرحمٰن بن سمرہ (بن حبیب) اور عبداللہ بن عامر بن کریز بھیجے۔ امیر معاویہ نے کہا تم دونوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور صلح پیش کرو اور اُن سے بات کرو اور اُن کو صلح کی طرف مائل کرو۔ وہ دونوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور اُن سے بات چیت کی اور صلح کرنا چاہی۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے اُن دونوں سے فرمایا۔ ہم عبدالمطلب کی اولاد ہیں۔ (یعنی بزرگ ہماری جماعت ہے) اور یہ مال ہم نے (بسبب خلافت) حاصل کیا (جو ہم مال دولت پر خرچ کرتے ہیں) اور یہ امت اپنے خونوں میں تبتر جائے گی (یعنی ایک دوسرے کو قتل کریں گے)۔ اُن دونوں نے کہا امیر معاویہ آپ کے سامنے صلح پیش کرتے ہیں۔ اور آپ کے ساتھ صلح چاہتے ہیں۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کا ضامن کون ہوگا۔ اُن دونوں نے کہا ہم (جو بات کر رہے ہیں) اس کے ضامن ہیں۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے جس چیز کے متعلق دریافت کیا انہوں نے کہا ہم اس کی ذمہ داری لیتے ہیں۔ لہٰذا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ سے صلح کر لی۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابوبکرہ (نفیع بن حارث) کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر شریف پر دیکھا اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ آپ کے پہلو میں تھے۔ آپ ﷺ ایک بار لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور کبھی ان کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے میرا یہ بیٹا سردار ہے اور بالیقین اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان صلح کرا دے گا۔ ابو عبداللہ (یعنی امام بخاری) نے کہا مجھ سے علی بن عبداللہ (مدینی) نے کہا حسن بصری کا ابوبکرہ سے سماع اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے۔

ترجمہ

ابو موسیٰ (اسرائیل بن موسیٰ بصری) سے روایت ہے اُنہوں نے کہا میں نے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا، ''اللہ عزوجل کی قسم! حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے پہاڑوں کی طرح لشکر لے کر آئے ہیں۔ عمرو بن عاص نے کہا، میں دیکھتا ہوں وہ ایسا لشکر لے کر آئے ہیں جب تک وہ اپنے مدمقابل کا صفایا نہ کر دیں اُس وقت تک واپس نہ جائیں گے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، جو دو مردوں (معاویہ رضی اللہ عنہ اور عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ) سے بہتر تھے، عمرو بن عاص سے کہا: ''اگر حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے لشکر نے ہمارے لشکر کو اور ہمارے لشکر نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے لشکر کو قتل کر دیا تو لوگوں کے اُمور کی نگرانی کون کرے گا؟ (یعنی دونوں تقدیروں پر اللہ کے نزدیک میں ہی مطالبہ کیا جاؤں گا) اُن کی عورتوں کی کفالت کون کرے گا، اُن کی جائدادوں یا اُن کے بچوں اور بوڑھوں کی حفاظت کون کرے گا؟'' اور اُن کی طرف قریش کے قبیلے بنوشمس سے دو آدمی عبد الرحمٰن بن سمرہ (بن حبیب) اور عبد اللہ بن عامر بن کُریز بھیجے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا تم دونوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور صلح پیش کرو اور اُن سے بات کرو اور اُن کو صلح کی طرف مائل کرو، وہ دونوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور اُن سے بات چیت کی اور صلح کرنا چاہی، حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے اُن دونوں سے فرمایا، ''ہم عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی اولاد ہیں (یعنی جود وسخا ہماری جبلّت ہے) اور یہ مال ہم نے (بسبب خلافت) حاصل کیا (جو ہم اہل وحواشی پر خرچ کرتے ہیں) اور یہ امّت اپنے خونوں میں لتھڑ جائے گی (یعنی ایک دوسرے کو قتل کریں گے)۔'' اُن دونوں نے کہا، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے صلح پیش کرتے ہیں اور آپ کے ساتھ صلح چاہتے ہیں۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اِس کا ضامن کون ہوگا؟'' اُن دونوں نے کہا، ''ہم (جو بات کر رہے ہیں) اُس کے ضامن ہیں۔'' حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے جس چیز کے متعلق دریافت کیا اُنہوں نے کہا، ''ہم اُس کی ذمہ داری لیتے ہیں۔'' لہٰذا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کر لی۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہا، ''میں نے ابوبکرہ (نفیع بن حارث) کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر شریف پر دیکھا اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ آپ کے پہلو میں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بار لوگوں کی طرف متوجّہ ہوئے اور کبھی اُن کی طرف متوجّہ ہو کر

فرماتے، ''میرا یہ بیٹا سردار ہے، اور بالیقین اللہ جل جلالہ ان کے ذریعے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔'' ابوعبد اللہ (یعنی اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ) نے کہا، 'مجھ سے علی بن عبد اللہ (مدنی) نے کہا، حسن بصری کا ابو بکرہ سے سماع اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے۔'[1]

تشریح

بخاری کی اِس حدیث کی تشریح میں ہم آپ کے سامنے اہلِ سنّت کے جلیل القدر محدثین و شارح کی روایتیں پیش کر رہے ہیں:

- **اِس حدیث میں مذکور ہے:**

1. **فقال عمرو ابن العاص إني لأرى كتائب لا تولى حتى تقتل أقرانها**

ترجمہ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا: ''میں دیکھتا ہوں وہ ایسا لشکر لے کر آئے ہیں جب تک وہ اپنے مدّ مقابل کا صفایا نہ کر دیں اُس وقت تک واپس نہ جائیں گے۔''

اِس سے معلوم ہوا کہ اہلِ شام نے سوچا اِمام حسن رضی اللہ عنہ جو کچھ بھی ہوں گے علی رضی اللہ عنہ تو نہ ہوں گے سو آپ رضی اللہ عنہ پر فوج کشی کر دی معاذ اللہ! اِمام حسن رضی اللہ عنہ علی رضی اللہ عنہ تو نہ تھے پر آپ صرف حسن رضی اللہ عنہ بھی نہ تھے، آپ رضی اللہ عنہ مولا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و مولا علی رضی اللہ عنہ کے شہزادے تھے جنہیں نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہیبت و سرداری عطا فرمائی تھی اور مزید یہاں آپ کے ساتھ پہاڑوں سا لشکر تھا جس نے ایک بار پھر جنگِ صفّین کی یاد دلا دی جس کے پیشِ نظر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ اپنے مخالفین کو مارے بغیر نہیں لوٹے گا، چنانچہ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جو کام صفّین میں کیا تھا یعنی قرآن کو نیزوں پر اُٹھا کر مولا علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں پھوٹ ڈال کر اپنی جانیں اور حکومتِ شام بچا لی تھی ٹھیک اُسی طرح یہاں بھی صلح کی پیشکش کر دی۔

---

1. صحیح بخاری (اردو)، 1/1072-1073، رقم: 2516، انٹرنیشنل نمبر: 2704 اور 7109

2. فقال له معاوية - وكان الله خير الرجلين - أي عمرو إن قتل هؤلاء هؤلاء وهؤلاء هؤلاء من لي بأمور الناس من لي بنسائهم

ترجمہ

حضرت امیر معاویہ نے عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے لشکر نے ہمارے لشکر کو اور ہمارے لشکر نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے لشکر کو قتل کر دیا تو لوگوں کے اُمور کی نگرانی کون کرے گا؟

اِس سے معلوم ہوا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اِس وقت بھی لوگوں کے اُمور کی نگرانی یعنی حکومت کے حریص تھے، وہ لوگوں پر کسی بھی حال میں حکمرانی چاہتے تھے۔

حکومت کے حرص کے بارے میں آپ خود بھی بیان کرتے ہیں:

'عبد الملک بن عمر بیان کرتے ہیں کہ خود حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں مسلسل خلافت کی حرص (طمع) میں مبتلا رہا جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: 'اے معاویہ رضی اللہ عنہ! اگر تم بادشاہ بن جاؤ تو لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنا۔'[1]



وأخرج أحمد في «مسنده» عن العرباض بن سارية: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: «اللهمّ، علّم معاوية الكتابَ والحسابَ، وقِهِ العذابَ»[1].

وأخرج ابن أبي شيبة في «المصنف»، والطبراني في «الكبير» عن عبد الملك بن عُمير قال: قال معاوية: ما زلت أطمع في الخلافة منذ قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: «يا معاويةُ، إنّا ملّكْتَ.. فأحْسِن»[2].

وكان معاوية رجلاً طويلاً أبيض، جميلاً مهيباً.

وكان عمر ينظر إليه فيقول: «هذا كسرى العرب»[3].

وعن علي قال: «لا تكرهوا إمرة معاوية، فإنكم لو فقدتموه.. لرأيتم الرؤوس تندر عن كواهلها»[4].

وقال المقبري: «تعجبون من دهاء هرقل وكسرى وتدعون معاوية؟!»[5].

وكان يضرب بحلمه المثل، وقد أفرد ابن أبي الدنيا وأبو بكر بن أبي عاصم تصنيفاً في حلم معاوية.

قال ابن عون: «كان الرجل يقول لمعاوية: والله، لتستقيمن بنا يا معاوية، أو لنقومنك، فيقول: بماذا؟ فيقولون: بالخشب، فيقول: إذن تستقيم»[6].

وقال قبيصة بن جابر: «صحبت معاوية، فما رأيت رجلاً أقل حلماً، ولا أبطأ جهلاً، ولا أبعد أناة منه»[7].

ولما بعث أبو بكر الجيوش إلى الشام.. سار معاوية مع أخيه يزيد بن

(1) مسند أحمد (4/127).
(2) مصنف ابن أبي شيبة (37258)، والمعجم الكبير (19/351).
(3) أخرجه ابن عساكر في «تاريخ دمشق» (59/115)، وانظر «تاريخ الإسلام» (3/311).
(4) أخرجه ابن عساكر في «تاريخ دمشق» (59/107)، وانظر «تاريخ الإسلام» (3/311).
(5) أخرجه ابن عساكر في «تاريخ دمشق» (59/115)، وانظر «تاريخ الإسلام» (3/311).
(6) أخرجه ابن عساكر في «تاريخ دمشق» (59/168)، وانظر «تاريخ الإسلام» (3/315).
(7) أخرجه ابن عساكر في «تاريخ دمشق» (59/168)، وانظر «تاريخ الإسلام» (3/315).

٣٢٤

1. سیوطی فی تاریخ الخلفاء، (اردو)، صفحہ: 281، (عربی) صفحہ: 324

نیز علّامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، ''مروی ہے کہ: 'جب سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یہ فرمایا کہ اگر تو کبھی حکمران بن جائے تو لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنا اُس وقت سے میرے دل میں لالچ پیدا ہو گیا تھا۔''(1)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو حکومت کی اِس قدر حرص تھی کہ عوام کو بھی یہ کہنا پڑا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر حکومت کا میٹھ کوئی نہیں ملا۔ چنانچہ اِمام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی ''دلائل النّبوۃ'' اور ''تاریخِ بخاری'' میں معمر سے روایت ہے کہ:

'میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے زیادہ کسی کو حکومت کا میٹھا نہیں پایا۔

3. فقال اذهبا إلى هذا الرجل فاعرضا عليه وقولا له واطلبا إليه

ترجمہ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: 'تم دونوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور صلح پیش کرو اور اُن سے بات کرو اور اُن کو صلح کی طرف مائل کرو۔

اِس سے بھی معلوم ہوا کہ آپ کو صرف حکومت چاہیے تھی کیوں کہ آپ نے جو صلح کا پیغام بھیجا تھا اُس میں آپ نے یہ شرط پیش کی کہ 'اگر اُن کو کوئی حادثہ پیش آ گیا اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ زندہ رہیں تو وہ خلافت اُن کو سونپ دیں گے۔' جب کہ آپ کو چاہیے تھا کہ آپ امیر المؤمنین سیّدنا حسن المجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں بیعت کر کے اِس فتنے اور خوں ریزی کو روکتے نہ کہ خونِ عثمان کی آڑ میں مسلمانوں کا خون بہاتے حالانکہ جنگِ صفّین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مولا علی رضی اللہ عنہ نے خلق خدا کا ناحق خون بہانے کے بجائے باہم جنگ کرنے کو کہا تا کہ فیصلہ ہو جائے۔ چنانچہ مولانا شاہ معین الدّین احمد ندوی جنگِ صفّین کے حالات میں لکھتے ہیں کہ 'حیدرِ کرّار رضی اللہ عنہ خود فوج کے آگے تھے اور اِس جانبداری سے لڑ رہے تھے کہ حریف کی صفیں چیرتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مکسورہ تک پہنچ گئے، آپ کی زبان پر یہ رجز جاری تھا:

أضربهم ولا أرى معاويه الجاحظ العين العظيم الحاويه

قریب پہنچ کر پکار کر کہا: 'معاویہ رضی اللہ عنہ خلقِ خدا کا خون گراتے ہو تو، آؤ ہم تم باہم اپنے جھگڑوں کا فیصلہ کر لیں۔'

اس مبارزت پر عمرو بن عاص اور معاویہ رضی اللہ عنہ نے حسب ذیل مکالمہ ہوا:

1. ابن اثیر فی اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ (اردو): 05/204

عمرو بن عاص: 'بات انصاف کی ہے۔'

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ: 'خوب کیا انصاف ہے؟ تم جانتے ہو کہ جو اُس شخص کے مقابلے میں جاتا ہے پھر زندہ نہیں بچتا'۔

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: جو کچھ ہو، تاہم مقابلے کے لیے نکلنا چاہیے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ: تم چاہتے ہو کہ مجھے قتل کرا کے میرے منصب پر قبضہ کرو۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے اعراض پر عمرو بن عاص خود شیرِ خدا کے مقابلے کے لیے نکلے، دیر تک دونوں میں تیغ وسنان کا ردّ وبدل ہوتا رہا، ایک دفعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا وار کیا کہ اُس سے سلامت بچنا ناممکن تھا، عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اس بدحواسی کے ساتھ گھوڑے سے گر کے بالکل برہنہ (بن کپڑوں کے) ہو گئے۔ فاتحِ خیبر نے اپنے حریف کو برہنہ (بنا کپڑوں کے) دیکھ کر منہ پھیر لیا اور زندہ چھوڑ کر واپس چلے گئے۔[1]

خلفائے راشدین ۲۳۲

حضرت ابوالدرداء کو عثمان غنی نے قتل کیا ہے؟

امیر معاویہ: قتل تو نہیں کیا ہے، قاتلوں کو پناہ دی ہے، اگر وہ ان کو میرے سپرد کر دیں تو سب سے پہلے بیعت کرنے کو تیار ہوں۔

اس گفتگو کے بعد حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابوامامہ حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور امیر معاویہ کی شرائط سے مطلع کیا۔ اسے سن کر تقریباً تیس ہزار سپاہیوں نے علوی فوج سے نکل کر کہا کہ "ہم سب عثمان کے قاتل ہیں"۔ حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابوامامہ نے یہ رنگ دیکھا تو لشکرِ علی کو چھوڑ کر ساحلی علاقے کی طرف چلے گئے اور اس جنگ میں کوئی حصہ نہیں لیا۔

غرض پہلی رجب سے اخیر محرم ۳۷ھ تک طرفین سے سکون رہا اور کوئی قابل ذکر معرکہ پیش نہ آیا۔ آغاز صفر سے پھر از سر نو جنگ شروع ہوئی اور اس قدر خونریز لڑائیاں پیش آئیں کہ ہزاروں عورتیں بیوہ اور ہزاروں بچے یتیم ہو گئے۔ پھر بھی اس خانہ جنگی کا فیصلہ نہ ہوا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس طوالت سے تنگ آ کر اپنی فوج کے سامنے نہایت پرجوش تقریر کی اور اس کو فیصلہ کن جنگ کے لئے ابھارا۔ تمام فوج نے نہایت جوش وخروش کے ساتھ اس تقریر کو لبیک کہا اور اپنے حریف پر اس زور سے حملہ کیا کہ شامی فوج کی صفیں درہم برہم ہو گئیں اور بڑے بڑے بہادروں کے پاؤں اکھڑ گئے۔ حیدر کرار تو فوج کے آگے تھے اور اس چابکدستی سے تلوار چلا رہے تھے کہ حریف کی صفیں چیرتے ہوئے امیر معاویہ کے مقصورہ تک پہنچ گئے۔ آپ کی زبان پر یہ رجز جاری تھا:

اضربهم ولا ارى معاوية — الحاطئ العين العظيم الحاوية

قریب پہنچ کر پکار کر کہا "معاویہ! مخلوق خدا کا خون گراتے ہو، آؤ ہم تم باہم اپنے جھگڑوں کا فیصلہ کر لیں"۔

اس مبارزت پر عمرو بن العاص اور امیر معاویہ میں حسب ذیل مکالمہ ہوا:

عمرو بن العاص: بات انصاف کی ہے۔

امیر معاویہ: خوب کیا انصاف ہے؟ تم جانتے ہو کہ جو اس شخص کے مقابلہ میں جاتا ہے پھر زندہ نہیں بچتا۔

عمرو بن العاص: جو کچھ ہو، تاہم مقابلے کے لئے نکلنا چاہئے۔

امیر معاویہ: تم چاہتے ہو کہ مجھے قتل کرا کے میرے منصب پر قبضہ کرو۔

امیر معاویہ کے اعراض پر عمرو بن العاص خود شیر خدا کے مقابلے کے لئے نکلے۔ دیر تک [illegible] دفعہ حضرت علی نے ایسا وار کیا کہ اس سے سلامت [illegible] تھا۔ عمرو بن العاص اس بدحواسی کے ساتھ گھوڑے سے گر کے بالکل برہنہ ہو گئے۔

خلفائے راشدین ۲۳۳

فاتح خیبر نے اپنے حریف کو برہنہ دیکھ کر منہ پھیر لیا اور زندہ چھوڑ کر واپس چلے آئے۔

1. معین الدین احمد فی سیر الصحابہ (اردو): 01/242-243

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے خلیفہ راشد کی بیعت نہیں کی نہ ہی صلح

اِس جنگ سے پہلے بھی مولا علی رضی اللہ عنہ نے بار بار حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو سمجھاتے ہوئے صلح کی دعوت دی کہ کسی بھی طرح جنگ رُک جائے اور اُن خطوط میں سے ایک خط جو صلح کی دعوت دیتے ہوئے حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کو قاصد بنا کر اُن کے ساتھ بھیجا اُس کا مضمون یہ تھا۔

صلح کی دعوت

[illegible] یہ معلوم تھا کہ امیر معاویہ آپ کی خلافت تسلیم نہیں کریں گے تاہم اتمام حجت کے لئے ایک دفعہ پھر صلح کی دعوت دی اور جریر بن عبداللہؓ کو قاصد بنا کر بھیجا، جریر ایسے وقت میں امیر معاویہ کے پاس پہنچے کہ ان کے دربار میں رؤسائے شام کا مجمع تھا، امیر معاویہ نے خط سے پہلے خود پڑھ چکے بالآخر بلند حاضرین کو سنایا، بعد حمد و نعت کے خط کا مضمون یہ تھا۔

تم اور تمہارے زیر اثر جس قدر مسلمان ہیں، سب پر میری بیعت لازم ہے کیونکہ مہاجرین و انصار نے اتفاق عام سے مجھے منصب خلافت کے لئے منتخب کیا ہے۔ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ کو بھی انہی لوگوں نے منتخب کیا تھا۔ اس لئے جو شخص اس بیعت کے بعد سرکشی اور اعراض کرے گا وہ جبراً اطاعت پر مجبور کیا جائے گا۔ پس تم مہاجرین و انصار کی اتباع کرو یہی سب سے بہتر طریقہ ہے، ورنہ جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ۔ تم نے عثمانؓ کی

شہادت کو اپنی مقصد برآری کا وسیلہ بنایا ہے، اگر تم کو عثمانؓ کے قاتلوں سے انتقام لینے کا حقیقی جوش ہے تو پہلے میری اطاعت قبول کرو، اس کے بعد باضابطہ اس مقدمہ کو پیش کرو، میں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق اس کا فیصلہ کروں گا۔ ورنہ تم نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ محض دھوکہ اور فریب ہے۔

"تم اور تمہارے زیر اثر جس قدر مسلمان ہیں، سب پر میری بیعت لازم ہے کیوں کہ مہاجرین و انصار نے اتفاقِ عام سے مجھے منصب خلافت کے لیے منتخب کیا ہے۔ ابو بکر و عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کو بھی اِنہی لوگوں نے منتخب کیا تھا، اِس لیے کوئی شخص اس بیعت کے بعد سرکشی اور اعراض کرے گا وہ جبراً اطاعت پر مجبور کیا جائے گا۔ پس تم مہاجرین و انصار کی اتباع کرو یہی سب سے بہتر طریقہ ہے، ورنہ جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔ تم نے عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کو اپنا مقصد برآری کا وسیلہ بنایا ہے، اگر تم کو عثمان رضی اللہ عنہ کے قاتلوں سے انتقام لینے کا حقیقی جوش ہے تو پہلے میری اطاعت قبول کرو، اِس کے بعد باضابطہ اس

مقدمہ کو پیش کرو، میں کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق اس کا فیصلہ کروں گا، ورنہ تم نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ محض دھوکہ اور فریب ہے۔[1]

پر افسوس کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ہزاروں عورتوں کو بیوہ اور ہزاروں بچوں کو یتیم کرنا تو گوارہ کر لیا پر صلح نہیں کی اور صلح کرتے بھی کیسے؟ کیوں کہ یہاں تو حکومتِ شام چھوڑنی پڑتی جو کہ سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ساتھ اُموی عمال (گورنر) کو بھی اُن کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے معزول کر دیا تھا اور یہ معزول کردہ تمام اُموی العمال (گورنر) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گرد و پیش جمع ہو گئے تھے اور بعض صحابہ بھی اپنے مقاصد کے لیے اُن کے دست و بازو بن گئے تھے۔

چنانچہ حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ جو بیس بائیس (20-22) سال سے شام کے والی (گورنر) تھے اور اِس طویل حکومت نے اُن کے دِل میں استقلال و خود مختاری کی تمنا پیدا کر دی تھی، جس کے حصول کے لیے اِس سے بہتر موقعہ میسر نہیں ہو سکتا تھا سو نہ آپ نے صلح کی دعوت قبول کی نہ بیعت کی، بلکہ بغاوت پر اُتر آئے اور مولا علی رضی اللہ عنہ سے جنگ کی اور خود کو خلیفہ کے لقب سے ملقب کر لیا، اِسی طرح اُنہوں نے یہاں سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما پر بھی خروج کیا۔

4. **فقال لهما الحسن ابن علي إنا بنو عبد المطلب قد أصبنا من هذا المال وإن هذه الأمة قد عاثت في دمائها**

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا: 'ہم عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی اولاد ہیں (یعنی جود وسخا ہماری جبلّت ہے) اور یہ مال ہم نے (بسبب خلافت) حاصل کیا (جو ہم اہل وحواشی پر خرچ کرتے ہیں) اور یہ اُمّت اپنے خونوں میں لتھڑ جائے گی (یعنی ایک دوسرے کو قتل کریں گے)۔

اِس کی شرح میں علّامہ ابوالحسن علی بن خلف بن بطّال فرماتے ہیں:

'حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: 'ہم بنو عبد المطلب ہیں، ہماری فطرت میں یہ ہے کہ ہم اپنے گرد لوگوں پر کرم اور سخاوت سے کام لیں، ہم نے خلافت سے اِس مال کو حاصل کیا ہے اور لوگوں پر خرچ کرنا اور سخاوت کرنا ہماری عادت بن گئی ہے۔ اگر ہم خلافت کو چھوڑ دیں تو یہ ہماری عادت کے خلاف ہوگا اور ہمارے ساتھ جو لشکر ہے یہ لڑائی میں ماہر ہے، یہ بغیر رقم لیے ماننے والے نہیں ہیں، حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی مراد یہ تھی کہ بغیر مال خرچ کیے فتنے کو ٹھنڈا کرنا ممکن نہیں ہے، اُن دونوں نے کہا: 'ہم آپ کے لیے ہر سال اتنا مال، اتنا غلّہ اور اَناج اور اِتنے کپڑے مقرر کرتے ہیں اور اِن کے علاوہ جو آپ کی ضرورت ہو، پھر اُن دونوں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے صلح کر لی۔'[2]

---

1. معین الدین احمد فی سیر الصحابہ (اردو): 01/238-239
2. ابن بطّال فی شرح صحیح البخاری (عربی): 08/96

اِس سے یہ بھی عیاں ہو گیا کہ نواصب امام حسن رضی اللہ عنہ پر جو مال و تحفے کی تہمت لگا کر آپ رضی اللہ عنہ کی سیرت کو بگاڑنا چاہتے ہیں وہ کتنے بڑے دھوکے باز ہیں اور کس طرح سے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، گویا سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں بیچ دیا تھا، معاذ اللہ! اس طرح کی روایت میں جو کچھ کہا گیا ہے سب ناقابلِ قبول ہیں، اُن پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔

صُلح کی پیشکش امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کی تھی

- امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ 'فتح الباری' میں لکھتے ہیں:


فتح الباري
شرح
صحيح البخاري

٨٠ كتاب الفتن/ باب ٢٠

فيمكن الجمع بأنهما عرضا أنفسهما فوافقهما ولفظه هناك «فبعث إليه رجلين من قريش من بني عبد شمس» أي ابن عبد مناف بن قصي «عبد الرحمن بن سمرة» زاد الحميدي في مسنده عن سفيان بن حبيب بن عبد شمس «قال سفيان وكانت له صحبة» قلت: وهو راوي حديث «لا تسأل الإمارة» وسيأتي شيء من خبره في كتاب الأحكام. وعبد الله بن عامر بن كريز بكاف وراء ثم زاي مصغر زاد الحميدي «ابن حبيب بن عبد شمس» وقد مضى له ذكر في كتاب الحج وغيره، وهو الذي ولاه معاوية البصرة بعد الصلح، وبنو حبيب بن عبد شمس بنو عم بني أمية بن عبد شمس، ومعاوية هو ابن أبي سفيان صخر بن حرب بن أمية (فقال معاوية: اذهبا إلى هذا الرجل فاعرضا عليه) أي ما شاء من المال (وقولا له) أي في حقن دماء المسلمين بالصلح (واطلبا إليه) أي اطلبا منه خلعه نفسه من الخلافة وتسليم الأمر لمعاوية وابذلا له في مقابلة ذلك ما شاء (قال فقال لهما الحسن بن علي: إنا بنو عبد المطلب قد أصبنا من هذا المال، وإن هذه الأمة قد عاثت في دمائها، قالا فإنه يعرض عليك كذا وكذا ويطلب إليك ويسألك، قال فمن لي بهذا؟ قالا: نحن لك به فما سألهما شيئاً إلا قالا نحن لك به، فصالحه) قال ابن بطال: هذا يدل على أن معاوية كان هو الراغب في الصلح وأنه عرض على الحسن المال ورغبه فيه وحثه على رفع السيف وذكره ما وعده به جده ﷺ من سيادته في الإصلاح به، فقال له الحسن: إنا بنو عبد المطلب أصبنا من هذا المال، أي إنا جبلنا على الكرم والتوسعة على أتباعنا من الأهل والموالي وكنا نتمكن من ذلك بالخلافة حتى صار ذلك لنا عادة وقوله إن هذه الأمة أي

'پس حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن دونوں سے کہا کہ اُس مرد کے پاس جاؤ اور اُس کے سامنے مال کی پیشکش کرو۔ جتنا وہ چاہے اور اُن سے مسلمانوں کے خون کی حفاظت کی خاطر صُلح کی بات کرنا اور اُن سے خلافت سے دست برداری کو طلب کرنا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے حکومت کو تسلیم کر لینے کی دعوت دینا اور اِس کے بدلے میں وہ جو چاہے خرچ کر دینا۔[1]

1 فتح الباری (عربی)، شرح صحیح البخاری لِامام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، 16/80، رقم حدیث: 7109

آگے ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ابن بطال کا قول نقل کیا ہے:

ابن بطال نے کہا کہ یہ بات اس پر دلالت کرتی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ صلح میں رغبت رکھتے تھے اور یہ کہ انہوں نے امام حسن رضی اللہ عنہ کے سامنے مال بھی پیش کر دیا اور ان کو صلح کی ترغیب دی اور امام حسن رضی اللہ عنہ کو اس بات پر ابھارا کہ وہ تلوار رکھ دیں اور امام حسن رضی اللہ عنہ کو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ وعدہ یاد دلایا جو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن کی سرداری اور ان کے ذریعے صلح کا جو وعدہ کیا تھا۔[1]

مؤرخِ اسلام مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''تاریخِ اسلام'' میں لکھتے ہیں:

''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تجدیدِ بیعت کے کام سے فارغ ہو کر اور ساٹھ ہزار کا لشکر لے کر دمشق سے کوفہ کی جانب روانہ ہوئے اور امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ صلح جنگ سے بہتر ہے اور مناسب یہی ہے کہ آپ مجھے خلیفۂ وقت تسلیم کر کے میرے ہاتھ پر بیعت کر لیں۔ امام حسن رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ کا عزم رکھتے ہیں، چالیس ہزار کا لشکر ہمراہ لیا اور کوفہ سے روانہ ہوئے۔''[2]

اس سے پتہ چلا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خود صلح کی پیشکش کر رہے تھے اور انہوں نے اس پیشکش کے ساتھ عبد اللہ بن عامر کو بھیجا۔

مؤرخِ اسلام مولانا اکبر شاہ نجیب رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''تاریخِ اسلام'' میں آگے لکھتے ہیں:

''عبد اللہ بن عامر کو مدائن کے قریب پہنچا سن کر امام حسن رضی اللہ عنہ مقابلے کے لیے مع لشکر مدائن سے نکلے۔ عبد اللہ بن عامر نے اپنے مقابلے پر لشکر کو آتے ہوئے دیکھ کر اور قریب پہنچ کر اہلِ عراق کو مخاطب کر کے کہا کہ میں لڑنے کے لیے نہیں آیا۔ میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مقدمۃ الجیش (A Head of Army) ہوں اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ انبار میں بڑے لشکر کے ساتھ مقیم ہیں۔ تم لوگ امام حسن رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ''میرا سلام پہنچاؤ اور عرض کرو کہ عبد اللہ آپ کو اللہ کا واسطہ

---

1. فتح الباری (عربی)، شرح صحیح البخاری للامام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، 16/80، رقم: 7109
2. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی فی تاریخ اسلام (اردو): 1/616

دے کر کہتا ہے کہ لڑائی سے ہاتھ روکو تاکہ ہلاکت سے بچ جائیں۔'' جب امام حسن رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی تو مدائن واپس چلے آئے اور عبد اللہ کے پاس پیغام بھیجا کہ میں امیر معاویہ کے ساتھ صلح کرنے اور خلافت سے دست بردار ہونے پر آمادہ ہوں۔''(1)

آخر میں ہم بخاری کی اِس حدیث - 2704 کی شرح میں اہلِ حدیث عالم مفتی مولانا اِسحاق صاحب کا قول نقل کرتے ہیں۔

'اِس صلح نامے میں کہیں رقم لینے دینے کا ذکر نہیں ہے۔'(2) جو اِمام بخاری رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا ہے کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: 'ہم بنو عبد المطلب کی اولاد ہیں اور ہم کو خلافت کی وجہ سے روپے پیسے خرچ کرنے کی عادت ہو گئی ہے اور ہمارے ساتھ یہ لوگ ہیں، یہ خون خرابہ کرنے میں طاق ہیں، بغیر روپے دیے ماننے والے نہیں۔'

اِس کا مطلب یہ تھا کہ جیسے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے شامیوں پر مال دولت نچھاور کر کے اُن کو گھی شکر کا عادی بنا دیا ہے، بیت المال کو منصفانہ طور پر تقسیم کر کے ہمیں بھی ہمارا پورا پورا حق دینا ہوگا تاکہ ہم عراقیوں کو دے سکیں جیسا کہ بخاری کی عبارت میں یہ صراحت موجود ہے جب کہ ہم سب جانتے ہیں کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور اُن کے خاندان کا گزران تو فقیرانہ تھا جو کہ ایک مسلّم حقیقت ہے۔

1. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی فی تاریخِ اسلام (اردو): 1/617-618
2. مولانا اسحاق فی مقصد حسین (اردو)، صفحہ: 251

بخاری کی ایک اور حدیث

(نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری شریف، جلد: 15، صفحہ: 1018، حدیث: 7109)

۲۰۔ بَابُ: قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ إِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

۷۱۰۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ أَبُو مُوسَى وَلَقِيتُهُ بِالْكُوفَةِ وَجَاءَ إِلَى ابْنِ شُبْرُمَةَ فَقَالَ أَدْخِلْنِي عَلَى عِيسَى فَلِأَعِظَهُ فَكَأَنَّ ابْنَ شُبْرُمَةَ خَافَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَفْعَلْ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ لَمَّا سَارَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہما إِلَى مُعَاوِيَةَ بِالْكَتَائِبِ قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ لِمُعَاوِيَةَ أَرَى كَتِيبَةً لَا تُوَلِّي حَتَّى تُدْبِرَ أُخْرَاهَا قَالَ مُعَاوِيَةُ مَنْ لِذَرَارِيِّ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ أَنَا فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ نَلْقَاهُ فَنَقُولُ لَهُ الصُّلْحَ قَالَ الْحَسَنُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ قَالَ بَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ يَخْطُبُ جَاءَ الْحَسَنُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔

نبی ﷺ کا حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے لیے یہ ارشاد کہ میرا یہ بیٹا سید ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ اس کے سبب سے مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرائے گا

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل ابوموسیٰ نے حدیث بیان کی، سفیان نے کہا کہ میری حضرت ابوموسیٰ سے کوفہ میں ملاقات ہوئی، وہ ابن شبرمہ کے پاس آئے، پس انہوں نے کہا: مجھے عیسیٰ (بن موسیٰ امیر کوفہ) کے پاس لے جائیں تو میں ان کو نصیحت کروں، پس گویا کہ ابن شبرمہ اس سے ڈرے، سو انہوں نے ایسا نہیں کیا، انہوں نے بیان کیا کہ ہمیں حسن بصری نے حدیث بیان کی کہ جب حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف لشکر لے کر روانہ ہوئے تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: میں ایسا لشکر دیکھ رہا ہوں جو پیٹھ نہیں پھیرے گا حتیٰ کہ وہ آخر تک مقابلہ کرے گا، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر مسلمانوں کے بچوں کا والی کون ہوگا؟ تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے کہا: میں! پس عبداللہ بن عامر اور عبدالرحمٰن بن سمرہ نے کہا: ہم حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کو صلح کی دعوت دیتے ہیں، پس حسن بصری نے کہا: میں نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے یہ سنا ہے کہ جس وقت نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ آئے، تو نبی ﷺ نے فرمایا: میرا یہ بیٹا سید ہے اور ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سبب سے مسلمانوں کی دو جماعتوں کے درمیان صلح کرائے۔

(صحیح البخاری: ۳۷۰۴، ۳۶۹۸، ۲۷۰۴، ۲۰۶۶، ۲۵۳، ۲۵۳، ۲۵۵۰، ۲۶۵۱، ۷۰۹۵، سنن ترمذی: ۳۷۰۶، مسند احمد: ۵۹۷۵)

ترجمہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے لیے یہ ارشاد کہ ''میرا یہ بیٹا سیّد ہے اور بیشک اللہ عزوجل اس کے سبب سے مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرائے گا۔''

اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں: ''ہمیں علی بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی، اُنہوں نے کہا ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں اسرائیل ابو موسیٰ نے حدیث بیان کی، سفیان نے کہا کہ میری حضرت ابو موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے کوفہ ملاقات ہوئی وہ ابن شُبرمہ کے پاس آئے، پس اُنہوں نے کہا: 'مجھے عیسیٰ (ابن موسیٰ امیرِ کوفہ) کے پاس لے جائیں تو میں اُن کو نصیحت کروں، پس گویا کہ ابن شُبرمہ اِس سے ڈرے، سو اُنہوں نے ایسا نہیں کیا، اُنہوں نے بیان کیا کہ ہمیں حسن بصری رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ جب حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف لشکر لے کر روانہ ہوئے تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: ''میں ایسا لشکر دیکھ رہا ہوں جو پیٹھ نہیں پھیرے گا حتّٰی کہ وہ آخر تک مقابلہ کرے گا''، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا، ''پھر مسلمانوں کے بچوں کا والی کون ہوگا؟'' تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا، ''میں!'' پس عبد اللہ بن عامر اور عبد الرحمٰن بن سُمرہ نے کہا: ''ہم حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملاقات کرتے ہیں اور اُن کو صلح کی دعوت دیتے ہیں، پس حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہا، میں نے حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے یہ سنا ہے کہ جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا یہ بیٹا سیّد ہے اور ہوسکتا ہے کہ اللہ عزوجل اِس کے سبب مسلمانوں کی دو جماعتوں کے درمیان صلح کرائے۔''[1]

قارئین کرام! بخاری شریف کی اِن حدیثوں سے پتہ چلا کہ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ تو قرآن کی سورہ اَنفال کی آیت نمبر - 61 پر عمل کر رہے تھے۔ آپ حکمِ قرآن کے مطیع تھے۔ اگر آپ یہ صلح قبول نہ فرماتے تو نہ جانے کتنے اِلزام آپ پر لگا دیے جاتے کہ آپ فساد کو پسند کرتے ہیں۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بظاہر مصلحت کی چادر اوڑھ کر مسلمانوں کی خیر خواہی کا بہانہ بنا کر صلح کی پیشکش کی، اب اگر اِمام حسن رضی اللہ عنہ اِس پیشکش کو ردّ کر دیتے تو عوام میں اُن کو بدنام کرنے کا اچھا خاصہ بہانہ ہاتھ آ جاتا کہ یہ مسلمانوں کے بچے مروا کر خوش ہیں۔

اِس سے پہلے بھی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یہ Policy حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنا چکے تھے اُس وقت اُنہوں نے قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کا بہانہ بنایا حالانکہ ملوکیت ملنے کے بعد نہ کوئی قصاص لیا نہ کبھی قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر بھی کیا!

1. نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، 15/1018، رقم: 7109، انٹرنیشنل نمبر: 7109

اُمّت کو قتل و خوں ریزی سے بچانے کے لیے صلح

مفتی غلام رسول جماعتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: 'میں نے صلح صرف امّت کی اِصلاح اور اُمّت کو قتل وخوں ریزی سے بچانے اور اللہ عزوجل کی خوشنودی اور رضامندی کے لیے کی ہے۔

لقد کان الحسن فی صلحہ مع معاویۃ مصیب، بارّ راشد، ممدوح ولیس یجد فی نفسہ حرجاً۔

امام حسن رضی اللہ عنہ نے جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کی اُس میں امام حسن رضی اللہ عنہ حق پر تھے۔ آپ راست باز، راست رو اور ممدوح تھے، اپنے دل میں کوئی تنگی اور ملامت اور ندامت محسوس نہ کرتے تھے بلکہ آپ اُس سے راضی اور خوش تھے اور جب ابو عامر سفیان بن لیل نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو صلح کرنے پر عار دِلائی تو آپ نے ابو عامر کو کہا:

ولکنی کرھت ان اقتلھم علی الملک

کہ 'میں نے بادشاہت اور دنیا کے لیے لڑنا پسند نہیں کیا'

لہٰذا میں نے صلح کر لی ہے اور امام حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کے ذریعے امّت کے خوں کو رائیگاں بہنے سے بچا لیا ہے جیسے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِس بارے میں آپ کی مدح کی ہے جیسے کہ پہلے صحیح حدیث میں بیان ہو چکا ہے۔[1]

مؤرخ اسلام مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''تاریخِ اسلام'' میں لکھتے ہیں:

(امام حسن رضی اللہ عنہ) منزلیں طے کرتے ہوئے جب مقامِ دریائے عبد الرحمٰن میں پہنچے تو قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کو بارہ ہزار کی جمعیت سے بطور مقدمۃ الجیش (A Head of Army) آگے روانہ کیا۔ سابات مدائن میں پہنچ کر لشکر کا قیام ہوا تو وہاں کسی نے یہ غلط خبر مشہور کر دی کہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ مارے گئے ہیں۔

1. غلام رسول جماعتی فی امام حسن رضی اللہ عنہ اور خلافت راشدہ (اردو)، صفحہ: 160-161

اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے یہاں ایک روز قیام کیا تاکہ سواری کے جانوروں کو آرام کرنے کا موقع مل جائے۔ اس جگہ آپ نے لوگوں کو جمع کر کے ایک خطبہ اِرشاد فرمایا اور حمد و ثناء کے بعد کہا کہ: ''لوگوں! تم نے میرے ہاتھ پر اس شرط کے ساتھ بیعت کی ہے کہ صلح و جنگ میں میری متابعت کرو گے۔ میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھ کو کسی سے بُغض و عداوت نہیں۔ مشرق سے مغرب تک ایک شخص بھی مجھ کو ایسا نظر نہیں آتا کہ میرے دل میں اِس کی طرف سے رنج و ملال اور نفرت ہو۔ اتفاق و اتحاد، محبت و سلامتی اور صلح و اسلام کو میں نااتفاقی اور دشمنی سے بہرحال بہتر سمجھتا ہوں۔[1]

اِمام حسن رضی اللہ عنہ و اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ پر کفر کے فتوے اور امّت میں مسلمانوں پر فتویٰ بازی کا آغاز

مؤرّخِ اِسلام مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''تاریخِ اسلام'' میں لکھتے ہیں:

''اِس تقریر کو سن کر خوارج اور منافقین نے فوراً تمام لشکر میں یہ بات مشہور کی کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کرنا چاہتے ہیں۔ پھر ساتھ ہی اِمام حسن رضی اللہ عنہ پر کفر کا فتویٰ لگا دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں پر کفر کا فتویٰ لگانے کی رسم منافقوں اور سبائیوں کی ایجاد کردہ رسم ہے۔ اُنہی لوگوں نے اِمام علی رضی اللہ عنہ پر بھی کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔ (اِمام علی رضی اللہ عنہ پر خوارج نے کفر کا فتویٰ لگایا تھا جن میں سبائی اور منافقین بھی شامل تھے۔)''

کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ آج ہمارے زمانے کے بڑے بڑے علماء اور افضل الفضلاء کہلانے والے جبّہ پوش مفتی منافقوں اور مسلم نما یہودیوں کی پلید سنّت کو زندہ رکھنے اور اُمّتِ محمدیہ کے شیرازہ کو اپنی تکفیر بازی اور فتویٰ گری کے خنجر سے پارہ-پارہ اور پریشان کرنے میں پوری مستعدی و سرگرمی کو کام میں لا رہے ہیں۔ اِنا للہ وانا الیہ راجعون۔[2]

1. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی فی تاریخِ اسلام (اردو): 1/616
2. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی فی تاریخِ اسلام (اردو): 1/616-617

امام حسن رضی اللہ عنہ کا خیمہ لوٹا گیا

غرض اِس کفریہ فتوے کا امام حسن رضی اللہ عنہ کے لشکر پر یہ اثر ہوا کہ تمام لشکر میں ہلچل مچ گئی۔ کوئی کہتا تھا کہ امام حسن رضی اللہ عنہ کافر ہو گئے ہیں۔ کوئی کہتا تھا کافر نہیں ہوئے۔ آخر کافر کہنے والوں کا زور ہو گیا اور اُنہوں نے اپنے مخالف خیال کے لوگوں پر زیادتی اور مار دھاڑ شروع کردی۔ پھر بہت سے لوگ کافر کہتے ہوئے امام حسن رضی اللہ عنہ کے خیمے میں گھس آئے اور ہر طرف سے آپ کا لباس پکڑ پکڑ کر کھینچنا شروع کیا، یہاں تک کہ آپ کے جسم پر تمام لباس پارہ پارہ ہو گیا۔ آپ کے کاندھے پر سے چادر کھینچ کر لے گئے اور ہر چیز خیمے کی لوٹ لی۔ یہ حال دیکھ کر امام حسن رضی اللہ عنہ فوراً اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور قومِ ربیعہ و ہمدان کو آواز دی۔ یہ دونوں قبیلے آپ کی حمایت وحفاظت کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے اور بدمعاشوں کو آپ کے پاس سے دِفاع کرنے میں کامیاب ہوئے۔ کچھ دیر بعد وہ شور وشر جو لشکر میں برپا تھا، فروغ ہوا۔ وہاں سے آپ شہرِ مدائن کی طرف روانہ ہوئے۔ راستے میں ایک خارجی نے جس کو جراح بن قبیضہ کہتے تھے، موقع پاکر آپ کو ایک نیزہ مارا جس سے آپ کی ران زخمی ہوگئی۔ آپ کو ایک چارپائی یا سہری پر اُٹھا کر مدائن کے قصر ابیض (White Palace) میں لائے اور وہیں آپ مقیم ہوئے۔ عبد اللہ بن خظل اور عبد اللہ بن ظبیان نے جراح بن قبیضہ بن خارجی کو قتل کیا۔ قصرِ ابیض میں آپ کے زخم کا علاج جراحوں (Surgeons) نے کیا اور جلد یہ زخم اچھا ہوگیا۔ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ جو بارہ ہزار کا لشکر لے کر بطور مقدمۃ الجیش (Vanguard) (A Head of Army) آگے روانہ ہوئے تھے، مقامِ اَنبار میں مقیم تھے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے آکر اُن کا محاصرہ کر لیا اور عبد اللہ بن عامر کو تحریکِ صلح کے لیے مدائن کی طرف بطور مقدمۃ الجیش (Vanguard) (A Head of Army) روانہ کیا۔ اُدھر مدائن پہنچ کر اور اپنے لشکروالوں کی یہ بدتمیزیاں دیکھ کر امام حسن رضی اللہ عنہ پہلے ہی صلح کا اِرادہ کرکے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک قاصد یعنی عبد اللہ بن حارث بن نوفل کو جو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بھانجے تھے، مع درخواست صلح روانہ کر چکے تھے۔ (1)

1. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی فی تاریخ اسلام (اردو): 1/616

حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کی ایک اور وجہ:

سیاستِ معاویہ رضی اللہ عنہ

مفتی مولانا اسحاق صاحب لکھتے ہیں: ''یہ گواہی خود امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بھانجے کی ہے، امیر معاویہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اُن خطوط کا پلندہ بھجوایا جو آپ کے لشکر کے جرنیلوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھے تھے۔ اوپر [illegible] ہوں [illegible] کرپشن کو روتے ہیں، یہ سلسلہ پرانا ہے، اُن جرنیلوں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھا تھا کہ 'ہم حسن رضی اللہ عنہ و لشکر سے [illegible] کر رہے ہیں اور خود اُنہیں گرفتار کر کے تیرے حوالے کر دیں گے۔' امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پیغام بھجوایا کہ حسن [illegible]! یہ خط پڑھ لو، اِس فوج کے سہارے مجھ سے جنگ لڑنے آ رہے ہو؟ حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا اِس سے پہلے صلح کا کوئی ارادہ نہیں تھا بلکہ آپ قیس بن سعد صحابی رضی اللہ عنہ کو بارہ ہزار فوج کے ساتھ بطور ہراول بھجوا چکے تھے اور خود پیچھے لشکر لے کر جا رہے تھے۔ اِسی دوران امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پیشکش کر دی۔ مقصد یہ تھا کہ صلح نہ کی تو بدنام کریں گے اور جو کر لی تو پھر بعد میں جو چاہے کریں گے کون پوچھے گا؟ اور ایسا ہی کیا۔''

حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضرت قیس رضی اللہ عنہ کے پیچھے لشکر لے کر روانہ ہوئے۔ ایک جگہ پڑاؤ کیا تو اموی جاسوسوں نے یہ افواہ پھیلا دی کہ حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ قتل ہو گئے ہیں۔ اِس افواہ کے بعد آپ کے لشکر میں شامل منافقین نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ پر حملہ کر دیا، اُن کے نیچے سے مصلّہ کھینچ لیا اور آپ کے کندھے پر تلوار مار کر زخمی کیا۔ فوج کا یہ حال دیکھ کر آپ مدائن چلے گئے، یہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے جاسوسوں کا کارنامہ تھا۔[1]

علامہ ابن اثیر جزری رحمہ اللہ متوفّٰی: 630 ہجری اپنی مشہور تاریخ کی کتاب میں یہ پورا واقعہ کچھ اِس طرح نقل کرتے ہیں:

---

1. مولانا اسحاق فی مقصد حسین، صفحہ: 246-247

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو سلطنت سپرد کرنا

''امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اُن کے لشکر کے چالیس ہزار آدمیوں نے موت تک اُن کا ساتھ دینے کے وعدے سے بیعت کی تھی، یہ اُس وقت کا واقعہ ہے جب وہ اُن لوگوں سے شام کے متعلق کچھ باتیں بیان کرتے تھے۔ مگر اِس اِثنا میں کہ وہ روانگی کی تیّار کر رہے تھے شہید ہوگئے۔ حق یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اُسے کوئی چیز نہیں روک سکتی۔ غرض کہ وہ شہید ہوگئے اور لوگوں نے بڑے صاحب زادے اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے بیعت کر لی تو آپ کو یہ خبر ملی کہ معاویہ رضی اللہ عنہ اہلِ شام کو ہمراہ لے کر اُن پر حملہ کرنے والے ہیں۔ یہ سنتے ہی وہ اور اُن کا لشکر جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی تیّار ہوکر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلے کے لیے کوفہ سے روانہ ہوئے، اِس عرصے میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مسکن تک پہنچ چکے تھے۔ اُدھر مدائن میں حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ پہنچ کر قیس بن سعد بن عبادہ انصاری رضی اللہ عنہ کو اپنے بارہ ہزار آدمیوں مقدّمۃ الجیش کا سردار مقرر کر دیا اور یوں بھی بیان کیا جاتا ہے کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے مقدّمۃ الجیش پر عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا تھا۔ جب اِمام حسن رضی اللہ عنہ مدائن پہنچے تو کسی نے فوج میں بآوازِ بلند پکار کر کہا کہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے یہاں سے بھاگ چلو، یہ سنتے ہی لوگ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے خیمے میں گھس گئے اور آپ کا خیمہ لوٹنا شروع کیا یہاں تک کہ جس بچھونے پر آپ بیٹھے تھے اُس کو بھی کھینچ لیا۔''(1)

1. الکامل فی تاریخ۔ ابن اثیر (اردو): 3/25

صلح سے پہلے سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا اپنے ساتھیوں سے خطاب

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حالات ایسے ہوئے کہ لشکر کے جرنیل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مل گئے اور حسن رضی اللہ عنہ کو پتہ چل گیا کہ یہ لوگ مجھے گرفتار کر کے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ حسن رضی اللہ عنہ صلح قبول کریں یا موت قبول کریں تو اُنہوں نے صلح کر لی کیوں کہ ایسی موت کا کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ اُن کو خاموشی سے شہید کر دیا جانا تھا جب کہ اِمام حسین رضی اللہ عنہ نے اعلانیہ موت قبول کی جس کے بعد قاتل اپنے چہرے چھپا نہ سکے۔

اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے حمد وثنا کے بعد فرمایا: ہمیں اہلِ شام (کی لڑائی) سے کسی شک یا ندامت نے نہیں روکا بلکہ ہم اہلِ شام سے سلامتی اور صبر کے ساتھ لڑتے تھے مگر اب عداوت کی وجہ سے سلامتی جاتی رہی اور جزع (گھبراہٹ) کے سبب سے صبر چلا گیا، جب جنگِ صفّین کی طرف تم بلائے جاتے تھے تو اُس وقت تمہارا دین، دنیا سے مقدّم تھا، مگر اب تمہاری دنیا تمہارے دین سے مقدّم ہوگئی ہے، آگاہ رہو ہم تو اب بھی تمہارے لیے ویسے ہی ہیں جیسے تھے مگر تم ہمارے لیے ویسے نہیں رہے جیسے تھے۔ اِس وقت دو قسم کے لوگ تمہارے مقتول ہو چکے ہیں، کچھ تو صفّین میں مقتول ہو چکے ہیں، جن کے لیے تم رو رہے ہو اور کچھ لوگ نہروان میں مقتول ہوئے ہیں جن کا انتقام تم طلب کر رہے ہو، جو لوگ باقی رہ گئے ہیں وہ ناکام ہیں اور جو رو رہے ہیں وہ پریشان ہیں۔ سنو! معاویہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں ایک ایسی بات کی طرف بلایا ہے جس میں نہ عزت ہے نہ انصاف پس اگر تم موت کے خواہش مند ہو تو، ہم معاویہ رضی اللہ عنہ کی بات نامنظور کر دیں اور اللہ جل جلالہ کے سامنے تلوار کی باڑھ سے فیصلہ کریں اور اگر تم زندگی کے خواہش مند ہو تو، ہم معاویہ رضی اللہ عنہ کی بات مان لیں اور جس بات پر تم راضی ہوں اُسی کو اختیار کریں، تو سب لوگوں نے ہر طرف سے اُنہیں آواز دی، کہ ''ہم باقی رہنے کے خواہش مند ہیں'' جب سب نے متفق ہو کر یہی بات کہی تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے صلح منظور کر لی۔''(1)

---

1. اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ (اردو)۔ ابنِ اثیر رحمۃ اللہ علیہ: 3/562

نفاق کی بنیاد پر صلح: ایک اور صحیح حدیث

صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ پر ایک اور صحیح حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ پر جو لوگ منبروں اور کانفرنس کے اسٹیجوں سے چلّاتے ہیں اور اس صلح کی بنیاد پر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلیفہ راشد مانتے ہیں شاید اُنہوں نے بخاری و مسلم کی ایک ہی حدیث پڑھی ہے جس کی تشریح ہم لوگ بیان کر چکے ہیں مگر افسوس اُنہوں نے 'مشکوۃ' اور 'ابو داؤد' کی اُن صحیح احادیث کا علم نہیں لیا جو اِس صلح کو 'نفاق کی بنیاد کے ساتھ صلح' بتاتی ہے۔ ہم حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و اہلِ سنّت کے محدّثین کی شرح سے یہ ثابت کریں گے کہ یہ صلح دِلی رضامندی سے نہیں تھی بلکہ نفاق پر ہوئی تھی اور اِس پر ہم مشکوٰۃ کی ایک حدیث پیش کر کے اُس پر اہلِ حدیث محقق زبیر علی زئی و دیوبندی محدث مولانا راؤ محمد ندیم و بریلوی محدث مفتی احمد یار خان نعیمی کا 'مشکوٰۃ' کی حدیث کی تحقیق پیش کریں گے اور ساتھ میں ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح بھی پیش کریں گے۔

مشکوٰۃ کی صحیح حدیث

٥٣٩٦: وَعَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيَكُوْنُ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ، كَمَا كَانَ قَبْلَهُ شَرٌّ؟ قَالَ: ((نَعَمْ)) قُلْتُ: فَمَا الْعِصْمَةُ؟ قَالَ: ((السَّيْفُ)) قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ السَّيْفِ بَقِيَّةٌ؟ قَالَ: ((نَعَمْ، تَكُوْنُ إِمَارَةٌ عَلَى أَقْذَاءٍ، وَهُدْنَةٌ عَلَى دَخَنٍ)). قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ((ثُمَّ يَنْشَأُ دُعَاةُ الضَّلَالِ، فَإِنْ كَانَ لِلّٰهِ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةٌ جَلَدَ ظَهْرَكَ، وَأَخَذَ مَالَكَ، فَأَطِعْهُ، وَإِلَّا فَمُتْ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلَى جَذْلِ شَجَرَةٍ)). قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ((ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ بَعْدَ ذٰلِكَ، مَعَهُ نَهْرٌ وَنَارٌ، فَمَنْ وَقَعَ فِي نَارِهِ وَجَبَ أَجْرُهُ، وَحُطَّ وِزْرُهُ. وَمَنْ وَقَعَ فِي نَهْرِهِ، وَجَبَ وِزْرُهُ، وَحُطَّ أَجْرُهُ)). قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ((ثُمَّ يُنْتَجُ الْمُهْرُ فَلَا يُرْكَبُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ)). وَفِي رِوَايَةٍ: قَالَ: ((هُدْنَةٌ عَلَى دَخَنٍ، وَجَمَاعَةٌ عَلَى أَقْذَاءٍ)). قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَا هِيَ؟ قَالَ: ((لَا تَرْجِعُ قُلُوْبُ أَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ كَانَتْ عَلَيْهِ)). قُلْتُ: بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: ((فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ، عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ النَّارِ، فَإِنْ مُتَّ يَا حُذَيْفَةُ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلَى جَذْلٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِنْهُمْ)). رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ [1]

[1] صحيح، رواه ابو داود (٤٢٤٤، صحيح، ٤٢٤٧، حسن)۔

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَيَكُوْنُ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ كَمَا كَانَ قَبْلَهُ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا الْعِصْمَةُ قَالَ السَّيْفُ قُلْتُ وَهَلْ بَعْدَ السَّيْفِ بَقِيَّةٌ قَالَ نَعَمْ تَكُوْنُ إِمَارَةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ وَهُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يُنْشَأُ دُعَاةُ الضَّلَالِ فَإِنْ كَانَ لِلّٰهِ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةٌ جَلَدَ ظَهْرَكَ وَأَخَذَ مَالَكَ فَأَطِعْهُ وَإِلَّا فَمُتْ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جَذْلِ شَجَرَةٍ فَقُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ تَعْدُ مَعَهُ نَهَرٌ وَنَارٌ فَمَنْ وَقَعَ فِي نَارِهِ وَجَبَ أَجْرُهُ وَحُطَّ وِزْرُهُ وَمَنْ وَقَعَ فِي نَهَرِهِ وَجَبَ وِزْرُهُ وَحُطَّ أَجْرُهُ فَقَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَتَّبِعُ الْمُهَرُ فَلَا تَقُوْمُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هُدْنَةٌ عَلٰى الدَّخَنِ مَا هِيَ قَالَ لَا تَرْجِعُ قُلُوْبُ أَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ كَانَتْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتَنٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ النَّارِ فَإِنْ مُتَّ يَاحُذَيْفَةُ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جَذْلِ شَجَرَةٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِنْهُمْ

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

(۵۱۵۵) روایت ہے حضرت حذیفہ سے فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا یارسول اللہ کیا اس خیر کے بعد شر ہوگی جیسے اس سے پہلے تھی؟ فرمایا ہاں میں نے عرض کیا تو حفاظت کیا ہے فرمایا تلوار میں نے عرض کیا کیا تلوار کے بعد کچھ بقایا ہے؟ فرمایا ہاں ہوگی سلطنت ناپسندیدگی اور صلح دھوئیں پر میں نے عرض کیا پھر کیا ہوگا فرمایا پھر گمراہی کی طرف بلانے والے پیدا ہوں گے تو اگر زمین پر کوئی اللہ کا خلیفہ ہو تو وہ تمہاری پشت پر کوڑے مارے اور تمہارا مال لے لے مگر تم اس کی فرمانبرداری کرنا ورنہ اس طرح مرجانا کہ کسی درخت کی جڑ دانتوں سے پکڑے ہو میں نے کہا پھر کیا ہوگا فرمایا پھر اس کے بعد دجال نکلے گا جس کے ساتھ نہر اور آگ ہوگی تو جو اس آگ میں گرے گا اس کا ثواب ثابت ہوجائے گا اور اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور جو اس کی نہر میں گرے گا اس کا گناہ ثابت ہو جائے گا اور اس کا ثواب ضبط۔ میں نے عرض کیا پھر کیا ہوگا فرمایا پھر گھوڑی بچہ دے گی تو اس پر سواری نہ کی جاسکے گی حتیٰ کہ قیامت قائم ہو جائے گی اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا صلح دھوئیں پر اور لوگوں کا اجتماع ناپسندیدگی میں نے عرض کیا یارسول اللہ کہ دھوئیں پر صلح کیا کیا چیز ہے فرمایا کہ قوموں کے دل اس طرف نہ لوٹیں گے جس پر پہلے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ کیا اس خیر کے بعد شر ہوگی فرمایا اندھے بہرے گنگے ہوں گے جن پر کچھ لوگ دوزخ کے دروازوں کی طرف بلانے والے ہوں گے تو اے حذیفہ اگر تم اس حالت میں وفات سے اچھا ہے کہ تم ان میں سے کسی کی پیروی کرو (ابوداؤد)



ترجمہ

روایت ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے، فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا، ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اِس خیر کے بعد شر ہوگی جیسے اِس سے پہلے تھی،'' فرمایا: ''ہاں!''، میں نے عرض کیا، ''تو حفاظت کیا ہے؟'' فرمایا: ''تلوار''، میں نے عرض کیا، ''کیا تلوار کے بعد کچھ بقایا ہے؟'' فرمایا: ''ہوگی، سلطنت ناپسندیدگی اور صلحِ نفاق (دُھوئیں) (دوغلہ پن یا بُغض یا عداوت) پر۔ میں نے عرض کیا: ''پھر کیا ہوگا؟'' فرمایا: ''پھر گمراہی کی طرف بلانے والے پیدا ہوں گے تو اگر زمین پر کوئی اللہ جل جلالہ کا خلیفہ ہو تو وہ تمہاری پشت پر کوڑے مارے اور تمہارا مال لے لے مگر تم اُس کی فرمابرداری کرنا ورنہ اِس طرح مرجانا کہ کسی درخت کی جڑ دانتوں سے پکڑے ہو۔'' میں نے کہا، ''پھر کیا ہوگا؟'' فرمایا: ''اِس کے بعد دجّال نکلے گا جس کے ساتھ نہر اور آگ ہوگی تو جو اُس آگ میں گرے گا اُس کا ثواب ثابت ہو جائے گا اور اُس کے گناہ معاف ہوجائیں گے اور جو اُس کی نہر میں گرے گا اُس کا گناہ ثابت ہو جائے گا اور اُس کا ثواب ضبط!'' میں نے عرض کیا:

''پھر کیا ہوگا؟'' فرمایا: ''پھر گھوڑی بچّہ دے گی تو اُس پر سواری نہ کی جا سکے گی حتّٰی کہ قیامت قائم ہو جائے گی'' اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا: ''صلح نفاق (دھوئیں) پر اور لوگوں کا اجتماع ناپسندیدگی۔'' میں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دُھوئیں (نفاق) پر صلح کیا چیز ہے؟'' فرمایا کہ: ''قوموں کے دل اس طرف نہ لوٹیں گے جس پر پہلے تھے۔'' میں نے عرض کیا: ''کیا اِس خیر کے بعد شر ہوگی؟'' فرمایا: ''اندھے بہرے فتنے ہوں گے جن پر کچھ لوگ دوزخ کے دروازے کی طرف بلانے والے ہوں گے، تو اے حذیفہ رضی اللہ عنہ! اگر تم اِس حالت میں وفات پاؤ کہ تم کسی درخت کی جڑ دانت سے پکڑے ہو تو تمہارے لیے اُس سے اچھا ہے کہ تم اُن میں سے کسی کی پیروی کرو۔'' (ابوداؤد)[1]

تحقیق:

- اہلِ حدیث محقق و محدث شیخ زُبیر علی زئی نے اِس حدیث کو ''صحیح'' کہا ہے اور کہا ہے کہ اِس کے راوی ابو داؤد کے ہیں۔[2]

تخریج:

- ابوداؤد فی سنن، 4/444، رقم: 4244 (صحیح)
- ابنِ ماجہ فی سنن، 2/1317، رقم: 3981
- احمد فی مسند، 5/403

تشریح:

- اس حدیث کی تشریح ہم ملّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کی 'مرقاۃ المفاتیح' و بریلوی عالم مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی ''مرآۃ المناجیح'' سے پیش کر رہے ہیں اور ساتھ میں ابن تیمیہ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پیش کر رہے ہیں۔

---

1. مرآۃ المناجیح، اردو ترجمہ و شرح مشکوٰۃ المصابیح، 7/161-162، رقم: 5154
2. شیخ زُبیر علی زئی فی مشکوٰۃ المصابیح مع الکامل فی اسماء الرجال (اردو): 3/238

ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ ملا علی بن سلطان القاری حنفی اِس حدیث کی شرح میں رقم طراز ہیں:


مرقاة المفاتيح
شرح مشكاة المصابيح

كتاب الفتن ٢٣

٥٣٩٦ ـ (١٨) وعن حذيفةَ، قال: قلتُ: يا رسولَ الله! أيكونُ بعد هذا الخير شرٌّ، كما كانَ قبلَه شرٌّ؟ قال: «نعمْ» قلتُ: فما العصمةُ؟ قال: «السَّيفُ» قلتُ: وهلْ بعدَ السَّيفِ بقيَّةٌ؟ قال: «نعمْ، تكونُ إمارةٌ على أقذاءٍ، وهدنةٌ على دَخَنٍ». قلتُ: ثم ماذا؟ قال: «ثمَّ ينشأُ دعاةُ الضَّلالِ، فإنْ

٥٣٩٦ ـ (وعن حذيفة قال: قلت: يا رسول الله أيكون بعد هذا الخير) أي الإسلام والنظام التام المشار إليه بقوله تعالى: ﴿اليوم أكملت لكم دينكم﴾ [المائدة ـ ٣]. والمعنى: أيوجد ويحدث بعد وجود هذا الخير (شر كما كان قبله) أي قبل الخير من الإسلام وهو زمن الجاهلية (شر. قال: نعم) أي لأن ما وراء كل كمال زوال إلا كمال ذي الجلال والإكرام (قلت: فما العصمة) أي فما طريق النجاة من الثبات على الخير والمحافظة عن الوقوع في ذلك الشر. (قال: السيف) أي تحصل العصمة باستعمال السيف أو طريقها أن تضربهم بالسيف. قال قتادة: المراد بهذه الطائفة هم الذين ارتدوا بعد وفاة النبي ﷺ في زمن خلافة الصديق رضي الله عنه كذا ذكره الشراح. ويمكن أن يشمل ما وقع من معاوية مع علي رضي الله عنهما فإن الحق كان مع علي وأن العصمة كانت بالمقاتلة مع معاوية كما يدل عليه حديث عمار: تقتلك الفئة الباغية. وقد قال تعالى: ﴿فقاتلوا التي تبغي حتى تفيء إلى أمر الله﴾ [الحجرات ـ ٩]. (قلت: وهل بعد السيف بقية) أي من الشر أو من الخير. قال شارح: أي هل يبقى[1] الإسلام بعد محاربتنا إياهم. (قال: نعم تكون إمارة) بكسر الهمزة، أي ولاية وسلطنة. (على أقذاء) في النهاية، الأقذاء جمع قذى والقذى جمع قذاة، وهي ما يقع في العين والماء والشراب من تراب أو تبن أو وسخ أو غير ذلك. أراد أن اجتماعهم يكون على فساد في قلوبهم فشبهه بقذى العين ونحوها. قال القاضي [رحمه الله]: أي إمارة مشوبة بشيء من البدع وارتكاب المناهي. (وهدنة) بضم الهاء، أي صلح. (على دخن) بفتحتين، أي مع خداع ونفاق وخيانة وفي الفائق هدن أي سكن شربه مثلاً لما بينهم من الفساد الباطن تحت الصلاح الظاهر. اهـ. ويمكن أن يكون المعنى: ثم يكون اجتماع الناس على من جعل أميراً بكراهية نفس لا بطيب قلب. يقال: فعلت كذا وفي العين قذى، أي فعلته على كراهة وإغماض عين كما أن العين التي يقع فيها القذى ظاهرها صحيح وباطنها ضريح. وأصل الدخن هو الكدورة واللون الذي يضرب إلى السواد فيكون فيه إشعار إلى أنه صلاح مشوب بالفساد، فيكون إشارة إلى صلح الحسن مع معاوية وتفويض الملك إليه واستقرار أمر الإمارة عليه، وبه يظهر أن معاوية بصلح الحسن لم يصر خليفة خلافاً لمن توهم[2] خلاف ذلك والله [تعالى] أعلم. (قلت: ثم ماذا) أي ماذا يكون (قال: ثم تنشأ) أي تظهر (دعاة الضلال) أي جماعة يدعون الناس إلى البدع أو المعاصي (فإن

الحديث رقم ٥٣٩٦: أخرجه أبو داود في السنن ٤/ ٤٤٤ حديث رقم ٤٢٤٤، أخرجه ابن ماجه ٢/ ١٣١٧ حديث رقم ٣٩٨١، وأحمد في المسند ٥/ ٤٠٣.

(١) في المخطوطة «يبقى». (٢) في المخطوطة «وهم».



مرقاۃ شرح مشکوۃ اردو جلد دہم ۴۱ کتاب الفتن

قذاء: نہایہ میں لکھا ہے کہ أقذاء، قذی کی جمع ہے اور قذی قذاۃ کی جمع ہے اور "قذاۃ" کے معنی اس کیچڑ، کوڑے اور تنکے کے ہیں جو آنکھ میں یا پانی اور شرب وغیرہ میں پڑ جائے۔

اس جملہ سے مراد یہ ہے کہ مسلمانوں کی حکومت و امارت پر اتفاق اور اجتماعیت تو ہوگی مگر اس کی بنیاد تمہارے دلوں کے فساد پر ہو

مرقاۃ شرح مشکوۃ اردو جلد دہم ۴۲ کتاب الفتن

گی چنانچہ حکومت پر اتفاق اور اجتماعیت کو آنکھ کے کیچڑ وغیرہ سے تشبیہ دی ہے۔ قاضیؒ نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ ایسی امارت جس میں بدعات کی آمیزش ہوگی اور نافرمانی کا ارتکاب ہوگا۔

- هدنة: ھاء کے ضمہ کے ساتھ، اس کا معنی ہے صلح۔

دخن: دال اور خاء کے فتحہ کے ساتھ اس کا معنی ہے دھوکہ، نفاق اور خیانت کے ساتھ صلح ہوگی۔

فائق میں لکھا ہے کہ هدن کا معنی ہے سکون۔

اس کا معنی یہ بھی ممکن ہے کہ لوگ بغیر دلی رضامندی کے نفس کی ناگواری کے ساتھ کسی کی امارت پر اتفاق کریں گے، جب کوئی کام طبیعت کی ناگواری کے ساتھ آنکھوں کو بند کر کے کیا جائے، اُس وقت عربی کلام میں یوں کہا جاتا ہے: فعلته كذا وفي العين قذى۔ یعنی جیسا کہ وہ آنکھ جس میں کوئی تنکا وغیرہ پڑ جائے، بظاہر صحیح معلوم ہوتی ہے مگر اس کے اندر سخت سوزش ہوتی ہے اسی طرح حکومت قائم تو ہوگی مگر عوام اس پر دل سے متفق نہیں ہونگے اور وفاداری نہیں کریں گے۔

- دخن: اصل میں کدورت اور سیاہ مائل رنگ کو کہا جاتا ہے، چنانچہ اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ صلح تو ہوگی مگر اس میں فساد کی آمیزش ہوگی، اور اس میں اس مصالحت کی طرف اشارہ ہے جو حضرت حسنؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان ہوئی تھی جس کے تحت حضرت حسنؓ نے خلافت سے دستبردار ہو کر ملک کا نظام حضرت امیر معاویہؓ کے سپرد کر دیا تھا، اور حضرت امیر معاویہؓ نے امارت کو مستحکم کر لیا تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت حسنؓ کی مصالحت کی وجہ سے حضرت امیر معاویہؓ اس وقت کے مستحق خلیفہ نہیں بنے، جیسا کہ بعض حضرات کو اس کا وہم ہوا ہے۔ واللہ اعلم

ترجمہ

اقذاء : نہایہ میں لکھا ہے کہ أقذاء، قذی کی جمع ہے اور قذی، قذاة کی جمع ہے اور قذاة سے مُراد اس کیچڑ، کوڑے اور تنکے کے ہیں جو آنکھ میں یا پانی اور شُرب وغیرہ میں پڑ جائے۔

اس جملے سے مراد یہ ہے کہ مسلمانوں کی حکومت و امارت پر اتفاق اور اجتماعیت تو ہوگی مگر اُس کی بنیاد تمہارے دلوں کے فساد پر ہوگی چنانچہ حکومت پر اتفاق اور اجتماعیت کو آنکھ کے کیچڑ وغیرہ سے تشبیہ دی ہے۔ قاضی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ ایسی امارت جس میں بدعات کی آمیزش ہوگی اور نافرمانی کا ارتکاب ہوگا۔

هدنة : 'هاء' ضمہ کے ساتھ، اِس کا معنی 'صلح' ہے۔

دخن : 'دال' اور 'خ' فتحہ کے ساتھ، اِس کا معنی ہے 'دھوکا، نفاق اور خیانت' کے ساتھ صلح ہوگی'' فائق میں لکھا ہے کہ هدن کا معنی ہے 'سکون'۔

اِس کا معنی یہ بھی ہے کہ لوگ بغیر دِلی رضامندی کے نفس کی ناگواری کے ساتھ کسی کی امارت پر اتفاق کریں گے، جب کوئی طبیعت کی ناگواری کے ساتھ آنکھوں کو بند کر کے کیا جائے، اُس وقت عربی کلام میں یوں کہا جاتا ہے : "فعلته كذا وفي العين قذى" یعنی جیسا کہ وہ آنکھ جس میں کوئی تنکا وغیرہ پڑ جائے بظاہر صحیح معلوم ہوتی ہے مگر اُس کے اندر سخت سوزش ہوتی ہے، اِسی طرح حکومت قائم ہوگی مگر عوام اُس پر دِل سے متفق نہیں ہوں گے اور وفاداری نہیں کریں گے۔

دخن : اصل میں کدورت اور سیاہ مائل رنگ کو کہا جاتا ہے، چنانچہ اِس میں اِس بات کی طرف اِشارہ ہے کہ صلح تو ہوگی مگر اس میں فساد کی آمیزش ہوگی، اور اُس میں اِس مصالحت کی طرف اِشارہ ہے جو سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوئی تھی جس کے تحت سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت سے دست بردار ہو کر ملک کا نظام حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دیا تھا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے امارت کو مستحکم کر لیا تھا۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی مصالحت کی وجہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اُس وقت کے مستحق خلیفہ نہیں بنے، جیسا کہ بعض حضرات کو اِس کا وہم ہوا ہے۔ (1)

1. مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح (عربی) : 11/23 ؛ اُردو : 10/41-42

عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ'' میں حدیث نقل کرتے ہیں :

اشعۃ اللمعات اردو جلد ۶ — ۲۸۴ — فتنے کا بیان۔ فصل ۱

۵۱۳۷ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي

اور انہی سے مروی ہے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خیر کے بارے میں سوال کرتے تھے اور میں شر کے بارے میں پوچھتا تھا۔ اس کے پیشِ نظر کہ

اشعۃ اللمعات اردو جلد ۶ — ۲۸۵ — فتنے کا بیان۔ فصل ۱

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ فَجَاءَنَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ كَانَ شَرٌّ قُلْتُ وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ نَعَمْ وَفِيهِ دَخَنٌ قُلْتُ وَمَا دَخَنُهُ قَالَ قَوْمٌ يَسْتَنُّونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي وَيَهْتَدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ قُلْتُ فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صِفْهُمْ لَنَا قَالَ هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكَنِي ذٰلِكَ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ قُلْتُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ فِي الدَّارِمِيِّ

کہیں وہ مجھے پہنچ جائے۔ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم پہلے جہالت و شر میں تھے پھر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس یہ خیر لایا تو کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا۔ فرمایا ہاں! عرض کی گئی اس شر کے بعد خیر ہوگی؟ فرمایا ہاں مگر اس خیر میں کدورت ہوگی۔ عرض کیا کدورت سے کیا مراد ہے؟ فرمایا وہ قوم جو میرے طریقے کے خلاف طریقہ اختیار کرے گی اور میری ہدایت کے خلاف ہدایت قبول کرے گی ان کی بعض باتیں اچھی پاؤ گے اور بعض بری۔ عرض کیا گیا اس خیر کے بعد شر ہوگی فرمایا ہاں دوزخ کے دروازہ پر بلانے والے جو دوزخ کی طرف ان کی بات مانے گا اسے دوزخ میں ڈال دیں گے۔ عرض کیا یا رسول اللہ ان کی علامت بھی بتا دیجئے۔ فرمایا وہ ہمارے گروہ سے ہوں گے ہماری زبان میں کلام کریں گے۔ عرض کیا اگر میں یہ پاؤں تو میرے لیے کیا حکم ہے۔ فرمایا مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کو پکڑے رہنا۔ عرض کیا اگر مسلمانوں کی جماعت اور امام نہ ہو؟ فرمایا ان تمام فرقوں سے الگ رہنا اگرچہ اس طرح ہو کہ تم کسی درخت کی جڑ اور تنے سے پکڑ لو یہاں تک کہ تم کو اسی حالت میں موت آجائے۔

(دارمی) اور مسلم کی روایت میں یہ بھی آیا ہے فرمایا میرے بعد ایسے پیشوا ہوں گے جو نہ تیری سنت اختیار کریں گے اور نہ میرے طریقے کو اپنائیں گے ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہوں گے جن کے دل شیطانوں کے دل ہوں گے دیکھنے میں انسان ہوں گے۔ حضرت حذیفہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں یہ وقت پاؤں تو کیا کروں؟ فرمایا اپنے امیر کی سنو اور اطاعت کرو اگرچہ تیری پیٹھ ہی پر مارا جائے اور تیرا مال لے لیا جائے پھر بھی سنو اور اطاعت کرو۔

اشعۃ اللمعات اردو جلد ۶ — ۲۸۶ — فتنے کا بیان۔ فصل ۱

سلہ عقل مند آدمی کے نزدیک نفع کے حصول سے نقصان سے تحفظ رہنا اہم ہے۔ شر سے مراد فتنے اور حوادث ہیں جو لوگوں کے درمیان ان کے نزاع و جدال کی وجہ سے ظاہر و واقع ہوئے کیا گرچہ مواقع حق نہ تھے باقی منہیات شریعت میں حصین ہیں اور ان کا سوال ان سے بھی مخصوص نہیں جیسا کہ سیاق حدیث اس پر دال ہے

سلہ آپ کے مبارک وجود مسعود کے ذریعے اسلام عطا فرمایا اور اس پر ثابت کی توفیق دی۔

سلہ کیا اس خیر کے بعد شر یا ظلم اور دین میں اختلال کا اندیشہ ہے۔

سلہ دین اس نہج پر قائم ہو جائے جس طرح کہ تھا۔

سلہ دَخَن، دال اور خاء دونوں پر زبر یا دخان کے معنی میں ہے یعنی چیز جو شر کے ساتھ متصل ہو یعنی لوگوں کے دلوں میں جو صدق اور خلوص تھا نہ رہے گا۔ وہ اعتقادات صحیحہ، اعمال صالحہ اور عادات حسنہ کا اختلاف جو قرن اول میں تھا نہ رہے گا، برائی اور بدعات پیدا ہو جائیں گی۔ اہل بدعت والی امت ظاہر ہو جائیں گے

سلہ یعنی صوفیہ و ملک جائز و ناجائز، دونوں ان میں جمع ہوں گے اور خیر و شر کا امتزاج و اختلاط ہوگا اور یہی آپ کے ارشاد تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ أَوْ يَسْتَقِيمُونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي کا بھی مراد ہے۔ بعض نے فرمایا شر کے بعد خیر سے مراد حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد ہے اور الَّذِينَ تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ سے مراد ان کے بعد آنے والے امراء ہیں ان کے درمیان جو کوئی تھے انہوں نے بدعت کو رواج دیا اور خوارج یعنی شیاطین کی مانند ہے کہ یہی احتمال ہے کہ شر سے حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہو اور اس کے بعد خیر امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد ہو، کدورت و شر سے مراد وہ جماعت ہے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر منبر پر سرِ عام لعنت کیا کرتے تھے۔

ترجمہ

اور اُنہی (سیّدنا حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خیر کے بارے میں سوال کرتے اور میں شر کے بارے میں پوچھتا تھا۔ اِس کے پیشِ نظر کہ کہیں وہ مجھے پہنچ جائے، بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم پہلے جہالت و شر میں تھے پھر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس یہ خیر لایا، تو کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟'' فرمایا: ''ہاں!'' عرض کیا گیا، ''اِس شر کے بعد خیر ہوگی؟'' فرمایا: ''ہاں! مگر اِس خیر میں کدورت ہوگی۔'' عرض کیا، ''کدورت سے کیا مراد ہے؟'' وہ قوم جو میرے طریقے کے خلاف طریقہ اختیار کرے گی اور میری عادت کے خلاف عادت قبول کرے گی اُن کی بعض باتیں اچھی پاؤ گے اور بعض بُری۔'' عرض کیا گیا، ''اِس خیر کے بعد شر ہوگی؟'' فرمایا، ''ہاں! دوزخ کے دروازے پر بلانے والے، جو دوزخ کی طرف اُن کی بات مانے گا اُسے دوزخ میں ڈال دیں گے۔'' میں نے عرض کیا، ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اُن کی علامت بھی بتائیں۔'' فرمایا: ''وہ ہمارے گروہ سے ہوں گے، ہماری زبان میں کلام کریں گے۔'' عرض کیا کہ ''اگر میں یہ پاؤں تو میرے لیے کیا حکم ہے؟'' فرمایا: ''مسلمانوں کی جماعت اور اُن کے اِمام کو پکڑے رہنا۔'' عرض کیا: ''اگر مسلمانوں کی جماعت اور اِمام نہ ہو؟'' فرمایا: ''اُن تمام فرقوں سے الگ رہنا اگرچہ اِس طرح ہو کہ تم کسی درخت کی جڑ دانتوں سے پکڑ لو حتّٰی کہ تم کو اِسی حالت میں موت آ جائے۔''

بخاری و مسلم کی روایت میں یہ بھی آیا ہے، فرمایا: ''میرے بعد ایسے پیشوا ہوں گے جو نہ تو میری سنّت اختیار کریں گے اور نہ ہی میرے طریقے کو اپنائیں گے، اُن میں سے کچھ لوگ اُٹھیں گے جن کے دل شیطانوں کے دل ہوں گے، اِنسانی جسموں میں۔'' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اگر میں یہ وقت پاؤں تو کیا کروں؟'' فرمایا: ''اپنے امیر کی سنو اور اِطاعت کرو، اگرچہ تیری پُشت ماری جائے اور تیرا مال لے لیا جائے، پس سن اور اِطاعت کر۔''(1)

شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اِس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: دَخَنٌ 'د' اور 'خ' دونوں پر زبر، یہ ''دُخان'' کے معنی میں ہے یعنی وہ چیز جو شر کے ساتھ متصل ہو یعنی لوگوں کے دلوں میں جو صدق اور خلوص تھا وہ نہیں رہے گا۔ وہ اعتقاداتِ صحیحہ، اعمالِ صالحہ اور وہ بادشاہوں کا عدل و انصاف جو قرنِ اوّل میں تھا، نہ رہے گا۔ برائی اور بدعات پیدا ہو جائیں گی، اہلِ بدعت و اہلِ سنّت مخلوط ('Mixed' or 'Confused') ہو جائیں گے۔ یعنی معروف و منکر، جائز و ناجائز، دونوں ان میں جمع ہوں گے اور خیر و شر کا امتزاج و اختلاط ہوگا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد لَهُمْ فِيهِ دَخَنٌ أَوْ يَسْتَنُّونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي سے بھی یہی مراد ہے۔ بعض نے فرمایا: 'شر' کے بعد 'خیر' سے مراد حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کا دور ہے اور الَّذِينَ تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ سے مراد اُن کے بعد آنے والے امیر ہیں۔ اُن کے درمیان جو کوئی تھے اُنہوں نے بدعت کو رِواج دیا، مثلاً خوارج، یعنی شارحین کی رائے ہے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ 'شر' سے حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت ہو اور اُس کے بعد 'خیر' امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کا دور ہو، ''کدورت و شر سے مراد وہ ''جماعت'' جو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر منبر پر بیٹھ کر لعنت کیا کرتے تھے۔

1. اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ، 6/384-385، رقم: 5147

ابن تیمیہ کا قول

ولهذا لم يضمن النبي صلى الله عليه وسلم أسامة بن زيد[1] دم المقتول الذي قتله متأولا، مع قوله: «أقتلته بعد أن قال لا إله إلا الله؟ أقتلته بعد أن قال لا إله إلا الله؟ أقتلته بعد أن قال لا إله إلا الله؟»[2] ولهذا لا تقام الحدود إلا على من علم التحريم[3].

والخير الثاني اجتماع الناس لما اصطلح الحسن ومعاوية، لكن كان[4] صلحاً على دَخَن، وجماعة على أقذاء، فكان في النفوس

وأنس وابن المسيب وغيرهم، وقد توفي سنة ١٢٤ وقيل سنة ١٢٥. ترجمته في تهذيب التهذيب ٩/٤٤٥ - ٤٥١، الخلاصة للخزرجي، ص ٣٠٦ - ٣٠٧.

(١) بن زيد: ساقطة من (أ)، (ب).

(٢) الحديث عن أسامة بن زيد رضي الله عنه في موضعين في: مسلم ١/٩٦ - ٩٧ (كتاب الإيمان، باب تحريم قتل الكافر بعد أن قال لا إله إلا الله). وهو في: سنن أبي داود ٣/٦١ (كتاب الجهاد، باب على ما يقاتل المشركون). وجاء حديث آخر بنفس المعنى عن عمران ابن حصين رضي الله عنه في: سنن ابن ماجة ٢/١٢٩٦ (كتاب الفتن، باب الكف عمّن قال لا إله إلا الله)؛ المسند (ط. الحلبي) ٤/٤٣٨ - ٤٣٩.

(٣) ن (فقط): الحدود.

(٤) ن، م: وكان ذلك.

- ٥٦٠ -



وَالْخَيْرُ الثَّانِي: اِجْتِمَاعُ النَّاسِ لَمَّا اصْطَلَحَ الْحَسَنُ وَمُعَاوِيَةُ، لٰكِنْ كَانَ صُلْحًا عَلٰى دَخَنٍ، وَجَمَاعَةً عَلٰى أَقْذَاءٍ.

اور دوسری خیر لوگوں کا وہ اجتماع ہے جو امام حسن رضی اللہ عنہ اور معاویہ رضی اللہ عنہ کی صلح کے وقت ہوا لیکن وہ صلح کینہ پر تھی اور اجتماع کدورتوں پر تھا۔[1]

1. منہاج السنۃ (عربی): 1/560

شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اِس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں :

وَهُدْنَةٌ عَلَى دَخَنٍ ، الصُّلْحُ الَّذِي وَقَعَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا.



پیدا ہوگا۔ اسی طرح ذوقتم کے دل ہو جائیں گے ایک سپید چٹان کی طرح صاف دبے داغ اس کو کوئی فتنہ
حضرت نہ پہنچائے گا۔ جب تک زمین و آسمان قائم ہیں۔ دوسرا سیاہ گرد آلود۔ جیسے ٹیڑھا کوزہ۔ نہ نیکی کو
شناخت کرتا ہے نہ بدی کی۔ بجز اپنی خواہش کے جو دل میں سرایت کر گئی ہے۔

میں کہتا ہوں جب فتنے برپا ہوتے ہیں تو نفسانی اور شیطانی دلوں کی دل میں جنبش ہوتی ہے جدا جدا
دلوں کو تغیر یعنی ہیں کوئی بادی نہیں ہوتا جو حق پر آمادہ کرے اس واسطے انہی دلوں کو ان فتنوں سے خطرہ
اور بیگانگی ہوا کرتی ہے جو ان کی مخالفت اور بدنیاتی سے آشنائے محض ہوتے ہیں باقی اور سبھوں
پر ان کا عام اثر ہوا کرتا ہے۔

آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ امانت اصل طبیعت میں پیدا ہوا کرتی ہے پھر اس کا علم قرآن
و حدیث کے ذریعہ سے ہو جاتا ہے۔ اور امانت کے جاتے رہنے کو آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان
فرمایا کہ آہستہ آہستہ امانت کا اثر دل سے زائل ہوتا ہے۔ اول اول اس کا نورانی ہو کر کسی قدر تیرگی رہ
جاتی ہے پھر اثر ظلمت کا دیر پا ہو جاتا ہے۔

میں کہتا ہوں جب خدا تعالےٰ نے ارادہ کیا کہ اسلام کو غلبہ ہو تو ایک قوم کو اس نے پسند کیا
اور اطاعت و جان نثاری کا ان کو مرتاض اور مشتاق بنایا حکم الٰہی کے موافق ان کی ہمت اور عزم کو
جمع کیا۔ پھر اسی اجمالی فرمان پذیری کے احکام کی قرآن و حدیث میں پوری تفصیل کر دی گئی۔ اس کے بعد رفتہ
رفتہ غفلت اور بے پروائی بڑھتی جاتی ہے اس وقت نہایت ہوشمندی اور فراست میں دیکھا جاتا ہے۔ کہ
اس کے دل میں دین الٰہی اور لوگوں کے باہمی تعلقات اور معاملات میں ادنیٰ حصہ تدین اور امانت کا نہیں
ہوا کرتا ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا
کہ جیسے اسلام سے پیشتر تاریکی پھیلی گئی تھی کیا بعد کو بھی ہو جائے گی۔ آپ نے فرمایا ہاں البتہ ہو جائے
گی۔ میں نے کہا اس سے نجات کیسے حاصل ہوگی آپ نے فرمایا تلوار نجات دے سکے گی۔ میں نے کہا بعد تلوار
کے بھی کیا کچھ تاریکی باقی رہے گی آپ نے فرمایا ہاں ناخوشی اور ناآزادی سے حکومت قائم ہوگی اور مکر و فساد سے صلح ہوگی۔ میں
نے عرض کی پھر کیا ہوگا۔ فرمایا گمراہی کی طرف لوگ بلائیں گے اگر اس وقت میں کوئی خلیفہ موجود ہو جو امور باطل پر تیرے پیٹ
پر درے لگائے اور تجھ سے مال وصول کرے تو اس کی اطاعت کر ورنہ افسوس و غم کی حالت میں مرجانا۔

میں کہتا ہوں وہ زمانہ جس میں نجات تلوار سے حاصل ہوئی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عہد
خلافت تھا جس میں اہل عرب مرتد ہو گئے تھے۔ اور ناخوشی کی حکومت وہ باہمی نزاع تھی جو حضرت عثمان
رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں پیش آئی۔ اور مکر و فساد کی وہ صلح تھی۔ جو

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے زمانے میں واقع ہوئی

''میں کہتا ہوں وہ زمانہ جس میں نجات تلوار سے حاصل ہوئی۔ حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ کا عہدِ خلافت تھا جس میں اہلِ عرب مرتد ہو گئے تھے اور نہ خوشی کی حکومت ، نہ وہ باہمی نزاع تھی جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے

عہدِ خلافت میں پیش آئے اور مکر وفساد کی وہ صلح تھی جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے زمانے میں واقع ہوئی...۔"[1]

مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ علیہ کا قول

مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب 'مرأۃ المناجیح اردو ترجمہ و شرح مشکوٰۃ المصابیح' میں اِس حدیث کی شرح میں کچھ یوں لکھتے ہیں.....



۴۔ اقذاء جمع ہے قذی کی بمعنی آنکھ کا تنکا وغیرہ جس میں بظاہر آنکھ اچھی ہوتی ہے مگر بباطن تکلیف یہاں مراد ہے ناپسندیدگی اور بددلی یعنی لوگ کسی کو اپنا امیر مانیں گے تو صرف ظاہر سے ان کے دل اس سے راضی نہ ہوں گے۔ نیز اس سلطنت میں بدعات وغیرہ ہوں گی۔ کدورت ہوگی اس میں اشارہ ہے حضرت امام حسن اور امیر معاویہ کی صلح کی طرف اگرچہ یہ صلح تو ہوگئی مگر لوگوں کے دلوں میں صفائی نہ ہوئی۔ اس لئے ہمارا مذہب ہے کہ حضرت امیر معاویہ اس صلح کے بعد خلیفہ نہ ہوئے بلکہ سلطان اسلام ہوئے۔ اسلام میں پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق اور پہلے سلطان امیر معاویہ (مرقات)

أقذاء جمع ہے قذی کی، بمعنی آنکھ کا تِنکا وغیرہ جس میں بظاہر آنکھ اچھی ہوتی ہے مگر بباطن تکلیف، یہاں مراد ہے ناپسندیدگی اور بددِلی یعنی لوگ کسی کو اپنا امیر مانیں گے تو صرف ظاہر سے اُن کے دِل سے راضی نہ رہیں گے۔ نیز اِس سلطنت میں بدعات وغیرہ ہوں گی۔ کدورت ہوگی، اِس میں اِشارہ ہے حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی صلح کی طرف، اگرچہ یہ صلح تو ہوگئی مگر لوگوں کے دِلوں میں صفائی نہ ہوئی، اِس لیے ہمارا مذہب ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اس صلح کے بعد خلیفہ نہ ہوئے بلکہ "سلطانِ اسلام" ہوئے۔ اِسلام میں پہلے خلیفہ ابو بکر صدّیق اور پہلے سلطان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔[2]

1. حجت اللہ البالغہ، (عربی): 2/579، (اردو)، صفحہ: 715-716
2. مرأۃ المناجیح اردو ترجمہ وشرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 7/164، رقم: 5157

صلح نفاق پر ہوگی: ابو داؤد کی ایک صحیح حدیث

'مشکوۃ المصابیح' کی طرح امام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کی طرف اشارہ کرتی ہوئی ایک حدیث 'سنن ابو داؤد' میں موجود ہے۔

4246- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ: أَتَيْنَا الْيَشْكُرِيَّ فِي رَهْطٍ مِنْ بَنِي لَيْثٍ، فَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟ قُلْنَا: بَنُو لَيْثٍ، أَتَيْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ حَدِيثِ حُذَيْفَةَ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ هَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ وَشَرٌّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ هَلْ بَعْدَ هَذَا الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللهِ وَاتَّبِعْ مَا فِيهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ هَلْ بَعْدَ هَذَا الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ: هُدْنَةٌ عَلَى دَخَنٍ، وَجَمَاعَةٌ عَلَى أَقْذَاءٍ فِيهَا - أَوْ فِيهِمْ - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَا هِيَ؟ قَالَ: لَا تَرْجِعُ قُلُوبُ أَقْوَامٍ عَلَى الَّذِي كَانَتْ عَلَيْهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَبَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ، صَمَّاءُ، عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ النَّارِ، فَإِنْ مُتَّ يَا حُذَيْفَةُ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلَى جِذْلٍ، خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِنْهُمْ.

(۱) (۲) نصر بن عاصم لیثی بیان کرتے ہیں' ہم لوگ یشکری کے پاس آئے ہم بنی لیث سے تعلق رکھنے والا ایک گروہ تھا۔ انہوں نے دریافت کیا: تم کون سے قبیلے سے تعلق رکھتے ہو؟ ہم نے جواب دیا: ہم بنی لیث سے ہیں ہم آپ کے پاس اس لئے آئے ہیں تاکہ آپ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بارے میں دریافت کریں۔ انہوں نے اس حدیث کو سنایا کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا اس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ نے فرمایا: آزمائش بھی ہوگی اور برائی بھی ہوگی۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے دریافت کیا: اس برائی کے بعد کوئی بھلائی ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے حذیفہ! تم اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور اس میں جو حکم موجود ہے اس کی پیروی کرو۔ یہ بات آپ نے تین مرتبہ فرمائی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: ''ھدنۃ علی دخن وجماعۃ علی اقذاء فیھا او فیھم'' میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ''ھدنۃ علی دخن'' کا مطلب کیا ہے آپ نے فرمایا: ان لوگوں کے دل تبدیل نہیں ہوں گے۔ اس صورتحال پر ہے جس پر وہ پہلے تھے۔ حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں' یارسول اللہ اس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: ایسی آزمائش ہوگی جو اندھا کر دے گی، بہرا کر دے گی۔ اس میں جہنم کی طرف بلانے والے لوگ ہوں گے۔ اے حذیفہ! اس وقت اگر تم اس حالت میں مرجاؤ (کہ تم جنگل میں تنہا زندگی بسر کرتے ہوئے) درخت کی جڑ چباتے ہوئے مرجاؤ! تو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے کہ تم ان میں سے کسی ایک کی پیروی کرو۔

ترجمہ

نصر بن عاصم لیثی بیان کرتے ہیں، ہم لوگ یشکری کے پاس آئے، ہم بنولیث سے تعلق رکھنے والا ایک گروہ تھا۔ اُنہوں نے دریافت کیا: 'تم کون سے قبیلے سے تعلق رکھتے ہو؟' ہم نے جواب دیا: 'ہم بنولیث سے ہیں ہم آپ کے پاس اِس لیے آئے ہیں تاکہ آپ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بارے میں دریافت کریں۔' اُنہوں نے اِس حدیث کو سنایا کہ 'حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: 'یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا اِس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: 'آزمائش بھی ہوگی اور برائی بھی ہوگی' وہ بیان کرتے ہیں، میں نے دریافت کیا: 'اِس برائی کے بعد کوئی بھلائی ہوگی؟' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: 'اے حذیفہ رضی اللہ عنہ! تم اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور اس میں جو حکم موجود ہے اُس کی پیروی کرو' یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: 'کیا برائی کے بعد بھلائی ہوگی؟' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "هدنة على دخن وجماعة على اقذاء فيها وفيهم" میں نے دریافت کیا: 'یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! "هدنة على دخن" کا مطلب کیا ہے؟' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: 'ان لوگوں کے دل تبدیل نہیں ہوں گے۔ اس صورتحال پر ہے جس پر وہ پہلے تھے۔' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، 'یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اِس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: 'ایسی آزمائش ہوگی جو اندھا کر دے گی، بہرہ کر دے گی۔ اُس میں جہنم کی طرف بلانے والے لوگ ہوں گے، اے حذیفہ رضی اللہ عنہ! اُس وقت اگر تم اِس حالت میں مر جاؤ (کہ تم جنگل میں تنہا زندگی بسر کرتے ہوئے) درخت کی جڑ چباتے ہوئے، مر جاؤ! تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے کہ تم اُن میں سے کسی ایک کی پیروی کرو۔'[1]

یاد رہے! اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کا کوئی یہ مطلب نہ نکالے کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت کے لیے بہتر سمجھتے تھے کیوں کہ اُس وقت سیّدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ[2] جیسے جلیل القدر صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود تھے جنہیں سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ نے 6 رُکنی کمیٹی یعنی شوریٰ میں بھی شامل کیا تھا۔

---

1. شرح سنن ابو داؤد: 7/566-567، رقم: 4246
2. سیّدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے سالِ وفات کے بارے میں اختلاف ہے، مختلف روایتوں میں جدا جدا طور پر اُن کا سالِ وفات ہجری سن 51، 56، 57 اور 58 بتایا گیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے 'تہذیب التہذیب' میں تمام روایت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ ہجری سن 55 والی روایت زیادہ معتبر ہیں۔' یعنی ہجری سن 41 میں "صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ" کے وقت آپ اِس دنیا میں موجود تھے۔
(Incyclopedia Sirat-e-Sahaba-e-Kiram - p.562, Darussalam)

مگر جیسا کہ ہم آگے بیان کر چکے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلافت وبادشاہت کے حریص تھے اور اگر صلح نہ کی جائے تو پھر جنگ ہوگی اور مسلمانوں کا خون بہے گا اور بعد میں یہ پروپیگنڈہ کیا جاتا کہ 'بنو ہاشم خلافت کے حریص ہیں، انہیں عوام سے کوئی سروکار نہیں یہ تو صرف حکومت چاہتے ہیں (معاذ اللہ)' اور صلح کے بعد بھی یہ افواہیں پھیلا دی گئیں کہ آپ خلیفہ بننا چاہتے ہیں۔

معلوم ہوا کہ اِس صلح سے کچھ وقت کے لیے اُمّت میں اتحاد قائم ہو رہا تھا اور مسلمانوں کے خون کی حفاظت ہو رہی تھی اور اِس کے ساتھ اہلِ شام جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کے قصاص کا نعرہ لگا رہے ہیں حالانکہ وہ ایک فریب ہے تو وہ بھی صلح کے بعد آشکار ہو جائے گا۔ مندرجۂ بالا حدیث کے مطابق یہ بھی ثابت ہو گیا کہ یہ جو امارت قائم ہونے جا رہی ہے وہ خالص اسلامی نہیں بلکہ فتنہ و فساد کی بنیاد پر قائم ہو رہی ہے یعنی ظاہری طور پر تو اسلامی حکومت کہلائے گی مگر باطنی طور پر اُن کے دل صاف ستھرے نہیں ہیں بلکہ غبار آلود ہیں لیکن دیکھنے میں خوش نما بوئے وفا۔ یہ صلح کدورت پر ہونے جا رہی ہے یعنی دھوکا دھڑی اور نفاق پر صلح ہو رہی ہے اور یہ سارا کچھ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ اچھے سے جانتے تھے کہ اب خلافت کی جگہ ظلم وزیادتی والی بادشاہت آجائے گی یعنی اہلِ حق پر باطل کا غلبہ ہو جائے گا جیسا کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: 'میرے بعد خلافت تیس (30) سال ہوگی پھر وہ خلافت ظلم و زیادتی والی بادشاہت میں بدل جائے گی۔'

سیدھی بات یہ ہے کہ سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے لے کر سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ تک پانچوں خلفائے راشدین کی بیعت میں کسی صحابی یا عام مسلمانوں نے بھی اُن سے کوئی شرائط نہیں لکھوائی کیوں کہ 'بیعت' کا مطلب ہی یہ ہے کہ آپ جس کی بیعت کروگے اُسے بلا شُبہ خلیفہ کے عہدے کے لائق سمجھتے ہیں اور اُس پر بھروسا کرتے ہیں کہ وہ قرآن وسنّت کے مطابق خلافت کو انجام دے گا۔ اِسی لیے یہ پانچوں خلفاء کی بیعت میں شرائط لکھوائی نہیں گئی جب کہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کرتے وقت شرائط لکھوائی تو کیا امام حسن رضی اللہ عنہ اگر بیعت ہی کر رہے تھے تو پھر آپ کو شرائط لکھوانے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا آپ کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر شبہ تھا کہ وہ قرآن وسنّت پر عمل نہیں کریں گے؟ اور اگر بھروسا تھا اور وہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت کے لائق سمجھتے تھے اور بیعت ہی کرنا چاہتے تھے یا اُنہوں نے بیعتِ اِطاعت ہی کی تھی تو پھر بیعت کے اصول کے خلاف شرطیں لکھوانے کی کیا ضرورت تھی! وہ بھی یہ شرط کہ 'امیر معاویہ رضی اللہ عنہ قرآن وسنّتِ رسول کے مطابق عمل کریں گے؟' کیا حضرتِ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کسی صحابی نے ایسی کوئی شرطیں لکھوائی تھیں؟ روایتوں میں ملتا ہے کہ مولا علی رضی اللہ عنہ نے 6 ماہ کے بعد سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تو کیا اُنہوں نے اُس وقت بھی کوئی شرطیں لکھوائی؟ نہیں، کیوں کہ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ ہر لحاظ سے سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلافت کے لائق سمجھتے تھے۔ بالکل اِسی طرح جب سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نامزد کرایا تو کیا اُن سے کوئی شرطیں لکھوائی تھیں؟ بالکل نہیں! اِسی طرح جب عبد الرّحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان اور مولا علی رضی اللہ عنہ سے خلافت کے بارے میں ملاقات کی تو اُنہیں صرف پوچھا تھا کہ آپ قرآن وسنت کے طریقے کے مطابق عمل کروگے مگر کبھی اِس بات کو بطورِ شرط نہیں لکھوائی اور بالکل اِسی طرح بدری اصحاب کی ایک بڑی جماعت نے جب مولا علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تو نہ ہی اُنہوں نے کوئی شرطیں لکھوائیں نہ ایسی شرطیں صحابۂ کرام نے امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس لکھوائیں تو اب سوال یہ ہوتا ہے کہ اگر امام حسن رضی اللہ عنہ بیعت کرتے تو بالکل بدر و اُحد کے صحابہ کی جماعت کے اجماع کے مطابق بغیر کوئی شرط لکھوا کر لیتے، مگر اصل بات یہ ہے کہ یہ بیعت نہیں بلکہ 'صلح کا معاہدہ' تھا جسے بعد میں تاریخی کتابوں میں بیعت کا لفظ مشہور کر دیا۔

آج اُمّت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کو ٹھیک طریقے سے سمجھ نہیں سکتی اِس کی اصل وجہ ہی یہ ہے کہ اِس کو 'بیعتِ حسن' کہہ کر ذکر کیا جاتا ہے اور بتایا جاتا ہے اور آج کل منبروں سے چیخ چیخ کر کہا جاتا ہے کہ ''لوگو! اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور اِمام حسین رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر بیعت کرلی، اگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ظلم کرنے والے ہوتے یا ناحق پر ہوتے یا جنگِ صفّین میں باغی گروہ سے ہوتے (جس نے عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ جیسے صحابی کو قتل کیا) تو کیا اِمام حسن رضی اللہ عنہ اُن کے ہاتھوں پر بیعت کرتے؟''

تو ہم ایسے نادانوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ سب سے پہلے آپ حدیث کی کتابوں کا اصولِ حدیث کے ساتھ مطالعہ کیجیے اور تاریخ کی صحیح روایتوں کو پڑھو اور خلفائے راشدین کے بیعت کا طریقہ جانو تو پتہ چلے گا کہ یہ بیعتِ اِطاعت نہیں بلکہ صُلح تھی۔

آخری لاجواب دلیل

صُلح اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے جو لوگ یہ مطلب نکال رہے ہیں کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی حق پر تھے اور آپ خلافت کے لائق تھے، اُن سے ہمارا معصومانہ سوال ہے کہ پھر اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے نانا نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے زمانے میں بنو کُریز کے یہودیوں اور مکّہ کے مشرکوں سے صلح کر چکے تھے، تو اب آپ یہ بات کہیں گے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہودیوں اور مشرکوں سے صلح کر لی لہٰذا یہودی اور مشرک بھی حق پر تھے (نعوذ باللہ) بالکل نہیں، جس طرح نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ایک معاہدہ کیا تھا جو صلحِ حُدیبیہ سے مشہور ہے اور جب بعد میں مشرکوں نے دھوکا دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صلح ختم کر دی بالکل اِسی طرح یہاں سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید پلید کو ولی عہد بنا کر صلح کی آخری شرط کو بھی پورا نہیں کیا۔

باب-8

صلح اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شرائط

جس طرح صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے نام پر کئی جھوٹ پھیلائے گئے بالکل اُسی طرح 'صلحِ اِمام حسن کی شرائط' کے نام پر بھی کئی جھوٹ پھیلائے گئے۔ ہم نے اِس باب میں الگ-الگ کتابوں سے صلح کی شرطیں بیان کی ہیں تاکہ واضح ہو جائے کہ صلح کی شرائط کیا تھیں۔

صُلحِ اِمام حسین رضی اللہ عنہ کی شرطیں

1. سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے جن شرطوں کی بنیاد پر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو حکومت سپرد کی تھی، اُن کی پوری تفصیلات شروحِ احادیث اور کتبِ تاریخ میں درج ہیں۔

مثلاً:

(1) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اللہ جل جلالہ کی کتاب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنّت اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے طریقے کے مطابق نظامِ حکومت چلائیں گے۔

(2) سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی جماعت کے لوگ، جو صلح کے بعد ہتھیار ڈال چکے ہیں، اُن کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کاروائی نہیں کی جائے گی۔

(3) آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے خمس (مالِ غنیمت کا پانچواں حصّہ) جو اللہ جل جلالہ نے قرآن میں مقرر کیا، بدستور عبدالمطلب کی اولاد کو ملے گا جیسا کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے ادوار سے ملتا آرہا ہے۔

(4) سیّدنا علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ پر بنو اُمیّہ کے منبروں سے ہونے والا سبّ وشتم کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم کردیا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔

(5) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے بعد کسی کو جانشین مقرر نہیں کریں گے بلکہ امّت کو خلیفہ کے انتخاب کے لیے شوریٰ (مسلمانوں کی صلاح کار کمیٹی) پر چھوڑیں گے۔[1]

---

1. ابن عبد البر، ابن حجر، ابن کثیر، فتح الباری (بخاری کی 7109 کے تحت)

2. ابو العباس احمد بن محمد بن علی بن حجر ہیثمی اپنی کتاب 'الصواعق المحرقۃ' میں صلح کی شرائط کو رقم فرماتے ہیں:

الصَّوَاعِقُ المُحْرِقَةُ
عَلَى
أَهْلِ الرَّفْضِ وَالضَّلَالِ وَالزَّنْدَقَةِ

تأليف
أبي العباس أحمد بن محمد بن علي
ابن حجر الهيثمي (٩٧٣هـ)

تحقيق
عبد الرحمن بن عبد الله التركي — كامل محمد الخراط
مكتبة أصول الدين بالرياض

الجزء الأول

دار الوطن
الرياض - شارع الملز - ص. ب ٣٢١٠
٤٧٩٢٠٤٢ - فاكس ٤٧٦٤٦٥٩

ولما تصالحا كتب به الحسن كتابًا لمعاوية، صورته:

بسم الله الرحمن الرحيم، هذا ما صالحَ عليه[1] الحسنُ بن علي رضي الله عنهما معاويةَ بن أبي سفيان.

صالحه على أن يُسلم إليه ولايةَ المسلمين على أن يعمل فيهم[2] بكتاب الله تعالى وسُنة رسول الله (ﷺ) وسيرة الخلفاء الراشدين المهديين، وليس لمعاوية بن أبي سفيان أن يعهدَ إلى أحدٍ من بعده عهدًا، بل يكون الأمر من بعده شورى بين المسلمين، وعلى أن الناس آمنون حيث كانوا من أرض الله تعالى في شامهم وعراقهم وحجازهم ويمنهم، وعلى أن أصحاب علي وشيعته آمنون على أنفسهم وأموالهم ونسائهم وأولادهم حيث كانوا، وعلى معاوية بن أبي سفيان بذلك عهد الله وميثاقه، وأن لا يَبغي للحسن بن علي ولا لأخيه الحسين، ولا لأحدٍ من أهل[3] بيت رسول الله (ﷺ) غائلةً، سرًا ولا جهرًا، ولا يُخيف أحدًا منهم في أفق من الآفاق. أشهد عليه فلان وفلان بن فلان وكفى بالله شهيدًا.

ولما انبرمَ الصلحُ التمسَ معاوية من الحسن أن يتكلم بجميع من الناس ويُعلمهم أنه قد بايع معاوية وسلَّم إليه الأمر، فأجابه إلى ذلك، فصعد المنبر، فحمد الله وأثنى عليه، وصلى على نبيه محمد (ﷺ)، وقال: أيها الناس، إن أكيسَ الكيسِ التُقى، وأحمق الحمق الفجور .... إلى أن قال: ولقد علمتم أن الله تعالى جلَّ ذكره وعزَّ اسمه هداكم بجدِّي، وأنقذكم من الضلالة، وعلمكم من الجهالة، وأعزكم به

(١) في (ك): «على».
(٢) في (ط): «فيها».
(٣) ليست في الأصل و(ط).



بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ وہ تحریر ہے جس کے مطابق حسن بن علی اور معاویہ بن ابی سفیان نے مصالحت کی ہے۔ یہ مصالحت اس بات پر ہوئی ہے کہ حسن معاویہ کو مسلمانوں کی ولایت اس شرط پر دیں گے کہ وہ کتاب اللہ سنّت رسول اور سیرت خلفائے راشدین مہدیین کے مطابق عمل پیرا ہوں گے۔ اور معاویہ کو اس بات کی اجازت نہ ہوگی کہ وہ اپنے بعد کسی کو خلافت دے جائیں بلکہ یہ معاملہ ان کے بعد مسلمانوں کے مشورے سے طے ہوگا۔ اور لوگ شام، عراق، حجاز، یمن اور خدا کی زمین میں جہاں بھی ہوں گے، امن میں ہوں گے۔ اور اصحاب علی اور آپ کے شیعہ جہاں بھی ہوں گے اپنی جانوں، مالوں، عورتوں اور اولاد کے بارے میں محفوظ ہوں گے۔ اور معاویہ بن ابی سفیان کو خدا تعالیٰ سے یہ عہد و میثاق بھی کرنا ہوگا۔ کہ وہ حسن بن علی اور انکے بھائی حسین اور اہل بیت رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں سے کسی کی بھی خفیہ اور اعلانیہ طور پر تباہی نہیں چاہیں گے اور نہ ہی ان میں سے کسی کو کسی جگہ خوفزدہ کریں گے۔ میں فلاں بن فلاں اس پر گواہی دیتا ہوں وکفی باللہ شہیداً۔ جب صلح طے پاگئی تو حضرت معاویہ نے حضرت حسن سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ لوگوں کے ایک مجمع میں تقریر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ وہ تحریر ہے جس کے مطابق حسن بن علی رضی اللہ عنہ اور معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما نے مصالحت کی ہے۔ یہ اِس بات پر ہوئی ہے کہ 'اِمام حسن رضی اللہ عنہ، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو مسلمانوں کی ولایت اِس شرط پر دیں گے کہ وہ کتاب اللہ، سنّت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیرتِ خلفائے راشدین مہدیّین کے مطابق عمل پیرا ہوں گے'۔

اور معاویہ رضی اللہ عنہ کو اِس بات کی اِجازت نہ ہوگی کہ وہ اپنے بعد کسی کو خلافت دے جائیں بلکہ یہ معاملہ اُن کے بعد مسلمانوں کے مشورے سے طے ہوگا۔

اور لوگ شام، عراق، حجاز، یمن اور اللہ ﷻ کی زمین میں جہاں بھی ہوں گے امن میں ہوں گے۔

اور اصحابِ علی رضی اللہ عنہم اور آپ کے شیعہ (چاہنے والے) جہاں بھی ہوں گے اپنی جانوں، مالوں، عورتوں اور اولاد کے بارے میں محفوظ ہوں گے اور معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کو اللہ جل جلالہ سے یہ عہد ومیثاق بھی کرنا ہوگا کہ وہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما اور اُن کے بھائی حسین رضی اللہ عنہ اور اہلِ بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے کسی کی بھی خُفیہ اور اعلانیہ طور پر تباہی نہیں چاہیں گے اور نہ ہی اُن میں سے کسی کو کسی جگہ خوف زدہ کریں گے، میں فلاں بن فلاں اِس پر گواہی دیتا ہوں 'وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا'[1]

1. ابن حجر ہیثمی فی الصواعق المحرقۃ علی اہل الرفض والضلال والزندقۃ (عربی): صفحہ: 399
ابن حجر ہیثمی فی الصواعق المحرقۃ علی اہل الرفض والضلال والزندقۃ (اردو): صفحہ: 460

ڈاکٹر محمد عبد الیمانی لکھتے ہیں:

"حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی طرف سے یہ پیشکش کی تھی کہ اُن کے بعد ولی عہدی امام حسن رضی اللہ عنہ کے لیے ہی ہوگی، مگر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے یہ شرط لکھوائی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اپنے بعد کسی کو اپنا ولی عہد نامزد کرنے کا حق نہیں ہے بلکہ یہ معاملہ شوریٰ کی ذمہ داری ہے۔"[1]

ولن تنسى صفحات التاريخ قيامه مع أخيه ومواليهما على باب عثمان بن عفان رضي الله عنه يصدون الجموع الثائرة ويدفعون عنه الخوارج عليه، حتى لم يصلوا إليه إلا بتسور داره من ظهرها حيث لا يراهم الحسن وأخوه ورجالهما.

وقد كان للحسن رأي أيام فتنة عثمان، فقد أشار على أبيه أن يعتزل الناس، بل وأن يترك المدينة، ويعتكف في مال له بينبع، حتى تنتهي الفتنة، وكذلك لما قتل عثمان رأى أن يغادر أبوه المدينة ولا يقبل البيعة، ويدع الخلافة لغيره حتى تستقر الأمور، ولكنه مع هذا لازم أباه، وشهد معه معاركه كلها، حتى إنه بكى عندما رأى ركاب أبيه تتجه إلى العراق[1].

وحينما استشهد علي رضي الله عنه، بايع الناس ابنه الحسن خليفة للمسلمين، وقام أهل الكوفة يدعون الرغبة في القتال، ولكنه ذكر انتشار أمرهم واختلافهم بين يديه، وخلالهم على أبيه من قبل فرضي بالصلح. وترك الأمر لمعاوية الذي عرض أن تكون ولاية العهد للحسن من بعد معاوية، ولكن الحسن كتب في الشرط أنه لا يحق لمعاوية أن يعهد لأحد بعده بل يكون الأمر شورى[2].

وحين التقيا بالكوفة، قام الحسن خطيباً، فكان مما قال: "وأيها الناس، إن أكيس الكيس التقى، وأحمق الحمق الفجور، إن هذا الأمر سلمته لمعاوية، إما أن يكون حق رجل كان أحق به مني فأخذ حقه، وإما أن يكون حقي فتركته لصلاح أمة محمد وحقن دمائها، فالحمد لله الذي أكرم بنا أولكم وحقن بنا دماء آخركم"[3].

= ٢١٧)، حلية الأولياء (٢/٣٧)، البداية والنهاية (٨/٣٧) سير أعلام النبلاء (٣/٢٥٣، ٢٦٧) وعلق البخاري في صحيحه أنه حج ماشياً والنجائب تقاد بين يديه.

(١) ذكر ذلك الذهبي في «سير أعلام النبلاء» (٣/٢٦١) نقلاً عن الواقدي.

(٢) راجع في ذلك «تهذيب ابن عساكر» (٤/٢٢٢ - ٢٢٥) «سير أعلام النبلاء» (٣/١٦٤).

(٣) راجع في ذلك: المستدرك للحاكم ٣/١٧٥، مصنف عبدالرزاق ١١/٤٥٢ فضائل

١٢٩

1. ذہبی فی علم الاولاد وکم محبت آل بیت النبی ﷺ (عربی)، صفحہ: 129؛ ابن بدران فی تہذیب تاریخ ابن عساکر: 4/222-225؛ ذہبی فی سیر اعلام النبلاء (عربی): 02/227؛ طبری فی تاریخ الامم والملوک (اردو): 03/177

4. مناظرِ اسلام حضرت علامہ ومولانا ابو الرضا مقبول احمد رضوی جلالی اپنی تالیف 'کنز الہدایات' میں لکھتے ہیں :





سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان شرائط صلح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلح کرو حسن بن علی بن ابی طالب علیہما السلام و معاویہ بن ابی سفیان کے معرض تحریر میں یہ شرائط ہیں کہ وہ عمل کرے درمیان عروہ بہ کتاب خدا و سنت رسول اللہ کے بعد سیرت خلفاء راشدین۔

کبریت احمر میں ملا علی قاری کتاب تاریخ اسلام صفحہ 57 پر لکھتے ہیں

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کے پاس سے دریافت کیا وہ شرطیں کیا ہیں جو سیدنا حسن رضی اللہ عنہ مجھ سے منوانا چاہتے ہیں تو عبداللہ بن عامر نے جو قریشی کمین کا اسم ہیں اور آپ کا وکیل تھا عبداللہ بن عامر نے کہا کہ پہلی شرط یہ ہے کہ تم فوت ہو جاؤ تو تمہارے بعد خلافت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو ملے۔

دوسری شرط یہ ہے جب تک تم زندہ رہو ہر سال پانچ لاکھ درہم سالانہ بیت المال سے سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجتے رہو۔

تیسری شرط یہ ہے عراق اہواز و فارس کا خراج سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو ملا کرے۔

'امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک سفید کاغذ پر اپنی مہر اور دستخط ثبت کر کے عبد اللہ بن عامر کو دِیا اور کہا کہ یہ کاغذ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ اور اُن سے کہو کہ جو شرطیں آپ چاہیں اِس کاغذ پر لکھ دیں میں سب کو پورا کرنے کے لیے تیّار ہوں، جب عبد اللہ بن عامر، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مہری و دستخطی کاغذ لے کر آئے اور تمام پیش کردہ شرائط کا تذکرہ کیا تو سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے کہا: 'میں اِس شرط کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد میں خلیفہ بنایا جاؤں اگر مجھ کو خلافت کی خواہش ہوتی تو میں اِس کے چھوڑنے پر آمادہ کیوں ہو جاتا ؟ اِس کے بعد آپ نے اپنے کاتب کو بلایا اور صلح نامہ لکھنے کا حکم دیا، یہ صلح نامہ حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اور معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کے درمیان لکھا جاتا ہے، دونوں مندرجۂ ذیل باتوں پر متفق اور رضامند ہیں اور خلافت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کو سپرد کی گئی : امیرِ معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد مسلمان مصلحتِ وقت کے مطابق جس کو چاہیں گے خلیفہ بنائیں گے۔

معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اور زبان سے سب اہلِ اسلام محفوظ و مامون رہیں گے اور معاویہ رضی اللہ عنہ سب کے ساتھ نیک سلوک کریں گے۔

سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے متعلق اور اُن کے طرفداروں سے بلا عُذرِ شرعی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کوئی تعارض نہ کریں گے۔

حسن بن علی رضی اللہ عنہ اور حسین بن علی رضی اللہ عنہ اور اُن کے متعلقین امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سب کے ساتھ نیک سلوک کریں گے اور کوئی ضرر نہیں پہنچائیں گے۔

اور دونوں بھائی اور اُن کے متعلقین جس شہر اور جس آبادی میں چاہیں گے سکونت اختیار کریں گے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کے عاملوں اور گماشتوں کو یہ حق نہ ہوگا کہ وہ اپنا محکوم سمجھ کر اپنے کسی ذاتی حکم کی تعمیل کے لیے مجبور کریں۔

صوبہ اہواز کے اخراج حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پہنچاتے رہیں گے۔

کوفہ کے بیت المال میں جس قدر درہم اب موجود ہیں وہ سب اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی ملکیت سمجھی جائے گی، وہ اپنا اختیار اِس پر جس طرح چاہیں گے تصرّف کریں گے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بنو ہاشم کو انعام و عطیہ میں دوسروں پر مقدم رکھیں گے۔

الغرض کہ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے باعزّت اور پروقار طریقے سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کی، نہ ڈر کر نہ جھک کر یعنی نہ بِکے اور نہ جھکے۔[1]

5. ابو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی لکھتے ہیں کہ،





1. ابو الرضا فی کنز البدایہ فی فضائل اہلِ بیت، صفحہ: 204-205

ملک معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی طرف عبد اللہ بن عامر اور عبد الرحمٰن بن سمرہ کو صلح کے لیے کوفہ بھیجا اور وہاں جو شرائط مقرر کی گئیں اُن میں سے ایک شرط یہ بھی تھی کہ مولا علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں نہ دی جائے چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

''حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اُن کے سامنے سبّ وشتم نہ کیا جائے گا، جب یہ سب کچھ ہو چکا تو اُنہوں نے امارت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے چھوڑ دی۔''(1)

6. اہلِ سنّت بریلوی مکتبۂ فکر کے ممتاز عالمِ دین اور عصرِ حاضر کے معروف

شیخ الحدیث علّامہ غلام رسول سعیدی نے بھی اپنی شرح میں رقم کیا ہے کہ سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ کے زمانے میں آپ رضی اللہ عنہ پر منبروں سے سبّ وشتم اور لعن طعن کرنے کو رِواج بنا دیا چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

ان سے الگ ہو گئے اور انہوں نے حضرت علی کی تکفیر کر دی انہوں نے کہا: اللہ کے سوا کسی کو حاکم بنانا قرآن مجید کے خلاف ہے۔ حضرت علی نے نہروان میں ان سے جنگ کی اور اکثر خوارج مارے گئے۔

(الخبر المسبوک فی ذیل السلوک للسخاوی ص ۱۸۰ ... مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۷ھ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مزید فضائل

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد ہیں۔ آپ کے والد کا نام عبد مناف تھا۔ صحیح قول کے مطابق آپ بعثت سے دس سال پہلے پیدا ہوئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بچپن سے ہی آپ کی تربیت کی تھی۔ آپ ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے آپ کی ولادت سے لے کر کبھی آپ سے جدا نہیں ہوئے۔ ان کی والدہ سیدہ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم ہیں۔ یہ اسلام لانے میں شرف سابقیت حاصل کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں فوت ہو گئیں۔ امام احمد، اسماعیل قاضی، امام نسائی اور ابو علی نیشاپوری نے لکھا ہے کہ صحابہ میں سے کسی کے متعلق اتنی اسانید جید سے احادیث مروی نہیں ہیں جتنی حضرت علی کے متعلق احادیث مروی ہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ یہ ان سے متاخر ہیں۔ ان کے زمانہ میں اختلاف ہوا اور اہل لوگوں نے فروغ کیا اور یہ چیز آپ کے فضائل بیان کرنے کے لیے آپ کے مناقب کے پھیلنے کا باعث ہوا۔ اہل لوگوں کے دو فرقے ہو گئے لیکن ان میں بہت کم تھے۔ پھر ایک جماعت نے حضرت علی سے جنگ کی اور خطبوں میں حضرت علی کی تنقیص کی اور منبروں کے اوپر ان پر سب وشتم اور لعن طعن کی اپنا شعار بنا لیا۔ خوارج نے ان کی موافقت کی بلکہ ان سے بڑھ کر حضرت علی کی تکفیر کی۔ پھر حضرت علی کے متعلق تین گروہ ہو گئے: (۱) اہل السنۃ (۲) خوارج (۳) نواصب۔ نواصب ان سے ان کے خلاف جنگ کرنے والے اور ان کے موافقین تھے۔ اہل سنت کو ان کے فضائل پھیلانے کی ضرورت پیش آئی اور کیونکہ قائلین بہت تھے اس لیے ان کے فضائل کے ناقلین بھی بہت زیادہ ہو گئے اور نہ چاروں خلفاء راشدین کے فضائل اہل سنت و جماعت کے قول سے باہر تک ہیں۔

فتح الباری: ۷ میں مذکور ہے کہ حضرت علی اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول بھی ان سے محبت کرتے ہیں۔ اس محبت سے مراد کوئی خاص محبت ہے اور نہ ہر مومن اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے بلکہ اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہے۔ اس حدیث میں اس آیت کی طرف اشارہ ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ. (آل عمران: ۳۱) آپ کہیے: اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

اس حدیث میں یہ بتایا ہے کہ حضرت علی صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع کرنے والے تھے حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے ساتھ متصف ہو گئے اسی وجہ سے ان سے محبت رکھنا ایمان کی علامت ہے اور ان سے بغض رکھنا نفاق کی علامت ہے جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث میں ہے۔ (اس کا ذکر عنقریب آئے گا۔) (فتح الباری ج ۷ ص ۱۰۸ ... مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۴۰۱ھ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مولود کعبہ ہونا

امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ لکھتے ہیں:

اشہر متواتر سے ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا نے حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو جنگ کے بیچ جنم دیا۔ (المستدرک ج ۳ ص ۴۸۳ ... مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۰ھ)

''پھر ایک جماعت نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جنگ کی اور خطبوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تنقیص کی اور منبروں کے اوپر اُن پر سبّ وشتم اور لعن طعن کو اپنا شعار بنا لیا، خوارج نے اُن کی موافقت کی، بلکہ اُن سے بڑھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی

1. ابن کثیر فی البدایۃ والنہایۃ (عربی): 11/132-133؛ ابن جریر فی تاریخ طبری (عربی): 05/160؛ ابن جریر فی تاریخ طبری (اردو): 04/122-123

تھیہ کی، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق تین (3) گروہ ہو گئے (1) اہل سنّت (2) خوارج (3) بنو اُمیّہ میں سے اُن کے (حضرت علی رضی اللہ عنہ) خلاف جنگ کرنے والے اور اُن کے موافقین۔[1]

7 فخر المدرسین، جامع المعقول والمنقول حضرت مفتی غلام رسول جماعتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تالیف، 'اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور خلافتِ راشدہ' میں رقم طراز ہیں:

'اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ کے ساتھ چند شرائط کے تحت صلح کر لی چوں کہ صلح شرائط کے تحت ہوئی تھی۔ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے درجِ ذیل شرائط مقرر کی تھی۔

(1) حضرت معاویہ کتاب اللہ اور سنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خلفائے صالحین کی سیرت کے مطابق اپنی حکومت میں عمل کریں گے۔

(2) حضرت معاویہ کسی کو بھی اپنا ولی مقرر نہیں کریں گے بلکہ مسلمانوں کے مقرر کردہ ارکانِ باہمی مشورہ کر کے جس کو چاہیں امیر مقرر کریں۔

(3) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر سب وشتم نہیں کیا جائے گا بلکہ آپ کا ذکر خیر اور اچھائی کے ساتھ کیا جائے گا۔

(4) تمام لوگ عراق، حجاز، یمن، شام وغیرہ میں محفوظ زندگی گزاریں گے، اُن پر کوئی زیادتی وغیرہ نہیں ہوگی۔

(5) اصحابِ علی رضی اللہ عنہ اور آپ کے تابعدار جہاں کہیں ہوں گے اُن پر کسی قسم کا ظلم وستم نہیں کیا جائے گا، اُن کی جان ومال اور اولاد ہر طرح سے محفوظ رہیں گے۔

(6) اِمام حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ اور اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کسی قسم کی کوئی زیادتی اور نہ ہی اُن پر ظلم وستم کیا جائے گا۔

(7) ہر حق والے کو حق دیا جائے گا۔

(8) حضرت معاویہ کی حکومت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے تمام قرضوں کی ادائیگی کرے گی۔

(9) اور کوفہ کے بیت المال میں جو مال ہے وہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو دیا جائے گا۔

(10) دارا بجرد کا جو خراج ہوگا وہ بھی اِمام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کو دیا جائے گا۔

(11) باشندگانِ مدینہ منوّرہ حجاز اور عراق سے مزید کوئی ٹیکس وغیرہ نہیں لیا جائے گا بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانے سے جو دستور چلا آرہا ہے وہ برقرار رہے گا۔

اِمام حسن مجتبیٰ نے اِن شرائطِ مذکورہ بالا کے تحت حضرت معاویہ کے ساتھ مصالحت کی مگر حضرت معاویہ نے شرائط کو پورا نہ کیا۔[2]

---

1. سعیدی فی نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری (اردو): 06/784
2. جماعتی فی امام حسن رحمۃ اللہ علیہ اور خلافتِ راشدہ (اردو)، صفحہ: 158-159

8. علّامہ ابو الحسن علی بن خلف بن بطّال مالکی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں:


شرح صحيح البخاري
لابن بطال
أبي الحسن علي بن خلف بن عبد الملك
عنى به وقدم له
أبو تميم ياسر بن إبراهيم
الجزء العاشر
مكتبة الرشد
الرياض


فإن يكن هذا الأمر لك فما ينبغي لي أن أنازعك عليه ، وإن يكن لي فقد (جعلته) [1] لك . ذكر أصحاب معاوية ، وقال المغيرة بن شعبة عند ذلك : أشهد أني سمعت النبي - عليه السلام - يقول للحسن : « إن ابني هذا سيصلح الله به بين فئتين من المسلمين » . فجزاك الله من المسلمين خيرا

وقال الحسن : اتق الله يا معاوية على أمة محمد ، لا تقتلهم بالسيف على طلب الدنيا وغرور فانية زائلة ، فسلم الحسن الأمر إلى معاوية وصالحه وبايعه على السمع والطاعة على إقامة كتاب الله وسنة نبيه ، ثم دخلا الكوفة فأخذ معاوية البيعة لنفسه على أهل العراقين ، فكانت تلك السنة سنة الجماعة لاجتماع الناس واتفاقهم وانقطاع الحرب [2] وبايع معاوية كلّ من كان معتزلا عنه، وبايعه سعد بن أبي وقاص وعبد الله بن عمر ومحمد بن مسلمة ، وتبايع الناس بذلك، وأجاز معاوية الحسن بن علي بثلاثمائة ألف وألف ثوب وثلاثين حبرا ومائة جمل ، وانصرف الحسن بن علي إلى المدينة وولى معاوية الكوفة المغيرة بن شعبة ، وولى البصرة عبد الله بن عامر ، وانصرف إلى دمشق واتخذها دار مملكته .

• • •

باب : هل يشير الإمام بالصلح

فيه : عائشة : « سمع النبي صوت خصوم بالباب عالية أصواتهما ، وإذا أحدهما يستوضع الآخر ويسترفقه في شيء وهو يقول : والله لا أفعل . خرج عليهما رسول الله فقال : أين المتألي على الله [لا] [3] يفعل المعروف ؟ فقال : أنا يا رسول الله ، فله أي ذلك أحب » .

(1) في « ص » : عملت .
(2) في « الأصل » : الحديث . والمثبت من « ص » .
(3) في « الأصل » : ألا . والمثبت من « ص » ، « ن » .

- 97 -

سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اے معاویہ! مسلمانوں کے معاملے میں اللہ جل جلالہ سے ڈرنا اور دنیا کی طلب میں اُن کو تلوار سے ختم نہ کر دینا''۔ پھر سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد کردی۔[1]

قارئین! ہم نے یہاں پر سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کی جو شرائط تھیں اُسے آٹھ (8) الگ الگ حوالہ جات (Referance) سے پیش کیا، اِس کے علاوہ صلح کے اِس معاہدے کی شرائط مندرجہ ذیل کتب سے مطالعہ فرما سکتے ہیں:

1. ابو الفداء فی المختصر فی اخبار البشر
2. ابن اثیر فی الکامل فی التاریخ
3. ابن جریر فی تاریخ الطبری
4. ابن حجر ہیثمی فی الصّواعق المحرقہ
5. ابن عبد البر فی الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب
6. ابن عساکر فی تاریخ دمشق
7. ابن کثیر فی البدایۃ والنہایۃ
8. عسقلانی فی فتح الباری شرح صحیح البخاری
9. دیناوری فی الاخبار الطوال
10. ذہبی فی سیرُ اعلام النّبلاء
11. عینی فی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری
12. محمد رضا فی الحسن سیّد الشباب اہل الجنۃ

1. ابن بطّال فی شرح صحیح البخاری (عربی): 08/97

9. مشہور اہل حدیث عالم مفتی مولانا اِسحاق صاحب صلح اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے معاہدے کی شرطیں بیان کرتے ہیں:

(1) یہ وہ دستاویز ہیں جس پر حسن بن علی ابو طالب رضی اللہ عنہم نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کی۔ مسلمانوں کی حکومت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دی، اِس شرط پر کہ وہ کتاب اللہ، سنّت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیرتِ خلفائے راشدین پر عمل کریں گے۔

(2) اور اِس شرط پر کہ معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو اختیار نہیں کہ اپنے بعد کسی کو اپنا ولی عہد بنائیں بلکہ اِس کے بعد امیر، مسلمانوں میں بطور مشورہ طے ہوگا۔

(3) اور اِس شرط پر کہ لوگ اللہ کی زمین میں جہاں ہوں گے خواہ شام میں خواہ عراق اور حجاز اور یمن میں، مامون ہوں گے۔

(4) اور اِس شرط پر کہ علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب اور اُن کے شیعہ (چاہنے والے) اپنی جانوں اور مالوں اور عورتوں اور بچّوں پر مامون ہوں گے۔

(5) اور اِس شرط پر کہ معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ پر خدا کا عہد اور میثاق ہے اور جو کچھ اللہ جل جلالہ نے عہد لیا ہے کسی سے اپنی مخلوق میں سے اور اللہ جل جلالہ نے جس کی بجا آوری کا کسی سے مطالبہ کیا ہے اپنے آپ ہی اِس کو ادا فرمایا ہے۔

(6) اور اِس شرط پر کہ نہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما نہ اُن کے بھائی حسین بن علی رضی اللہ عنہما اور نہ اہلِ بیت میں سے کسی سے کوئی فریب ہوگا نہ پوشیدہ نہ ظاہر اور نہ کوئی اُن میں سے کسی پر ظلم ہوگا، اِس پر فلاں اور فلاں گواہ ہوئے اور اللہ جل جلالہ کافی گواہ ہے۔

اِس صلح نامہ میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو قرآن وسنّت اور سنّتِ خلفائے راشدین کا پابند کیا گیا ہے۔ یہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی بہت بڑی فتح ہے جس کی برکت سے آج پوری امّت میں کوئی گروہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلیفۂ راشد نہیں کہتا۔

اس معاہدے کی شرائط مولانا خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی نے اپنی کتاب 'مطرقۃ الکرامۃ' صفحہ 290 پر بھی درج کی ہیں اور ابن ابی حدید رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی 'شرح نہج البلاغۃ' میں بحوالہ ابوالحسن علی بن محمد المدائنی درج کی ہیں جن کو اِمام یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ''ثقہ ہے، ثِقہ ہے، ثِقہ ہے''۔ پھر ابن ابی حدید نے 'شرح' کی جلد: 16، صفحہ: 7 پر حسین بن علی

المنظر (یہ بھی ثقہ راوی ہے) کے حوالے سے لکھا کہ اس نے کہا اللہ کی قسم معاویہ نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے ایک وعدہ بھی پورا نہ کیا۔"[1]

"اِس عہدنامہ پر عبد اللہ بن حارث بن نوفل (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا بھانجہ) اور عمر بن ابی سلمہ وغیرہ کئی اکابر کے دستخط بطور گواہ اور ضامن ہوئے۔[2]

صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شرطوں میں کس نے تحریف کی؟

مولانا اکبرشاہ نجیب آبادی "تاریخِ اسلام" میں لکھتے ہیں کہ جب اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے صلح کا اِرادہ کیا تو کچھ اِس طرح عبد اللہ بن عامر کو فرمایا:

"اگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میری چند شرطیں منظور کرلیں، جن میں سب سے مقدّم (Chief) یہ ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کتاب و سنّت پر عامل رہنے اور سابقہ مخالفتوں کو فراموش کرکے کسی کی جان و مال سے تعرّض نہ کرنے اور ہمارے طرفداروں کو جان کی اَمان دینے کا وعدہ کرلیں۔ الصلوٰۃ خیر! عبد اللہ بن عامر یہ سن کر فوراً امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس واپس گئے اور کہا کہ چند شرطوں کے ساتھ اِمام حسن رضی اللہ عنہ تفویضِ خلافت پر آمادہ ہیں۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ "وہ شرطیں کیا ہیں؟" عبد اللہ بن عامر نے کہا کہ "پہلی شرط یہ ہے کہ جب تم فوت ہو جاؤ تو تمہارے بعد خلافت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو ملے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ جب تک تم زندہ رہو، ہر سال پانچ لاکھ درہم سالانہ بیت المال سے اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجتے رہو، تیسری شرط یہ ہے کہ علاقۂ اَہواز و فارس کا خراج اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو ملا کرے۔"

یہ تینوں شرطیں عبد اللہ بن عامر نے خود اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی طرف سے پیش کرکے پھر وہ شرطیں سنائی جو اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ بن عامر سے کہلا کر بھیجی تھیں۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھ کو یہ تمام شرطیں منظور ہیں اور اِمام حسن رضی اللہ عنہ اُن کے علاوہ بھی کوئی اور شرط پیش کریں گے تو وہ بھی مجھ کو منظور ہے کیوں کہ اُن کی نیت نیک معلوم ہوتی ہے اور مسلمانوں میں صلح و آشتی کے خواہاں نظر آتے ہیں۔[3]

1. مولانا اسحاق فی مقصد حسین (اردو): صفحہ: 251-252
2. مولانا اکبرشاہ نجیب آبادی کی تاریخ اسلام (اردو): 1/619
3. مولانا اکبرشاہ نجیب کی تاریخ اسلام (اردو): 1/618

قارئین! یہاں بالکل واضح ہو گیا کہ تاریخ کی کتابوں میں ''صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ'' کی یہ شرطیں لکھی گئی ہیں کہ ''بعدِ امیر معاویہ خلافت امام حسن رضی اللہ عنہ کو ملے اور امام حسن رضی اللہ عنہ نے سالانہ مال کی ضرورت پیش کی۔'' یہ سب امام حسن رضی اللہ عنہ پر مؤرخین نے جھوٹ باندھا ہے، یہ شرطیں امام حسن رضی اللہ عنہ نے نہیں بلکہ اِس صلح کے گواہ اور امیر معاویہ کے لشکری عبد اللہ بن عامر نے اپنی طرف سے پیش کی تھیں۔

کیا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے بیعتِ اِطاعت کر لی تھی؟

اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اِس صلح کو کئی لوگ غلط طریقے سے بیان کرتے ہیں، رافضی اِسے نعوذ باللہ غلطی قرار دیتے ہیں اور اِسی وجہ سے وہ ذکرِ حسن رضی اللہ عنہ بہت کم کرتے ہیں تو خارجی اور ناصبی اس میں حد سے زیادہ بڑھ جاتے ہیں اور عوام کو اِس دھوکے میں ڈالتے ہیں کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ یہ صلح 'بیعتِ اِطاعت' تھی۔ افسوس کہ یہ لوگ تاریخ اور صحیح احادیث کا مطالعہ نہیں کرتے۔

اِمام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کا یہ قدم صرف اِسلام کی حفاظت کے لیے تھا۔ کسی شخص کی اہلیت کے پیشِ نظر نہیں تھا۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ کچھ لوگوں نے لکھ دیا ہے کہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے ''اُن کے ہاتھ پر بیعتِ اِطاعت فرما لی۔'' اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعتِ اِطاعت ہرگز نہیں کی تھی بلکہ یہ صرف ایک صلح کا معاہدہ تھا جس میں ایک دوسرے کے ہاتھ میں ہاتھ دیا جاتا ہے۔ پھر بھی اگر کوئی اِسے 'بیعتِ اِطاعت' کہتا ہے تو ابھی ہم اُس کی آنکھ سے پٹی کھول دیتے ہیں۔ صلح کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے جو خطبہ دیا اِس کے الفاظ 'سمجھ دار کے لیے اِشارہ کافی' ہے۔

صلح کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ


الاستيعاب
في
معرفة الأصحاب

صلح کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب سے۔

يونس بن يزيد، عن ابن شهاب، قال: لما دخل معاوية الكوفة حين سلم الأمر إليه الحسنُ بن علي كلّم عمرو بن العاص معاوية أن يأمر الحسن بن علي فيخطب النّاس، فكَرِهَ ذلك معاوية، وقال: لا حاجةَ بنا إلى ذلك. قال عمرو: ولكني أريد ذلك ليبدوَ عِيُّه، فإنه لا يَدري هذه الأمور ما هي؟ ولم يَزل بمعاوية حتى أمر الحسن أنْ يخطب، وقال له: قم يا حسن فكلّم الناس فيما جرى بيننا.

فقام الحسن فتشهّد، وحمد الله، وأثنى عليه، ثم قال في بديهته: أما بعد أيّها النّاس، فإنّ الله هداكم بأوّلنا، وحقَن دماءكم بآخرنا، وإنّ لهذا الأمر مدّة، والدّنيا دُوَل، وإن الله عز وجل يقول: ﴿وَإِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ أَمْ بَعِيدٌ ما تُوعَدُون إِنَّه يَعْلَم الجَهْرَ من الْقَوْلِ وَيَعْلم ما تَكْتُمون وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَى حِينٍ﴾ [الأنبياء: ١٠٩ ـ ١١١]. فلما قالها قال له معاوية: اجلس، فجلس ثم قام معاوية فخطب النّاس، ثم قال لعمرو: هذا مِنْ رأيك.

وأخبرنا خلف، حدّثنا عبد الله، حدّثنا أحمد، قال: حدّثني يحيى بن سليمان، قال: حدّثني عبد الله الأجلح، أنه سمع المجالد بن سعيد يذكر عن الشّعبي، قال: لما جرَى الصُّلح بين الحسن بن علي ومعاوية قال له معاوية: قم فاخطُب النّاس، واذكر ما كنْتَ فيه.

فقام الحسن فخطب فقال: الحمدُ لله الذي هدَى بنا أوّلكم، وحقن بناء دماء آخركم، ألا إنّ أكْيَس الكيس التّقي، وأعجز العَجْز الفجور، وإنّ هذا الأمر الذي اختلفْتُ فيه أنا ومعاوية إما أنْ يكونَ كان أحقّ به مني، وإمّا أنْ يكون حقي فتركتُه لله، ولإصْلاح أمّة محمّد صلّى الله عليه وآله وسلّم وحَقْنِ دمائهم، قال: ثم التفت إلى معاوية فقال: ﴿وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ

اسد الغابۃ 563 جلد اوّل ب (حصہ سوم)


اسد الغابۃ
فی
معرفۃ الصحابۃ
جلد اوّل ب (حصہ سوم)
تسہیل ترتیب و ترجمہ جدید
حافظ ناشران و تاجران کتب

صلح کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ اسد الغابۃ سے

جب حضرت حسن نے معاویہ سے بیعت کی تو قبل اس کے کہ حضرت معاویہ کوفہ میں آئیں حضرت حسن نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ اے لوگو! ہم تمھارے سردار اور تمھارے مہمان ہیں اور ہم تمہارے نبی کے اہل بیت سے ہیں جن سے اللہ نے ناپاکی کو دور کر دیا ہے اور انھیں خوب پاک کر دیا ہے اس کلمہ کو کئی مرتبہ کہا یہاں تک کہ سب لوگ رونے لگے اور اُن کے رونے کی آواز کانوں میں آئی جب معاویہ کوفہ پہنچے تو لوگوں نے ان سے بیعت کی عمرو بن عاص نے حضرت معاویہ سے کہا کہ آپ حضرت حسن سے کہئے کہ خطبہ پڑھیں حضرت معاویہ نے کہا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ عمرو بن عاص نے کہا میں اس کو مناسب سمجھتا ہوں تا کہ ان کی نا قابلیت ظاہر ہو جائے کیونکہ وہ ان باتوں کو نہیں جانتے حضرت معاویہ نے کہا اے حسن اُٹھو اور لوگوں سے بیان کرو جو ہمارے اور تمھارے درمیان میں واقعات گزرے ہیں ان کو ظاہر کرو پس حضرت حسن اُس بات کے بیان کرنے کو کھڑے ہو گئے جس کے متعلق انھوں نے پہلے سے کچھ غور نہ کیا تھا انھوں نے اللہ کی حمد و ثنا بیان کی بعد اس کے فی البدیہہ فرمایا کہ اے لوگو! اللہ نے تمہیں ہمارے اگلے (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کے ذریعہ سے ہدایت کی اور ہمارے پچھلے کے (یعنی میرے) ذریعہ سے تمھارے جانوں کی حفاظت کی آگاہ رہو سب سے زیادہ عقلمندی پرہیز گاری ہے اور سب سے زیادہ بیوقوفی بدکاری ہے اور یہ معاملہ جس کے متعلق ہمارے اور معاویہ کے درمیان میں اختلاف ہوا (دو حال سے خالی نہیں) یا تو مجھ سے زیادہ اس کے حق دار ہیں اور یا یہ میرا حق ہے جو میں نے اللہ عزوجل کے لیے اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اصلاح کے لیے اور تمھاری جانوں کی حفاظت کے لیے ترک کر دیا پھر جب حضرت معاویہ کی طرف متوجہ ہو کے فرمایا: وان ادری لعلہ فتنۃ لکم و متاع الی حین۔ ''میں نہیں جانتا شاید یہ تمہارے لیے فتنہ ہو اور ایک وقت خاص تک تمہارے لیے فائدہ ہو۔''

تو حضرت معاویہ نے ان سے کہا کہ (اب منبر سے) اُتر پڑیئے اور عمرو (ابن عاص) سے کہا کہ تمھارا یہی مقصود تھا۔ حضرت حسن کی وفات کے وقت میں بھی اختلاف ہے بعض لوگ کہتے ہیں ۴۹ھ میں ان کی وفات ہوئی بعض لوگ کہتے ہیں ۵۰ھ میں۔ بعض لوگ کہتے ہیں ۵۱ھ میں۔ وہ خضاب لگایا کرتے تھے۔ ان کی وفات کا سبب یہ ہوا کہ ان کی زوجہ جعدہ بنت اشعث بن قیس نے انھیں زہر پلا دیا تھا (اور دست آنا شروع ہوئے اور یہ حالت ہوئی کہ) ان کے نیچے ایک طشت رکھ دیا جاتا تھا اور

ترجمہ

جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے بیعت کی تو قبل اِس کے معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ میں آئے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ ''اے لوگو! ہم تمہارے سردار اور تمہارے مہمان ہیں اور تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلِ بیت سے ہیں جن سے اللہ عزوجل نے ناپاکی کو دور کر دیا ہے اور اُنہیں خوب پاک کر دیا ہے''، اِس کلمے کو کئی مرتبہ کہا یہاں تک کہ سب لوگ رونے لگے اور اُن کے رونے کی آواز کانوں میں آئی۔ جب معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ پہنچے تو لوگوں نے اُن سے بیعت کی، عَمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کہئے کہ خطبہ پڑھیں، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا ''میں اِس کو مناسب سمجھتا ہوں تاکہ اُن کی ناقابلیت ظاہر ہو جائے کیوں کہ وہ اُن باتوں کو نہیں جانتے'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا:

''اے حسن رضی اللہ عنہ! اُٹھو اور لوگوں سے بیان کرو جو ہمارے اور تمہارے درمیان میں واقعات گزرے ہیں اُن کو ظاہر کرو، پس حضرت حسن رضی اللہ عنہ اُس بات کے بیان کہنے کو کھڑے ہوگئے جس کے متعلق اُنہوں نے پہلے سے کچھ غور نہ کیا تھا، اُنہوں نے اللہ عزوجل کی حمد وثنا بیان کی، بعد اِس کے فی البدیہہ فرمایا کہ ''اے لوگو! اللہ عزوجل نے تمہیں ہمارے اگلے (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذریعے سے ہدایت کی اور ہمارے پچھلے (یعنی میرے) ذریعے سے تمہاری جانوں کی حفاظت کی، آگاہ رہو، سب سے زیادہ عقلمندی، پرہیزگاری ہے اور سب سے زیادہ بے وقوفی بدکاری ہے اور یہ معاملہ جس کے متعلق ہمارے اور معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان میں اختلاف ہوا (دو حال سے خالی نہیں) یا تو وہ مجھ سے زیادہ اِس کے حقدار ہیں یا میرا حق ہے جو میں نے اللہ عزوجل کے لیے اور امّتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اصلاح کے لیے اور تمہاری جانوں کی حفاظت کے لیے ترک کر دیا پھر جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجّہ ہو کے فرمایا:

وان ادری لعلہ فتنۃ لکم و متاع الی حین۔

''میں نہیں جانتا شاید یہ تمہارے لیے فتنہ ہو
اور ایک وقتِ خاص تک تمہارے لیے فائدہ ہو۔''(1)

1. سیر اعلام النبلاء (عربی): 3/271-272، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (عربی): 1/439، اسد الغابہ (اردو)، جلد: اوّل، حصّہ: سوم، صفحہ: 563

صلح کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ سیرُ اعلام النّبلاء سے

الحسن بن علي بن أبي طالب ٢٧١


سِيَرُ أَعْلَامِ النُّبَلَاءِ
تصنيف
الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي
المتوفى
شعيب الأرنؤوط
محمد نعيم العرقسوسي و مأمون صاغرجي
الجزء الثالث
مؤسسة الرسالة

صلح کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ سیرُ اعلامِ النّبلاء سے

هوْذة : عن عوف ، عن محمد ، قال : لما ورد معاويةُ الكوفة ، واجتمع عليه الناس ، قال له عمرو بنُ العاص : إن الحسن مرتفعٌ في الأنفس لقرابته من رسول الله ﷺ ، وإنه حديث السنِّ غَبِيٌّ ، فمره فليخطُب ، فإنه سيعيى ، فيسقط من أنفس الناس ، فأبىٰ فلم يزالوا به حتى أمره ، فقام على المنبر دون معاوية : فحمِدَ الله ، وأثنىٰ عليه ، ثم قال : لو ابتغيتُم بين جابَلْق

(١) وتمامه « ولعل الله أن يصلح به بين فئتين عظيمتين من المسلمين » أخرجه البخاري ٥/٢٢٥ في الصلح : باب قول النبي ﷺ للحسن بن علي رضي الله عنهما : إن ابني هذا سيد . . .

(٢) رجاله ثقات ، وأخرجه عبد الرزاق (٢٠٩٨٠) ومن طريقه الطبراني (٢٧٤٨) عن معمر ، عن أيوب ، عن ابن سيرين أن الحسن . . .

(٣) تصحفت الكلمتان في المطبوع من « المصنف » ١١/٤٥٢ إلى « حابلق وحالوس » وقال ياقوت في « معجم البلدان » : وجابرس : مدينة بأقصى المشرق . . . وجابلق : مدينة بأقصى المغرب ، وأورد هذا الخبر .

وجَابَرْس رجلاً جدُّه نبيٌّ غيري وغيرُ أخي لم تجدوه ، وإنا قد أعطينا معاوية بيعتنا ، ورأينا أن حقنَ الدماء خيرٌ ﴿ وما أدري لَعلَّه فِتْنَةٌ لَكُمْ وَمَتَاعٌ إلى حين﴾ ، وأشار بيده إلى معاوية . فغضب معاويةُ ، فخطب بعده خطبةً عيية فاحشة ، ثم نزل. وقال: ما أردت بقولك : فتنة لكم ومتاع ؟ قال : أردتُ بها ما أراد اللّهُ بها[1] .

القاسم بن الفضل الحُدَّاني : عن يوسف بنِ مازن ، قال : عرض للحسن رجلٌ ، فقال : يا مُسَوِّد وجوه المؤمنين ! . قال : لا تعذُلْني ، فإنَّ رسولَ الله ﷺ أُريهم يَثِبُون على منبره رجلاً رجلاً ، فأنزل اللّهُ تعالىٰ : ﴿ إنَّا أنْزَلْنَاهُ في لَيْلَة القَدْر﴾ قال : ألف شهر يملكونه بعدي ، يعني : بني أمية .

سمعه منه أبو سلمة التبوذكي وفيه انقطاع[2] .

وعن فُضَيل بن مرزوق ؛ قال أتى مالكُ بنُ ضمرة الحسنَ[3] ، فقالَ : السلامُ عليك يا مُسخِّم وجوه المؤمنين ، فقال : لا تَقُلْ هذا ، وذكر كلاماً يعتذِر به ، رضيَ الله عنه . وقال له آخر : يا مُذِلَّ المؤمنين ! فقال: لا ، ولكن كرهتُ أنْ أقتُلكم على الملك[4] .

عاصم بن بهدلة ، عن أبي رزين ، قال : خطبنا الحسنُ بنُ علي وعليه ثيابٌ سود وعمامة سوداء .

(١) إسناده صحيح ، هَوْذَة : هو ابن خليفة ، وعوف : هو ابن أبي جميلة الأعرابي ، وذكره ابن كثير في « البداية » ٤٢/٨ ، ونسبه لابن سعد بهذا الإسناد .

(٢) كذا قال هنا ، وقال في « مختصر المستدرك » قلت : وروى عن يوسف نوحُ بن قيس ، وما علمت أن أحداً تكلم فيه ، والقاسم وثقوه ، رواه عنه أبو داود الطيالسي والتبوذكي ، وما أدري آفته من أين . والحديث في « سنن الترمذي » (٣٤٠٨) ، والحاكم ١٧٠/٣ ، ١٧١ ، والطبراني (٢٧٥٤) ، ومتنه منكر كما أوضحه الحافظ ابن كثير في « تفسيره » ٥٣٠/٤ . فارجع إليه .

(٣) تحرفت الجملة في المطبوع بعد إسقاط « أتى » إلى « قال مالك بن ضمرة للحسن » .

(٤) انظر « المستدرك » ١٧٥/٣ ، فقد أورده بنحوه من طريق آخر .

ترجمہ

''اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے ﴿لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ﴾ پڑھتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف اِشارہ کیا تو معاویہ رضی اللہ عنہ غضب ناک ہوئے، معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن کے بعد ایک خطبہ دیا، جس میں اُن پر مرعوبیت نمایاں تھی۔ پھر منبر سے اتر کر اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے کہا، ''﴿فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ﴾ (تمہارے لیے فتن اور سامان) سے تم نے کیا اِرادہ کیا؟'' اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''اِس سے میں نے وہی اِرادہ کیا، جو اللہ جل جلالہ کا اِرادہ ہے۔''(1)

اِس تقریر میں اِمام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے آیات کی تلاوت فرما کر جو تعریض فرمائی، اُس پر غور فرمایئے اور خصوصاً اُس منظر کو ضرور سامنے لایئے، جو اُنہوں نے ﴿لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ﴾ کی تلاوت کے وقت اپنے ہاتھوں سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف اِشارہ فرمایا، یہاں تک کہ وہ غضب ناک ہو گئے اور مزید خطبہ روکنے پر مجبور ہو گئے۔ اور عَمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے اُنہیں اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے تقریر کرانے پر اُبھارا تھا، اُنھوں نے بولنا شروع کر دیا۔

قارئین کرام! غور کیجیے! کیا یہاں پر اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی 'بیعتِ اِطاعت' کی رضامندی نظر آ رہی ہے؟

قارئین کرام! ذرا اپنے ضمیر کو ٹٹولیے! اپنے دِل پر ہاتھ رکھ کر بتایئے کہ جو پیر یا عالم یا مفتی آپ کے والد کو سبّ وشتم کرتا ہو (برا-بھلا کہتا ہو) اور آپ کو اچھی طرح سے معلوم ہو کہ آپ کے والد ہر لحاظ سے سے حق پر ہیں تو کیا آپ پیر یا مفتی کی بیعتِ اِطاعت کریں گے؟ ہرگز نہیں!

کیا کسی خلیفۂ راشد سے یا کسی عام مسلمان پر بھی سبّ وشتم کی گنجائش ہو سکتی ہے؟

جب آپ اپنے والد کو برا۔ بھلا کہنے والے شخص کی بیعتِ اِطاعت نہیں کریں گے تو بھلا نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ اُس شخص کی اِطاعت کیسے کر سکتے ہیں جو اُن کے باپ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کرواتا ہو، جو بقولِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باغی گروہ سے ہو؟ ہرگز نہیں کر سکتے۔

اِس سے ابھی بھی کچھ لوگوں کی آنکھوں کی پٹی تو کھلی مگر آنکھیں نہ کھلی ہوں تو وہ بھی ہم کھول دیتے ہیں۔

---

1. سیرُ اعلام النبلاء، للذہبی (عربی)، 3/271-272

ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت: فرمانِ امام حسن رضی اللہ عنہ: میں اہلِ قبلہ سے کسی کے خلاف جنگ کرنا چاہتا تو سب سے پہلے آپ (امیر معاویہ) سے ہی لڑتا۔

ذكر خروج الخوارج على معاوية

قد ذكرنا فيما تقدم اعتزال فروة بن نوفل الأشجعي في خمسمائة من الخوارج ومسيرهم إلى شهرزور، وتركوا قتال علي، والحسن، فلما سلم الحسن الأمر إلى معاوية قالوا: قد جاء الأمر ما لا شك فيه فسيروا إلى معاوية فجاهدوه فأقبلوا - وعليهم فروة بن نوفل - حتى حلوا بالنُّخيلة عند الكوفة، وكان الحسن بن علي قد سير يريد المدينة فكتب إليه معاوية يدعوه إلى قتال فروة فبعثه رسوله بالقادسية أو قريباً منها فلم يرجع، وكتب إلى معاوية: لو أقرأت أقاتل أحداً من أهل القبلة لبدأت بقتالك بعد تركك لصلاح الأمة وحقن دمائها.

فأرسل إليهم معاوية جمعاً من أهل الشام فقاتلوهم فانهزم أهل الشام فقال معاوية لأهل الكوفة: والله لا أمان لكم عندي حتى تكفوهم فخرج أهل الكوفة فقاتلوهم فقالت لهم الخوارج: أليس معاوية خلّوا وعدوكم؟ دعونا حتى نقاتله فإن أصبناه كنا قد كفيناكم عدوكم وإن أصابنا كنتم قد كفيتموناه. فقالوا: لا بد لنا من قتالكم. فأخذت أشجع صاحبهم فروة فحاولوه ووعظوه فلم يرجع فأخذوه قهراً وأدخلوه الكوفة، فاستعمل الخوارج عليهم عبد الله بن أبي الحوساء رجلاً من طيء فقاتلهم أهل الكوفة فقتلوهم في ربيع الأول، وقيل: في ربيع الآخر، وقتل ابن أبي الحوساء وكان ابن أبي

ترجمہ

ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ فروہ بن نوفل الاشجعی پانچ سو خوارج کو لے کر علیحدہ ہوگیا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حسن رضی اللہ عنہ کے خلاف فوج کشی کو ترک کر کے شہر زور کی طرف چلا گیا تھا، جب امام حسن رضی اللہ عنہ نے اَمرِ خلافت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دیا تو اُنہوں نے کہا کہ اب وہ وقت آ گیا ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا اب معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف چلو اور اُن سے جہاد کرو۔ چنانچہ خوارج فروہ کو اپنا سردار بنا کر روانہ ہوئے اور کوفہ کے قریب مقامِ نُخیلہ میں ٹھہرے۔ اِس اِثنا میں امام حسن رضی اللہ عنہ مدینہ کے اِرادے سے روانہ ہو چکے تھے، معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن کو خط لکھ کر فروہ کے مقابلے کے لیے بلایا۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا قاصد اُنہیں قادسیہ کے قریب ملا۔ مگر وہ واپس نہ آئے بلکہ یہ لکھ بھیجا کہ اگر ''میں اہلِ قبلہ سے کسی کے خلاف جنگ کرنا چاہتا تو سب سے پہلے آپ (امیر معاویہ) ہی سے لڑتا۔ مگر میں نے آپ کو امت کی بہبودی اور جان و مال کی حفاظت کے لیے چھوڑ دیا ہے۔[1]

1. الکامل فی التاریخ ابن اثیر (عربی)، 1/275

کیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو مدینے کا گورنر بنایا تھا؟

مفتی احمد یار خاں نعیمی (متوفّٰی ہجری سن 1391) اپنی کتاب ''حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ - امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر'' میں صفحہ 67 پر لکھتے ہیں:

علامہ ابو اسحاق نے اپنی کتاب "نور العین فی مشہد الحسین" میں مبادیاتِ شہادت میں لکھا کہ امیر معاویہ نے امام حسین کو حاکم مدینہ مقرر فرمایا پھر آپ کو تمام شاہی خزانہ کا مہتمم و مالک بنا دیا۔ بلکہ کچھ عرصہ بعد امیر معاویہ مدینہ منورہ تشریف لائے اور آپ کو اپنے ہمراہ دمشق لے گئے مع تمام اولاد کے اور وہاں آپ کو ہی سلطنت کا مختار عام بنایا۔

67

''علّامہ ابو اِسحاق نے اپنی کتاب ''نور العین فی مشہد الحسین'' میں مبادیاتِ شہادت میں لکھا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو حاکمِ مدینہ مقرر فرمایا پھر آپ کو تمام شاہی خزانے کا مہتمم و مالک بنا دیا بلکہ کچھ عرصے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ تشریف لائے اور آپ کو اپنے ہمراہ دمشق لے گئے مع تمام اولاد کے اور وہاں آپ کو ہی سلطنت کا مختارِ عام بنایا۔''[1]

بڑے ہی تعجب کی بات ہے، مفتی صاحب کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں؟ تاریخ اور حدیث کی کتابوں میں صلح کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا خطبہ موجود ہے جسے ہم نے اِس کتاب میں بھی پیش کیا ہے جس میں آپ نے صلح کی وجہ کیا تھی وہ بھی بتائی ہے اور رہا سوال اِمام حسن رضی اللہ عنہ کو حاکمِ مدینہ بنانے کا تو یہ ایک سفید جھوٹ ہے! ہاں یہ ضرور ہے کہ صلح کے بعد جب اِمام حسن رضی اللہ عنہ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے تو ایک واقعہ پیش آیا جس میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو خوارج کے خلاف جنگ پر آمادہ کر کے سپہ سالار بنانا چاہا تو اُس وقت نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کا کیا جواب تھا یہ پیش کر چکے ہیں۔

1. مفتی احمد یار خاں نعیمی فی حضرت امیر معاویہ (اردو)، صفحہ: 67

قارئین کرام! آپ نے دیکھا کہ امام حسن رضی اللہ عنہ تو خوارج کی بہ نسبت امیر معاویہ سے جنگ کرنا زیادہ بہتر سمجھتے تھے۔
رہا سوال مدینہ کی گورنری کا تو تاریخ وحدیث کی کتابیں بھری پڑی ہیں کہ 'صلح حسن' کے بعد مدینہ کا گورنر دشمنِ اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 'مروان بن حکم' بنا۔

دورِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں مدینہ کے گورنر

دورِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے پہلے جب خلیفہ راشد سیّدنا امام مولا علی رضی اللہ عنہ کا دور تھا تو اُس وقت ہجری سن 39 (عیسوی سن 660) (یعنی جنگِ نہروان کے بعد) میں حجاز (یعنی مکّہ اور مدینہ) کے گورنر مولا علی رضی اللہ عنہ کی جانب سے حضرت ابو ایّوب انصاری رضی اللہ عنہ تھے مگر جب ہجری سن 40 میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بسر بن ابو اَرطاہ کے ماتحت تین ہزار فوجی حجاز کی جانب روانہ کیے تو،

''زِیاد بن عبد اللہ ابکائی نے عوانہ سے نقل کیا ہے کہ ''ثالثوں'' کے فیصلے کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بسر بن ابو ارطاہ کو لشکر دے کر حجاز کی جانب روانہ کیا... یہ لشکر لے کر شام سے نکلا اور مدینہ پہنچا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب سے اُس وقت مدینہ کے گورنر حضرت ابو ایّوب انصاری رضی اللہ عنہ تھے، ابو ایّوب رضی اللہ عنہ ڈر کر بھاگ گئے اور کوفہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے۔ بسر بن ابو اَرطاہ لشکر لیے ہوئے مدینہ میں داخل ہوا۔''(1)

اِس واقعہ کے بعد تاریخ یا حدیث کی کسی معتبر کتاب سے مدینہ کا گورنر کون بنا یہ نہیں ملتا کیوں کہ اِسی سال ہجری سن 40 میں اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی اور اس کے بعد اِمام حسن رضی اللہ عنہ 14 ربیع الاوّل ہجری 41 تک خلیفہ رہے مگر کسی کو مدینہ کا حاکم مقرر نہیں کیا۔ یعنی حجاز امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپہ سالار بسر بن ابو اَرطاہ کے ماتحت تھا۔ ہجری سن 41 میں 'صلح' کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ہجری سن 42 میں مروان بن حکم جس پر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت کی تھی اُس ملعون کو مدینہ کا گورنر بنایا۔

صلح کے بعد مروان - حاکمِ مدینہ

''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اِس سال (ہجری سن 42) مروان بنِ حکم کو والیٔ مدینہ مقرر کیا اور مروان نے عبد اللہ بن حارث بن نوفل کو قاضی مقرر کیا اور مکّہ پر معاویہ رضی اللہ عنہ نے خالد بن عاص بن ہشام کو مقرر کیا۔''(2)

1. تاریخِ طبری (عربی)، 3/153؛ اُردو، 2/697
2. تاریخِ طبری (عربی)، 3/173؛ اُردو، 2/723

ہجری سن 49 میں مروان کی معزولی

''اِسی سال (یعنی ہجری سن 49) میں مروان بن حکم کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ربیع الاوّل میں مدینہ سے معزول کیا اور سعید بن عاص کو ربیع الاوّل یا ربیع الآخر میں مدینہ کا امیر بنایا۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے مروان کی حکومت مدینہ میں آٹھ برس دو مہینے رہی۔ مروان کی معزولی کے وقت عبد اللہ بن حارث بن نوفل مدینہ کے قاضی تھے، سعید بن عاص نے اُنہیں معزول کر کے ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن بن عوف کو قاضی مقرر کیا۔''(1)

ہجری سن 54 میں مروان واپس حاکمِ مدینہ

''اِس سال (ہجری سن 54) میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے سعید بن عاص کو مدینہ سے معزول کر کے مروان بن حکم کو وہاں کا حاکم مقرر کیا۔(2)

ہجری سن 57 : مروان کی معزولی

''اِس سال (ہجری سن 57) میں ذی القعدہ میں مروان حکومتِ مدینہ سے معزول ہوا، مؤرخین میں سے بعض لوگ کہتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے مروان کو معزول کر کے ولید بن عتبہ بن ابو سفیان کو مدینہ کا حاکم بنایا، بعض کہتے ہیں اِس سال بھی مدینہ مروان کی حکومت میں رہا۔''(3)

''قارئین کرام! ہم نے یہاں 'تاریخِ طبری' سے پیش کیا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں کہیں بھی بطورِ حاکمِ مدینہ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کا نام نہیں ملتا بلکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں ہی سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی۔''

اکثر مؤرخین کی رائے ہے کہ سیّدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت ہجری سن 49 میں ہوئی۔(4)

ایک اور روایت کے مطابق ہجری سن 50 میں ہوئی۔(5)

---

1. تاریخِ طبری (عربی)، 3/206 ؛ اُردو، 2/754
2. تاریخِ طبری (عربی)، 3/241 ؛ اُردو، 2/783
3. تاریخِ طبری (عربی)، 3/251 ؛ اُردو، 2/790
4. تاریخ الخلفاء (اُردو)، 209 ؛ تہذیب الکمال، 6/256 ؛ اَنساب الاشراف، 3/64
5. فتح الباری (عربی)، 7/120

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے 47 سال کی عمر پائی۔[1] اِن روایتوں سے دورِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں حاکموں کا معاملہ کچھ اِس طرح ہے:

دورِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں حاکمِ مدینہ

نام	ہجری سن	عیسوی سن
مروان بن حکم	42 سے 49	669-674
سعید بن العاص بن اُمیّہ	49 سے 54	674-677/78
مروان بن حکم	54 سے 57	677/78-680
ولید بن عتبہ بن ابی سُفیان	57 سے 60	680-681

قارئین یہاں ہم نے بحوالہ واضح کر دیا کہ دورِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں کون حاکمِ مدینہ رہے اور تاریخ یا حدیث کی کسی معتبر کتاب سے ثابت نہیں کی، امام حسن رضی اللہ عنہ دورِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں حاکمِ مدینہ رہے ہوں یہ ایک سفید جھوٹ ہے جسے مفتی احمد یارخاں نے اپنی کتاب میں نقل کر کے بھولی بھالی عوام کو امام حسن رضی اللہ عنہ کے معاملے میں بدذہن کرنے کی کوشش کی ہے۔ اللہ کی پناہ!

1. سیر اعلام النبلاء، (عربی)، 3/277

باب-9

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ: کاٹ کھانے والی بادشاہت کے پہلے امیر (بادشاہ)

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بادشاہت : آغازِ ملوکیت :
ملّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

مُلّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ 'حدیثِ سفینہ' کی شرح میں لکھتے ہیں :

مرقاة المفاتيح
شرح مشكاة المصابيح
الشيخ علي بن سلطان محمد القاري
الجزء السادس
دار الكتب العلمية

كتاب الفتن ٢١

إلى أن تنقضي الدنيا يبلغ من معه ثلاثمائة فصاعداً إلا قد سمّاه لنا باسمه واسم أبيه واسم قبيلته. رواه أبو داود.

٥٣٩٤ - (١٦) وعن ثوبان، قال: قال رسول الله ﷺ: «إنما أخاف على أمتي الأئمة المضلين، وإذا وُضِعَ السيفُ في أمتي لم يرفع عنهم إلى يوم القيامة». رواه أبو داود والترمذي.

٥٣٩٥ - (١٧) وعن سفينة، قال: سمعتُ النبيَّ ﷺ يقول: «الخلافةُ ثلاثونَ سنةً، ثم تكونُ مُلكاً».

صفة للفتاك، أي يصل (من معه) أي مقدار اتباعه (ثلاثمائة فصاعداً) أي فزائداً عليه (إلا قد سماه) أي ذكر ذلك الفتاك (لنا باسمه واسم أبيه واسم قبيلته) والمعنى ما جعله متصفاً بوصف إلا بوصف نسبه الخ. يعني وصفاً واضحاً مفصلاً لا مبهماً مجملاً، فالاستثناء متصل. وقال الطيبي (رحمه الله): قوله: إلى أن تنقضي متعلق بمحذوف، أي ما ترك رسول الله ﷺ ذكر تلك فتنة إلى أن تنقضي الدنيا مهملاً، لكن قد سماه، فالاستثناء منقطع. قال المظهر: أراد بقائد الفتنة من يحدث بسببه بدعة أو ضلالة أو محاربة كعالم مبتدع يأمر الناس بالبدعة، أو أمير جائر يحارب المسلمين. (رواه أبو داود).

٥٣٩٤ - (وعن ثوبان) هو مولى النبي ﷺ (قال: قال رسول الله ﷺ: إنما أخاف على أمتي الأئمة المضلين) الأئمة جمع إمام وهو مقتدى القوم ورئيسهم ومن يدعوهم إلى قول أو فعل أو اعتقاد. (وإذا وضع السيف في أمتي لم يرفع عنهم إلى يوم القيامة) أي فإن لم يكن في بلد يكون في بلد آخر (رواه أبو داود والترمذي).

٥٣٩٥ - (وعن سفينة) هو أيضاً مولى رسول الله ﷺ، ويقال إن سفينة لقب له واسمه مختلف فيه وإن النبي ﷺ كان في سفر وهو معه فأعيا رجل فألقى عليه سيفه وترسه ورمحه فحمل شيئاً كثيراً، فقال له النبي ﷺ: أنت سفينة. روى عنه بنوه عبد الرحمن ومحمد وزياد[1] وكثير. (قال: سمعت النبي ﷺ يقول: الخلافة) أي الحقة أو المرضية لله ورسوله أو الكاملة أو المتصلة (ثلاثون سنة ثم تكون) أي تنقلب الخلافة وترجع (ملكاً) بضم الميم، أي سلطنة وغلبة على أهل الحق. قال في شرح المشكاة: وهذا مشكل لأن أهل الحل والعقد كانوا متفقين على خلافة الخلفاء الثلاثة وبعض الشورائية كعمر بن عبد العزيز. ولعل المراد أن الخلافة الكاملة

الحديث رقم ٥٣٩٤: أخرجه أبو داود في السنن ٤/ ٤٥١ حديث رقم ٤٢٥٢، والترمذي في السنن ٤/ ٤٣٧ حديث رقم ٢٢٢٩، وابن ماجه ٢/ ١٣٠١ حديث رقم ٣٩٥٢، وأحمد في المسند ٥/ ٢٧٨.

الحديث رقم ٥٣٩٥: أخرجه أبو داود في السنن ٥/ ٣٦ حديث رقم ٤٦٤٦، والترمذي في السنن ٤/ ٤٣٦ حديث رقم ٢٢٢٦، وأحمد في المسند ٥/ ٢٢٠.

(1) في المخطوطة الجيشي.


مرقاۃ المفاتیح اردو
للعلامۃ الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری المتوفی ۱۰۱۴
شرح
مشکوۃ المصابیح
للامام العلامۃ محمد بن عبداللہ الخطیب، تبریزی المتوفی ۷۴۱
مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم
جلد دہم
مکتبہ رحمانیہ

مرقاۃ شرح مشکوۃ اردو جلد دہم ۳۸ کتاب الفتن

ملکًا: میم کے ضمہ کے ساتھ۔ یعنی ایسی حکومت و بادشاہت ہوگی جن میں اہل حق پر غلبہ ہوگا۔[1]

ترجمہ

ملکاً: میم کے ضمّہ کے ساتھ۔ یعنی ایسی حکومت و بادشاہت ہوگی جن میں اہلِ حق پر غلبہ ہوگا۔[1]

1. ملا علی قاری فی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح (عربی): 11/21-22؛ اردو: 10/38

مسند احمد کی ایک صحیح حدیث

مُسْنَد
الإمام أحمد بن حنبل
(١٦٤-٢٤١ هـ)

حقق هذا الجزء وخرج أحاديثه وعلق عليه

شعيب الأرنؤوط　عادل مرشد
جمال عبد اللطيف　سعيد اللحام

الجزء الثامن والثلاثون

مؤسسة الرسالة

قدمتُ الكوفة زمنَ فُتِحَتْ تُسْتَرُ، فذكرَ مثلَ معنى حديث معمر، وقال: «حُطَّ وِزْرُهُ»(١).

٢٣٤٣١- حدثنا محمدُ بن جعفر، حدثنا شعبة، عن سُليمان، قال: سمعتُ زيد بن وَهْب يُحدِّث

عن حُذَيفة: حدثنا رسولُ الله ﷺ بحديثين قد رأيتُ أحدَهما، وأنا أنتظرُ الآخَرَ، فذكر الحديث(٢).

٢٣٤٣٢- حدثنا عبدُ الرزّاق، حدثنا(٣) بكار، حدثني خلادُ بن عبد الرحمن، أنه سمع أبا الطُّفيل يُحدِّث

أنَّه سمع حُذيفةَ بنَ اليَمانِ يقول: يا أيُّها الناسُ، ألا تسألُوني؟ فإنَّ الناس كانوا يسألونَ رسولَ الله ﷺ عن الخير، وكنتُ أسألُه عن الشرِّ، إنَّ الله بَعَثَ نبيَّه ﷺ، فدعا الناسَ من الكُفْر إلى الإيمان، ومن الضَّلالة إلى الهُدَى، فاستجابَ له مَن استجابَ، فحَيِيَ من الحقِّ ما كان مَيْتاً، وماتَ من الباطل ما كان حيّاً، ثم ذهبتِ النُّبوَّة، فكانتِ الخلافةُ على مِنهاج النُّبوَّة(٤).

---

(١) حديث حسن سلف الكلام عليه برقم (٢٣٢٨٣).
وأخرجه أبو داود (٤٢٤٤)، والبزار في «مسنده» (٢٩٥٩) و(٢٩٦٠) من طريق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد.
وانظر ما قبله.
(٢) إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو مكرر (٢٣٢٥٧).
(٣) أقحم في (م) هنا: «أبو».
(٤) إسناده صحيح بكار: هو ابن عبد الله بن وهب الصنعاني، وخلاد بن عبد الرحمن: هو الصنعاني، وأبو الطفيل: هو عامر بن واثلة.

٤٢٦

مسند الامام احمد بن حنبل مترجم　٨١٨　مسند الانصار

(٢٣٨٢٥) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا بَكَّارٌ حَدَّثَنِي خَلَّادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ يَقُولُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا تَسْأَلُونِي فَإِنَّ النَّاسَ كَانُوا يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ إِنَّ اللَّهَ بَعَثَ نَبِيَّهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَدَعَا النَّاسَ مِنَ الْكُفْرِ إِلَى

مسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ مترجم

جلد دہم

مؤلف
امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
مولانا محمد ظفر اقبال

مکتبہ رحمانیہ

مسند الامام احمد بن حنبل مترجم　٨١٨　مسند الانصار

الْإِيمَانِ وَمِنَ الضَّلَالَةِ إِلَى الْهُدَى فَاسْتَجَابَ مَنِ اسْتَجَابَ فَحَيِيَ مِنَ الْحَقِّ مَا كَانَ مَيْتًا وَمَاتَ مِنَ الْبَاطِلِ مَا كَانَ حَيًّا ثُمَّ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ فَكَانَتِ الْخِلَافَةُ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ

(٢٣٨٢٥) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مروی ہے کہ ایک دن انہوں نے فرمایا اے لوگو! تم مجھ سے کیوں نہیں پوچھتے؟ لوگ نبی ﷺ سے خیر کے متعلق پوچھتے تھے اور میں شر کے متعلق پوچھتا تھا، بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مبعوث فرمایا انہوں نے لوگوں کو کفر سے ایمان کی دعوت دی، گمراہی سے ہدایت کی طرف بلایا، جس نے ان کی بات ماننی تھی سو اس نے یہ دعوت قبول کر لی اور حق کی برکت سے مردہ چیزیں زندہ ہو گئیں اور باطل کی نحوست سے زندہ چیزیں بھی مردہ ہو گئیں، پھر نبوت کا دور ختم ہو گیا اور خلافت علی منہاج النبوۃ قائم ہو گئی۔

(٢٣٨٢٦) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ [illegible] مَنْ كَانَ مَعَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ [illegible] لَهُ غَزْوًا [illegible] وَمَعَهُ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ فَقَالَ أَيُّكُمْ شَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْخَوْفِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ أَنَا [illegible] الْقِتَالَ [illegible] فَصَلَّى بِإِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةً وَالطَّائِفَةُ الْأُخْرَى [illegible] ثُمَّ انْصَرَفَ [illegible] أُولَئِكَ وَجَاءَ أُولَئِكَ فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً أُخْرَى ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ

(٢٣٨٢٦) ثعلبہ بن زہدم کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ طبرستان میں حضرت سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تھے، انہوں نے لوگوں سے پوچھا کہ تم میں سے نبی ﷺ کے ساتھ صلوٰۃ الخوف کس نے پڑھی ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے، پھر انہوں نے لوگوں کو حکم دیا، چنانچہ انہوں نے اسلحہ پہن لیا، پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر دشمن اچانک تم پر حملہ کر دے تو تمہارے لیے لڑنا جائز ہے، پھر انہوں نے ایک گروہ کو ایک رکعت پڑھائی۔
ایک صف دشمن کے سامنے کھڑی رہی، پھر یہ لوگ دشمن کے سامنے [illegible] لوگوں کی جگہ ان کے پاؤں چلے گئے اور وہ لوگ ان کی جگہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے آ کر کھڑے ہو گئے اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے انہیں دوسری رکعت پڑھائی پھر سلام پھیر دیا۔

(٢٣٨٢٧) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ [illegible] عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ [illegible] فَقَالُوا إِنَّ هَذَا [illegible] فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ [راجع: ٢٣٦٣٦].

(٢٣٨٢٧) حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ چغل خور جنت میں داخل نہ ہو گا۔

(٢٣٨٢٨) حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الشِّبَامِيُّ عَنْ أَبِي قَيْسٍ قَالَ خَرَجَ حُذَيْفَةُ [illegible]

ترجمہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مروی ہے کہ ایک دِن اُنہوں نے فرمایا ''اے لوگو! مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں ہو؟ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خیر کے متعلق پوچھتے تھے اور میں شر کے متعلق پوچھتا تھا، بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث فرمایا، اُنہوں نے لوگوں کو کفر سے ایمان کی دعوت دی، گمراہی سے ہدایت کی طرف بلایا، جس نے اُن کی بات مانی تھی، سو اُس نے یہ دعوت قبول کر لی اور حق کی برکت سے مُردہ چیز زندہ ہوگئی اور باطل کی نحوست سے زندہ چیزیں بھی مُردہ ہوگئیں، پھر نبوت کا دور ختم ہوا تو 'خلافت علیٰ منہاج النبوۃ' قائم ہوئی۔[1]

محقق شیخ شعیب ارنؤوط اور عادل مرشد نے اِس حدیث کی سند کو ''صحیح'' کہا ہے۔[2]

اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اِس صحیح حدیث کو رِوایت کیا مگر اِسی روایت کو کچھ اضافے کے ساتھ، اِسی سند سے یہ پوری رِوایت کو اِمام حافظ علّامہ ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اَصفہانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی سن 430 ہجری نے اپنی مشہور کتاب ''حلیۃ الاولیاء'' میں کچھ اِس طرح نقل کیا ہے:

1. مُسند احمد (اردو)، 10/819، رقم: 23825
2. مُسند احمد (عربی)، رقم: 23432

”کف اللسان“ والے زندوں میں مُردہ

(کف اللسان یعنی بالکل چُپ رہنا)

حلیۃ الاولیاء حصہ اول ۲۳۶

مرجائے۔ (نامے سے مراد اسلحہ کا استعمال کچھ وقت کے لئے موقوف کر دینا اور نیام میں کر لینا)۔

یہ حدیث شعبہ نے بھی اعمش، مذید حذیفہؓ کے طریق سے روایت کی ہے۔

۹۱۶- ابو اسحٰق ابراہیم بن حمزہ، حسن بن ابراہیم بن بشار، عبداللہ بن عمران، جریر، اعمش، ابراہیم، ہمام کے سلسلہ سند سے مروی ہے:

حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: لوگوں پر ضرور ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے، اس میں کوئی آدمی نجات نہیں پائے گا بجز اس آدمی کے جو اسکا دعا کرتا ہو جیسی دعا پانی میں ڈوبنے والا کرتا ہے۔

۹۱۷- ابو عمرو بن حمدان، حسن بن سفیان، سوید بن سعید، علی بن مسہر، مسلم، حبہ کے سلسلہ سند سے مروی ہے!

ایک مرتبہ حضرت ابو مسعودؓ نے حضرت حذیفہؓ سے دریافت کی کہ بلاشبہ فتنہ واقع ہو چکا ہے آپ نے اس کے بارے میں جو حدیث سن رکھی ہے مجھے بیان کر دیں۔ حذیفہؓ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس یقین نہیں آیا؟ (یعنی) اللہ عزوجل کی کتاب۔

۹۱۸- حسین بن حمویہ کشی، محمد بن عبداللہ حضرمی، محمد بن عبداللہ بن نمیر، محمد بن بلال، عمران قطان، اعمش، ابو وائل کے سلسلہ سند سے مروی ہے کہ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا:

شراب مردوں کی عقلوں کو کیا خراب کرتا ہے نہ تو اس سے بھی کہیں زیادہ مردوں کی عقلوں کو خراب کر دیتا ہے۔

۹۱۹- محمد بن احمد بن حسن، عبداللہ بن احمد بن حنبل، احمد بن حنبل، محمد بن جعفر، شعبہ، اعمش، مذید بن وہب کے سلسلہ سند سے مروی ہے:

حضرت حذیفہؓ نے ایک مرتبہ فرمایا: فتنے کا تمام مزہ ان تین آدمیوں کے سر پر ہے، ایک وہ حاذق اور بے راہ رو آدمی کہ جسکے سامنے کوئی چیز سر نہیں اٹھاتی مگر وہ صرف تلوار ہی سے اس کا قلع قمع کر دیتا ہے۔ دوسرا وہ خطیب جو (اپنی تقریروں سے) لوگوں کو اس فتنے کی دعوت دیتا ہے۔ ان دونوں کو فتنہ کے چہروں کے بل اوندھے منہ کر دے گا۔ تیسرا شخص وہ مردار ہے جس کو فتنہ پراگندہ کرتا ہے کہ جتنی بھی اس کے پاس ہوگا وہ سب کچھ برباد کر دیا جائے گا۔

۹۲۰- ابو احمد محمد بن احمد، عبداللہ بن محمد بن شیرویہ، (دوسری سند) ابو عمرو بن حمدان، حسن بن سفیان، (دونوں سند) اسحٰق بن ابراہیم، عبدالرزاق، بکار بن عبداللہ، علاء بن عبدالرحمٰن، ابو ظبیان کے سلسلہ سند سے مروی ہے کہ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: اے لوگو! تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں ہو؟ لوگ تو رسول اللہ ﷺ سے خیر و بھلائی کے بارے میں پوچھتے تھے جبکہ میں رسول اللہ ﷺ سے شر و برائی کے بارے میں پوچھتا تھا۔ کیا تم ”میت احیاء“ زندوں کے مردہ کے بارے میں نہیں پوچھتے ہو؟ چنانچہ حضرت حذیفہؓ خود ہی بیان کرنے لگے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو مبعوث کیا ہے انہوں نے لوگوں کو ضلالت و گمراہی سے نکال کر ہدایت کی طرف آنے کی دعوت دی اور کفر سے نکل کر ایمان کی طرف آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ جس نے ان کی دعوت کو قبول کرنا تھا اس نے قبول کر لیا یعنی جو پہلے (روحانی اعتبار سے) مردہ تھا وہ اب حق پر زندہ رہنے لگا اور جو پہلے (ظاہری اعتبار سے) زندہ تھا وہ (ان کی دعوت کا انکار کر کے) باطل پر مر گیا، پھر نبوت کا خاتمہ ہو گیا۔ چنانچہ نبوت کے بعد اسی کی نہج پر خلافت قائم ہوئی پھر اس کے بعد ”ملک عضوض“ کلمی بادشاہت ہوگی۔ پس بعض لوگ اپنے دل، اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے اس بادشاہت کا انکار کریں گے لامحالہ انہوں نے کامل حق پر برقرار رہنے کی پابندی کی اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو اپنے دل و زبان سے اس بادشاہت کا انکار کریں گے لیکن اپنے ہاتھوں کو اس کے انکار سے روکے رکھیں گے لامحالہ ایسے لوگ حق کا ایک شعبہ ترک کریں گے اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو اس بادشاہت کا دل سے تو انکار کریں گے لیکن اپنے ہاتھ اور زبان کو اس کے انکار سے روکے رکھیں گے لامحالہ ایسے لوگ حق کے دو شعبے ترک کر دیں گے اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو اس بادشاہت کا نہ دل سے انکار کریں گے اور نہ ہی زبان سے پس ایسے لوگ ”میت احیاء“ زندوں میں مردہ ہیں۔

تاریخ اسلام کی ۸۰۰ شخصیات کے احوال، اقوال اور مرویات پر مشتمل منفرد بے مثال کتاب

حلیۃ الاولیاء اردو
و
طبقات الاصفیاء

حصہ اول۔ دوم یکجا
حصہ اول

اولیاء کی عظمت پر مؤلف کا مقدمہ، مہاجرین صحابہ کرامؓ اور اہل صفہ صحابہ کرامؓ شمول انبیاء صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا تذکرہ
حضرت ابوبکر صدیقؓ تا حضرت ابوہریرہؓ

امام حافظ علامہ ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی شافعی

مترجم — مولانا محمد اصغر مغل (فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی)

حافظی ناشران و تاجران کتب
کراچی فون نمبر ۲۲۷۵۵۴

ترجمہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اے لوگو! تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں ہو؟ لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خیر و بھلائی کے بارے میں پوچھتے تھے جب کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شر و برائی کے بارے میں پوچھتا تھا، کیا تم ''میت احیاء'' (Alive but as if dead / زندہ مگر مُردوں کے جیسا / Dead-Alive) [1] زندوں کے مُردہ کے بارے میں نہیں پوچھتے ہو؟'' چنانچہ حضرت حُذیفہ رضی اللہ عنہ خود ہی بیان کرنے لگے کہ ''بیشک! اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث کیا ہے۔ اُنہوں نے لوگوں کو ضلالت وگمراہی سے نکال کر ہدایت کی طرف آنے کی دعوت دی اور کفر سے نکال کر ایمان کی طرف آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ جس نے اُن کی دعوت کو قبول کرنا تھا اُس نے قبول کر لیا پس جو پہلے (روحانی اعتبار سے) مردہ تھا وہ اب حق پر زندہ رہنے لگا اور جو پہلے (ظاہری اعتبار سے) زندہ تھا وہ (اُن کی دعوت کا اِنکار کرکے) باطل پر مر گیا، پھر نبوت کا خاتمہ ہو گیا۔ چنانچہ نبوّت کے بعد اِسی کی نہج پر خلافت قائم ہوئی پھر اِس کے بعد ''مُلْکٌ عضوضٌ'' یعنی کٹکھنی بادشاہت ہوگی۔ پس بعض لوگ اپنے دِل، اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے اِس بادشاہت کا اِنکار کریں گے، لامحالہ اُنہوں نے کاملِ حق پر برقرار رہنے کی پابندی کی اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو اپنے دِل وزبان سے اِس بادشاہت کا اِنکار کریں گے لیکن اپنے ہاتھوں کو اُس کے اِنکار سے روک رکھیں گے، لامحالہ ایسے لوگ حق کا ایک شعبہ (حصّہ) ترک کریں گے اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو اِس بادشاہت کا دِل سے تو اِنکار کریں گے لیکن اپنے ہاتھ اور زبان کو اُس کے اِنکار سے روک رکھیں گے، لامحالہ ایسے لوگ حق کے دوسرے شعبے (حصّے) کو ترک کر دیں گے اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو ایسی بادشاہت کا نہ دل سے انکار کریں گے اور نہ ہی زبان سے پس ایسے لوگ ''میّت احیاء'' (یعنی زندوں میں مُردہ) ہیں۔ [2]

---

1. Merriam-webster.com
2. حلیۃ الاولیاء (اردو)، 1/241، رقم: 920

امیر معاویہ پہلے بادشاہ ہیں، خلیفہ راشد نہیں: اہلِ سنّت کا عقیدہ

مسند احمد اور مشکوٰۃ کی ایک حدیث



مُسندُ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ مترجم ۱۱۶ مُسنَدُ الکوفیین

(۱۸۵۹۶) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ كُنَّا قُعُودًا فِي الْمَسْجِدِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ بَشِيرٌ رَجُلًا يَكُفُّ حَدِيثَهُ فَجَاءَ أَبُو ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيُّ فَقَالَ يَا بَشِيرُ بْنَ سَعْدٍ أَتَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأُمَرَاءِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ أَنَا أَحْفَظُ خُطْبَتَهُ فَجَلَسَ أَبُو ثَعْلَبَةَ فَقَالَ حُذَيْفَةُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُونُ النُّبُوَّةُ فِيكُمْ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا عَاضًّا فَيَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ سَكَتَ قَالَ حَبِيبٌ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَكَانَ يَزِيدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ فِي صَحَابَتِهِ فَكَتَبْتُ إِلَيْهِ بِهَذَا الْحَدِيثِ أُذَكِّرُهُ إِيَّاهُ فَقُلْتُ لَهُ إِنِّي أَرْجُو أَنْ يَكُونَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ يَعْنِي عُمَرَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَالْجَبْرِيَّةِ فَأُدْخِلَ كِتَابِي عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَسُرَّ بِهِ وَأَعْجَبَهُ

(۱۸۵۹۶) حضرت نعمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے، بشیر اپنی احادیث روک کر رکھتے تھے، ہماری مجلس میں ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ آئے اور کہنے لگے کہ اے بشیر بن سعد! کیا امراء کے حوالے سے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث یاد ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ یاد ہے، حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تک اللہ کو منظور ہوگا، تمہارے درمیان نبوت موجود رہے گی، پھر اللہ اسے اٹھانا چاہے گا تو اٹھالے گا، پھر طریقۂ نبوت پر گامزن خلافت ہوگی اور وہ اس وقت تک رہے گی جب تک اللہ کو منظور ہوگا، پھر جب اللہ اسے اٹھانا چاہے گا تو اٹھالے گا، پھر کاٹ کھانے والی حکومت ہوگی، اور وہ بھی اس وقت تک رہے گی جب تک اللہ کو منظور ہو گا، پھر جب اللہ چاہے گا اسے بھی اٹھالے گا، اس کے بعد ظلم کی حکومت ہوگی اور وہ بھی اس وقت تک رہے گی جب تک منظورِ خدا ہوگا، پھر جب اللہ چاہے گا وہ اسے بھی اٹھالے گا، پھر طریقۂ نبوت پر گامزن خلافت آجائے گی پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔

راوئ حدیث حبیب کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز خلیفہ مقرر ہوئے تو یزید بن نعمان رضی اللہ عنہ ان کے مشیر بنے، میں نے یزید بن نعمان کو یاددہانی کرانے کے لئے خط میں یہ حدیث لکھ کر بھیجی اور آخر میں لکھا کہ مجھے امید ہے کہ امیر المؤمنین کی حکومت کاٹ کھانے والی اور ظلم کی حکومت کے بعد آئی ہے، یزید بن نعمان نے میرا یہ خط امیر المؤمنین کی خدمت میں پیش کیا جسے پڑھ کر وہ بہت مسرور اور خوش ہوئے۔



۵۳۷۷: عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: "بے شک سب سے پہلے اٹھا دیا جائے گا، زید بن یحییٰ راوی نے بیان کیا، یعنی اسلام، جیسے برتن اٹھا دیا جاتا ہے، یعنی شراب، عرض کیا گیا: اللہ کے رسول! اللہ نے اس کے متعلق تو وضاحت فرما دی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اس کا نام بدل لیں گے اور پھر اسے حلال جانیں گے۔"

الفصل الثالث

فصل ثالث

۵۳۷۸: عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ((تَكُونُ النُّبُوَّةُ فِيكُمْ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى، ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا عَاضًّا، فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى، ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً، فَيَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ نُبُوَّةٍ)) ثُمَّ سَكَتَ، قَالَ حَبِيبٌ: فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، كَتَبْتُ إِلَيْهِ بِهٰذَا الْحَدِيثِ أُذَكِّرُهُ إِيَّاهُ وَقُلْتُ: أَرْجُو أَنْ تَكُونَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَالْجَبْرِيَّةِ، فَسُرَّ بِهِ وَأَعْجَبَهُ، يَعْنِي عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ، وَالْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ [1]

۵۳۷۸: نعمان بن بشیر، حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تک اللہ چاہے گا تم میں نبوت (کے اثرات) باقی رکھے گا، پھر اللہ تعالیٰ اسے اٹھا لے گا، پھر جب تک اللہ چاہے گا، خلافت نبوت کے انداز پر ہوگی، پھر اللہ تعالیٰ اسے بھی اٹھا لے گا، پھر جس قدر اللہ چاہے گا کاٹنے والے بادشاہ ہوں گے پھر اللہ تعالیٰ اسے بھی اٹھا لے گا، پھر جبریہ بادشاہت ہوگی اور یہ بھی جب تک اللہ چاہے گا رہے گی، پھر اللہ تعالیٰ اسے بھی اٹھا لے گا، پھر خلافت نبوت کی طرز پر ہوگی۔" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔ حبیب بیان کرتے ہیں، جب عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے خلافت سنبھالی تو میں نے ان کی یاد دہانی کے لیے انہیں یہ حدیث لکھی، اور کہا: میں امید کرتا ہوں کہ ظالم بادشاہ اور جبریہ بادشاہت کے بعد آپ امیر المومنین ہیں۔ وہ اس سے خوش ہوئے اور انہیں اچھا لگا۔

[1] إسناده صحيح، رواه احمد (٤/ ٢٧٣ ح ١٨٥٩٦ ، و البيهقي في دلائل النبوة ٦/ ٤٩١).

ترجمہ

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے، بشیر اپنی احادیث روک کر رکھتے تھے۔ ہماری مجلس میں ابو ثعلبہ خُشنی رضی اللہ عنہ آئے اور کہنے لگے "اے بشیر بن سعد! کیا اُمراء کے حوالے سے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث یاد ہے؟" حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے، "مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ یاد ہے۔" حضرت ابو ثعلبہ بیٹھ گئے اور حضرت حُذیفہ کہنے لگے کہ جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِرشاد فرمایا، "جب تک اللہ جل جلالہ کو منظور ہوگا تمہارے درمیان نبوّت موجود رہے گی، پھر اللہ جل جلالہ اُسے اُٹھانا چاہے گا تو اُٹھا لے گا، پھر طریقۂ نبوّت پر گامزن خلافت ہوگی اور وہ اُس وقت تک رہے گی جب تک اللہ جل جلالہ کو منظور ہوگا، پھر جب اللہ جل جلالہ اُسے اُٹھانا چاہے گا تو اُٹھا لے گا، پھر کاٹ کھانے والی

حکومت ہوگی، اور وہ بھی اُس وقت تک رہے گی جب تک اللہ جل جلالہ کو منظور ہوگا، پھر جب اللہ جل جلالہ چاہے گا اُسے بھی اُٹھا لے گا۔ اُس کے بعد ظلم کی حکومت ہوگی، وہ بھی اُس وقت تک رہے گی جب تک منظورِ خدا ہوگا، پھر جب اللہ جل جلالہ چاہے گا اُسے بھی اُٹھا لے گا، پھر طریقۂ نبوّت پر گامزن خلافت آجائے گی، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش ہو گئے۔"

راویٔ حدیث حبیب کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ مقرر ہوئے تو یزید بن نعمان اُن کے مُشیر بنے۔ میں نے یزید بن نعمان کو یاد دہانی کرانے کے لیے خط میں یہ حدیث لکھ کر بھیجی اور آخر میں لکھا کہ "مجھے امید ہے کہ امیر المومنین کی حکومت کاٹ کھانے والی اور ظلم کی حکومت کے بعد آئی ہے۔" یزید بن نعمان نے میرا خط امیر المومنین کی خدمت میں پیش کیا جسے پڑھ کر وہ بہت مسرور اور خوش ہوئے۔

'مشکوٰۃ' کے محقق اہلِ حدیث عالم حافظ زُبیر علی زئی نے اِس حدیث کی سند کو "صحیح" کہا ہے۔[1]

مُلّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ اُردو جلد نہم ۷۸۷ کتاب الرقاق

تیس (۳۰) برس تک آپؐ کے جانشین اور متبعین کی کامل ولایت اور نگرانی میں امت پر شفقت کا زمانہ تھا۔ زمانہ خلافت کے تیس (۳۰) برس میں سے خلفاء راشدین کے بعد چھ ماہ کا زمانہ کم تھا جس کو امام حسنؓ نے اپنی خلافت کے ذریعے پورا کیا چنانچہ خلافت میں حضرت معاویہؓ کا کوئی حصہ نہیں ہے اگرچہ بعض حضرات کا اس میں اختلاف ہے۔

مُلّا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ 'مشکوٰۃ' کی شرح 'مرقاۃ المفاتیح' میں لکھتے ہیں:

"تیس (30) برس تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشین اور متبعین کی کامل ولایت اور نگرانی میں اُمّت پر شفقت کا زمانہ تھا۔ زمانۂ خلافت کے تیس (30) برس میں سے خلفائے راشدین کے بعد چھے (6) ماہ کا زمانہ کم تھا جس کو اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے ذریعے پورا کیا۔ چنانچہ خلافت میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا کوئی حصّہ نہیں ہے اگرچہ بعض حضرات کا اِس میں اختلاف ہے۔"[2]

1. مُسند احمد بن حنبل (اردو)، 8/116-117، رقم: 18596؛ مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 3/231
2. مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 9/787

علّامہ حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ



البدایہ والنہایہ، جلد ہفتم ۳۲ ۳۱ھ میں رونما ہونے والے حالات وواقعات کے بیان میں

حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ اور آپ کی حکومت

قبل ازیں حدیث بیان ہو چکی ہے کہ حضور ﷺ کے بعد خلافت تیس سال ہوگی پھر بادشاہت ہوگی اور حضرت حسن بن علی کی خلافت سے تیس سال گزر چکے ہیں پس حضرت معاویہ کا زمانہ حکومت کا آغاز ہے اور وہ اسلام کے پہلے اور بہترین بادشاہ ہیں۔



سنة ٤١هـ ٢١

[ذكر أيام][2] معاوية بن أبي سفيان ومُلكه

قد تقدم في الحديث أن الخلافة بعده عليه السلام ثلاثون سنة، ثم تكون ملكاً، وقد انقضت الثلاثون بخلافة الحسن بن علي؛ فأيام معاوية أول الملك، فهو أول ملوك الإسلام وخيارهم.

قال الطبراني: حدثنا علي بن عبد العزيز، ثنا أحمد بن يونس، ثنا الفضيل بن عياض عن ليث عن عبد الرحمن بن سابط عن أبي ثعلبة الخشني عن معاذ بن جبل وأبي عبيدة قالوا قال رسول الله ﷺ: «إنَّ هذا الأمرَ بدأ رَحْمَةً ونُبُوَّةً، ثُمَّ يكونُ رَحْمَةً وخِلافَةً، ثُمَّ كائِنٌ مُلْكاً عَضُوضاً[3]، ثُمَّ كائِنٌ عُتُوّاً[4] وجَبْرِيَّةً وفَساداً في الأرضِ، يَسْتَحِلُّونَ الحَريرَ والفُرُوجَ والخُمُورَ ويُرْزَقُونَ على ذلكَ ويُنْصَرُونَ حَتَّى يَلْقَوا اللهَ عَزَّ وجَلَّ»

(٣) ملك عضوض: أي فيه تعسف وظلم.
(٤) عتو: استكبار.

علّامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور تاریخ کی کتاب میں لکھتے ہیں:

"قبل ازیں حدیث بیان ہو چکی ہے کہ حضور ﷺ کے بعد خلافت تیس سال ہوگی، پھر بادشاہت ہوگی اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی خلافت سے تیس سال گزر چکے ہیں، پس حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا زمانہ حکومت (ملوکیت) کا آغاز ہے اور وہ اسلام کے پہلے اور بہترین بادشاہ ہیں۔" (1)

1. البدایۃ والنہایۃ (عربی): 8/21؛ (اردو): 8/32

علّامہ حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اور قول:
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ نہیں ہیں۔

البدایہ والنہایہ، جلد ہشتم ۱۷۷ ۶۰ھ میں رونما ہونے والے حالات وواقعات کے بیان میں

اور حنبل بن اسحٰق نے
بیان کیا ہے کہ ابونعیم نے ہم سے بیان کیا کہ ابن ابی عتیبہ نے اہل مدینہ کے ایک شیخ کے حوالے سے ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہؓ نے کہا کہ میں پہلا بادشاہ ہوں اور ابن ابی خیثمہ نے بیان کیا ہے کہ ہارون بن معروف نے ہم سے بیان کیا کہ حمزہ نے بحوالہ ابن شوذب ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہؓ بیان کیا کرتے تھے کہ میں پہلا بادشاہ اور آخری خلیفہ ہوں' میں کہتا ہوں سنت یہ ہے کہ حضرت معاویہؓ کو بادشاہ کہا جائے اور حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میرے بعد خلافت تیس سال ہوگی پھر کاٹنے والی حکومت ہوگی۔ کے مطابق آپ کو خلیفہ نہ کہا جائے۔



١٤٢ سنة ٦٠هـ

وقال حنبل بن
إسحاق: حدثنا أبو نعيم حدثنا ابن أبي عتيبة عن شيخ من أهل المدينة قال قال معاوية: أنا أول الملوك. وقال ابن أبي خيثمة: حدثنا هارون بن معروف حدثنا حمزة عن ابن شوذب قال: كان معاوية يقول أنا أول الملوك وآخر خليفة، قلت: والسنة أن يقال لمعاوية ملك، ولا يقال له خليفة لحديث سَفِينة [أن رسول الله ﷺ قال:]"الخلافة بعدي ثلاثون سنة ثم تكون مُلكاً عضوضاً"(٥)

(٥) عضوضاً: ملك منه عسف وظلم.

"حنبل بن اِسحاق نے بیان کیا ہے کہ ابونعیم نے ہم سے بیان کیا کہ ابن ابی عُتیبہ نے اہلِ مدینہ کے ایک شیخ کے حوالے سے ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ "میں پہلا بادشاہ ہوں" اور ابنِ خیثمہ نے بیان کیا ہے کہ ہارون بن معروف نے ہم سے بیان کیا ہے کہ حمزہ نے بحوالہ ابن شوذب ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے تھے کہ "میں پہلا بادشاہ اور آخری خلیفہ ہوں۔" میں (ابن کثیر) کہتا ہوں سنّت یہ ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو بادشاہ کہا جائے اور حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی حدیث 'میرے بعد خلافت تیس سال ہوگی پھر کاٹنے والی حکومت (ملوکیت) ہوگی' کے مطابق آپ کو خلیفہ نہ کہا جائے گا۔"(1)

1. البدایۃ والنہایۃ (عربی): 8/142، (اردو): 8/177

علّامہ جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حدیث کو تمام اصحاب سنن نے لکھا ہے اور ابن حبان رضی اللہ عنہ نے اس کو صحیح لکھا ہے۔
علمائے کرام کہتے ہیں کہ خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم اور امام حسن (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کے زمانے پر یہ مدت ختم ہوگئی یعنی تیس سال پورے ہوگئے (بزارؒ نے محمد بن سکین، یحییٰ بن حسان اور دیگر اسناد کے ساتھ بیان کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسلام کی ابتداء نبوت اور رحمت سے ہوئی' اس کے بعد خلافت و رحمت ہوگی اور اس کے بعد ملوکیت اور جبر کا دور دورہ ہوگا۔ (یہ حدیث حسن ہے۔)

تاریخ الخلفاء میں علّامہ جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''علمائے کرام کہتے ہیں کہ خلفائے اربعہ' اور اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے زمانے پر یہ مدّت ختم ہوگئی یعنی تیس سال پورے ہو گئے۔ اِمام بزّار نے محمد بن سکین، یحییٰ بن حسّان اور دیگر اِسناد کے ساتھ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِرشاد فرمایا ہے کہ ''اسلام کی ابتداء نبوّت اور رحمت سے ہوئی، اُس کے بعد خلافت ورحمت ہوگی اور اُس کے بعد ملوکیت اور جبر کا دور دورہ ہوگا۔'' (یہ حدیث حسن ہے۔)[1]

1. تاریخ الخلفاء (اردو)، صفحہ: 119

مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ



مرآۃ المناجیح (جلد ہفتم) ﴿۱۶۴﴾ فتنوں کا بیان

۴۔ اقذاء جمع ہے قذی کی بمعنی آنکھ کا تنکا وغیرہ جس میں بظاہر آنکھ اچھی ہوتی ہے مگر باطن تکلیف یہاں مراد ہے ناپسندیدگی اور بددلی یعنی لوگ کسی کو اپنا امیر مانیں گے تو صرف ظاہر سے ان کے دل اس سے راضی نہ ہوں گے۔ نیز اس سلطنت میں بدعات وغیرہ ہوں گی۔ کدورت ہوگی اس میں اشارہ ہے حضرت امام حسن اور امیر معاویہ کی صلح کی طرف اگرچہ یہ صلح تو ہوگئی مگر لوگوں کے دلوں میں صفائی نہ ہوئی۔ اس لئے ہمارا مذہب ہے کہ حضرت امیر معاویہ اس صلح کے بعد خلیفہ نہ ہوئے بلکہ سلطان اسلام ہوئے۔ اسلام میں پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق اور پہلے سلطان امیر معاویہ (مرقات)۔

مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور شرح ''مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح'' میں لکھتے ہیں:

''اِس لیے ہمارا مذہب ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اِس صلح کے بعد خلیفہ نہ ہوئے بلکہ سلطانِ (بادشاہ) اسلام ہوئے۔ اسلام میں پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ۔ سلطان (بادشاہ) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔''(1)

1. مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 7/164

بارہ (12) خلفاء والی حدیث کا خلاصہ

قارئین کرام! مولانا سیّد ہاشمی میاں جیسے لوگ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلیفہ راشد ثابت کرنے کے لیے صحیحین سے 12 خلفاء والی حدیث پیش کرتے ہیں اور اِس کو تیس (30) سال والی حدیثِ سفینہ کے ساتھ مرکّب کرتے ہیں اور خود تو اُلجھن میں پڑتے ہیں ساتھ میں عوام کو بھی اُلجھن میں ڈال دیتے ہیں۔

سب سے پہلے ہم بارہ خلفاء والی حدیث کو بیان کریں گے اُس کے بعد اُس کی شرح میں علمائے اہلِ سنّت کیا فرماتے ہیں یہ نقل کریں گے۔

بخاری شریف (مترجم) جلد سوم ۹۳۶ کتاب الاحکام

۲۰۸۶- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَكُونُ اثْنَا عَشَرَ أَمِيرًا فَقَالَ كَلِمَةً لَمْ أَسْمَعْهَا فَقَالَ أَبِي إِنَّهُ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

2086- غندر (محمد بن جعفر) نے کہا ہم سے شعبہ (بن حجاج) نے عبدالملک (بن عمیر) سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا میں نے حضرت جابر بن سمرہ سے سنا۔ انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا بارہ امیر ہوں گے۔ آپ ﷺ نے کوئی کلمہ فرمایا جس کو میں نے نہیں سنا تو میرے باپ (سمرہ نے کہا حضور اقدس ﷺ نے فرمایا وہ سب کے سب امیر قریش سے ہوں گے) (بارہ خلفاء کے متعلق حافظ عسقلانی نے نہایت عمدہ تفصیلی بحث کی ہے دیکھو فتح الباری ج 13 ص 211)

شرح صحیح مسلم ۷۵۱ کتاب الامارۃ

۴۵۹۵- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ غَيْرُ مُنْقَضٍ حَتَّى يَمْضِيَ فِيهِمِ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ أَفْهَمْهُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بارہ خلیفہ پورے ہونے تک اسلام غالب رہے گا، پھر آپ نے کوئی بات کہی جس کو میں نہیں سمجھ سکا میں نے اپنے والد سے کہا آپ نے کیا فرمایا؟ انہوں نے کہا آپ نے فرمایا وہ سب قریش سے ہوں گے۔

حضرت جابر بن سُمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”بارہ خلیفہ ہونے تک اِسلام غالب رہے گا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کلمہ فرمایا جس کو میں نہیں سمجھ سکا، میں نے اپنے والد سے پوچھا، ”حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟“ اُنہوں نے کہا، ”آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب قریش سے ہوں گے۔“(1)

1. صحیح بخاری، 3/936، صفحہ: 2086، انٹرنیشنل نمبر: 7223؛ شرح صحیح مسلم، 7/750-751، رقم: 4595، انٹرنیشنل نمبر: 4699؛ شرح جامع ترمذی، 4/233، رقم: 2149، انٹرنیشنل نمبر: 2223

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور حدیثِ اثنا عشر

(12 خلفاء والی حدیث)



اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ صحیح بخاری کی اِس حدیثِ اِثنا عشر کی شرح میں ''فتح الباری'' میں تفصیل سے گفتگو کرتے ہیں۔ اِس حدیث کے سلسلے میں ابن بطّال نے مہلّب سے جو باتیں نقل کی ہیں اُس پر نقد (رد) کرتے ہوئے ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''یہ کلام اُس شخص کا ہے جو تروکِ حدیث میں سے کسی بھی شئے سے واقف نہیں ہے، صرف اُس روایت کے سوا جو بخاری میں واقع ہے۔''

آگے ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''اور جو رِوایت مسلم وغیرہ سے نقل کی گئی ہے اُن سے میں نے (یعنی ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے) جانا کہ جو (بارہ خلفاء کی) صفت ذکر کی گئی ہے وہ اُن کی ولایت کے ساتھ خاص ہے اور وہ یہ ہے کہ اِسلام کا عزیز ہونا اور محترم بالشان ہونا اور دوسری رِوایت میں ایک دوسری صفت مذکور ہے اور وہ یہ کہ اُن خلفاء کی خلافت پر تمام لوگوں کا مجتمع ہونا جیسا کہ اِمام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ نے جابر بن سُمرہ رضی اللہ عنہ سے اِن الفاظ میں نقل کی ہے:''

لا یزال هذا الدین قائما حتی یکون علیکم اثنا عشر خلیفة کلهم تجتمع علیه الامة ،

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں کہ:

''اِمام قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اِس کی تلخیص کرتے ہوئے فرمایا کہ مذکورہ بارہ عدد کے سلسلے میں دو اعتراض ہوتے ہیں اُن میں سے ایک تو یہ ہے کہ حدیث کا جو معنی اوپر ذکر کیا گیا ہے وہ حدیثِ سفینہ سے ٹکراتا ہے یعنی وہ حدیث جس کو اصحابِ سنن نے نقل کیا ہے اور دوسرا اعتراض یہ ہے کہ حدیثِ سفینہ میں جو عدد بیان کیا گیا ہے مذکورہ حدیث کا عدد اُس سے زیادہ ہو رہا ہے۔''

پھر ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں:

''اور مہلّب نے جو مذکورہ حدیث کی تشریح کی تھی اُس پر ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اعتراض **کلهم یجتمع علیه الناس** پر واحد ہوتا ہے کیوں کہ ایک ہی زمانے میں اُن خلفاء کی موجودگی عین علیٰحدگی ہے پس حدیث کی وہ مراد صحیح نہیں ہے جو ابن بطّال رحمۃ اللہ علیہ نے مہلّب سے نقل کی اور اِس کی تائید اُس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کی تخریج اِمام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی سندِ حسن کے ساتھ کہ جس میں مذکور ہے کہ اُن سے خلیفہ کے بارے میں پوچھا گیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ ہم نے اِس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''بارہ امیر ہوں گے بنی اسرائیل کے نقیبوں کی طرح۔''

مذکورہ حدیث میں صرف بارہ امیر کا ذکر ہے اُن کے زمانے کے بارے میں کوئی لفظ مذکور نہیں ہے۔

اِمام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں:

''اِمام ابو الحسن ابن المنادی نے فرمایا کہ حدیث کا وہ جُزو جس میں لوگوں کے مجتمع ہونے کی بات ہے وہ اِمام مہدی رضی اللہ عنہ کا زمانہ ہوگا۔ حدیث کے معنی میں اِس بات کا بھی اہتمام ہے کہ بارہ خلیفہ حضرت مہدی رضی اللہ عنہ کے بعد ہوں گے، وہ مہدی رضی اللہ عنہ جو کہ آخر زمانے میں ظاہر ہوں گے پس دانیال علیہ السلام کی کتاب میں مجھے یہ بات ملی ہے کہ جب حضرت مہدی رضی اللہ عنہ انتقال کر جائیں گے تو اُن کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑے نواسے کے خاندان سے پانچ لوگ حکومت کریں گے پھر پانچ لوگ چھوٹے نواسے کے خاندان سے حکومت کریں گے پھر اُن میں سے ایک دوسرے کو خلافت کی وصیّت کریں گے اور اِسی طرح کی رِوایت حضرت عبد اللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ اِمام مہدی رضی اللہ عنہ کا نام محمد بن عبد اللہ ہوگا اور وہ خوب رُو مائل بہ سُرخ ہوں گے، اللہ جل جلالہ اُن کے ذریعے اِس امّت کی تمام مصیبتوں کو دور کر دے گا، اور اُن کے انصاف سے تمام مظالم چھٹ جائیں گے، پھر اِمام مہدی رضی اللہ عنہ کے بعد بارہ لوگ امیر بنیں گے، چھے (6) اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے خاندان سے ہوں گے اور پانچ (5) اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے خاندان سے ہوں گے اور بارہواں خلیفہ اِن کے علاوہ میں سے ہوگا۔ پھر اُن کا انتقال ہو جائے گا پس زمانے میں فساد برپا ہو جائے گا۔ اور کعب احبار کی رِوایت میں یہ الفاظ مذکور ہیں:

الحسن ، وخمسة من ولد الحسين ، وآخر من غيرهم ؛ ثم يموت فيفسد الزمان ، وعن كعب الأحبار ، يكون اثنا عشر مهدياً ، ثم ينزل روح الله ، فيقتل الدجال ، قال : والوجه الثالث أن المراد وجود اثنى عشر خليفة في

ترجمہ: بارہ مہدی ظاہر ہوں گے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے پس وہ دجّال کو قتل کر دیں گے۔

اِمام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں:

''اور تیسرا معنی مذکورہ حدیث کا یہ بھی مراد ہے کہ بارہ خلفائے اسلام کی تمام مدّت میں آئے قیامت تک کے لیے کہ جو حق کے ساتھ عمل کرے اگرچہ اُن کے زمانے مختلف ہو اور اِس معنی کی تائید اُس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کو اِمام مُسدّد نے اپنی 'مسند' میں نقل کیا ہے۔

أنه لا تهلك هذه الأمة حتى يكون منها اثنا عشر خليفة كلهم يعمل بالهدى ودين الحق ، منهم رجلان من أهل بيت محمد ، يعيش أحدهما أربعين سنة ، والآخر ثلاثين سنة ،

ترجمہ: یہ امّت اُس وقت تک ہلاک نہیں ہوگی جب تک اِن میں بارہ خلفاء نہ ہو جائیں کہ تمام کے تمام دینِ حق اور ہدایت کا عمل کریں گے اُن میں سے دو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت میں سے ہوں گے کہ اُن میں سے ایک چالیس سال تک زندہ رہے گا اور ایک تیس سال تک زندہ رہے گا اور یہ سلسلہ قیامت تک رہے گا۔[1]

1. فتح الباری (عربی)، 13/224-228

علّامہ غلام رسول سعیدی کا عقیدہ

علّامہ غلام رسول سعیدی اِس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

کتاب الامارۃ
شرح صحیح مسلم ۷۵۴

اسلام غالب رہے گا جب تک بارہ خلیفہ ہوں گے اور وہ سب قریش سے ہوں گے۔ اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اس حدیث کے خلاف بعض احادیث میں ہے کہ خلافت تیس سال رہے گی اور تیس سال میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شامل کر کے صرف پانچ خلفاء ہوئے تھے۔ اور وہ حدیث یہ ہے۔

کتاب الامارۃ
شرح صحیح مسلم ۷۵۵

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن سفینۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلافۃ النبوۃ ثلاثون سنۃ ثم یؤتی اللہ الملک من یشاء قال سعید قال لی سفینۃ امسک علیک ابابکر سنتین وعمر اعشرا وعثمان اثنی عشر و علی کذا۔[1]

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خلافت نبوت تیس سال رہے گی، پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا ملک عطا کر دے گا۔ حضرت سفینہ نے کہا حضرت ابوبکر کے دو سال شمار کرو اور حضرت عمر کے دس سال، حضرت عثمان کے بارہ سال اور حضرت علی کے اتنے سال (یعنی پانچ سال نو ماہ اور چھ ماہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت رہی۔)

اس حدیث کو امام ترمذی[2] اور امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔[3]

الجواب ان احادیث میں تعارض نہیں ہے کیونکہ جن احادیث میں بارہ خلفاء تک اسلام کے غلبہ اور خلافت قائم رہنے کا ذکر ہے ان میں مطلقاً خلافت کا ذکر ہے عام ازیں کہ وہ خلافت علی منہاج النبوۃ ہو یا ایسی خلافت نہ ہو لیکن اس خلافت میں غلبہ اسلام ہو اور جن احادیث میں تیس سال تک خلافت کا ذکر ہے ان میں خلافت نبوت کی تخصیص ہے، جیسا کہ ہم جامع ترمذی، سنن ابوداؤد اور مسند احمد کے حوالوں سے ذکر کر چکے ہیں۔

شرح صحیح مسلم
(جلد خامس)
افقیہ، لفقہ، جہاد، امارہ
تصنیف
علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی ۳۸
ناشر
فاروقیہ بکڈپو
۴۴۲ رٹا محل، جامع مسجد دہلی ۶

”اِس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اِس حدیث کے خلاف بعض احادیث میں ہے کہ خلافت تیس سال رہے گی اور تیس سال حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شامل کر کے صرف پانچ خلفاء ہوتے تھے اور وہ حدیث یہ ہے۔“

پھر علّامہ سعیدی صاحب نے تیس سال والی حدیثِ سفینہ پیش کی اور فرمایا: اِس حدیث (یعنی حدیثِ سفینہ) کو اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی روایت کیا ہے۔

الجواب: اِن احادیث میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ جن احادیث میں بارہ خلفاء تک اسلام کے غلبہ اور خلافت قائم رہنے کا ذکر ہے اُن میں مطلقاً خلافت کا ذکر ہے، عام ازیں کہ وہ 'خلافت علی منہاج النبوۃ' ہو یا ایسی خلافت تو نہ ہو لیکن اِس خلافت میں غلبۂ اسلام ہو اور جن احادیث میں تیس سال تک خلافت کا ذکر ہے اُن میں خلافتِ نبوت کی تخصیص ہے، جیسا کہ ہم جامع ترمذی، سنن ابو داؤد اور مسند احمد کے حوالوں سے ذکر کر چکے ہیں۔(1)

شارح ترمذی علامہ قُصوری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

شرح

جامع الترمذی

جلد چہارم

مصنف

الامام العلامہ ابی عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ الترمذی

ترجمہ

ابو الاسرار محمد محی الدین جہانگیر

شارح

علامہ محمد یٰسین قصوری

اشاعت : جنوری ۲۰۱۹ء

صفحات : ۸۳۰

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے مشن کی تکمیل میں پوری کوشش کی ہے۔ ہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ دوسرے ایڈیشن میں درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شرح جامع ترمذی (٤) کتاب الفتن ﴿۲۳۵﴾ تاریخ کے ٹیچر

سوال: حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مدت خلافت تیس سال بیان کی گئی ہے، اس کے بعد ملوکیت کا دور شروع ہو جائے گا۔ تیس سال خلفاء اربعہ کے ادوار حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چند ماہ شامل کر کے مکمل ہو جاتے ہیں اور بارہ خلفائے پورے نہیں ہوتے؟

جواب: حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کا مطلب یہ ہے کہ وہ خلفاء جن کی خلافت علی منہاج النبوت ہوگی ان کی مدت تیس سال ہے۔ باقی خلفاء بعد میں بھی آ سکتے ہیں، ان کا متصل ہونا ضروری نہیں ہے، منفصل بھی آ سکتے ہیں اور قیامت قائم ہونے سے قبل ان کی تعداد پوری ہو جائے گی۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ خلفاء اربعہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور شامل کر کے خلافت علی منہاج النبوت کے تیس سال مکمل ہو گئے تھے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مابعد عادل خلفاء آ چکے ہیں یا آتے رہیں گے۔ اس طرح روایات میں تعارض باقی نہیں رہا۔ (تحفۃ الاحوذی شرح جامع ترمذی، ج6، ص472)

شارح ترمذی علامہ محمد یٰسین قصوری رحمۃ اللہ علیہ اِس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

سوال: حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مدتِ خلافت تیس سال بیان کی گئی ہے، اِس کے بعد ملوکیت کا دور شروع ہو جائے گا۔ تیس سال خلفائے اربعہ کے ادوار، حضرت اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے چند ماہ شامل کر کے مکمل ہو جاتے ہیں اور بارہ خلفاء پورے نہیں ہوتے؟

1. علامہ غلام رسول سعیدی فی شرح صحیح مسلم (اردو)، 5/754-755

باب-10

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت و مناقِب میں کوئی صحیح حدیث نہیں ہے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت ومناقب میں کوئی صحیح حدیث نہیں ہے۔

صحابیٔ رسول عُبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کا عقیدہ



عُبادة بن الصامت

وُرد بن سنان ، عن إسحاق بن قبيصة بن ذُؤيب ، عن أبيه : أنّ عبادة أنكر على معاوية شيئاً ، فقال : لا أساكنك بأرض ، فرحل إلى المدينة ، فقال له عمر : ما أقدمك ؟ فأخبره [بفعل معاوية] . فقال [له] : ارحلْ إلى مكانك ، فأسمع الله أرضاً أنت فيها وأمثالك ، فلا إمرة له عليك[1]

ابن أبي أويس ، عن أبيه ، عن الوليد بن داود بن محمد بن عُبادة بن الصامت[2] عن ابن عمه عبادة بن الوليد ، قال : كان عُبادة بن الصامت مع معاوية ، فأذن يوماً ، فقام خطيبٌ يمدح معاوية ، ويثني عليه ، فقام عُبادة بتراب في يده ، فحثاه في فم الخطيب ، فغضب معاوية ، فقال له عُبادة : إنك لم تكن معنا حين بايعنا رسول الله ﷺ بالعقبة ، على السمع والطاعة في منشطنا ومكرهنا ومكسلنا ، وأثرة علينا ، وألاّ ننازع الأمر أهله ، وأن نقوم بالحق حيث كنا ، لا نخاف في الله لومة لائم ، وقال رسول الله ﷺ : إذا رأيتم المدّاحين ، فاحثوا في أفواههم التراب[3] .

(1) الزيادة من « تاريخ الإسلام » .

(2) رجاله ثقات .

(3) كذا الأصل ، ولم أقف له على ترجمة في كتب الجرح والتعديل ، وربما يكون محرفاً عن « الصامت » بدل « الوليد » ففي « الجرح والتعديل » ٥٤٧/٨ : الصامت بن داود بن محمد بن عبادة ابن الصامت الأنصاري . روى عن عبادة بن الوليد بن عبادة بن الصامت ، روى عنه يوسف ، سمعت أبي يقول ذلك .

(4) ورجاله ثقات عدا الوليد بن داود بن محمد فالذي لم أعرفه ، وأخرج محمد ٣٦١/٥ و٣٦٦ ، والبخاري ٦٦٧/١٢ في الأحكام : باب كيف يبايع الناس الإمام ، والنسائي ١٣٣/٧ ، ١٣٨ في أول البيعة من طريق عبادة بن الوليد ، عن أبيه ، عن عبادة بن الصامت قال : بايعنا رسول الله ﷺ (بالزيادة المذكورة) على السمع والطاعة في العسر واليسر ، والمنشط والمكره ، وأن لا ننازع الأمر أهله ، وأن نقول أو نقوم بالحق حيث كنا ، لا نخاف في الله لومة لائم ، وفيه بعد الحرف ، ورواه عبادة : نصت بعد فتح مكة بعد أن نزلت الآية التي في الممتحنة ، أخرجه البخاري ٧٤/١٢ ، ومسلم (١٧٠٩) كلاهما في الحدود ، باب الحدود كفارة ، من طريق ابن عيينة ، عن ...

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''سیرُ اعلام النّبلاء'' میں نقل کیا ہے۔

ترجمہ

''حضرت عُبادہ بن صامِت رضی اللہ عنہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، ایک دن اُنہوں نے اذان کہی تو ایک خطیب کھڑے ہو کر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں تعریف کرنے لگا۔ حضرت عُبادہ رضی اللہ عنہ اُٹھے اور خاک کی ایک مٹھی بھر کر خطیب کے منہ میں ٹھونس دی۔ اِس پر معاویہ رضی اللہ عنہ غضب ناک ہوئے، جس پر حضرت عُبادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''تم (یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) اُس وقت نہیں تھے، جب ہم نے عقبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی تھی کہ ہم اپنی پسند اور ناپسند، سُستی اور کاہلی (ہر حالت) میں بھی سمع وطاعت بجا لانے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانِ اقدس کو ہر اَمر پر ترجیح دیں گے، اہلِ اَمر کے ساتھ نازعہ نہیں کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: جب تم خوشامد کرنے والوں کو دیکھو تو اُن کے منہ میں مٹّی بھر دو۔[1]

1. سیرُ اعلام النّبلاء (عربی)، 2/7

اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تذكرة الحفاظ ج ٢ - ص ١٠

البرود الوية والحضر ويكثر الاستمتاع، له اربع زوجات يقسم لهن ولا يطاوع ذلك من سرية، وكان يكثر أكل الدبوك الكبار تشترى له وتسمن وتخصى.

قال مرة بعض الطلبة: ما اظن ابا عبد الرحمن الا انه يشرب النبيذ، النظرة الى في وجهه، وقال آخر: ليت شعري ما مذهبه في اتيان النساء في ادبارهن؟ قال فسئل فقال: النبيذ حرام، ولا يصح في الدبر شيء لكن حديث محمد بن كعب القرظي عن ابن عباس قال اسق حرثك من حيث شئت فلا ينبغي ان يتجاوز قوله. قال ابن الذهبي: ثبت ان المصطفى صلى الله عليه وآله وسلم من ادبار النساء وفي فيه مصنف، علة ما ذكرت سمعت الوزير ابن خنزابة عن محمد بن موسى المأموني صاحب النسائي، وقال فيه: سمعت قوما ينكرون على ابي عبد الرحمن كتاب الخصائص لعلي رضي الله عنه وتركه تصنيف فضائل الشيخين، فذكرت له ذلك فقال: دخلت دمشق والمنحرف عن علي بها كثير فصنفت كتاب الخصائص رجوت ان يهديهم الله، ثم انه صنف بعد ذلك فضائل الصحابة، فقيل له وانت اسمع: ألا تخرج فضائل معاوية؟ فقال اي شيء اخرج؟ حديث: اللهم لا تشبع بطنه، فسكت السائل.

قلت: لعل هذه منقبة معاوية لقول النبي صلى الله عليه وآله وسلم: اللهم من لعنته او شتمته فاجعل ذلك له زكاة ورحمة. قال حافظ خراسان ابو علي النيسابوري: حدثنا الامام في الحديث بلا مدافعة ابو عبد الرحمن النسائي. قال احمد بن نصر ابو طالب الحافظ من يصبر على ما يصبر عليه

٦٩٩



DAIRATU'L-MA'ARIF-I'L OSMANIA NEW SERIES.
No. VI/h

AIMH-DHAHABI, ABU 'ABDU'LLAH SHAMSU'D-DIN MUHAMMAD (d. 748 A.H./1348 A.D.)

KITAB

TADHKIRAT'UL-HUFFĀZ

Vol. IV

(TRADITIONISTS XV-XXI Categories)

Edited by the Bureau from the Meccan Library Mo.
Under the auspices of the Ministry of Education.
Government of India

* * * * *

(Revised)
III Edition

Published
by
THE DAIRATU'L-MA'ARIF'L-OSMANIA.
(OSMANIA ORIENTAL PUBLICATIONS BUREAU)
OSMANIA UNIVERSITY, HYDERABAD, 7.
ANDHRA PRADESH
INDIA

1958 A.D./1377 A.H.

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ رِجال کی اپنی مشہور کتاب ''تذکرۃ الحُفّاظ'' میں اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات میں لکھتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا:

ترجمہ

''میں دمشق میں داخل ہوا تو وہاں کے لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بہت زیادہ منحرف تھے، جس پر میں نے اِس امید سے ''کتابِ خصائص'' تصنیف کی کہ اللہ تعالیٰ اُس کے ذریعے اُنہیں ہدایت عطا فرمائے۔ پھر اُنہوں نے ''فضائلِ صحابہ'' کتاب لکھی۔ اُن سے پوچھا گیا کہ ''کیا آپ فضائلِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں کچھ روایت نہ کریں گے۔'' فرمایا: ''میں کیا چیز روایت کروں؟ کیا یہ حدیث 'اے اللہ! اِس کے پیٹ کو نہ بھرنا'' اِس پر سائل خاموش ہو گیا۔[1] رہ گیا اُن پر شعیت کا اِلزام تو وہ درست نہیں ہے، یہ تہمت لوگوں نے اُن پر اِس لیے لگائی تھی کہ اُنہوں نے فرمایا تھا: معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں **اللهم لا تشبع بطنه** کے سوا کوئی حدیث نہیں ہے اور اِس لیے کہ اُنہوں نے فضائلِ علی رضی اللہ عنہ میں کتاب تصنیف فرمائی تھی اور اُن کے علاوہ کسی اور کی شان میں کوئی مخصوص کتاب نہیں لکھی تھی۔''

1. کتاب تذکرۃ الحفاظ (عربی)، 2/699

اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام ابن حجر عسقلانی کا عقیدہ


فتح الباري
شرح
صحيح البخاري

١٣٠ كتاب فضائل أصحاب النبي ﷺ/ باب ٢٨

(تنبيه): عبر البخاري في هذه الترجمة بقوله ذكر ولم يقل فضيلة ولا منقبة لكون الفضيلة لا تؤخذ من حديث الباب، لأن ظاهر شهادة ابن عباس له بالفقه والصحبة دالة على الفضل الكثير، وقد صنف ابن أبي عاصم جزءاً في مناقبه، وكذلك أبو عمر غلام ثعلب، وأبو بكر النقاش وأورد ابن الجوزي في الموضوعات بعض الأحاديث التي ذكروها ثم ساق عن إسحق بن راهويه أنه قال لم يصح في فضائل معاوية شيء، فهذه النكتة في عدول البخاري عن التصريح بلفظ منقبة اعتماداً على قول شيخه، لكن بدقيق نظره استنبط ما يدفع به رؤوس الروافض، وقصة النسائي في ذلك مشهورة، وكأنه اعتمد أيضاً على قول شيخه إسحق، وكذلك في قصة الحاكم. وأخرج ابن الجوزي أيضاً من طريق عبد الله بن أحمد بن حنبل: سألت أبي ما تقول في علي ومعاوية؟ فأطرق ثم قال: اعلم أن علياً كان كثير الأعداء، ففتش أعداؤه له عيباً فلم يجدوا، فعمدوا إلى رجل قد حاربه فأطروه كيداً منهم لعلي، فأشار بهذا إلى ما اختلقوه لمعاوية من الفضائل مما لا أصل له، وقد ورد في فضائل معاوية أحاديث كثيرة لكن ليس فيها ما يصح من طريق الإسناد، وبذلك جزم إسحق بن راهويه والنسائي وغيرهما، والله أعلم.

اِمام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ بخاری کی شرح ''فتح الباری'' میں حدیث نمبر (اِنٹرنیشنل نمبر کے مطابق) 3766 جو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے متعلق باب ''باب: ذکرِ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ'' میں ہے، اُس کے ضمن میں لکھتے ہیں:

ترجمہ

''اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں صرف لفظ ''ذکرِ معاویہ'' بیان کیا اور 'فضیلت' یا 'منقبت' جیسے الفاظ ذکر نہیں کیے کیوں کہ اِس حدیث سے کوئی فضیلت ماخوذ نہیں ہوتی۔ البتہ سیّدنا عبد اللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہ کا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے فقہاء اور صحابیت کا بیان ہی بطور فضیلت کافی ہے اور اِمام ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ علیہ نے امیر معاویہ رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب میں ایک رسالہ لکھا ہے۔ اِسی طرح کا کام ابی عُمر غلام ثعلب اور ابو بکر نقّاش نے بھی کیا ہے اور اِمام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی 'الموضوعات' (من گھڑت احادیث کی نشاندہی کرنے والی اُن کی مشہور کتاب) میں بھی کچھ روایت ذکر کر کے اِمام اِسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول بھی نقل کیا ہے: ''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں (صحابیت کے علاوہ) کوئی رائے (چیز) ثابت نہیں ہے۔''

یہی وجہ ہے کہ اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ (استاذ) (اِمام اِسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ) پر اعتماد کرتے ہوئے (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ذکر میں) لفظ 'فضیلت' یا 'منقبت' استعمال کرنے سے گریز کیا ہے، مگر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اپنی گہری نظر سے ایسا استنباط فرمایا (یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو صحابی ثابت کیا ہے) کہ جس سے روافض کی سرکوبی ہوگئی ہے۔ اور اِمام نسائی کا واقعہ اِس بارے میں مشہور ہے اور گویا کہ اُنہوں نے بھی اپنے شیخ (استاذ) (اِمام اِسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ) کے قول پر اعتماد کیا ہے (اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور کتاب 'فضائلِ صحابہ' میں کوئی حدیث امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت سے متعلق نہیں جمع فرمائی) اور پھر اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا قصہ بھی اِسی طرح ہے۔

اِمام اِبنِ جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے عبد اللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ سے تخریج کی ہے کہ اُنہوں نے اُن کے والد اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مکالمہ بھی ذکر کیا ہے کہ اُنہوں نے اپنے والد اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ ''سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما اور امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟'' اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے تھوڑی دیر تک سر جھکائے رکھا پھر فرمایا: ''(میرے بیٹے!) خوب جان لو کہ سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما کے دشمن بہت زیادہ تھے، پس اُنہوں نے اُن کے عیوب (برائیاں) تلاش کرنا چاہے مگر ناکام رہے۔ چنانچہ اُن دشمنوں نے (ایک متبادل چال کے طور پر) ایک دوسرے شخص (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) کو مقصد برآوری کے لیے موزوں پایا جو اُن سے جنگ کر چکا تھا۔ چنانچہ اُن دشمنوں نے سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے مقابلے پر اُن (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا۔''

(اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے) اِس جواب میں اِشارہ ہے کہ کچھ لوگوں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے بے بنیاد فضائل گھڑ لیے جن کی کوئی اصلیت نہیں ہے اور تحقیق کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے فضیلت کی احادیث تو بہت سی ہیں مگر اُن احادیث میں سے کوئی بھی (اصولِ محدّثین پر) اسنادی حیثیت سے صحیح نہیں ہے۔ اِس لیے اِمام اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس موقف کو بڑے یقین کے ساتھ اختیار کیا ہے اور اللہ ہی بہتر جاننے والا ہے۔[1]

1. فتح الباری (عربی)، 9/130-131

مگر افسوس کی بات ہے کہ آج اہلِ سنّت میں خاص کر بریلوی علماء امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں موضوع احادیث سرِعام بیان کرتے ہیں، یہی نہیں بلکہ کتابیں بھی لکھتے ہیں جیسے کہ ''دعوتِ اسلامی'' نامی تنظیم جس نے امیر مولانا الیاس قادری ہیں، اِس تنظیم نے ''فیضانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ'' نامی کتاب میں ''موضوع احادیث'' بیان کرکے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

علّامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بھی اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا ایسا ہی قول نقل کرتے ہیں: ''سلفی طیوریات میں عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا تو آپ (اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) نے کہا: ''اصل بات یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دشمن بہت تھے۔ اُنہوں نے تلاش کیا کہ آپ (مولا علی رضی اللہ عنہ) میں کوئی عیب نکلے مگر نہ نکلا تو وہ ایسے شخص کے پاس آئے جس نے آپ سے جنگ وجدل کیا (یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) اور اُنہوں نے اُسے اپنی نسبت بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ زیادہ حیلہ گر پایا۔''(1)

تاریخ الخلفاء (اردو) ۲۸۷ علامہ جلال الدین سیوطی

فصل نمبر 1

مختصر حالاتِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

ابن ابی شیبہ سعید بن جمہان سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے سفینہ سے پوچھا بنی امیہ کا کیا خیال ہے کیا وہ خلیفہ ہیں؟ اس نے کہا کہ بخوز رقا جھوٹ کہتے ہیں۔ وہ تو بادشاہ ہیں اور بادشاہ بھی سخت ترین اور سب سے پہلے بادشاہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تھے۔

خلفاء کون؟

بیہقی اور ابن عساکر ابراہیم بن ارمنی سے روایت کرتے ہیں۔ میں نے امام احمد بن حنبل سے پوچھا کہ خلفاء کون تھے؟ آپ نے فرمایا! حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی رضی اللہ عنہم۔ میں نے عرض کیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، آپ نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد میں علی رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر خلافت کا کوئی مستحق نہیں تھا۔

عیب نہ نکلا

سلفی طیوریات میں عبداللہ بن احمد بن حنبل سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے کہا اصل بات یہ ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دشمن بہت تھے۔ انہوں نے تلاش کیا کہ آپ میں کوئی عیب نکلے مگر نہ نکلا تو وہ ایسے شخص کے پاس آئے جس نے آپ سے جنگ وجدل کیا اور انہوں نے اسے اپنی نسبت بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ زیادہ حیلہ گر پایا۔

1. علّامہ جلال الدین سیوطی فی تاریخ الخلفاء (اردو)، صفحہ: 287

علّامہ بدر الدّین عینی حنفی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

٣٤٣

٦٢ - كتاب فضائل الصحابة / باب (٣٠)

صَلاةٌ لَقَدْ صَحِبْنَا النَّبِيَّ ﷺ فَمَا رَأَيْنَاهُ يُصَلِّيهَا وَلَقَدْ نُهِيَ عَنْهُمَا يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ.

[انظر الحديث ٥٨٧].

مطابقته للترجمة من حيث إن فيه ذكر معاوية، ولا يدل هذا على فضيلته. فإن قلت: قد ورد في فضيلته أحاديث كثيرة. قلت: نعم، ولكن ليس فيها حديث يصح من طريق الإسناد نص عليه إسحاق بن راهويه والنسائي وغيرهما، فلذلك قال: باب ذكر معاوية، ولم يقل: فضيلة ولا منقبة.

عمدة القاري
شرح
صحيح البخاري
تأليف
الإمام العلامة بدر الدين أبي محمد محمود بن أحمد العيني
المتوفى سنة ٨٥٥ هـ
ضبط وتصحيح
عبد الله محمود محمد عمر
طبعة جديدة مرقمة الكتب والأبواب والأحاديث
حسب ترقيم فهرس طلعات الحديث النبوي الشريف
الجزء الأول
دار الكتب العلمية

Copyright ©
All rights reserved
This book reserved
Exclusive Rights by
Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah Beirut - Lebanon
No part of this publication may be translated, reproduced, distributed in any form or by any means, or stored in a database or retrieval system, without the prior written permission of the publisher
Publication Data
Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah Beirut - Lebanon
Al-Aini, Mahmud bin Ahmad
Umdat al-Qari Sharh Sahih al-Bukhari / Al-Aini
Beirut, Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah, 2001
ISBN 2-7451-2359-X
Dewey Classification 297.1
Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah
Beirut - Lebanon
Tel: 00961-1-480051 Fax: 00961-1-484813
P.O. Box: 11-9424 Beirut 2060 2801 Lebanon
Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah
Beirut - Lebanon
Dar Al-Kutub Al-Ilmiyah
Beirut - Lebanon
Tel: 00961-1-480051 Fax: 00961-1-484813
P.O. Box: 11-9424 Beirut 2060 2801 Lebanon
الطبعة الأولى
١٤٢١ هـ - ٢٠٠١ م
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان
ISBN 2-7451-2359-X

علّامہ بدر الدّین عینی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اگر تم یہ کہو کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں تو بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں تو میں جواب میں یہ کہوں گا: ”جی ہاں! لیکن اُن احادیث میں سند کے اعتبار سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے، اِسی موقف کو اِمام اسحاق بن راہویہ، اِمام نسائی اور دیگر محدّثین نے بیان کیا ہے اِس لیے اِمام بخاری نے ”ذکرِ معاویہ رضی اللہ عنہ“ کا باب کہا ہے، فضیلت اور منقبت معاویہ رضی اللہ عنہ کا باب نہیں کہا۔“[1]

1. عینی فی عمدۃ القاری (عربی)، 16/343

شانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں موضوع احادیث؟

حدیثِ موضوع کی تعریف

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں بیان کی جانے والی موضوع احادیث پر کلام کرنے سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ حدیثِ موضوع کہتے کسے ہیں اور اُس کا حکم کیا ہے، چنانچہ ملّا علی قاری لکھتے ہیں:

''موضوع حدیث وہ ہے جس میں کذب راوی کی وجہ سے طعن ہو۔''[1]

حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''جو جھوٹی بات گھڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کر دی گئی ہو اُس کو حدیثِ موضوع کہتے ہیں۔[2]

"The forged hadith is the fabricated, made-up hadith. Be aware that the forged hadith is the worst kind of the weak hadith. [3]

1. قاری فی شرح نخبۃ الفکر، 123
2. ابن الصلاح فی علوم الحدیث، 89
3. An introduction to the science of the Hadith, Ibn al-Salahal-Shahrazuri, Category-21, Forged Hadith, p.77

حدیث گھڑنے والی جماعت

الكامل
في ضعفاء الرجال

تأليف
الإمام الحافظ أبي أحمد عبد الله بن عدي الجرجاني
المتوفى سنة ٣٦٥هـ

تحقيق وتعليق
الشيخ عادل أحمد عبد الموجود — الشيخ علي محمد معوض

شارك في تحقيقه
الأستاذ الدكتور عبد الفتاح أبو سنة
جامعة الأزهر

الجزء الرابع

منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

(١٧٦) الجزء الرابع زكريا بن يحيى ابو يحيى

عن الثوري، عن مجالد[1] الحديث إلى رسول الله ﷺ. فذكر هذه القصة.

قال ابن عدي: وأبو يحيى الوقار قال: سمعت مشايخ أهل «مصر» يُثْنُونَ عليه في باب العِبَادَةِ، والاجتهاد، والفضل، وله حديث كثير، بعضها مستقيمة، وبعضها ما ذكرت، وغير ما ذكرت موضوعات، وكان يُتَّهَمُ الوقار بوضعها، لأنه يروي عن قَوْمٍ ثِقَاتٍ أحاديث موضوعات، والصالحون قد رسموا بهذا الرَّسْمِ أن يرووا في فَضَائِلِ الأعمال أحاديث مَوْضُوعَةً بواطيل، ويتهم جماعة منهم بوضعها.

١- في ل: مجالد رفع.

الإمام الحافظ ابو احمد بن عدی الجرجانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی سن 365 ہجری) فرماتے ہیں:

''اور نام نہاد صالحین نے یہ رسم ڈال دی ہے کہ وہ فضائلِ اعمال میں گھڑی ہوئی باطل روایات بیان کرتے ہیں، اور ایک جماعت تو اُن میں سے حدیث گھڑنے میں بھی ملوّث ہے۔''(1)


علوم الحديث
لابن الصلاح
الإمام أبو عمرو عثمان بن عبد الرحمن الشهرزوري
ولد سنة ٥٧٧ وتوفي سنة ٦٤٣ هـ
رحمه الله تعالى
تحقيق وشرح
نور الدين عتر
أستاذ التفسير وعلوم القرآن والحديث وعلومه
في كلية الشريعة جامعة دمشق
دار الفكر

بخلاف غيره من الأحاديث الضعيفة التي يُحتَمَلُ صدقُها في الباطن، حيث جاز روايتُها في الترغيب والترهيب على ما نبيّنه قريباً إن شاء الله تعالى[1].

وإنما يعرف كون الحديث موضوعاً بإقرار واضعه أو ما يتنزل منزلة إقراره، وقد يفهمون الوضع من قرينة حال الراوي أو المروي، فقد وضعت أحاديث طويلة يشهد بوضعها ركاكة ألفاظها ومعانيها.

ولقد أكثر الذي جمع في هذا العصر (الموضوعات) في نحو مجلدين فأودع فيها كثيراً مما لا دليل على وضعه[2]، إنما[3] حقه أن يذكر في مطلق الأحاديث الضعيفة.

والواضعون للحديث أصناف، وأعظمهم ضرراً قوم من المنسوبين إلى الزهد وضعوا الحديث احتساباً فيما زعموا فتقبل الناس موضوعاتهم ثقة منهم بهم وركوناً إليهم. ثم نهضت جهابذة الحديث بكشف[4] عوارها وهو عارها والحمد لله.

(1) في ص ١٠٣.
(2) مراده الحافظ أبو الفرج عبد الرحمن بن الجوزي مؤلف كتاب (الموضوعات) فقد تساهل وأدخل في كتابه ما لا دليل على وضعه، بل هو ضعيف، بل وفيه الحسن بل وفيه الصحيح أيضاً، وقد بين ذلك السيوطي في كتابه (اللآلئ المصنوعة)، وهو كتاب جيد في هذا الباب، والرجوع لكتاب (تنزيه الشريعة المرفوعة) لابن عراق، فإنه أوفى كتب هذا النوع.
(3) في ع و ق (وإنما).
(4) في ع (لكشف).

- ٩٩ -

اور محدّثینِ کرام کے نزدیک حدیث گھڑنے والوں میں سب سے زیادہ مہلک ونقصان دہ لوگ یہی ہے جو خود کو صوفیاء، صلحاء، ولی اور پیر کہلواتے ہیں۔ چنانچہ ایسے نام نہاد صوفیاء اور پیروں کے بارے میں محدّثینِ کرام فرماتے ہیں:

''گھڑنے والے لوگوں کی کئی اقسام ہیں اور اُن میں سب سے زیادہ مُضر وہ قوم ہے جو زہد وعبادت کی طرف منسوب ہے، اُنہوں نے اپنے گمان میں ثواب سمجھ کر احادیث گھڑی اور لوگوں نے اُن پر اعتماد کرتے ہوئے وہ احادیث قبول کر لی۔''(2)

1. ابن عدی الکامل فی ضعفاء الرجال (عربی)، 04/176
2. ابن الصلاح فی علم الحدیث، 99؛ نووی فی التقریب والتیسیر، 47؛ السیوطی فی تدریب الراوی، 01/434؛ ابناسی فی الشاذہ الفیّاحۃ، 223؛ ابن عراقی فی تنزیہ الشریعۃ، 01/15

حدیثِ موضوع کا حکم

اِمام مولائے کائنات علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا قول

صحیح بخاری کی ایک حدیث

بخاری شریف (مترجم) جلد اول — ۱۲۱ — کتاب العلم

بَابُ اِثْمِ مَنْ كَذَبَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ١٠٦- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَنْصُوْرٌ قَالَ سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكْذِبُوْا عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَلِجِ النَّارَ	باب 80:- جو شخص نبی اکرم ﷺ کی طرف جھوٹ کی نسبت کرے، اس کے گناہ کے متعلق (106) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مجھ پر جھوٹ نہ باندھو کیونکہ جو مجھ پر جھوٹ گھڑے گا وہ ضرور آگ میں داخل کیا جائے گا۔

ترجمہ

سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبیِّ اکرم ﷺ نے فرمایا: ''میری طرف جھوٹی بات منسوب نہ کرو۔ یقیناً جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔[1]

1. بخاری فی الصحیح (اردو)، کتاب العلم، باب: 80، 1/121، رقم: 106، انٹرنیشنل نمبر: 106

حدیث گھڑنے کی ممانعت: صحیح مسلم کی احادیث



صحیح مسلم (اوّل) ۳۳ صفحہ

۲- بَابُ تَغْلِيظِ الْكَذِبِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ

۲- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح وَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَ ابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ

حدیث گھڑنے کی ممانعت

ربعی بن حراش کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دورانِ خطبہ کہا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری طرف جھوٹ منسوب نہ کرو کیونکہ جو شخص میری طرف جھوٹ منسوب

صحیح مسلم (اوّل) ۳۳ صفحہ

حِرَاشٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَخْطُبُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ فَإِنَّهُ مَنْ يَكْذِبْ عَلَيَّ يَلِجِ النَّارَ. البخاری (۳۶) الترمذی ۲۶۶۰ (۳۷۱۵) ابن ماجہ (۳۱) تحفۃ الاشراف (۸۷-۱)

کرے گا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔

ربعی بن حراش کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دورانِ خطبہ کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میری طرف جھوٹ منسوب نہ کرو کیوں کہ جو شخص میری طرف جھوٹ منسوب کرے گا وہ جہنّم میں داخل ہوگا۔''(1)

ایسی ہی حدیث اِمام مسلم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ و حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔(2)



صحیح مسلم (اوّل) ۳۴ صفحہ

۳- حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِنَّهُ يَمْنَعُنِي أَنْ أُحَدِّثَكُمْ حَدِيثًا كَثِيرًا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ مَنْ تَعَمَّدَ عَلَيَّ كَذِبًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

مسلم تحفۃ الاشراف (۱۰۰۲)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے تم سے بہ کثرت احادیث بیان کرنے سے صرف یہ چیز روکتی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص قصداً میری طرف جھوٹی بات کی نسبت کرے اس کو اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لینا چاہیے۔

٤- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْغُبَرِيُّ قَالَ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. البخاری (۱۱۰ — ۶۱۹۷) تحفۃ الاشراف (۱۳۸۵۲)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص عمداً میری طرف جھوٹی بات کی نسبت کرے اسے اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنا لینا چاہیے۔

٥- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ نَا أَبِي قَالَ نَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ نَا عَلِيُّ بْنُ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيُّ قَالَ أَتَيْتُ الْمُسْجِدَ وَالْمُغِيرَةُ أَمِيرُ الْكُوفَةِ قَالَ فَقَالَ الْمُغِيرَةُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. البخاری (۱۲۹۱) مسلم (۲۱۵۴، ۲۱۵۵، ۲۱۵۶) الترمذی (۱۰۰۰) تحفۃ الاشراف (۱۱۵۲۰)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری طرف جھوٹی بات کی نسبت کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے جو شخص مجھ پر قصداً افترا کرتا ہے اسے اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لینا چاہیے۔

٦- وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ قَالَ نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْأَسَدِيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْأَسَدِيِّ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِهَذَا وَلَمْ يَذْكُرْ أَنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ.

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت ہے اس میں یہ مذکور نہیں ہے کہ مجھ پر جھوٹ باندھنا کسی اور پر جھوٹ باندھنے کی مثل نہیں ہے (سو جس نے مجھ پر عمداً جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنا لے)۔

سابق (۵)

1. صحیح مسلم (اردو)، 1/33-35، رقم: 02، اِنٹرنیشنل نمبر: 02
2. صحیح مسلم (اردو)، 1/35، رقم: 03 سے 06، اِنٹرنیشنل نمبر: 03 سے 06

بلا تحقیق حدیث بیان کرنے سے ممانعت



صحیح مسلم (اوّل) ۳۴ مقدمہ

۳- بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْحَدِيثِ بِكُلِّ مَا سَمِعَ

۷- وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ نَا أَبِي ح وَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ حُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. ابوداؤد (۴۹۹۲) تحفۃ الاشراف (۱۲۲۶۸)

بلا تحقیق حدیث بیان کرنے سے ممانعت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے جھوٹے ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ وہ سنی ہوئی بات کو بیان کردے۔

ترجمہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”کسی شخص کے جھوٹے ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ وہ سنی سنائی بات کو بیان کردے۔“(1)

ایسی ہی احادیث کو اِمام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دیگر سندوں سے بھی رِوایت کیا ہے۔(2)

صحیح مسلم (اوّل) ۳۵ مقدمہ

۸- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ حُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِمِثْلِ ذٰلِكَ.

امام مسلم نے ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ سے اسی روایت کے ہم معنی حدیث بیان کی ہے۔

سابقہ (۷)

۹- حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْكَذِبِ أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. مسلم تحفۃ الاشراف (۱۰۵۹۸)

حضرت عمر بن الخطاب بیان فرماتے ہیں کہ کسی شخص کے جھوٹے ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات بیان کردے۔

۱۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْكَذِبِ أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. مسلم تحفۃ الاشراف (۱۹۲۴۷)

حضرت عبد اللہ سے روایت ہے کہ کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات بیان کر دے۔

1. صحیح مسلم (اردو)، 1/34، رقم: 07، انٹرنیشنل نمبر: 07
2. صحیح مسلم (اردو)، 1/35، رقم: 08, 09, 10، انٹرنیشنل نمبر: 08, 09, 10

اِمام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا قول



صحیح مسلم (اوّل) ۳۵ مقدمہ

۱۱- وَحَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ قَالَ لِیْ مَالِكٌ اِعْلَمْ اَنَّهٗ لَیْسَ یَسْلَمُ رَجُلٌ حَدَّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ وَلَا یَكُوْنُ اِمَامًا اَبَدًا وَهُوَ یُحَدِّثُ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

مسلم تحفۃ الاشراف (۹۵۰۸)

حضرت امام مالک نے فرمایا: ہر سنی ہوئی بات کو بیان کر دینے والا غلطی سے محفوظ نہیں رہ سکتا اور نہ ہی ایسا شخص کبھی فن حدیث میں امام ہو سکتا ہے۔

ترجمہ

حضرت اِمام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''ہر سنی ہوئی بات کو بیان کر دینے والا غلطی سے محفوظ نہیں رہ سکتا اور نہ ہی ایسا شخص کبھی فن حدیث میں اِمام ہو سکتا ہے۔''(1)

ایک اور قول



صحیح مسلم (اوّل) ۳۵ مقدمہ

۱۲- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِیٍّ یَقُوْلُ لَا یَكُوْنُ الرَّجُلُ اِمَامًا یُقْتَدٰی بِهٖ حَتّٰی یُمْسِكَ عَنْ بَعْضِ مَا سَمِعَ.

مسلم تحفۃ الاشراف (۱۸۹۷۶)

حضرت عبد الرحمان بن مہدی نے بیان فرمایا کہ جب تک انسان سنی سنائی باتوں سے اپنی زبان کو نہیں روکے گا وہ لائق اقتداء امام نہیں ہوگا۔

ترجمہ

حضرت عبد الرحمٰن بن مہدی نے بیان فرمایا کہ ''جب تک انسان سنی سنائی باتوں سے اپنی زبان کو نہیں روکے گا وہ لائقِ اقتداء اِمام نہیں ہو سکتا۔''(2)

1. صحیح مسلم (اردو)، 1/35، رقم: 11، انٹرنیشنل نمبر: 11
2. صحیح مسلم (اردو)، 1/35، رقم: 11، انٹرنیشنل نمبر: 12

ضعیف راویوں سے روایت کرنے کی ممانعت



صحیح مسلم (اوّل) ۳۶ مقدمہ

٤- بَابُ النَّهْيِ عَنِ الرِّوَايَةِ عَنِ الضُّعَفَاءِ وَالْاِحْتِيَاطِ فِي تَحَمُّلِهَا

١٥- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هَانِئٍ وَعَنْ أَبِي عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ سَيَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي أُنَاسٌ يُحَدِّثُونَكُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ. مسلم تحفۃ الاشراف (١٤٦١٢)

ضعیف راویوں سے روایت کرنے کی ممانعت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت کے اخیر زمانہ میں لوگ ایسی احادیث بیان کریں گے جن کو پہلے نہ تم نے سنا ہوگا اور نہ تمہارے باپ دادا نے لہذا ان سے جس قدر ممکن ہو دور رہنا۔

ترجمہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”میری امّت میں آخر زمانے میں لوگ ایسی احادیث بیان کریں گے جس کو پہلے نہ تم نے سنا ہوگا اور نہ تمہارے باپ دادا نے، لہٰذا اُن سے جس قدر ممکن ہو دور رہنا۔“(1)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول

صحیح مسلم (اوّل) ۳۶ مقدمہ

١٧- وَحَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالَ نَا وَكِيعٌ قَالَ نَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبَدَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَتَمَثَّلُ فِي صُورَةِ الرَّجُلِ فَيَأْتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُونَ فَيَقُولُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلًا أَعْرِفُ وَجْهَهُ وَلَا أَدْرِي مَا اسْمُهُ يُحَدِّثُ. مسلم تحفۃ الاشراف (٩٣٣٦)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ شیطان انسانی شکل میں آ کر لوگوں کے سامنے کوئی جھوٹی بات کہہ دیتا ہے پھر لوگ منتشر ہو جاتے ہیں اور کوئی شخص کہتا ہے میں ایک شخص کی شکل پہچانتا ہوں لیکن اس کا نام نہیں جانتا وہ یہ بات بیان کر رہا تھا۔

ترجمہ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ”شیطان اِنسانی شکل میں آ کر لوگوں کے سامنے کوئی جھوٹی بات کہہ دیتا ہے پھر لوگ منتشر ہوجاتے ہیں اور کوئی شخص کہتا ہے میں ایک شخص کی شکل پہچانتا ہوں لیکن اُس کا نام نہیں جانتا وہ یہ بات بیان کر رہا تھا۔“(2)

1. صحیح مسلم (اردو)، 1/36، رقم: 15، انٹرنیشنل نمبر: 15
2. صحیح مسلم (اردو)، 1/36، رقم: 17، انٹرنیشنل نمبر: 17

امام جوینی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

شرح نخبۃ الفکر

وضع کے طریقے واسباب

۱- کبھی واضع کو کسی خود واضع نے دھوکا دیا ہے

۲- اور کبھی وہ سلف صالح یا علمائے متقدمین کے کلام یا بنی اسرائیل کے قصص سے ماخوذ ہوتی ہے۔

۳- کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ضعیف حدیث کو صحیح اسناد کے ساتھ جوڑ کر روایت کیا جاتا ہے۔

۴- باعث وضع کبھی بے دینی ہوتی ہے جیسے زنادقہ میں۔

۳- اور کبھی خطا بہ جہالت ہوتا ہے جیسے متصوفہ میں۔

۵- اور کبھی شدت تعصب ہوتا ہے جیسے بعض مقلدین میں

۶- اور کبھی بعض رؤسا کی خواہش کی پیروی ہوتی ہے

۷- اور کبھی خدمت پسندی بغرض شہرت۔

وكل ذلك حرام باجماع من يعتد به، الا ان بعض الكرامية وبعض المتصوفة نقل عنهم اباحة الوضع في الترغيب والترهيب وهو خطأ من فاعله، نشأ عن جهل الان الترغيب والترهيب من جملة الاحكام الشرعية.

واتفقوا على ان تعمد الكذب على النبي ﷺ من الكبائر، وبالغ ابو محمد الجويني فكفر من تعمد الكذب على النبي.

واتفقوا على تحريم رواية الموضوع الا مقرونا ببيانه لقوله ﷺ: "من حدث عني بحديث يرى انه كذب فهو احد الكاذبين" اخرجه مسلم

وضع کا حکم

یہ سب کے سب باجماع علمائے معتبرین حرام ہے، گو بعض کرامیہ اور متصوفہ سے بغرض ترغیب وترہیب اباحت وضع منقول ہے مگر یہ ان کی غلطی ہے جو جہالت کا نتیجہ ہے اس

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اِس پر اتفاق ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمداً (جان بوجھ کر) جھوٹ بولنا گناہِ کبیرہ ہے اور ابو محمد جُوینی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا:

''وہ شخص کافر ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمداً جھوٹ باندھے اور اِس پر بھی اتفاق ہے کہ موضوع رِوایت کو بیان کرنا حرام ہے۔ ہاں یہ کہہ کر بیان کرسکتا ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے کیوں کہ اِمام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے رِوایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے میری طرف ایسی بات کی نسبت کی جو میں نے نہیں کہی ہے تو وہ بھی جھوٹ بولنے والوں میں سے ایک جھوٹا ہے۔''(1)

1. ابن حجر عسقلانی فی شرح نخبۃ الفکر (اردو)، 06

اِمام جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا موضوع احادیث پر فتویٰ

خاتم الحفّاظ اِمام جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (متوفّٰی: 911 ہجری) فرماتے ہیں:

''اگرچہ یہ ایسا کلام ہے جس میں حصر موجود ہے اور اُس کی نصیحتیں بہت بلیغ ہے تاہم کسی شخص کو لائق نہیں کہ وہ کلام کو اچھا بنا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کوئی حرف منسوب کرے، اگرچہ وہ کلام فی نفسہٖ حق ہو۔ پس بلا شبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر فرمان حق ہے لیکن ہر حق بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان نہیں۔ اِس مقام پر خوب غور کیا جائے، بیشک یہ قدموں کے پھسلنے اور عقلوں کے گمراہ ہو جانے کا مقام ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحیح حدیث میں تنبیہ فرمائی ہے کہ ''مجھ پر جھوٹ باندھنا کسی عام شخص پر جھوٹ باندھنے کی طرح نہیں، سو جس شخص نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنا لے۔'' (سیوطی فی احادیثِ موضوعہ-202)

موضوع احادیث اور علّامہ احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ


فتاوی رضویہ

جلد پانزدہم (۱۵)

جلد بیست ویکم (۲۱)

اِسی طرح حضرت علّامہ احمد رضا خان حنفی بریلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متواترہ حدیث میں ہے، ''جو مجھ پر دانستہ جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنا لے، اہلِ سنّت کسی کبیرہ کا ارتکاب کو کفر نہیں کہتے جب تک استحلال وغیرہ مکفّرات کے ساتھ نہ ہو، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر افتراء کو اِمام ابومحمد جوینی والدِ اِمام الحرمین نے کفر بتایا۔''(1)



1. احمد رضا خان فی فتاویٰ رضویہ (اردو)، 15/159



فتاویٰ رضویہ جلد ۲۳

(بلا حقوق کمپنی ہٰذا محفوظ ہیں)

نام کتاب ____ فتاویٰ رضویہ جلد ۲۳
تصنیف ____ شاہ الاسلام امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
ترجمہ عربی عبارات ____ حافظ عبدالستار سیدی، عالم تفہیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
پیش لفظ ____ حافظ عبدالستار سیدی، عالم تفہیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
ترتیب نو بست ____ حافظ عبدالستار سیدی، عالم تفہیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
تحریک، تعاون ____ مولانا نظیر احمد سیدی، مولانا محمد اکرم اللہ بٹ، مولانا غلام حسین
باہتمام ادارہ حق ____ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی عالم اعلیٰ تعلیم الحدیث مدرس اہلسنت پاکستان
تہیت ____ محمد شریف گل، کوہیل کلاں (کوٹ رادھا)
پیش کش ____ مولانا محمد منشا تابش قصوری مسلم شیب، قاری جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
سلسلہ ____ ۷۶۸
اشاعت ____ ذوالحجہ ۱۴۲۳ھ بمطابق ۲۰۰۳ء
مطبع ____
ناشر ____ رضا فاؤنڈیشن جامعہ نظامیہ رضویہ، غازی چوک لاہور
قیمت ____

ملنے کے پتے

- رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ، غازی چوک لاہور
  ۰۳۰۰-۴۴۱۵۳۰۰ ۷۶۹۵۷۶۲
- مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ رضویہ، غازی چوک لاہور
- ضیاء القرآن پبلیکیشنز گنج بخش روڈ لاہور
- مشیر برادرز ۳۰ بی A، دیال سنگھ لاہور

Page 3 of 743



فتاویٰ رضویہ جلد ۲۳

فتاویٰ رضویہ

فرش آدمی کے پہلو میں بیٹھے علماء جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسے آدمی سے سب اہانت بل جہل اور رفع صوت فوق امام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوش ہوتی ہے یا ناخوش؟ اور پھر واعظ عالم ایسی مجالس سے خوش ہو کر رحمت نازل فرماتا ہے یا غضب؟ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان محافل میں تشریف فرما ہوتے ہیں یا نہیں؟ بالبیان اور حاضرین محافل کے مستحق رحمت ہیں یا غضب؟ بینوا توجروا (اللہ کتاب خود جزا دے اور اجر دے۔ ت)

الجواب:

الحمد للہ کہ وہ رحمت کیا ہیں اور غضب کیا، اللہ تعالیٰ بچائے مستحق عذاب نہ ہوں، غضب، رضی اور دنیا میں مستوجب ہوں اس بات سے کہ وہ خوش ناخوش آدمی کو واعظ کسی ملت تعالیٰ کے باعث سے منبر و مسند پر کہ حیثیت مسند حضور نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے تعظیماً اٹھا بیٹھے سے بھی مبارک ہے حرام ہے۔ تبیین الحقائق، النہر الفائق، الحصکفی، طحطاوی علی مراقی الفلاح وغیرہ میں ہے:

فی تقدیم الفاسق تعظیمہ وقد وجب علیہم اھانتہ شرعاً۔	فاسق کو آگے کرنے میں اس کی تعظیم ہے حالانکہ یہ فسق والوں پر شرعاً اس کی توہین کرنا واجب اور ضروری ہے۔ (ت)

روایت موضوعہ پڑھنا بھی حرام سننا بھی حرام ایسی مجالس سے اللہ عزوجل اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کمال ناراض ہیں ایسی مجالس اور ان کا پڑھنے والا اور اس حال سے آگاہی پا کر بھی حاضر ہونے والا سب مستحق غضب الٰہی ہیں یہ جتنے حاضرین ہیں سب وبال شدید میں جدا جدا گرفتار ہیں اور ان سب کے وبال کے برابر اس پڑھنے والے پر وبال ہے اور خود اس کا اپنا گناہ اس پر علاوہ اور ان حاضرین و قاری سب کے برابر گناہ اس مجلس کے بانی پر ہے اور اپنا گناہ خود اس پر طرہ۔ مثلاً ہزار شخص حاضرین مذکور ہوں تو ان پر گناہ اور اس عذاب قاری پر ایک ہزار ایک گناہ اور بانی پر دو ہزار دو گناہ، ایک ہزار حاضرین کے اور ایک ہزار ایک اس قاری کے اور ایک خود اپنا، پھر یہ شمار ایک ہی بار نہ ہوگا بلکہ جس قدر روایت موضوعہ جس قدر کلمات نامشروعہ وہ قاری جاہل جری پڑھے گا ہر روایت ہر کلمہ پر یہ حساب وبال و عذاب تازہ ہونا مثلاً فرض کیجیے کہ ایسے سو کلمات مردودہ اس مجلس میں پڑھیں تو ان حاضرین میں ہر ایک پر سو سو گناہ اور اس قاری علم و دین سے عاری پر ایک لاکھ ایک سو گناہ اور بانی پر دو لاکھ دو سو۔"[1]

1. احمد رضا خان فی فتاویٰ رضویہ (اردو)- 23/735

جامع ترمذی کی ایک حدیث اور محقق عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ''باب مناقبِ معاویہ بن ابوسفیان'' میں حدیث نقل کی ہے:

جامع سُنن ترمذی
مع
مختصر شرح
تالیف
الامام الحافظ ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی
(۲۰۹ — ۲۷۹ھ)
جلد چہارم
مولانا علی مرتضیٰ طاہر
مولانا محمد ناصر الدین البانی
حافظ ابو سفیان میرٹھی
اعتقاد پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی

جامع السنن الترمذی — 4 | 560 | فضائل ومناقب کا بیان

110..... بَابُ مَنَاقِبِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رضی اللہ عنہ

سیّدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کے فضائل ومناقب

3842- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو مُسْهِرٍ عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ.....

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عُمَيْرَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ: ((اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ)).

سیّدنا عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ جو کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے ہیں بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے لیے دعا کی ''اے اللہ! اسے ہدایت یافتہ راہنما بنا اور اس کے ساتھ (لوگوں کو) ہدایت دے۔''

(3841) صحیح: دیکھیے حدیث نمبر: 2668۔

(3842) صحیح: أخرجه أحمد: 216/4، والطبراني في الأوسط: 660، بطريق آخر، السلسلة الصحيحة: 959.

جامع السنن الترمذی — 4 | 561 | فضائل ومناقب کا بیان

وضاحت:..... امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے۔

ترجمہ

سیّدنا عبد الرحمٰن بن ابی عُمیر رضی اللہ عنہ جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں بیان کرتے ہیں کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا کی: ''اے اللہ! اِسے ہدایت یافتہ راہنما بنا اور اِس کے ساتھ (لوگوں کو) ہدایت دے۔'' اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث کو ''حسن غریب'' کہا ہے۔

اِس حدیث کو اہلِ حدیث محقق شیخ ناصر الدین اَلبانی نے ''صحیح'' کہا ہے۔[1]

1. جامع سنن ترمذی، 4/560-561، رقم: 3842، اِنٹرنیشنل نمبر: 3842

عبدالحق محدّث دہلوی کا قول

اشعۃ اللمعات اُردو جلد ۷ ۵۷۷ جامع المناقب ۔ فصل ۲

۴ یہ عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما مشہور صحابی ہیں۔ ان کے مناقب اور واقعات مشہور ومعروف ہیں۔ ہجرت کے بعد مہاجرین کے ان پیدا ہونے والے پہلے فرد ہیں۔

۵ تحنیک کھجور یا کسی اور چیز کو چبا کر نومولود بچے کے تالو میں لگانا اور یہ سنت ہے۔

۵۹۸۲ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عُمَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ[1] سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر معاویہ کے بارے میں دعا مانگی: اے اللہ انھیں ہدایت دینے والا اور ہدایت دیا ہوا بنا اور ان کے ذریعے لوگوں کو ہدایت عطا فرما[2] (ترمذی)

[1] عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ عین پر زبر، میم کے نیچے زبر اور یا ساکن، مضطرب الحدیث صحابہ میں سے ہونا ثابت نہیں ہے۔ بعض نے کہا کہ صحابی ہیں۔ امام ترمذی نے ان سے یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔

[2] یاد رہے کہ امام سیوطی اور صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ محدثین کہتے ہیں کہ امیر معاویہ کے فضائل میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے۔ جامع الاصول میں ہے کہ جو چیز ثابت ہے وہ یہ ہے کہ انھوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کچھ لکھا ہے۔ وحی کی کتابت ثابت نہیں ہے۔ البتہ ان کی شان میں ایک حدیث وارد ہے جسے امام احمد نے مسند میں روایت کیا ہے۔ حضرت عرباض بن ساریہ فرماتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! معاویہ کو لکھنا اور حساب سکھا دے اور ان کو عذاب سے محفوظ فرما۔ اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ۔ اس حدیث کے متعدد طرق ہیں۔ بعض روایات میں ان کلمات کا اضافہ ہے وَمَكِّنْ لَهُ فِي الْبِلَادِ اور انھیں شہروں میں قیام اور قدرت عطا فرما۔ تمکین کا معنی ہے کسی جگہ پاؤں رکھنا۔ اس کے علاوہ یہ حدیث ہے يَا مُعَاوِيَةُ إِذَا مَلَكْتَ فَأَحْسِنْ اے معاویہ جب تم مالک اور بادشاہ بن جاؤ تو لوگوں سے نرمی برتنا، ان پر سختی نہ کرنا اور ایک روایت میں ہے فَأَحْسِنْ تو لوگوں پر احسان کرنا اور ان سب سے اوپر یہ حدیث ہے جسے امام ترمذی نے امام عبدالرحمٰن ابن ابی عمیرہ سے روایت کیا ہے۔ علماء نے فرمایا ہے کہ ان احادیث میں سے کوئی بھی درجہ صحت کو نہیں پہنچی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔



حضرت علّامہ مولانا شیخ محقق عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''اَشِعۃ اللّمعات'' میں اِسی حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: ''عبدالرحمٰن بن عمیرہ، ''ع'' پر زبر، ''م'' کے نیچے زیر، اور ''ی'' ساکن۔ مضطرب الحدیث صحابہ میں سے ہونا ثابت نہیں ہے۔ بعض نے کہا کہ صحابی ہے۔ اِمام ترمذی نے اُن سے یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔''(1)

1. عبدالحق محدث دہلوی فی اَشِعۃ اللّمعات، شرح مشکوٰۃ (اردو)، 7/577

یہی شیخ عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی اِسی مشہور کتاب ''اَشِعۃ اللّمعات شرح مشکوٰۃ'' میں لکھتے ہیں: ''یاد رہے کہ اِمام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور صاحبِ سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ محدّثین کہتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے۔ جامع الاصول میں ہے کہ جو چیز ثابت ہے وہ یہ ہے کہ اُنہوں نے نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کچھ لکھا ہے۔ وحی کی کتابت ثابت نہیں ہے۔ البتّہ اُن کی شان میں ایک حدیث وارد ہے جسے اِمام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے 'مسند' میں روایت کیا ہے۔ حضرت عرباض بن ساریہ فرماتے ہیں: ''میں نے نبیّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھنا اور حساب سکھا دے اور اُن کو عذاب سے محفوظ فرما (اَللّٰھُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِیَۃَ الْکِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِہِ الْعَذَابَ) اِس حدیث کے متعدد طرق ہیں۔ بعض روایت میں اِن کلمات کا اِضافہ ہے وَمَکِّنْ لَہٗ فِی الْبِلَادِ اور اُنہیں شہروں میں قیام اور قدرت عطا فرما۔ ''تمکین'' کا معنی ہے کسی جگہ پاؤں رکھنا۔ اِس کے علاوہ یہ حدیث ہے یَا مُعَاوِیَۃُ اِذَا مَلَکْتَ فَاَسْجِحْ اے معاویہ رضی اللہ عنہ جب تم مالک اور بادشاہ بن جاؤ تو لوگوں سے نرمی برتنا۔ اُن پر سختی نہ کرنا اور ایک روایت میں ہے فَاَحْسِنْ تو لوگوں پر احسان کرنا اور اُن سب سے اوپر یہ حدیث ہے جسے اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اِمام عبد الرحمٰن بن ابی عمیرہ سے روایت کیا ہے۔ علماء نے فرمایا ہے کہ اِن احادیث میں سے کوئی بھی درجۂ صحت کو نہیں پہنچی۔

واللہ تعالیٰ اعلم![1]

1. عبد الحق محدث دہلوی فی اَشِعۃ اللّمعات، شرح مشکوٰۃ (اردو)، 7/577

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ''یہ حدیث حسن غریب ہے۔''

مبارک پوری ''تحفۃ الحوذی'' میں لکھتے ہیں: عبد الرحمٰن بن ابی عمیرہ ('ع' کے فتحہ اور 'م' کے کثرہ کے ساتھ) مُزنی، اُن کو اَزدی بھی کہا جاتا ہے، اُن کی صحابیت مختلف فیہ ہے، ہمس میں سکونت پزیر تھے جیسا کہ تقریب میں ہے۔ تہذیب التہذیب میں کہا گیا ہے: اُن کی روایت کردہ صرف ایک روایت ترمذی میں ہے جس کا تعلق معاویہ رضی اللہ عنہ سے ہے۔ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اُن کی طرف صحابیت کی نسبت درست نہیں ہے اور نہ اُن کی روایت کردہ حدیث کی سند صحیح ہے۔ اِمام ترمذی کا یہ کہنا کہ یہ حدیثِ حسن غریب ہے، اِس تعلق سے ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اِس کی سند صحیح نہیں ہے جیسا کہ ابھی ابھی آپ نے عبد الرحمٰن ابی عبد الرحمٰن بن ابی عُمیرہ کے ترجمے میں ملاحظہ کیا۔

ابو حاتم کہتے ہیں: عبد الرحمٰن نے یہ حدیث نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنی۔ (العلل: 2601) اِبن عبد البر ''الاستیعاب'' (6/67) میں لکھتے ہیں: بعض لوگ اِس کی حدیث کو موقوف بیان کرتے ہیں مرفوع نہیں بیان کرتے، اُن کے نزدیک اُن کی حدیث کا مرفوع ہونا صحیح نہیں ہے۔ اِس کے بعد وہ عبد الرحمٰن بن ابی عمیرہ کے بارے میں کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُن کی صحبت ثابت نہیں ہے۔ اُن کی عبارت نقل کر کے ابن اثیر نے بھی ''اسد الغابۃ (3/313)'' میں اُن کی پیروی کی ہے۔ ابن جوزی نے ''العِلل المتناہیۃ (1/275)'' میں ولید بن سلیمان اور ابو مُسہر کی سند سے حدیث نقل کر کے لکھا ہے کہ یہ دونوں حدیثیں صحیح نہیں ہیں۔ دونوں کا دارومدار محمد بن اِسحاق بن حرب لُؤلُؤی بلخی پر ہے اور وہ ثقہ نہیں تھا۔ اُس کے بعد اُنہوں نے بلخی کے ضعف پر طویل گفتگو کی ہے۔ اُس کے بعد ابو مُسہر کی سند ذکر کی ہے اور اُس کی سند عِلّت اسماعیل بن محمد کو بتایا ہے اور کہا ہے کہ دار قُطنی نے اِس کو کذّاب کہا ہے۔ حافظ ابن حجر ''الاسابہ (6/309)'' میں لکھتے ہیں کہ اضطراب کے علاوہ اِس حدیث میں دوسری کوئی علّت نہیں ہے کیوں کہ اِس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

اِس تفصیل سے واضح ہوا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے سلسلے میں یہ حدیث (اللھم اجعلہ ھادیا مھدیا واھد بہ) صحیح نہیں۔[1]

1. امیر معاویہ سے متعلق ایک حدیث ''لا أشبع الله بطنه'' کی صحیح شرح (اردو)، صفحہ: 16-15

کیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کاتبِ وحی تھے؟

صحیح مسلم کی ایک حدیث

سب سے پہلے ہم آپ کے حضور اُن دو احادیث کو پیش کرتے ہیں جس سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا کاتب وحی ہونا ذکر کیا گیا ہے۔

صحیح مسلم (سوم) ۳۷۰ ٤٤-كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى

٦٣٥٩ - حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَعْقِرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا النَّضْرُ (وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ) حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنَا أَبُو زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمُسْلِمُونَ لَا يَنْظُرُونَ إِلَى أَبِي سُفْيَانَ وَلَا يُقَاعِدُونَهُ فَقَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ يَا نَبِيَّ اللَّهِ ثَلَاثٌ أَعْطِنِيهِنَّ قَالَ نَعَمْ قَالَ عِنْدِي أَحْسَنُ الْعَرَبِ وَأَجْمَلُهُ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ أُزَوِّجُكَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَمُعَاوِيَةُ تَجْعَلُهُ كَاتِبًا بَيْنَ يَدَيْكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَتُؤَمِّرُنِي حَتَّى أُقَاتِلَ الْكُفَّارَ كَمَا كُنْتُ أُقَاتِلُ الْمُسْلِمِينَ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَبُو زُمَيْلٍ وَلَوْ لَا أَنَّهُ طَلَبَ ذَلِكَ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ مَا أَعْطَاهُ ذَلِكَ لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُسْأَلُ شَيْئًا إِلَّا قَالَ نَعَمْ.

مسلم، تحفۃ الاشراف (٥٦٧٤)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مسلمان حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے بات کرتے تھے نہ ان کے ساتھ نشست برخاست کرتے تھے انہوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری تین باتیں قبول فرمایئے آپ نے فرمایا: اچھا انہوں نے کہا: حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان عرب کی سب سے حسین جمیل لڑکی ہیں میں آپ کا اس سے نکاح کرتا ہوں آپ نے فرمایا: اچھا پھر انہوں نے کہا: حضرت معاویہ کو آپ اپنا کاتب بنا لیجئے آپ نے فرمایا: اچھا پھر کہا: آپ مجھے لشکر کا امیر بنا دیجئے تا کہ میں کفار سے جنگ کروں جس طرح میں مسلمانوں سے جنگ کرتا تھا آپ نے فرمایا اچھا! ابوزمیل نے کہا: اگر وہ خود نبی ﷺ سے درخواست نہ کرتے تو آپ یہ کام نہ کرتے لیکن آپ کی عادت کریمہ یہ تھی کہ آپ کسی سائل کا سوال رد نہیں کرتے تھے۔

ترجمہ

حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مسلمان، حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے نہ بات کرتے تھے نہ اُن کے ساتھ نشست برخاست کرتے تھے، اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میری تین باتیں قبول فرمایئے'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اچھا'' اُنہوں نے کہا: ''حضرت امّ حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہ عرب کی سب سے حسین وجمیل لڑکی ہے، میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اُس سے نکاح کرتا ہوں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اچھا!'' پھر انہوں نے کہا: ''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو آپ اپنا کاتب بنا لیجیے،'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اچھا!'' پھر کہا: ''آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے لشکر کا امیر بنا دیجیے تا کہ کفّار سے جنگ کروں جس طرح میں مسلمانوں سے جنگ کرتا تھا۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اچھا!'' ابو زمیل نے کہا: ''اگر وہ خود (یعنی ابی سفیان رضی اللہ عنہ) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست نہ کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ کام نہ کرتے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادتِ کریمہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی سائل کا سوال رد نہیں کرتے تھے۔''(1)

1. صحیح مسلم (اردو)، 3/370، رقم: 6359، انٹرنیشنل نمبر: 6409

صحیح مسلم کی حدیث موضوع ؟؟

صحیح مسلم کی اِس حدیث کے ضمن میں دورِ حاضر کے اہلِ سنّت، بریلوی مسلک کے مشہور محدث علّامہ مولانا قاری ظہور احمد فیضی صاحب اپنی مشہور کتاب ''الاحادیث الموضوعہ فی فضائلِ معاویہ رضی اللہ عنہ'' جو ''دعوتِ اسلام'' کی کتاب ''فیضانِ معاویہ رضی اللہ عنہ'' کے رد میں لکھی گئی ہے، میں لکھتے ہیں :

۱۔ میرے پاس اپنے عرب سے حسین اور جمیلہ بیٹی ہے، میں اسے آپ کے نکاح میں دیتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا۔

۲۔ معاویہ کو آپ اپنا کاتب بنائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا۔

۳۔ اور آپ مجھے امیر مقرر فرمائیں تاکہ میں کفار کے خلاف اسی طرح جنگ کروں جس طرح مسلمانوں کے خلاف کرتا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا۔

راوی حدیث ابوزمیل کہتے ہیں: اگر ابوسفیان کی کریم ﷺ سے یہ سوال نہ کرتے تو حضور ﷺ ازخود عطا فرماتے اس لیے کہ آپ سے جو چیز بھی مانگی جاتی آپ نہ نہیں کرتے تھے۔

(صحیح مسلم ص ۱۱۶۸ حدیث ۲۵۰۱)

اگرچہ یہ روایت صحیح مسلم میں ہے لیکن بعض محدثین کے نزدیک اس میں بعض راویوں کو وہم ہوا ہے اور بعض کے نزدیک یہ موضوع ہے۔ چنانچہ امام محمد بن فتوح حمیدی لکھتے ہیں:

''ہمیں بعض حفاظ نے بتایا ہے اس حدیث میں بعض راویوں کو وہم ہوا ہے کیونکہ معرفتِ حدیث رکھنے والے دو شخصوں میں بھی اختلاف نہیں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ام حبیبہ کے ساتھ نکاح فتح مکہ سے قبل کیا تھا، اس وقت وہ حبشہ میں تھیں اور ابھی ان کا باپ کافر تھا''۔

(الجمع بین الصحیحین ج ۲ ص ۱۳۱)

جس راوی کا وہم ہو سکتا ہے اس کے متعلق امام ابن حزمی لکھتے ہیں:

''محدثین نے اس وہم کی نسبت عکرمہ بن عمار کی طرف کی ہے۔ یحییٰ بن سعید نے اس کی احادیث کو ضعیف کہا ہے۔ امام احمد بن حنبل نے بھی اسی طرح کہا ہے۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ عکرمہ نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا۔ امام مسلم نے اس سے نقل اس لیے کیا ہے کہ یحییٰ بن معین نے اس کے بارے میں کہا وہ ثقہ ہے۔ ہم کہتے ہیں اس حدیث میں تو وہم ہے کیونکہ تمام راویوں کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کے پاس رسول بھیجے تو اسی نے ملک حبشہ میں آپ کے ساتھ ام حبیبہ کا نکاح کیا تھا''۔

(جامع المسانید لابن الجوزی ج ۲ ص ۹۹۰ حدیث ۲۹۸۶)

امام ابن حزمی اپنی ایک اور تصنیف میں تحریر کرتے ہیں:

''اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ ابوسفیان اور معاویہ فتح مکہ کے وقت ۸ ہجری میں مسلمان ہوئے اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ نبی کریم ﷺ نے کبھی ابوسفیان کو امیر مقرر کیا ہو۔ ہمیں ابن ناصر نے ابوالحسن الحمیدی سے روایت کیا ہے کہ حافظ ابوعلی بن ابی سعید نے فرمایا: اس حدیث کے موضوع ہونے میں کوئی شک نہیں اور اس میں ساری آفت عکرمہ بن عمار سے ہے''۔

(کشف المشکل من حدیث الصحیحین ج ۲ ص ۲۶۲)

امام شوکانی یمنی اور امام سنوسی حسنی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔

(اکمال اکمال المعلم ج ۸ ص ۴۲۷/۴۲۸، مکمل اکمال الاکمال ج ۸ ص ۱۲۷/۱۲۸)

یہاں یہ ہے کہ عکرمہ بن عمار پر کتب رجال کی جرح نہیں لیکن انہیں کچھ اوہام اور مضطرب الحدیث کہا گیا ہے اور امام ابن حجر نے اس کی اسی حدیث کو بھی منکر فرمایا ہے۔ دیکھیے:

(سیر أعلام النبلاء ج ۷ ص ۱۳۷)

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ بھی اشارۃً الفاظ میں سب کچھ کہہ گئے ہیں۔ دیکھیے:

وَالْمَبْغَضُ وَاقِعٌ فِي مُسْلِمٍ مِنْ هَذَا لِمَا ذَكَرْتُ جِدًّا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

''محدثین کے نزدیک مسلم شریف میں اس حدیث کے متعلق اشکال بہت واضح ہوئی ہے''۔

(اکمال المعلم بفوائد المسلم ج ۷ ص ۲۱۶)

امام ابن حزمی اور ابن کثیر کی طرح بہت سے محققین نے یہ فیصلہ کیا ہے:

''ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ نبی کریم ﷺ نے کبھی ابوسفیان کو امیر مقرر کیا ہو''۔

اس سے انہوں نے درج بالا حدیث کے تیسرے جملے کی طرف اشارہ کیا ہے، جس سے یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اگر یہ حدیث صحیح تسلیم کی جائے تو اس میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ابوسفیان کی درخواست پر فوراً فرمایا: بہت اچھا۔ سوال یہ ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے یہ وعدہ کب پورا فرمایا اور کس جنگ میں ابوسفیان کو امیر مقرر کیا؟ اس حدیث کا مطلب صدیق حسن خان قنوجی نے بھی اس روایت کو قبول نہیں کیا۔ وہ طویل بحث کے بعد لکھتے ہیں:

لَكِنْ: زَكَمْلُ عَلِيهِ الْحَدِيثَ لَا تَغْفُلُ عَنْ نَقْدِهِ، فَلَا إِشْكَالَ بَاقٍ، وَالْمَرْجُوُّ فَوْزٌ

''اگرچہ یہ روایت صحیح مسلم میں ہے لیکن بعض محدّثین کے نزدیک اِس میں بعض راویوں کو وہم ہوا ہے اور بعض کے نزدیک یہ ''موضوع'' ہے۔ چنانچہ اِمام محمد بن فتوح حمیدی لکھتے ہیں: ''ہمیں بعض حافظ نے بتایا ہے، اِس حدیث میں بعض راویوں کو وہم ہوا ہے، کیوں کہ معرفتِ حدیث رکھنے والے دو شخصوں میں بھی اختلاف نہیں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح فتح مکّہ سے قبل کیا تھا، اُس وقت وہ حبشہ میں تھیں اور ابھی اُن کا باپ کافر تھا۔''

(الجمع بین الصحیحین، 2/131)

یہ کس راوی کو وہم ہوسکتا ہے؟ اِس کے متعلق اِمام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''محدثین نے اِس وہم کی نسبت عِکرمہ بن عمّار کی طرف کی ہے، یحییٰ بن سعید نے اِس کی احادیث کو ضعیف کہا ہے، اِمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اِسی طرح کہا ہے، اسی وجہ سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اِس سے روایت نہیں لی۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اُسے فقط اِس لیے روایت کیا ہے کہ یحییٰ بن معین نے اُس کے بارے میں کہا: ''وہ ثقہ ہے۔'' ہم کہتے ہیں: اِس حدیث میں کھلا وہم ہے، کیوں کہ تمام راویوں کا اجماع ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجاشی کے پاس پیغام بھیجا تھا اور اُسی نے ملکِ حبشہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کیا تھا۔''

(جامع المسانید لِابن الجوزی، 4/140، رقم: 2982)

اِمام ابن جوزی اپنی ایک اور تصنیف میں مزید لکھتے ہیں:

''اِس میں کوئی اختلاف نہیں کہ ابوسفیان اور معاویہ رضی اللہ عنہ یہ فتح مکّہ کے وقت 8 ہجری میں اسلام لائے اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی ابوسفیان کو امیر مقرر کیا ہو۔ ہمیں ابن ناصر نے ابوعبد اللہ الحُمیدی سے روایت کیا کہ حافظ ابومحمد علی بن احمد بن سعید نے فرمایا: ''اِس حدیث کے موضوع ہونے میں کوئی شک نہیں اور اِس میں ساری آفت اِکرمہ بن عمّار ہے۔'' (کشف المشکل من حدیث الصحیحین، 2/463)

اِمام وُشتانی رحمۃ اللہ علیہ اور امام سنُوسی حسنی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اِسی طرح لکھا ہے۔ (مکمّل اکمال الاکمال، 8/426-427)

خیال رہے کہ عِکرمہ بن عمّار پر کذب یا وضع کی تہمت نہیں لیکن اُنہیں کثیر الوہم اور مضطرب الحدیث کہا گیا ہے اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اُس کی اِسی حدیث کو بھی منکر فرمایا ہے، دیکھیں۔ (سیرُ اعلام النّبلاء، 7/137)

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ بھی محتاط الفاظ میں سب کچھ کہہ گئے ہیں، وہ لکھتے ہیں:

''محدثین کے نزدیک مسلم شریف میں اِس حدیث کے متعلق انتہائی عجیب بات واقع ہوئی ہے۔''[1]

(اکمال المعلّم بفوائدِ مسلم، 7/546)

---

1. قاری ظہور احمد فیضی فی الاحادیث الموضوعہ فی فضائلِ معاویہ (اردو)، صفحہ: 30-29

قاری ظہور احمد فیضی آگے لکھتے ہیں :



خالیۃ من الغلط أو الغلط فی متنہ.

''میں کہتا ہوں: یہ تمام تاویلات تکلف سے خالی نہیں، اشکال پھر بھی باقی ہے اور روایت کا متن غلط یا غلط سے خالی نہیں ہے۔''

(السراج الوهاج من كشف مطالب صحيح مسلم بن الحجاج، ج۹ص ۶۲)

اس حدیث کے آخر میں جو ابو زمیل کا قول ہے، اس کے بارے میں اہل حدیث مصنف علامہ شفیع الرحمان مبارکپوری لکھتے ہیں:

قَوْلُ أَبِي زُمَيْلٍ هٰذَا وَتَعْلِيلُهُ غَيْرُ مَقْبُولَيْنِ، وَلِأَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَكُنْ يُعْطِي الْإِمَارَةَ عُمُومًا لِمَنْ طَلَبَهَا.

''ابو زمیل کا یہ قول اور اس کی بیان کردہ علت دونوں غیر مقبول ہیں، اس لیے کہ نبی کریم ﷺ عموماً اس شخص کو امارت نہیں دیتے تھے جو طلب کرتا تھا''۔

(منة المنعم في شرح صحيح مسلم ج۴ص ۱۴۵)

امام ابن الصلاح اور حافظ ابن کثیر نے مختلف تاویلات سے اس حدیث کو قابل قبول بنانے کی بہت کوشش کی ہے لیکن وہ کوئی ایسی ٹھوس بات لانے سے قاصر رہے ہیں جس پر عقل مطمئن ہو۔ چنانچہ علامہ محمد امین ہرری شافعی نے اپنی مبسوط ترین شرح میں اس حدیث پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ انہوں نے پہلے ناقدین پھر مؤیدین کے تمام اقوال نقل کیے ہیں اور آخر میں لکھا ہے:

وَهٰذَا الْحَدِيثُ مِمَّا انْفَرَدَ بِهِ الْإِمَامُ مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْ أَصْحَابِ الْأُمَّهَاتِ، وَالْحَقُّ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيثَ مَوْضُوعٌ لَا يَصِحُّ الْاِسْتِدْلَالُ بِهِ.

''تمام صحاح حدیث کے مقابلہ میں اس حدیث کو روایت کرنے میں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور حق یہ ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے، اس سے دلیل لینا صحیح نہیں''۔

(الكوكب الوهاج، ج۲۹ص ۱۳۴)

شیخ موسیٰ شاہین لاشین نے بھی امام ابن صلاح اور دوسرے محدثین کرام کی تاویلات کو مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ ایسی نامناسب تاویلات سے کسی راوی کی خطا کا قول کرنا آسان ہے۔

(فتح المنعم ج۹ص ۵۳۱)

اہلِ حدیث عالم نواب صدّیق حسن خان قنوجی نے بھی اِس روایت کو قبول نہیں کیا۔ وہ طویل بحث کے بعد لکھتے ہیں: ''میں کہتا ہوں، یہ تمام تاویلات تکلّف سے خالی نہیں، اِشکال پھر بھی باقی ہے اور روایت کا متن خلط یا غلط سے خالی نہیں ہے۔'' (السراج الوھّاج من کشف مطالب صحیح مسلم بن حِبّان، 9/62)

اِس حدیث کے آخر میں جو ابو زمیل کا قول ہے، اُس کے بارے میں اہلِ حدیث مصنّف علّامہ شفیع الرحمٰن مبارکپوری لکھتے ہیں:

''ابو زمیل کا یہ قول اور اُس کی بیان کردہ علّت دونوں غیر مقبول ہے، اس لیے نبی کریم ﷺ عموماً اُس شخص کو امارت نہیں دیتے تھے جو طلب کرتا تھا۔'' (منۃ المنعم شرح صحیح مسلم، 4/145)

اِمام ابن صلاح اور حافظ ابن کثیر نے مختلف تاویلات سے اِس حدیث کو قابل قبول بنانے کی بہت کوشش کی ہے لیکن وہ کوئی ایسی ٹھوس بات لانے سے قاصر ہے، جس پر عقل مطمئن ہو۔

چنانچہ علّامہ محمد امین ہرری شافعی نے اپنی مبسوط ترین شرح میں اِس حدیث پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ اُنہوں نے پہلے ناقدین پھر مؤیدین کے تمام اقوال نقل کیے ہیں اور آخر میں لکھا ہے: ''تمام مصادرِ حدیث کے مقابلے میں اِس حدیث کو روایت کرنے میں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ تنہا ہیں اور حق یہ ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے اِس سے دلیل لینا صحیح نہیں۔''(1)

(الکوکب الوھاج، 4/134)

قاری ظہور احمد فیضی آگے لکھتے ہیں:

علامہ ابن قیم لکھتے ہیں:

فهذا الحديث غلط لا خفاء به، قال أبو محمد بن حزم: وهو موضوع بلا شك.

''پس اس حدیث کا غلط ہونا کوئی مخفی نہیں، ابو محمد بن حزم نے کہا: یہ بغیر کسی شک کے موضوع ہے''۔

(زاد المعاد، ج۱، ص۱۰۶)

علامہ موصوف نے اس روایت کی شدید ترین تردید کی ہے اور اس کو قابلِ قبول بنانے میں جس قدر تاویلات کی جاتی ہیں، ہر ہر تاویل کو مسترد کیا ہے حتّٰی کہ بعض باطل تاویلات امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ اور امام منذری رحمۃ اللہ علیہ ایسے محدثین سے بھی صادر ہوگئی تو اُنہیں بھی مسترد کر دیا۔ راقم الحروف پہلے کہہ چکا ہے کہ اِس قسم کی احادیث کے باطل متون پر ایسی مضبوط سند چڑھا دی گئی کہ بڑے بڑوں کے دماغ چکرا گئے۔(2)



علّامہ ابن قیّم لکھتے ہیں: ''پس! اِس حدیث کا غلط ہونا کوئی مخفی نہیں، ابو محمد بن حزم نے کہا: یہ بغیر کسی شک کے موضوع ہے۔''

(زاد المعاد، 1/106)

علّامہ موصوف نے اِس روایت کی شدید ترین تردید کی ہے اور اِس کو قابلِ قبول بنانے میں جس قدر تاویلات کی جاتی ہیں، ہر ہر تاویل کو مسترد کیا ہے حتّٰی کہ بعض باطل تاویلات اِمام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ اور اِمام منذری رحمۃ اللہ علیہ ایسے محدثین سے بھی صادر ہوگئی تو اُنہیں بھی مسترد کر دیا۔ راقم الحروف پہلے کہہ چکا ہے کہ اِس قسم کی احادیث کے باطل متون پر ایسی مضبوط سند چڑھا دی گئی کہ بڑے بڑوں کے دماغ چکرا گئے۔(2)

1. قاری ظہور احمد فیضی فی الاحادیث الموضوعہ فی فضائلِ معاویہ (اردو)، صفحہ: 30-31
2. قاری ظہور احمد فیضی فی الاحادیث الموضوعہ فی فضائلِ معاویہ (اردو)، صفحہ: 32

قاری ظہور احمد فیضی اپنی کتاب الاحادیث الموضوعہ فی فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ میں لکھتے ہیں:



علامہ ابن قیم لکھتے ہیں:

فَهٰذَا الْحَدِيْثُ غَلَطٌ لَا خِفَاءَ بِهٖ، قَالَ أَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ حَزْمٍ: وَهُوَ مَوْضُوْعٌ بِلَا شَكٍّ.

"پس اس حدیث کا غلط ہونا کوئی مخفی نہیں، ابومحمد ابن حزم نے کہا: اور یہ بغیر کسی شک کے موضوع ہے"۔

(زاد المعاد ج۱ ص۱۰۶)

علامہ موصوف نے اس روایت کی شدید ترین تردید کی ہے اور اس کو قابل قبول بنانے میں جس قدر تاویلات کی جاتی ہیں ہر ہر تاویل کو مسترد کیا ہے حتیٰ کہ بعض باطل تاویلات امام بیہقی اور امام منذری رحمۃ اللہ علیہما ایسے محدثین سے بھی صادر ہو گئیں تو انہیں بھی مسترد کر دیا ہے۔ راقم الحروف پہلے کہہ چکا ہے کہ اس قسم کی احادیث کے باطل مضمون پر ایسی مضبوط سندیں چڑھا دی گئیں کہ بڑے بڑوں کے دماغ چکرا گئے۔

صحتِ حدیث کی ضد میں آقا کی گستاخی

اس طلقاء خاندان کے فضائل کے اثبات یا صحیح مسلم کی حدیث کی صحت پر اصرار کے باعث بعض لوگوں سے بارگاہِ نبوی ﷺ کی اہانت بھی ہو گئی، اور انہوں نے یہاں تک لکھ دیا کہ نبی کریم ﷺ نے تجدید نکاح فرمایا ہوگا۔ ہر چند کہ یہ گستاخانہ بات ہمارے دور میں بھی لکھی اور کہی جا رہی ہے لیکن میں کسی معاصر کا نام لکھنا مناسب نہیں سمجھتا کہ لوگ اس کا مسئلہ بنا کر باطل پر ڈٹ جاتے ہیں اور اگر کسی بات کی تنظیم سے شائع شدہ کتاب میں لکھی گئی ہو تو پھر تو رجوع کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ تنظیم والوں کو دین سے زیادہ تنظیم محبوب ہوتی ہے۔ اس لیے کسی شخص یا تنظیم کا نام لیے بغیر علامہ ابن قیم کے الفاظ نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ وہ لکھتے ہیں:

وَقَالَتْ طَائِفَةٌ: بَلْ سَأَلَهُ أَنْ يُجَدِّدَ لَهُ الْعَقْدَ تَطْيِيْبًا لِقَلْبِهٖ، فَإِنَّهُ كَانَ قَدْ تَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ إِخْبَارِهٖ، وَهٰذَا بَاطِلٌ، لَا يُظَنُّ بِالنَّبِيِّ ﷺ، وَلَا يَلِيْقُ بِعَقْلِ أَبِيْ سُفْيَانَ، وَلَمْ يَكُنْ مِنْ ذٰلِكَ ذِكْرٌ.

"ایک گروہ نے کہا: بلکہ ابوسفیان نے آپ ﷺ سے اپنے دل کی تسلی کے لیے تجدید نکاح کی درخواست کی تھی، کیونکہ آپ نے ام حبیبہ کے ساتھ ان کی مرضی کے بغیر شادی کی تھی۔

یہ باطل ہے، نبی کریم ﷺ کے بارے میں یہ تصور کیا جا سکتا ہے، نہ یہ ابوسفیان کی عقل کے لائق ہے اور نہ ہی ان باتوں میں سے کچھ ہوا"۔

(زاد المعاد ج۱ ص۱۰۷، ۱۰۸)

یاد رہے کہ اس حدیث کو موضوع قرار دینے والے یہ بارہ علماء اسلام ہیں:

۱۔ محدث محمد بن فتوح الحمیدی
۲۔ علامہ ابن حزم ظاہری
۳۔ امام ابن الجوزی
۴۔ قاضی عیاض اندلسی
۵۔ امام شمس الدین ذہبی
۶۔ امام وشتانی ابی مالکی
۷۔ امام سنوسی حسنی مالکی
۸۔ علامہ ابن قیم الجوزیہ حنبلی
۹۔ نواب صدیق حسن قنوجی
۱۰۔ صفی الرحمان مبارکپوری
۱۱۔ شیخ سوسی شاہین لاشین
۱۲۔ شیخ محمد امین ہرری شافعی

لہٰذا کرم فرما حضرات سے گزارش ہے کہ میرے خلاف اندھا دھند اپنے بلا سوچے پر فدا ہونے سے قبل اپنے غصہ کا کچھ حصہ ان حضرات پر نکال لیجئے گا۔

علم و تحقیق کا میدان وسیع ہے، لہٰذا ہر ایک کو حق ہے کہ وہ اس میدان میں اپنی اپنی تحقیق کے گھوڑے دوڑائے، لیکن راقم الحروف مذکورہ بالا محدثین کی تحقیق کی روشنی میں صحیح مسلم کی اس روایت کو وضعی، جعلی اور باطل سمجھتا ہے، کیونکہ میرا ایمان ہے کہ قرآن مجید کے علاوہ کوئی کتاب یہ شان نہیں رکھتی کہ وہ کلمۂ باطل کی آمیزش سے پاک ہو، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَإِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ. لَا يَأْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ

صحتِ حدیث کی زد میں آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گستاخی

اِس طلقاء خاندان کے فضائل کے اثبات یا صحیح مسلم کی حدیث کی صحت پر اصرار کے باعث بعض لوگوں سے بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہانت بھی ہوگئی اور اُنہوں نے یہاں تک لکھ دیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجدیدِ نکاح فرمایا ہوگا۔ ہر چند کہ یہ گستاخانہ بات ہمارے دور میں بھی لکھی اور کہی جا رہی ہے لیکن میں کسی معاشرے کا نام لکھنا مناسب نہیں سمجھتا کہ لوگ 'اَنا' کا مسئلہ بنا کر باطل پر ڈٹ جاتے ہیں اور اگر ایسی بات کسی تنظیم سے شائع شدہ کتاب میں لکھی گئی ہو تو پھر تو رجوع کا تصوّر ہی نہیں کیا جاسکتا، کیوں کہ تنظیم والوں کو دین سے زیادہ تنظیم محبوب ہوتی ہے۔ اِس لیے کسی شخص یا تنظیم کا نام لیے بغیر علّامہ ابن قیّم رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں، وہ لکھتے ہیں:

''ایک گروہ نے کہا: بلکہ ابوسفیان نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے دل کی تسلّی کے لیے تجدیدِ نکاح کی درخواست کی تھی، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ اُن کی مرضی کے بغیر شادی کی تھی۔ یہ باطل ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں نہ یہ تصوّر کیا جاسکتا ہے، نہ یہ ابوسفیان کی عقل کے لائق ہے اور نہ ہی اِن باتوں میں سے کچھ ہوا۔'' (زاد المعاد، 1/107-108)

یاد رہے کہ اِس حدیث کو موضوع قرار دینے والے یہ بارہ علمائے اسلام ہیں:

1. محدث محمد بن فتوح الحمیدی
2. علّامہ ابن حزم ظاہری
3. اِمام ابن الجوزی
4. قاضی عیاض اندلسی
5. اِمام شمس الدین ذہبی
6. اِمام وشتانی ابی مالکی
7. اِمام سنوسی حسنی مالکی
8. علّامہ ابن قیّم الجوزیہ حنبلی
9. نواب صدّیق حسن قنوجی
10. صفی الرحمٰن مبارکپوری
11. شیخ موسیٰ شاہین لاشین
12. شیخ محمد امین ھرری شافعی

''لہٰذا کرم فرما حضرات سے گزارش ہے کہ میرے خلاف ڈھنڈورا پیٹنے یا مجھ پر خفا ہونے سے قبل اپنے غصّے کا کچھ حصّہ اِن حضرات پر نکال لیجیے گا۔

علم وتحقیق کا میدان وسیع ہے، لہٰذا ہر ایک کو حق ہے کہ وہ اِس میدان میں اپنی اپنی تحقیق کے گھوڑے دوڑائیں، لیکن راقم الحروف مذکورہ بالا محدثین کی تحقیق کی روشنی میں صحیح مسلم کی اِس روایت کو وضعی، جعلی اور باطل سمجھتا ہے۔'' کیوں کہ میرا ایمان ہے کہ قرآن مجید کے علاوہ کوئی کتاب یہ شان نہیں رکھتی کہ یہ کلّیتاً باطل کی آمیزش سے پاک ہو۔[1]

---

1. قاری ظہور احمد فیضی فی الاحادیث الموضوعہ فی فضائلِ معاویہ (اردو)، صفحہ: 30-29

اللہ جل جلالہ اُس کا پیٹ نہ بھرے

صحیح مسلم کی ایک حدیث

٤٥-كتاب البر والصلة والادب ۴۳۱ صحیح مسلم (سوئم)

٦٥٧١ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ (وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى) قَالَا حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الْقَصَّابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ أَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَتَوَارَيْتُ خَلْفَ بَابٍ قَالَ فَجَاءَ فَحَطَأَنِي حَطْأَةً وَقَالَ اذْهَبْ وَادْعُ لِي مُعَاوِيَةَ قَالَ فَجِئْتُ فَقُلْتُ هُوَ يَأْكُلُ قَالَ ثُمَّ قَالَ لِي اذْهَبْ فَادْعُ لِي مُعَاوِيَةَ قَالَ فَجِئْتُ فَقُلْتُ هُوَ يَأْكُلُ فَقَالَ لَا أَشْبَعَ اللَّهُ بَطْنَهُ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى قُلْتُ لِأُمَيَّةَ مَا حَطَأَنِي قَالَ قَفَدَنِي قَفْدَةً. مسلم تحفۃ الاشراف (٦٣٢٤)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا' اچانک رسول اللہ ﷺ آ گئے' میں دروازے کے پیچھے چھپ گیا' آپ نے آ کر میرے شانوں کے درمیان تھپکی دی اور فرمایا: جاؤ میرے لیے معاویہ کو بلا کر لاؤ' میں نے آپ سے آ کر کہا: وہ کھانا کھا رہے ہیں؟ آپ نے پھر مجھ سے فرمایا: جاؤ معاویہ کو بلاؤ' میں نے پھر آ کر کہا: وہ کھانا کھا رہے ہیں' آپ نے فرمایا: ''اللہ اس کا پیٹ نہ بھرے''۔ ابن المثنیٰ کہتے ہیں: میں نے امیہ سے ''حطانی'' کے معنی پوچھا' انہوں نے کہا: تھپکی دینا۔

ترجمہ

حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں بچّوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگئے، میں دروازے کے پیچھے چھپ گیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آکر میرے شانوں کے درمیان تھپکی دی اور فرمایا: ''جاؤ! میرے لیے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو بلا کر لاؤ۔'' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آکر کہا: ''وہ کھانا کھا رہے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر مجھ سے فرمایا: ''جاؤ! معاویہ رضی اللہ عنہ کو بلاؤ۔'' میں نے پھر آکر کہا: ''وہ کھانا کھا رہے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ جل جلالہ اُس کا پیٹ نہ بھرے۔'' ابن المثنیٰ کہتے ہیں: میں نے امیّہ سے ''حطانی'' کا معنی پوچھا، اُنہوں نے کہا: ''تھپکی دینا۔''(1)

1. صحیح مسلم (اردو)، 3/431، رقم: 6571، انٹرنیشنل نمبر: 6628

مفتی احمد یارخاں نعیمی کا دفاع امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنا

مفتی احمد یارخاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ جو بریلوی مسلک کے مشہور عالم ہیں اور جنہوں نے 'امیر معاویہ رضی اللہ عنہ' نامی کتاب شانِ امیر معاویہ میں لکھی ہے وہ صحیح مسلم کی اِس حدیث کو نقل کرنے کے بعد اُس کے جواب میں دفاعِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں لکھتے ہیں:

> کھانا دیر تک کھانا نہ شرعی جرم ہے نہ قانونی پھر سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہا بھی نہیں کہ آپ کو سرکار بلا رہے ہیں۔ صرف دیکھ کر خاموش واپس آئے اور حضور سے واقعہ عرض کر دیا۔

''کھانا دیر تک کھانا نہ شرعی جرم ہے نہ قانونی۔ پھر سیّدنا ابن عبّاس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہا بھی نہیں کہ آپ کو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا رہے ہیں۔ صرف دیکھ کر خاموش واپس آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقعہ عرض کر دیا۔''[1]

بڑے تعجب کی بات ہے کہ مفتی احمد یارخاں صاحب نے یہاں حضرت معاویہ کے دِفاع کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُن کے علمِ غیب اور دوسرے صحابی (یعنی ابن عبّاس رضی اللہ عنہما) کی شان میں گستاخی کر لی۔ ہم یہاں ان کی اِس دلیل کے وجود کو تین باتوں سے ختم کرتے ہیں:

(1) پہلی بات، کہ مفتی صاحب نے کہا کہ ابن عبّاس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خبر ہی نہیں دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو بلا رہے ہیں۔ یہ تو وہ بات ہوئی کہ ایک صحابی کو بچانے کے لیے دوسرے صحابی (وہ بھی ابن عبّاس رضی اللہ عنہما جیسے جلیل القدر) کو کٹہرے میں کھڑا کیا جائے۔ حالانکہ اِس دلیل کا جواب اِمام بیہقی کی دلائل النبوۃ کی حدیث

1. مفتی احمد یارخاں فی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ (اردو)، صفحہ: 89

میں آگے آ ہی رہا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ''میں گیا اور اُنہیں پیغام دیا تو جواب میں کہا کہ وہ کھانا کھا رہے ہیں۔'' ہوسکتا ہے شاید مفتی احمد یار خاں صاحب کی نظروں سے دلائل النبوۃ کی یہ حدیث نہ گزری ہو۔

(2) مگر دوسری بات یہ کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِس مزاج کے تھے کہ بنا تحقیق کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو پیغام پہنچایا بھی یا نہیں اور سیدھے ہی بددُعا کے الفاظ اپنی زبان مبارک سے فرمائے ؟ بالکل نہیں، یہ مفتی صاحب کا ذاتی عقیدہ ہوسکتا ہے جمہورِ اہلِ سنّت کا ہرگز نہیں۔

(3) اور تیسری بات تو مفتی احمد یارخاں نعیمی جس بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں اُسی مسلک کے عقیدے پر خود اعتماد نہیں رکھتے کہ ''نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علمِ غیب تھا۔'' کیوں کہ بقول مفتی صاحب ''ابن عباس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو پیغام نہ پہنچایا ہو۔''

یعنی (نعوذ باللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما ، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو بغیر پیغام پہنچائے صرف دیکھ کر آگئے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتا دیا کہ وہ تو ابھی کھانا کھا رہے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اِس بات کا علم نہ ہوا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما صرف دیکھ کر چلے آئے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بغیر علمِ غیب کے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بات کو ترجیح دیتے ہوئے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے فرما دیا کہ ''اُن کا پیٹ کبھی بھی سیر نہ ہوگا۔'' تعجب ہے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علمِ غیب نہیں تھا مگر مفتی احمد یار خاں صاحب کو 1300 سال بعد علم غیب حاصل ہوگیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو پیغام نہیں دیا ؟ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گستاخی نہیں تو اور کیا ہے ؟

دلائل النبوۃ کی ایک حدیث

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے دلائل النبوۃ میں نقل کیا ہے:


اردو ترجمہ
دلائل النبوۃ
اور صاحبِ شریعت ﷺ کے احوال کی معرفت
جلد ۳
حصہ ششم، ہفتم
تصنیف امام ابی بکر احمد بن الحسین البیہقی
ترجمہ مولانا محمد اسماعیل اجروی
www.ahlehaq.org
دارالاشاعت

نبوت اور رسالت کے دلائل ۱۵۹ جلد ششم

(۱۲) ہمیں اس کی خبر دی ابوعبداللہ حافظ نے، ان کو علی بن حمشاد نے، ان کو حدیث بیان کی ہشام بن علی نے، ان کو موسیٰ بن اسماعیل نے، ان کو ابوعوانہ نے، ان کو ابوحمزہ نے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے سنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے وہ کہتے ہیں کہ میں لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ کہیں اچانک رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے میں سمجھ گیا کہ آپ میری طرف آئے ہیں لہٰذا میں دروازے کے پیچھے چھپ گیا (لڑکے تھے اس لئے) آپ آ گئے اور انہوں نے میرے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ پھیلا کر مارا اور فرمایا کہ تم چلے جاؤ معاویہ کو میرے پاس بلا کر لے آؤ۔ اور وہ وحی لکھا کرتے تھے کہتے ہیں کہ میں چلا گیا اور میں نے جا کر ان کو بلایا حضور اکرم ﷺ کے لئے مجھے کہا گیا کہ وہ کھانا کھا رہے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا میں نے ان کو خبر دی آپ نے فرمایا جاؤ تم ان کو بلا لاؤ میں ان کے پاس گیا مجھے بتایا گیا کہ وہ کھا رہے ہیں۔ میں واپس رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا میں نے ان کو خبر دی تیسری مرتبہ جب میں نے آ کر بتایا تو آپ نے فرمایا۔ لَا اَشْبَعَ اللّٰہُ بَطْنَہٗ۔ اللہ اس کے پیٹ کو سیر نہ کرے کہتے ہیں کہ ہمیشہ ان کا پیٹ نہیں بھرتا تھا۔ اور روایت کی ہے خریم سے اس نے ابوحمزہ سے اس حدیث میں اضافہ جو دلالت کرتا ہے استجابت وقبولیت پر۔

ترجمہ

عبد اللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ''میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو مجھے یہ خیال آیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف ہی آ رہے ہیں، چنانچہ میں چھپ گیا، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ہلکی سی چپت لگائی اور فرمایا: ''جاؤ! اور معاویہ رضی اللہ عنہ کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔' اور وہ (یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) وحی لکھا کرتے تھے۔ میں گیا اور اُنہیں پیغام دیا تو جواب میں کہا کہ وہ کھانا کھا رہے ہیں۔ میں نے آ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (کچھ دیر بعد) پھر فرمایا: ''جاؤ! اور معاویہ رضی اللہ عنہ کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔'' میں پھر گیا تو وہی جواب ملا کہ وہ کھانا کھا رہے ہیں، میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساری بات بتا دی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیسری مرتبہ فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اُس کا پیٹ

سیر نہ کرے۔'' اِس حدیث کے راوی ابوحمزہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اُن کا (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) کا پیٹ کبھی بھی سیر نہ ہو سکا۔'' پھر اِمام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''راوی (ابوحمزہ رحمۃ اللہ علیہ) کے یہ الفاظ اِس بات کی دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے متعلق کی ہوئی) دعا قبول ہوگئی۔''(1)

شیخ زبیر علی زئی اور شیخ غلام مصطفیٰ ظہیر نے اِس حدیث کو ''صحیح الاسناد'' کہا ہے۔

قارئین کرام! اِمام بیہقی نے جس حدیث کو پیش کیا اُن سے بھی دو باتیں واضح ہو جاتی ہیں۔

(1) پہلی بات یہ کہ جب سرور الانبیاء، رحمتِ دو عالم، سیّد المرسلین، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جن کے نام پر 1400 سال بعد کے اُمّتی اپنی جانوں کو قربان کرنے کے لیے تیّار رہتے ہیں مگر وہیں پر نہ جنگ تھی نہ جان کا جوکھم پھر بھی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلاوے پر ''لبّیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کہنے سے زیادہ کھانے کو ترجیح دی۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی - پیٹ سیر نہ ہونے کی وجہ بنی

(2) دوسری بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی پوری زندگی پیٹ کے سیر نہ ہونے کی وجہ بنی۔ کیوں کہ اس صحیح حدیث کے راوی خود بیان کرتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا پیٹ کبھی بھی سیر نہ ہو سکا اور شاید اِسی وجہ سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ امّت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلے شخص بنے جنہوں نے بیٹھ کر خطبہ دینے کی رسم شروع کی۔

1. دلائل النبوۃ للبیہقی (اردو)، 3/159، رقم: 2506

سب سے پہلے بیٹھ کر خطبہ دینے والے شخص امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

اِمام ابن ابی عاصم اپنی مشہور ومعروف کتاب ''کتاب الاوائل'' میں لکھتے ہیں :





131 کتاب الاوائل

سب سے پہلے بیٹھ کر خطبہ دینے والے

امام شعبی رحمہ اللہ سے مروی ہے:

أَوَّلُ مَنْ خَطَبَ جَالِسًا مُعَاوِيَةُ حِيْنَ كَبُرَ وَكَثُرَ شَحْمُهُ وَعَظُمَ بَطْنُهُ. ❷

''سب سے پہلے جس نے بیٹھ کر خطبہ (جمعہ) دیا وہ معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں جس وقت وہ بوڑھے ہوئے اور ان پر چربی چڑھ گئی اور پیٹ بڑا ہو گیا۔''

❷ مصنف ابن ابی شیبة: ۱/۱۱۳، ۱۴/۷۹؛ السیوطی فی الدر: ۶/۲۲۲؛ تاریخ الخلفاء، ص:۷۷۔

''سب سے پہلے جس نے بیٹھ کر خطبہ (جمعہ) دیا وہ معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ جس وقت وہ بوڑھے ہوئے اور اُن پر چربی چڑھ گئی اور پیٹ بڑا ہو گیا۔''(1)

حافظ محمد بن صدّیقی غماری لکھتے ہیں : نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اِس ارشاد ''لا اشبع اللہ بطنہ'' میں معاویہ رضی اللہ عنہ کو بد دعا دی تھی، اللہ نے اُسے شرفِ قبولیت عطا کی اور پھر اُس کے بعد معاویہ رضی اللہ عنہ کبھی آسودہ نہیں ہوئے۔ امام ذہبی ''سیرُ اعلام النّبلاء (123/3)'' میں لکھتے ہیں : اِمام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث میں ''فما شبع بعدھا'' (اُس کے بعد معاویہ رضی اللہ عنہ کبھی آسودہ نہیں ہوئے) کے الفاظ کا اضافہ نقل کیا ہے۔ اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''سیرُ اعلام النّبلاء (124/3)'' میں شہادت دی ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ بہت زیادہ کھانا کھانے والوں میں سے تھے، اِسی لیے اُن کا پیٹ بہت بڑا ہو گیا تھا، جس سے اُن کا وزن بڑھ گیا تھا اور وہ کھڑے ہو کر خطبہ نہیں دے پاتے۔ یہ بات ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''المصنّف (274/7)'' میں ایک روایت ذکر کی ہے۔ اے طالبِ حق مزید حوالے کو دیکھ : ''الآحاد والمثانی (380/1)''، ''فتح الباری (401/2) اور ''سیرُ اعلام النّبلاء (452/13)، جب کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کھڑے ہو کر خطبہ دینے کی رہی ہے جیسا کہ معلوم ومشہور ہے۔

1. کتاب الاوائل (اردو)، صفحہ : 131

اِس کے بعد عثماری کہتے ہیں:

یہاں ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق لکھا ہے کہ اُن کا شمار بہت زیادہ کھانا کھانے والوں میں ہوتا تھا۔ یہ امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا صحیح اور واضح اعتراف ہے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دعا کی، اُسی طرح اِس روایت "لا أشبع الله بطنه" کی تاویل میں وہ روایت پیش کرنا ضعف اور حد درجہ کمزور ہے جس کے الفاظ یہ ہیں "اللهم من سببته او شتمته او لعنته فاجعلها له رحمة وزكاة" (اے اللہ! میں جسے سبّ وشتم کروں اور جس پر لعنت بھیجوں تو میرے سبّ وشتم اور لعنت کو اُس کے حق میں رحمت بنا دے۔) اور اِس حدیث کے ذریعے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں اِس بددعا کو اُن کی منقبت قرار دینا ایک کمزور تاویل ہے، بہرحال اِس قسم کی تاویل دو وجہوں سے باطل ہے۔

(1) امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتراف کیا ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کا شمار زیادہ کھانا کھانے والوں میں ہوا کرتا تھا، اس کا مطلب یہ ہوا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بد دُعا قبول ہوگئی۔ اِسی لیے اُن کا پیٹ بھاری ہو گیا تھا اور خطبہ صرف بیٹھ کر ہی دے سکتے تھے، اِس کا مطلب یہ ہوا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بددُعا اُن کے حق میں پوری ہوگئی اور یہ واضح طور پر مذمّت پر دلالت کرنے والی بات ہے۔

(2) دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث مطلق نہیں بلکہ مقیّد ہے، اِس کو اِمام مسلم نے صحیح مسلم (2603) میں اَنس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اِن الفاظ میں روایت کیا ہے: "فايما أحد دعوت عليه من أمتي بدعوة ليس لها باهل أن يجعلها طهورا وزكاة" (اگر میں اپنی امّت کے کسی فرد کو کوئی ایسی بد دعا دوں جس کا وہ مستحق نہیں ہے تو اللہ اُس کے حق میں میری اِس بد دعا کو طہارت اور پاکیزگی کا ذریعہ بنا دے۔) زیرِ بحث حدیث کی ایک روایت میں اِس جملے "ليس لها باهل" کی موجودگی اِس اِمکان کو ثابت کرتی ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ اِس کے مستحق تھے، اِسی وجہ سے اِس حدیث سے استدلال درست نہیں ہوگا کیوں کہ یہ اصول تسلیم شدہ ہے کہ جب کسی دلیل میں احتمال پیدا ہو جائے تو استدلال باطل ہو جاتا ہے۔[1]

(انتہا کلامِ العثماری)

1. امیر معاویہ سے متعلق ایک حدیث "لا أشبع الله بطنه" کی صحیح شرح (اردو)، صفحہ: 18-17-16

ایک کاتبِ وحی جو بعد میں گمراہ ہو گیا

صحیح بخاری کی ایک حدیث



بخاری شریف (مترجم) جلد دوم ۳۹۷ کتاب المناقب

۸۲۸- حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَجُلٌ نَصْرَانِيًّا فَأَسْلَمَ وَقَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ فَكَانَ يَكْتُبُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَادَ نَصْرَانِيًّا فَكَانَ يَقُولُ مَا يَدْرِي مُحَمَّدٌ إِلَّا مَا كَتَبْتُ لَهُ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ فَدَفَنُوهُ فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ فَقَالُوا هَذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ فَأَلْقَوْهُ فَحَفَرُوا لَهُ وَأَعْمَقُوا لَهُ فِي الْأَرْضِ مَا اسْتَطَاعُوا فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ فَعَلِمُوا أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ فَأَلْقَوْهُ

(828) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص (قبیلہ بنی نجار سے) نصرانی تھا وہ اسلام لے آیا اور اس نے سورۂ بقرہ اور آل عمران پڑھ لی۔ پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کاتب وحی مقرر ہو گیا۔ پھر وہ مرتد ہو گیا اور اپنے دین نصرانی میں چلا گیا۔ وہ مرتد ہونے کے بعد کہتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہی علم ہے جو میں نے ان کو لکھ کر دیا ہے۔ پھر اللہ عزوجل نے اس کو موت دی اور لوگوں نے اس کو دفن کر دیا۔ صبح ہوئی تو دیکھا کہ زمین نے اس کو باہر پھینک دیا ہے۔ نصرانیوں نے کہا یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ اصحاب کا کام ہے جبکہ وہ ان کے دین سے بھاگ گیا تھا۔ انہوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھود ڈالی اور اس کو باہر پھینک دیا ہے۔ نصرانیوں نے جتنی ان کی طاقت تھی گہری قبر کھودی۔ صبح ہوئی تو دیکھا کہ زمین نے اس کو باہر پھینک دیا ہے۔ پھر ان کو معلوم ہوا کہ یہ لوگوں کا کام نہیں ہے انہوں نے بھی اس کو پھینک دیا۔

ترجمہ

حضرت اَنس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ''ایک شخص (قبیلۂ بنو نجار سے) نصرانی تھا، وہ اسلام لے آیا اور اُس نے سورہ بقرہ اور آلِ عمران پڑھ لی۔ پھر وہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کاتبِ وحی مقرر ہو گیا۔ پھر وہ مرتد ہو گیا اور اپنے دین نصرانی میں چلا گیا، وہ مرتد ہونے کے بعد کہتا تھا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہی علم ہے جو میں نے اُن کو لکھ کر دیا۔ پھر اللہ جل جلالہ نے اُس کو موت دی اور لوگوں نے اُس کو دفن کر دیا۔ صبح ہوئی تو دیکھا کہ زمین نے اُس کو باہر پھینک دیا ہے۔ نصرانیوں نے کہا، ''یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب کا کام ہے جب کہ وہ اُن کے دین سے بھاگ گیا تھا۔ اُنہوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھود ڈالی اور اُس کو باہر پھینک دیا۔'' نصرانیوں نے جتنی اُن کی طاقت تھی گہری قبر کھودی۔ صبح ہوئی تو دیکھا کہ زمین نے اُس کو باہر پھینک دیا۔ پھر اُن کو معلوم ہوا کہ یہ لوگوں کا کام نہیں ہے اُنہوں نے بھی اُس کو پھینک دیا۔[1]

1. صحیح بخاری (اردو)، 2/397، رقم: 828، انٹرنیشنل نمبر: 3617

صحیح مسلم کی ایک حدیث

کیا کاتبِ وحی ہونے سے ''بے گناہ و بے خطا'' کا سرٹیفکٹ مل جاتا ہے؟ کیا کاتب وحی گمراہ ہوسکتا ہے؟ کیا کاتبِ وحی غلطی کرسکتا ہے؟ اِن تمام سوالوں کے جواب میں ہم صحیحین (یعنی بخاری ومسلم) کی متفق علیہ حدیث پیش کرنے جارہے ہیں۔

صحیح مسلم (سوئم) ۵۶۱ ۵۰-کتاب صفات المنافقین واحکامھم

۶۹۷۱- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ (وَهُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ) عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ مِنَّا رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ قَدْ قَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ وَكَانَ يَكْتُبُ لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ فَانْطَلَقَ هَارِبًا حَتَّى لَحِقَ بِأَهْلِ الْكِتَابِ قَالَ فَرَفَعُوهُ قَالَ هَذَا قَدْ كَانَ يَكْتُبُ لِمُحَمَّدٍ فَأَعْجَبُوا بِهِ فَمَا لَبِثَ أَنْ قَصَمَ اللَّهُ عُنُقَهُ فِيهِمْ فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا فَتَرَكُوهُ مَنْبُوذًا.

مسلم تحفۃ الاشراف (۴۲۵)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے قبیلہ بنو النجار میں سے ایک شخص تھا' اس نے سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھی تھی اور وہ رسول اللہ ﷺ کے لیے کتابت کرتا تھا' وہ بھاگ گیا اور اہل کتاب کے ساتھ لاحق ہو گیا' انہوں نے اس چیز کو اٹھالیا اور کہا یہ محمد (ﷺ) کے لیے کتابت کرتا تھا' وہ اس سے بہت خوش ہوئے' تھوڑے دنوں میں اللہ تعالیٰ نے اس کی گردن توڑ دی' انہوں نے گڑھا کھود کر اس کو دفن کر دیا' صبح کے وقت زمین نے اس کو نکال کر باہر پھینک دیا' انہوں نے اس کو دوبارہ گڑھا کھود کر دفن کیا' صبح کو اسے زمین نے نکال کر پھر باہر پھینک دیا' انہوں نے سہ بارہ گڑھا کھود کر اس کو دفن کیا' صبح کے وقت زمین نے اس کو پھر باہر نکال پھینکا' پھر انہوں نے اس کو اسی طرح باہر پڑا ہوا چھوڑ دیا۔

ترجمہ

حضرت اَنس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے قبیلۂ بنو نجار میں سے ایک شخص تھا، اُس نے سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھی تھی اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کتابت کرتا تھا، وہ بھاگ گیا اور اہلِ کتاب کے ساتھ لاحق ہو گیا، اُنہوں نے اُس چیز کو اُٹھا لیا اور کہا: یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کتابت کرتا تھا، وہ اُس سے بہت خوش ہوئے، تھوڑے دِنوں میں اللہ تعالیٰ نے اُس کی گردن توڑ دی، اُنہوں نے گڑھا کھود کر اُس کو دفن کر دیا، صبح کے وقت زمین نے اُس کو نکال کر باہر پھینک دیا، اُنہوں نے اُس کو دوبارہ گڑھا کھود کر دفن کیا، صبح کو اُسے زمین نے نکال کر پھر باہر پھینک دیا، اُنہوں نے دوبارہ گڑھا کھود کر اُس کو دفن کیا، صبح کے وقت زمین نے اُس کو پھر باہر نکال پھینکا، پھر اُنہوں نے اُس کو اِسی طرح باہر پڑا ہوا چھوڑ دیا۔[1]

1. صحیح مسلم (اردو)، 3/561، رقم: 6971، انٹرنیشنل نمبر: 7040

مشکوٰۃ المصابیح کی حدیث



كِتَابُ الْفَضَائِلِ وَالشَّمَائِلِ 451/3 معجزوں کا بیان

٥٨٩٨: وَعَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: إِنَّ رَجُلاً كَانَ يَكْتُبُ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَارْتَدَّ عَنِ الإِسْلَامِ، وَلَحِقَ بِالْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ((إِنَّ الْأَرْضَ لَا تَقْبَلُهُ)). فَأَخْبَرَنِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ رضي الله عنه أَنَّهُ أَتَى الْأَرْضَ الَّتِيْ مَاتَ فِيْهَا فَوَجَدَهُ مَنْبُوْذًا، فَقَالَ: مَا شَأْنُ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: دَفَنَّاهُ مِرَارًا فَلَمْ تَقْبَلْهُ الْأَرْضُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

٥٨٩٨: انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے لیے (وحی) لکھا کرتا تھا، وہ اسلام سے مرتد ہو کر مشرکین سے جا ملا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''زمین اسے قبول نہیں کرے گی۔'' ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا کہ وہ شخص جس جگہ فوت ہوا تھا وہ وہاں گئے تو انہوں نے اسے سطح زمین پر پڑا ہوا دیکھا تو پوچھا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ہم نے اسے کئی مرتبہ دفن کیا مگر زمین (قبر) اسے قبول نہیں کرتی۔

❶ متفق عليه، رواه البخاري (٣٦١٧) ومسلم (١٤/ ٢٧٨١).

ترجمہ

اَنس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے لیے (وحی) لکھا کرتا تھا، وہ اسلام سے مرتد ہو کر مشرکین سے جا ملا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''زمین اِسے قبول نہیں کرے گی۔'' ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا کہ وہ شخص جس جگہ فوت ہوا تھا وہ وہاں گئے تو اُنہوں نے اُسے سطحِ زمین پر پڑا ہوا دیکھا تو پوچھا: ''اِس کا کیا معاملہ ہے؟'' اُنہوں نے بتایا کہ ''ہم نے اِسے کئی مرتبہ دفن کیا مگر زمین (قبر) اِسے قبول نہیں کرتی۔''(1)

اِس صحیح حدیث کی روشنی میں یہ بات واضح ہوگئی کہ اگر کوئی بندہ کاتبِ وحی ہو تو اُس سے وہ ''بے گناہ بے خطا'' یا ''معصوم'' نہیں ہوجاتا بلکہ اُس سے غلطی، گناہ اور اللہ و رسول ﷺ کی نافرمانی کا جرم بھی ہوسکتا ہے یہاں تک کہ کاتبِ وحی کا دینِ اسلام سے پھر جانا اِس صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ اِس حدیث کو یہاں پیش کرنے کی وجہ صرف اِتنی ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ''کاتبِ وحی'' بتا کر اُن کے لیے ''بے گناہ بے خطا'' کا خود ساختہ عقیدہ بنا کر لوگوں کو جن علماء و مشائخ اور پیر وصوفیوں نے دھوکہ دیا ہے اُن کے باطل عقیدے کا پردہ چاک ہوسکے کہ کاتبِ وحی ہونا معصومیت یا حق پر ہونے کی دلیل ہرگز نہیں ہے۔

1. مشکوٰۃ المصابیح (اردو)، 3/451-452، رقم: 5898

قرآن کسی کاتب کا محتاج نہیں ہے

کچھ علماء ومشائخ بھولی بھالی عوام کو یہ کہہ کر دھوکہ دیتے ہیں کہ ''کاتبِ وحی'' قرآن کی آیتیں لکھا کرتے تھے لہٰذا اگر ہم کاتبِ وحی پر شک کریں گے تو قرآن بھی شک کے دائرے میں آجائے گا (نعوذ باللہ من ذالک)۔ تعجب ہے ایسے نام نہاد علماء ومشائخ کے ایمان وعقائد پر جو ایک کاتبِ وحی کی قلم پر مبنی ہے نہ کہ اللہ ربّ العزّت کی شان وعظمت پر کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

قارئین کرام! یہ بالکل جھوٹ ہے کہ کاتب وحی پر شک کرنے سے قرآن شک میں آجائے گا کیوں کہ قرآن کی حفاظت کا ذمّہ تو خود اللہ ربّ العزت نے لیا ہے۔ قرآن کسی بھی کاتبِ وحی کا محتاج نہیں ہے نہ ہی کسی کاتبِ وحی کے گناہگار یا مرتد ہونے سے قرآن کی حقانیت پر آنچ آئے گی کیوں کہ اللہ کریم نے قرآن کی حفاظت اپنے ذمّے رکھی ہے جس کا بیان اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے:

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾

ترجمہ

''ہم فرشتوں کو حق فیصلے کے ساتھ ہی اُتارتے ہیں اور جب وہ اُترتے ہیں تو لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔ بیشک ہم نے اُتارا ہے یہ قرآن اور بیشک ہم خود اِس کے نگہبان ہیں۔''[1]

صدر الافاضل محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ اِس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ:

''تحریف وتبدیل وزیادتی وکمی سے اِس کی (یعنی قرآن کی) حفاظت فرماتے ہیں، تمام جنّ واِنس اور ساری خلق کے مقدور میں نہیں ہے اِس میں ایک حرف کمی بیشی کرے یا تغیر وتبدیل کر سکے اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے اِس لیے یہ خصوصیت صرف قرآن شریف ہی کی ہے دوسری کسی کتاب کو یہ بات میسّر نہیں۔ یہ

1. سورۃ الحجر، 15:8-9، (ترجمہ: کنز الایمان)

حفاظت کئی طرح پر ہے ایک یہ کہ قرآن کریم کو معجزہ بنایا کہ بشر کا کلام اِس میں مل ہی نہ سکے، ایک یہ کہ اِس کو معارضے سے اور مقابلے سے محفوظ کیا کہ کوئی اِس کی مثل کلام بنانے پر قادر نہ ہو، ایک یہ کہ ساری خلق کو اِس کے نیست ونابود اور معدوم کرنے سے عاجز کر دیا کہ کفّار باوجود کمالِ عداوت کے اِس کتابِ مقدّس کو معدوم کرنے سے عاجز ہیں۔"[1]

اِمام بغوی شافعی رحمۃ اللہ علیہ اِس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"**انّا نحن نزلنا الذکر**" اِس سے مراد قرآن ہے۔ "**وانّا له لحافظون**" کہ ہم اِس قرآن کو شیطان سے محفوظ کر لیں گے، نہ وہ اِس میں زیادتی کر سکے گا اور نہ اِس میں کمی کر سکے گا اور نہ اِس کو تبدیل کر سکے گا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان "**لا یأتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه**" 'والباطل' سے مراد ابلیس ہے کہ وہ قرآن میں نہ کسی قسم کی زیادتی پر قادر ہوگا اور نہ ہی وہ اِس قرآن سے کسی قسم کی کمی کر سکے گا۔"[2]

اللہ تعالیٰ قرآن میں ایک اور جگہ فرماتا ہے:

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾

ترجمہ

تم یاد کرنے کی جلدی میں قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو حرکت نہ دو [16] بیشک اُس کا محفوظ کرنا اور پڑھنا ہمارے ذمّے ہے [17] تو جب ہم اُسے پڑھ چکے اُس وقت اُس پڑھے ہوئے کی اِتباع کرو [18] پھر بیشک اُس کی باریکیوں کا تم پر ظاہر فرمانا ہمارے ذمّے ہے۔ [19][3]

1. سورۃ الحجر: آیات: 9-8، کنز الایمان مع خزائن العرفان۔
2. تفسیرِ بغوی: 3/240
3. سورۃ القیامۃ: 75:16-19 (ترجمہ: کنز الایمان)

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ طلقاء تھے

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا طلقاء سے ہونا

علّامہ قاری ظہور احمد فیضی اپنی مشہور کتاب ''شرح خصائصِ علی رضی اللہ عنہ'' میں لکھتے ہیں :



شرح خصائص علی 162 ۸۸۷

چونکہ حضرت معاویہ نے امام برحق کی اطاعت سے روگردانی کی تھی اور جنگ کر کے حد سے تجاوز اور ظلم کے مرتکب بھی ہوئے تھے اس لیے وہ اور ان کا گروہ باغی ٹھہرا اور پھر جب ان کے ہاتھوں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ قتل ہوا تو ان کی بغاوت ظاہر ہو گئی اور نیوی پیش گوئی ویسا کے سامنے اور روشن سے بھی زیادہ عیاں ہو گئی۔

اب آپ ایک مرتبہ پھر تیسرے خطرے کے اس قول میں غور فرمائیں جو اس نے مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی طرف بغاوت کی نسبت کی ہے کہ اس کا مطلب کیا ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے نزدیک امام برحق معاویہ تھا اور مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے امام برحق کی بغاوت کی تھی۔ اس سے ان اندھے سنیوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں جو بیجا دلائل کرتے کرتے تھکتے نہیں۔

حضرت معاویہ کا طلقاء سے ہونا

حکیم فقیر اور تمام ناصبی لوگ حضرت معاویہ کو تاج دیتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مدمقابل بنا دیتے ہیں، حالانکہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہونے والا کوئی شخص کسی سابق غلام مسلمان کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتا چہ بالکہ کہ وہ کسی صحابی کا مقابلہ کرے۔ یاد رہے کہ جو لوگ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے درحقیقت وہ غلام ہی تھے لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چونکہ عملاً انہیں غلام نہ بنایا بلکہ از راہ کرم نوازی انہیں اسی لمحہ آزاد کر دیا تھا اس لیے وہ طلقاء (آزاد شدہ) کہلائے۔ چنانچہ فتح مکہ کے روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا:

''اے قریشیو! کیا تم جانتے ہو کہ میں تمہارے ساتھ کیا کرنے والا ہوں؟ انہوں نے بیک زبان عرض کیا: بھلائی کرنے والے ہیں کیونکہ آپ کریم بھائی ہیں اور کریم بھائی کے فرزند ہیں۔ آپ نے فرمایا: اذهبوا فانتم الطلقاء

''جاؤ تم طلقاء (آزاد) ہو''۔

(السیرۃ النبویۃ لابن اسحاق ص ۵۳۱، زاد المعاد ج ۳ ص ۳۵۹، البدایۃ والنہایۃ ج ۴ ص ۳۵۳، المواہب اللدنیۃ ج ۱ ص ۵۸۰، سبل الہدیٰ والرشاد ج ۵ ص ۲۴۲، السیرۃ النبویۃ للندوی ص ۳۴۱، الرحیق المختوم ص ۴۰۵)

سو فتح مکہ کے بعد مسلمان ہونے والے لوگوں کو اگرچہ صاحب اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے از راہ کرم غلام نہیں بنایا مگر وہ حکماً غلام ہی ہیں اس لیے درجہ میں اس شخص کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتے جو واقعۃً تھا تو غلام لیکن فتح مکہ سے قبل

(1283) ہشام نے معمر سے انہوں نے زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہوں نے کہا (دوسری طرف) معمر نے کہا مجھ سے عبداللہ بن طاؤس نے معمر بن خالد سے بیان کیا انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا انہوں نے کہا میں بنی عمیشہ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا جبکہ ان کے بالوں سے پانی کے قطرے گر رہے تھے میں نے کہا لوگوں کا معاملہ یہاں تک پہنچ چکا ہے جیسے آپ دیکھ رہی ہیں اور مجھے (امارت سے) کوئی حق نہیں دیا گیا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا لوگوں سے جا کر ملو تمہارا انتظار کر رہے ہیں اور مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ تمہارے نہ جانے سے جماعت میں افتراق و اختلاف ہو جائے گا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو جانے پر مجبور کیا حتیٰ کہ وہ چلے گئے جب لوگ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کر کے چلے گئے تو حضرت معاویہ نے خطبہ دیا انہوں نے کہا جو خلافت کے متعلق کلام کرنا چاہتا ہے وہ ہمارے سامنے آئے ہم ہی سے اور اس کے باپ سے خلافت کے زیادہ مستحق ہیں۔ حبیب بن مسلمہ (ابن مالک) نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تم نے امیر معاویہ کو اس کا جواب کیوں نہیں دیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے اپنا بند کھولا تھا اور میں نے یہ

1. ابن بطّال فی شرح صحیح البخاری (اردو): 10/06

صحیح بخاری میں حدیث ہے:

ہشام نے معمر سے اُنہوں نے اِمام زہری سے اُنہوں نے سالم سے اُنہوں نے اپنے والد حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا، اُنہوں نے کہا، (دوسرا طریق) معمر نے کہا، مجھ سے عبد اللہ بن طاؤس نے طلحہ بن خالد سے بیان کیا، اُنہوں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا۔ اُنہوں نے کہا: میں اپنی ہمشیرہ (بہن) اُمّ المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا اور اِس حال میں کہ اُن کے بالوں سے پانی کے قطرے گر رہے تھے میں نے اپنی ہمشیرہ (بہن) سے کہا، ''لوگوں کا معاملہ یہاں تک پہنچ چکا ہے، جسے آپ دیکھ رہی ہیں اور مجھے (امارت سے) کوئی حق نہیں دیا گیا۔'' حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، ''لوگوں سے جا کر ملو، وہ تمہارا انتظار کر رہے ہیں اور مجھے اِس بات کا اندیشہ ہے کہ تمہارے نہ جانے سے جماعت میں افتراق واختلاف ہو جائے گا۔'' حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو جانے پر مجبور کیا تھا کہ وہ چلے گئے جب لوگ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کر کے چلے گئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اُنہوں نے کہا ''جو امارت کے متعلق کلام کرنا چاہتا ہے وہ ہمارے سامنے آئے۔ ہم اُس سے اور اُس کے باپ سے خلافت کے زیادہ مستحق ہیں۔'' حبیب بن مسلمہ (بن مالک) نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا، تم نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو اِس کا جواب کیوں نہیں دیا؟ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، 'میں نے اپنا پٹولا (گوٹھ) کھولا تھا اور میں نے یہ کہنے کا اِرادہ کیا تھا' اِس اَمر (خلافت) کا زیادہ مستحق وہ شخص ہے جو اسلام میں تجھ سے اور تیرے باپ سے جنگ کر چکا ہے۔ (یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ یوم اُحد اور خندق میں تم سے جنگ کر چکے ہیں اور تم دونوں اُس وقت کافر تھے) پھر مجھے خوف ہوا کہ میں کوئی ایسی بات نہ کہہ دوں جو لوگوں کی تفریق اور خوں ریزی کا سبب بن جائے اور میری بات کا وہ مطلب لیا جائے جو میری مراد نہیں تو میں نے وہ یاد کیا جو اللہ ﷻ نے جنّت میں مہیّا کر رکھی ہے (یعنی جس نے صبر کیا اور دنیا پر آخرت کو ترجیح دی)۔'' حبیب بن مسلمہ نے کہا: ''تم محفوظ رہے اور بچ گئے'' محمود (بن غیلان فیروزی) عبد الرزاق سے ''نسوتھا'' کی جگہ ''نوساتھا'' روایت کی ہے۔[1]

---

1. صحیح بخاری (اردو): 2/609-610، رقم: 1283، انٹرنیشنل نمبر: 4108

تشریح :

مشہور اہل حدیث عالم شیخ عبد اللہ دانش صحیح بخاری کی اس حدیث کے ضمن میں لکھتے ہیں :



155

دوسری طرف یہی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جنہیں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ تنہائیوں میں بھی ہدایت دیتے رہے اور انہوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ کو شام کا گورنر بھی بنایا۔ صحیح بخاری کتاب المغازی حدیث 4108 میں دیکھیں کس رعونت کے ساتھ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی توہین کی؟ منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر کھڑے ہو کر للکارا جو اس خلافت کا آرزومند ہے، وہ ذرا اپنا سر اٹھائے۔

ہم اس خلافت کے زیادہ حقدار ہیں، اس سے بھی اور اس کے باپ سے

بعد میں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ کیونکر صبر کر گئے اور اس دھمکی کو پی

اپنے عظیم محسن فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے کس قدر احسان فراموش نکلے۔

'دوسری طرف یہی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جنہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ تنہائیوں میں بھی ہدایت دیتے رہے ہیں اور اُنہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو شام کا گورنر بھی بنایا۔ صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث - 4108 میں دیکھیں کہ کس طرح سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی توہین کی ؟' منبرِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کھڑے ہوکر للکارا، ''جو اِس خلافت کا آرزومند ہے، یہ ذرا اپنا سر اُٹھائے، ہم اِس خلافت کے زیادہ حق دار ہیں، اُس سے بھی اور اُس کے باپ سے بھی۔''

بعد میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ وہ کیوں کر صبر کر گئے اور اُس دھمکی کو پی گئے۔ اپنے عظیم محسن فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے کس قدر احسان فراموش نکلے ؟(1)

غور کریں کس قدر خوف تھا کہ حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ ہیں جو کہ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے فرزندِ ارجمند ہوتے ہوئے بھی حق گوئی سے بعض رہے اور تو اور اپنے والد گرامی کی توہین پر بھی کچھ نہ کہہ سکے یعنی کے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور

1. شیخ عبد اللہ دانش فی اربعین فضائل امام حسین رضی اللہ عنہ (اردو) صفحہ : 22/23

آپ کے گورنروں کے سامنے اظہارِ حق انتہائی دشوار تھا، مگر یہاں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جو فرمایا اس میں تم سے زیادہ اس حکومت کے حق دار وہ تھے جنہوں نے تم سے اور تمہارے باپ سے اسلام کی خاطر جنگ کی تھی۔ اس کی شرح میں علامہ بدر الدین عینی حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے (دل میں کہا) اِس خلافت کے حق دار وہ ہیں جنہوں نے تم سے اور تمہارے باپ سے اسلام کی خاطر جنگ کی تھی: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مراد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کے والد حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ تھے، کیوں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کے والد ابو سفیان رضی اللہ عنہ سے اُحد اور خندق میں اسلام کے لیے جنگ کی تھی اور اُس وقت یہ دونوں کافر تھے اور یہ دونوں فتح مکّہ کے بعد اسلام لائے تھے۔''[1]

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: جس نے تم سے اور تمہارے باپ سے اسلام کی خاطر قتال کیا تھا، یعنی اُحد میں اور خندق میں اور اُن کے خلاف جنگ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور تمام مہاجرین اور انصار شامل تھے جو اُحد اور خندق میں موجود تھے۔ اِسی سے یہ مناسبت معلوم ہوگئی کہ اِمام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اِس قصّے کی غزوۃ الخندق کے بعد میں کیوں روایت کیا ہے، کیوں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے والد اُس جنگ میں کفّار کی جماعتوں کے سردار تھے۔''

نیز آپ لکھتے ہیں:

''یہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے کا واقعہ ہے۔[2]

1. عینی فی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری (عربی): 17/249
2. فیض الباری (اردو ترجمہ)، عسقلانی فی فتح الباری شرح صحیح البخاری، 07/162

شرط-2

"سیّدنا علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی جماعت کے لوگ صلح کے بعد ہتھیار ڈال چکے ہیں، اُن کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کاروائی نہیں کی جائے گی۔"

سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے چاہنے والے اور صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سیفی بن فصیل شیبانی رضی اللہ عنہ اور صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حُجر بن عدی کندی رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں کو قتل کرنا اِس شرط کی دھجیاں اُڑانے کے برابر تھا۔[1]

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مولا علی رضی اللہ عنہ کے چاہنے والوں پر ظلم

تاریخِ طبری میں علّامہ ابو جعفر بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد (شہادت کے بعد) جب عراق نے بھی معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت کو تسلیم کر لیا۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ عمل اختیار کیا کہ کوفہ میں علی رضی اللہ عنہ کے جو غالی شیعہ تھے اُن کو اُن کے مکانات سے بے دخل کر کے اُن کی جگہ اپنے شام کے، بصرا کے، جزیرے کے غالی طرفداروں کو آباد کر دیا۔[2]



تاریخ طبری 859 جلد اول

عمرے تک سماج بنی تغلب میں مقیم رہی یہاں تک کہ امیر معاویہ کا عہد آیا اور جب تمام اسلامی ممالک میں باشرکت ان کی حکومت قائم ہو گئی انہوں نے بنی تغلب کو جزیرے سے منتقل کر دیا۔ حضرت علیؓ کے بعد جب عراق نے بھی معاویہؓ کی حکومت کو تسلیم کر لیا۔ معاویہؓ نے یہ عمل اختیار کیا کہ کوفے میں علیؓ کے جو غالی شیعہ تھے ان کو ان کے مکانات سے بے دخل کر کے ان کی جگہ اپنے شام کے عمرے کے اور جزیرے کے غالی طرفداروں کو آباد کر دیا۔ انہیں لوگوں کو شہروں میں داخل کیا جاتا ہے۔ اسی سلسلے میں معاویہؓ نے قعقاع بن عمرو بن مالک کو کوفے سے فلسطین کے شہر ایلیاء میں منتقل کیا۔ اس نے یہ درخواست کی کہ ان کے خاندانی مکانات میں بنی مسکان کو

1. تاریخِ طبری: 6/149؛ کتاب العبر: 3/30؛ تاریخِ طبری: 6/155؛ البدایۃ والنہایۃ: 8/52؛ کتاب الکامل فی تاریخ: 3/245-49؛ کتاب العبر: 3/24-31؛ الاصابہ فی تمیز الصحابہ: 1/313؛ أسدُ الغابۃ فی معرفۃِ الصحابۃ: 1/244؛ کتاب الطبقات الکبیر: 6/217؛ المستدرک صحیحین: 3/468-70
2. تاریخ طبری (اردو): 1/859

صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ

مُستدرک للحاکم کی ایک حدیث

ترجمہ

اِبراہیم بن یعقوب فرماتے ہیں کہ حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت بھی پایا، اُس زمانے میں خون بھی کھایا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت بھی پائی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دین کے احکام بھی سنے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ جنگِ جمل اور صفّین میں شریک بھی ہوئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے وفاداروں میں شہید ہوئے۔(1)

اِمام حاکم رضی اللہ عنہ نے 'مُستدرک' میں اِس حدیث کو نقل کیا ہے اور اِمام ذہبی رضی اللہ عنہ نے اپنی 'تلخیص' میں اِس حدیث پر سکوت اختیار کیا ہے۔(2)

قارئین کرام! امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کا حکم دیا۔ اب سوال یہ اُٹھتا ہے کہ آخر کار حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ سے ایسی کون سی غلطی ہوئی کہ اُن کو قتل کرنا پڑا اور ہم یہ کتاب جس کا موضوع 'صلح اِمام حسن رضی اللہ عنہ' ہے، اِس میں حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کا ذکر تفصیل سے کیوں کیا جا رہا ہے تو اس کی دو اہم وجوہات ہیں:

(1) سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جنگ صفّین میں سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے باغیوں سے (یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر سے) جنگ لڑنے والوں میں سے تھے اور سچّے عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و اہلِ بیت کے جانثاروں میں سے تھے۔

(2) صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شرطوں میں سے ایک شرط یہ تھی کہ نہ تو مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کیا جائے گا اور نہ ہی مولا علی رضی اللہ عنہ کے چاہنے والوں کو ناحق قتل کیا جائے گا۔

---

1. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/179، رقم: 5983
2. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/576، رقم: 6054

سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کے قتل کا باعث کہیں نہ کہیں یہی دو وجہ تھی کہ وہ امام برحق سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ کے جانثاروں میں سے تھے اور اُنہیں اِس لیے گرفتار کیا گیا اور قتل کیا گیا کیوں کہ اُنہوں نے نماز میں دیری کردی اور مولا علی رضی اللہ عنہ پر منبروں سے سبّ وشتم کے خلاف پرچمِ حق بلند کیا۔ اِس کے علاوہ تاریخ و حدیث کی کوئی کتاب میں اُن کا ایسا کوئی جرم ثابت نہیں ہے کہ اُنہیں قتل کیا جائے۔ نہ ہی اُنہوں نے شریعت کے خلاف کوئی کام انجام دیا نہ ہی اُنہوں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کو توڑا باوجود اس کے اُن کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے قتل کروا دیا۔

حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں کو قتل کرنا یہ 'صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ' کی اُس شرط کی دھجیاں اُڑانے جیسا تھا کہ جس میں طے ہوا تھا کہ ''سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی جماعت کے لوگ، جو صلح کے بعد ہتھیار ڈال چکے ہیں، اُن کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کاروائی نہیں کی جائے گی۔''

ہم یہاں پر سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کا ذکر اور اُن کی شہادت کا واقعہ ''الاصابہ فی تمییز الصّحابۃ''، ''اسد الغابۃ'' اور ''الکامل فی التاریخ'' سے بیان کر رہے ہیں۔

(۱۶۳۱) حُجر ابن عدی

بن معاویہ بن جبلہ بن عدی بن ربیعہ بن معاویہ الاکرمین الکندی، المعروف حجر بن ادبر، حجر الخیر، ابن سعد اور مصعب زبیری نے حاکم کی ابن سے روایت کو ذکر کیا ہے کہ وہ اور ان کا بھائی ہانی بن عدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اور حجر بن عدی جنگ قادسیہ میں شریک ہوئے۔ اس کے بعد جنگ جمل وصفین میں شریک ہو کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا اور وہ آپ کے مددگاروں میں سے تھے۔ تقدیر کا نوشتہ دیکھیں جس علاقہ مرج عذراء کو انہوں نے فتح کیا تھا وہیں حجر امیر معاویہ کے حکم سے قتل ہوئے۔ اس سب کا ابن یحییٰ نے ذکر کیا ہے۔ اور یعقوب بن سفیان نے صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے امراء میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن السکن وغیرہ ابراہیم بن اشتر کے طرق سے بحوالہ ان کے والد روایت کرتے ہیں کہ مقام ربذہ میں وہ اور حجر بن ادبر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی وفات کے موقع پر حاضر تھے۔ البتہ امام بخاری، ابن ابی حاتم بحوالہ اپنے والد، خلیفہ بن خیاط اور ابن حبان نے انہیں تابعین میں ذکر کیا ہے۔ اسی طرح ابن سعد نے کوفہ کے پہلے طبقہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ تو شاید یہ ان کے گمان میں دوسرے شخص ہیں یا ان سے چوک ہوگئی ہے۔

ابن قانع نے ان کے سوانح میں شعیب بن حرب کے طریق سے بحوالہ شعبہ، ابوبکر بن حفص سے انہوں نے صحابی رسول حجر بن عدی سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ''ایک گروہ ایسا ہوگا کہ شراب کا نام بدل کر اسے پیئے گا''۔ امام احمد رحمہ اللہ نے ''زہد'' میں اور حاکم نے مستدرک میں ابن سیرین کے طریق سے نقل کیا ہے، فرمایا: ایک دفعہ زیاد نے خطبہ لمبا کر دیا تو حجر نے اس سے کہا: نماز کا وقت نکل رہا ہے۔ لیکن اس نے خطبہ جاری رکھا۔ جس پر حجر اور ان کے ساتھ دوسرے لوگوں نے اسے کنکریاں ماریں۔ زیاد منبر سے اتر آیا اور امیر معاویہ کو لکھا آپ نے لکھا کہ اسے میری طرف بھیج دیا جائے۔ جب وہ ان کے سامنے ہوئے تو یوں گویا ہوئے: ''السلام علیک امیر المومنین!'' انہوں نے فرمایا کیا میں امیر المومنین ہوں؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ پھر ان کے قتل کیے جانے کا حکم دے دیا۔ تو حجر فرمانے لگے: نہ مجھ سے لوہا دور کرنا اور نہ خون دھونا، اس لئے کہ میں (قیامت میں) راستے کے درمیان معاویہ سے ملوں گا اور مقدمہ (بدرگاہ الٰہی) پیش کروں گا۔

[1] اسد الغابہ (۱/۹۳) الاصابہ (۱/۲۰۰) [2] مصنف (۱۵/۲۰۰) [3] تجریح و تعدیل (۳/۳۳۶)
[4] ثقات (۱/۱۷۶) [5] الطبقات الکبریٰ (۶/۱۵۱)



تھے کہ حضرت ابن عمر بازار میں تھے جب ان کو حجر کی وفات کی خبر ملی تو ان سے صبر نہ ہو سکا اٹھ کھڑے ہوئے اور رونے کی آواز ان سے بلند ہو گئی۔ محمد بن سیرین سے قتل کے دو رکعت نماز پڑھنے کا مسئلہ پوچھا گیا انہوں نے کہا ان دونوں رکعتوں کو حجر اور صحب نے پڑھا ہے اور یہ دونوں اچھے فاضل تھے۔ حسن (بصری) حجر اور ان کے اصحاب کے قتل کو بڑا حادثہ سمجھتے تھے۔

ربیع بن زیاد حارثی کو جو حضرت معاویہ کی طرف سے خراسان کے حاکم تھے حجر کے قتل کی خبر پہنچی تو انہوں نے اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ ربیع کے لئے اگر حجر پر اس بھلائی ہو تو اسے اپنی طرف اٹھا لے اور جلدی کر چنانچہ وہ اس مقام سے بچنے نہیں پائے کہ ان کی وفات ہو گئی۔ حجر کا وظیفہ دو ہزار پانچ سو تھا ان کا قتل ۵۱ ہجری میں ہوا ان کی قبر مقام عذرا میں مشہور ہے۔ مستصاب اللہ عرب تھے ان کا تذکرہ ابو عمر اور ابو موسیٰ نے لکھا ہے۔

۱۰۹۴۔ حضرت حجرؓ بن عنبس

حضرت حجرؓ بن عنبس کہتے ہیں کہ بعض لوگ ان کو ابن قیس کہتے ہیں کنیت ان کی ابو العنبس ہے کوفی ہیں اور اہل بیت کہتے ہیں ان کی کنیت ابو السکن ہے انہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا تھا اور اسی زمانہ میں انہوں نے (ایک مرتبہ) خون بہایا تھا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نہیں مگر آپ کی زندگی ہی میں آپ پر ایمان لے آئے تھے۔ ان کی روایت حضرت علی بن ابی طالب اور وائل بن حجر سے ہے۔ حضرت علی کے ہمراہ جنگ جمل اور صفین میں شریک تھے۔ ان سے موسیٰ بن قیس حضرمی نے روایت کی ہے کہ یہ کہتے تھے کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مجھ سے حضرت فاطمہ کی خواستگاری کی مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (منظور نہیں کیا اور حضرت علی سے) فرمایا کہ اے علی کیا تم اس کو منظور کرتے ہو۔ اس حدیث کو عبداللہ بن داؤد حربی نے موسیٰ بن قیس سے روایت کیا ہے انہوں نے ان کا نام حجر بن قیس بتایا ہے اور باقی بات زیادہ روایت کی ہے کہ حضرت نے فرمایا اے علی کیا تم اس کو منظور کرتے ہو بشرطیکہ فاطمہ سے محمد سا عشرت کرے۔ ان کا تذکرہ ابن یونس نے لکھا ہے۔

۱۰۹۵۔ حضرت حجرؓ والد حنشی

حضرت حجرؓ والد حنشی ہے۔ والد حنشی کے۔ عبدان نے ان کو اسی طرح ذکر کیا ہے حالانکہ ان کا نام حجر ہے اور اسی نام میں لوگوں نے ان کا ذکر لکھا ہے ابو موسیٰ نے ان کا تذکرہ مختصر لکھا ہے۔

۱۰۹۶۔ حضرت حجرؓ بن نعمان

حضرت حجرؓ بن نعمان بن عمرو بن مرثد بن عامک بن امرء القیس بن ایل بن معاویہ بن حارث اکبر۔ نبی کے حضور میں وفد بن کندہ کے ساتھ اور اسلام لائے۔ آگے چلے صفت بن حجر کا وظیفہ دو ہزار پانچ سو تھا۔ یہ ابن شاہین کا قول ہے۔ ان کا تذکرہ ابو موسیٰ نے لکھا ہے۔

۱۰۹۷۔ حضرت حجرؓ بن یزید

حضرت حجرؓ بن یزید بن سلمہ بن عمرو بن حجر بن عدی بن ربیعہ بن معاویہ اکبر بن کندی۔ ان کو لوگ حجر شر کہتے ہیں اس سبب سے

۱۰۹۳۔ حضرت حجرؓ بن عدی

حضرت حجرؓ بن عدی بن معاویہ بن جبلہ بن عدی بن ربیعہ بن معاویہ اکبر بن کندی بن حارث بن معاویہ بن ثور بن مرتع بن معاویہ بن کندہ کندی۔ یہ حجر الخیر کے نام سے مشہور ہیں۔ بیٹے ہیں ادبر کے ان کے والد عدی کو ادبر اس سبب سے کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ بھاگے جا رہے تھے ان کے سر میں کسی نے نیزہ مار دیا تھا اسی وجہ سے ان کو لوگ ادبر کہنے لگے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں یہ اور ان کے بھائی ہانی حاضر ہوئے تھے اور جنگ قادسیہ میں شریک تھے۔ فضلاء نے سماع میں تھے۔ جنگ صفین میں خیلہ کندہ کے یہ سالار تھے اور خود ان میں لشکر کے میسرہ پر تھے اور جنگ جمل میں بھی حضرت علی کے ساتھ تھے مشہور صحابہ سے ہیں۔ جب زیاد عراق کا حاکم ہوا اور اس نے سختی اور بدعملی شروع کی تو حجر نے اس کی بیعت واپس کر دی اور حضرت معاویہ کی بیعت انہوں نے واپس نہ کی تھی۔ عدیان [1] علی بیعت کی ایک جماعت ان کی پیرو ہو گئی ایک دن تاخیر فرماتے کی بابت انہوں نے ان کے اصحاب نے زیاد پر طعن و تشنیع کی تو زیاد نے ان کی شکایت حضرت معاویہ کو لکھ بھیجی حضرت معاویہ نے لکھا کہ ان کو ان کے اصحاب کے ہمراہ میرے پاس بھیج دو۔

چنانچہ زیاد نے سب لوگوں کو رجل بن حجر حضرمی کے ساتھ بھیج دیا ان کے ساتھ بڑی جماعت تھی جب یہ مقام مرج عذرا میں پہنچے تو انہوں نے کہا کہ میں پہلا مسلمان ہوں جو اس مقام میں تکبیر کہتا ہوں پھر یہ اور ان کے اصحاب عذرا نامی قریہ میں جو دمشق کے پاس ہے اترے حضرت معاویہ نے ان سب کے قتل کا حکم دیا مگر حضرت معاویہ کے اصحاب نے بعض لوگوں کی سفارش کی تو چھوڑ دیئے گئے اور حجر اور ان کے ساتھ چھ آدمی قتل کر دیئے گئے اور چھ آدمی چھوڑ دیئے گئے جب لوگوں نے ان کے قتل کا حکم دیا تو انہوں نے دو رکعت نماز پڑھی بعد اس کے کہا کہ اگر تم میری طرف کسی اسی بات کا گمان نہ کرتے جو ظاہر میں نہیں ہے (یعنی بزدلی) تو بے شک میں ان دونوں رکعتوں کو طول دیتا بعد اس کے انہوں نے کہا کہ میرے ہتھیار نہ اتارنا اور میرے خون کو نہ دھونا (قیامت کے دن) معاویہ سے اسی حال میں ملوں گا جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حجر کے ساتھ زیاد کی اس بدسلوکی کی خبر ملی تو انہوں نے عبدالرحمن بن حارث بن ہشام کو حضرت معاویہ کے پاس بھیجا کہ خدا کے لئے حجر اور ان کے اصحاب کی سفارش کرو عبدالرحمن ایسے وقت میں پہنچے کہ وہ قتل ہو چکے تھے۔

تو عبدالرحمن نے حضرت معاویہ سے کہا کہ ابوسفیان تو حجر اور ان کے اصحاب کے ساتھ بہت بردباری کیا کرتے تھے یہ بات میں کیوں نہ سنوں تم نے ان کو قید کیوں نہ کر دیا کسی دوسرے مقام میں کیوں نہ بھیج دیا حضرت معاویہ نے کہا اس وقت میری قوم تم تمہارے ایسے (نیک مشورہ دینے والے) لوگ نہ تھے عبدالرحمن نے کہا خدا کی قسم اے اہل عرب تم کو علم سمجھیں گے اور سب عقل تم نے ایسے لوگوں کو قتل کر دیا جو مسلمان تھے اور تمہارے پاس قید کر کے بھیجے گئے تھے حضرت معاویہ نے کہا میں کیا کرتا جب تم نے ان کے بہت سخت حالات لکھے تھے اور لکھا تھا کہ یہ لوگ اپنا رخنہ ڈالنا چاہتے ہیں جو پھر نہ ہو سکے گا۔ جب حضرت معاویہ مدینہ میں آئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس گئے حضرت عائشہ نے سب سے پہلے حجر کے قتل کے متعلق ان سے سوال کیا تو حضرت معاویہ نے کہا کہ میرا اور حجر کا معاملہ چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ ہم دونوں اپنے پروردگار کے پاس جمع ہوں گے۔

[1] عدیان علی سے وہ لوگ مراد ہیں جو حضرت علی مرتضیٰ کے ساتھ رہتے تھے فرقہ واقفہ۔

سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور اُن کے بھائی ہانی بن عدی رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئے تھے اِس لیے آپ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ (1)

1. الإصابہ فی تمییز الصحابہ (اردو)، 1/581؛ أسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ (اردو)، 1/527

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

البتہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ بحوالہ اپنے والد خلیفہ بن خیاط اور ابن حبان نے اُنہیں تابعین میں ذکر کیا ہے، اِسی طرح ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ نے کوفہ کے پہلے طبقہ میں اُن کا ذکر کیا ہے تو شاید اُن کے گمان میں دوسرے شخص ہیں یا اُن سے چوک ہوگئی ہے۔ (1)

اور حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ جنگِ قادسیہ میں شریک ہوئے اِس کے بعد جنگِ جمل وصفّین میں شریک ہو کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا اور وہ آپ کے مددگاروں میں سے تھے۔ تقدیر کا نوشتہ دیکھیں جس علاقے مرج عذراء کو اُنہوں نے فتح کیا تھا وہیں حُجر رضی اللہ عنہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حکم سے قتل ہوئے۔ (1)

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ بیان کرتے ہیں:

''ابن قانع نے اُن کے سوانح میں، شعیب بن حرب کے طریق سے بحوالہ شعبہ، ابو بکر بن حفص سے اُنہوں نے صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ''ایک گروہ ایسا ہوگا کہ شراب کا نام بدل کر اُسے پیئے گا۔''

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ''زہد'' میں اور حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ''مُستدرک'' میں ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے نقل کیا ہے، فرمایا: ''ایک دفعہ زیاد* نے خطبہ لمبا کر دیا تو حُجر رضی اللہ عنہ نے اُس سے کہا: ''نماز کا وقت نکل رہا ہے، لیکن اُس نے خطبہ جاری رکھا، جس پر حُجر رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھ دوسرے لوگوں نے اُسے کنکریاں ماری۔ زیاد منبر سے اُتر آیا اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھا۔ آپ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) نے لکھا کہ اُسے میری طرف بھیج دیا جائے۔ جب وہ اُن کے سامنے ہوئے تو یوں گویا ہوئے: ''السلام علیکم امیر المومنین!'' اُنہوں نے (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: ''کیا میں امیر المومنین ہوں؟'' اُنھوں نے کہا، ''ہاں!'' پھر اُن کے قتل کیے جانے کا حکم دے دیا۔ تو حُجر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: ''نہ مجھ سے لوہا دور کرنا اور نہ خون دھونا، اِس لیے کہ میں (قیامت میں) راستے کے درمیان معاویہ رضی اللہ عنہ سے ملوں گا اور مقدمہ (بدرگاہِ الٰہی) پیش کروں گا۔''

* Note: یہ ''زیاد'' جس کا نام ''زیاد بن سمیّہ ہے، اس کا والد نامعلوم تھا اِس لیے یہ اپنی ماں کے بیٹے کے نام سے پہچانا جاتا تھا جسے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کا نام دیا تب اُسے ''زیاد بن ابی سفیان'' بھی کہا گیا۔ اِسے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پہلے بصرہ کا پھر بعد میں کوفہ کا گورنر بنایا۔ یہ شخص بہت ہی ظالم تھا۔ اِسی کا بیٹا عبید اللہ بن زیاد، جسے یزید پلید نے کوفہ کا گورنر بنایا اور اُس ملعون نے یزید کے حکم پر کربلا میں نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کروایا۔

* الاصابہ فی تمیز الصحابہ (اردو)، 1/581

رویانی، طبرانی اور حاکم ابو اسحاق کے طریق سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو کہتے دیکھا: ''سنو! میں اپنی بیعت پر قائم ہوں نہ اِسے توڑوں گا اور نہ توڑنے کا مطالبہ کروں گا۔''(1)

امیر معاویہ کے گورنر زیاد کا خطبہ لمبا کرنا

ترجمہ

محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: زیاد نے خطبہ لمبا کر دیا تو حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ نے کہا: 'نماز کا وقت ہو چکا ہے۔ لیکن زیاد نے اپنا خطبہ جاری رکھا، حضرت حُجر رضی اللہ عنہ نے دوبارہ کہا، 'نماز کا وقت ہو چکا ہے اور ساتھ اپنا ہاتھ زمین پر مارا ساتھ ہی دوسرے لوگوں نے بھی ہاتھ زمین پر مارے۔ زیاد منبر سے نیچے اُترا اور نماز پڑھا دی، اور حضرت حُجر رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب خط لکھا، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جوابی مکتوب میں لکھا کہ اُن کو میرے پاس بھیج دو۔ زیاد نے اُن کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیا، جب حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو کہا: ''السلام علیکم یا امیر المومنین!'' امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''کیا میں امیر المومنین ہوں؟ میں نہ تجھ سے کوئی

1. الکامل فی تاریخ ابن اثیر (اردو)، 1/582

بات کروں گا اور نہ تیری سنوں گا!'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن کے قتل کا حکم دیا۔ جب اُن کو قتل کے لیے لے کر جا رہے تھے تو اُنہوں نے نماز پڑھنے کے لیے کچھ دیر مہلت کا مطالبہ کیا، اُن کو مہلت دی گئی۔ آپ نے دو رکعت نماز پڑھی پھر فرمایا: ''میری بیڑیاں مجھ سے نہ اُتارنا اور نہ ہی میرے جسم سے میرا خون دھونا، مجھے میرے اِنہیں کپڑوں میں کفن دینا کیوں کہ (کل قیامت کے دِن میرا تمہارے ساتھ) جھگڑا ہوگا۔'' راوی کہتے ہیں: ''اِس کے بعد اُن کو قتل کر دیا گیا۔''

ہشام کہتے ہیں: محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے جب بھی شہید کے بارے میں پوچھا جاتا تو آپ حضرت حُجر رضی اللہ عنہ والا واقعہ سنایا کرتے تھے۔[1]

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث پر سکوت اختیار کیا ہے۔[2]

حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی گرفتاری مُستدرک کی روایت


المستدرک (مترجم) جلد نہم — ۱۷۵ — کتاب معرفۃ الصحابۃ

5973 - حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ حُجْرَ بْنَ الْأَدْبَرِ حِينَ أُخْرِجَ بِهِ زِيَادٌ إِلَى مُعَاوِيَةَ، وَرِجْلَاهُ مِنْ جَانِبٍ وَهُوَ عَلَى بَغْلٍ

(التعليق – من تلخيص الذهبي) 5973 – سكت عنه الذهبي في التلخيص

++ زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت حجر بن ادبر کو دیکھا جب زیاد نے ان کو حضرت معاویہ کی جانب بھیجا۔ (ان کی کیفیت یہ تھی کہ) ان کو اونٹ کے ساتھ ایک جانب باندھا گیا تھا اور ان کے پاؤں ایک جانب لٹک رہے تھے۔

المستدرک علی الصحیحین

٣٦- كتاب معرفة الصحابة رضي الله تعالى عنهم — ٥٧٤

ولم يصلّ، وصمت ولم يصم، واغتسلت من الجنابة ولم يغتسل، قال: فقال من يعني: من هذا؟ قال: عقبة بن عامر الجهني صاحب رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم.

* * *

ذكر مناقب حجر بن عدي رضي الله عنه وهو راهب أصحاب محمد صلى الله عليه وعلى آله وسلم وذكر مقتله

٦٠٤٣- حدثنا علي بن حمشاذ العدل ثنا إسماعيل بن إسحاق القاضي ثنا عارم أبو النعمان محمد بن الفضل ثنا حماد بن زيد عن محمد بن الزبير[1] الحنظلي حنظلي مولى زياد قال: أرسلني زياد إلى حجر بن عدي، وقال لي: ائت الأمير فأتى أن يأتيه ثم أعادني الثانية فأتى أن يأتيه، قال فأرسل إليه: إني أحلفك أن تركب أعجاز أمهر ملك من ركب صدورها.

٦٠٤٤- حدثنا أبو علي الحسين بن علي الحافظ ثنا الهيثم بن خلف الدوري ثنا أبو كريب ثنا يحيى بن آدم عن أبي بكر بن عياش عن الأعمش عن زياد بن علاقة قال: رأيت حجر ابن الأدبر حين أخرج به زياد إلى معاوية ورجلاه من جانب وهو على بغل.

٦٠٤٥- حدثنا أبو بكر محمد بن أحمد بن بالويه ثنا إبراهيم الحربي ثنا مصعب بن عبد الله الزبيري[2] قال: حجر بن عدي الكندي يكنى: أبا عبد الرحمن كان قد وفد إلى النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم وشهد القادسية وشهد الجمل وصفين مع علي رضي الله عنه، قتله معاوية بن أبي سفيان بمرج عذراء وكان له ابنان عبد الله وعبد الرحمن قتلهما مصعب بن الزبير صبرا وقتل حجر سنة ثلاث وخمسين.

٦٠٤٦- حدثنا علي بن حمشاذ العدل ثنا معاذ بن المثنى بن معاذ العنبري حدثني أبي ثنا أبي عن ابن عون عن نافع قال: ثنا كان أبي بعث حجر إلى معاوية جعل شاس يصرونه ويقولون: ما فعل حجر فأتى خبره ابن عمر وهو مختفي في السوق فأعلن صوته وثب وانطلق فجعلت أسمع تحميده وهو مولي.

٦٠٤٧- حدثنا أبو علي الحافظ ثنا الهيثم بن خلف ثنا أبو كريب ثنا معاوية بن هشام عن

(١) محمد بن الزبير الحنظلي، قال ابن معين: ضعيف لا شيء، كما في «تهذيب التهذيب»، ومولى آله مجهول. (٢) مقبول.


المستدرک علی الصحیحین — جلد نہم 5

1. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/177-178، رقم: 5981
2. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/576، رقم: 6052

ترجمہ

زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت حُجر بن ادبر کو دیکھا جب زیاد نے اُن کو معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب بھیجا۔ (اُن کی کیفیت یہ تھی کہ) اُن کو اونٹ کے ساتھ ایک جانب باندھا گیا تھا اور اُن کے پاؤں ایک جانب لٹک رہے تھے۔[1]

اِمام ذہبی نے ''تلخیص'' میں اِس حدیث پر سکوت فرمایا ہے۔[2]

نوٹ: حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو ''ابن اَدبر'' بھی کہا جاتا تھا۔

المستدرك على الصحيحين

الجزء الثالث

(الجزء الثالث) ٣١- كتاب معرفة الصحابة رضي الله تعالى عنهم ٥٧٤

ولم يصلّ، وصمت ولم يصم، واغتسلت من الجنابة ولم يغتسل، قال: فقال من يعني: من هذا؟ قال: عقبة بن عامر الجهني صاحب رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم.

* * *

ذكر مناقب حجر بن عدي رضي الله عنه وهو راهب أصحاب محمد صلى الله عليه وعلى آله وسلم وذكر مقتله

٦٠٤٣- حدثنا علي بن حمشاذ العدل ثنا إسماعيل بن إسحاق القاضي ثنا عارم أبو النعمان محمد بن الفضل ثنا حماد بن زيد عن محمد بن الزبير[1] الحنظلي حدثني مولى زياد قال: أرسلني زياد إلى حجر بن عدي، ويقال فيه: ابن الأدبر فأتى أن يأتيه ثم أعادني الثانية فأبى أن يأتيه، قال فأرسل إليه: إني أحذرك أن تركب أعجاز أمور هلك من ركب صدورها.

٦٠٤٤- حدثنا أبو علي الحسين بن علي الحافظ ثنا الهيثم بن خلف الدوري ثنا أبو كريب ثنا يحيى بن آدم عن أبي بكر بن عياش عن الأعمش عن زياد بن علاقة قال: رأيت حجر ابن الأدبر حين أخرج به زياد إلى معاوية ورجلاه من جانب وهو على بعير.

٦٠٤٥- حدثنا أبو بكر محمد بن أحمد بن بالويه ثنا إبراهيم الحربي ثنا مصعب بن عبد الله الزبيري[2] قال: حجر بن عدي الكندي يكنى: أبا عبد الرحمن كان قد وفد إلى النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم وشهد القادسية وشهد الجمل وصفين مع علي رضي الله عنه، قتله معاوية بن أبي سفيان بمرج عذراء وكان له ابنان عبد الله وعبد الرحمن قتلهما مصعب بن الزبير صبرا وقتل حجر سنة ثلاث وخمسين.

٦٠٤٦- حدثنا علي بن حمشاذ العدل ثنا معاذ بن المثنى بن معاذ العنبري حدثني أبي ثنا أبي عن ابن عون عن نافع قال: لما كان ليالي بعث حجر إلى معاوية جعل الناس يتحيرون ويقولون: ما فعل حجر فأتى خبره ابن عمر وهو محتبٍ في السوق فأطلق حبوته وقام وانطلق فجعلت أسمع نحيبه وهو مولي.

٦٠٤٧- حدثنا أبو علي الحافظ ثنا الهيثم بن خلف ثنا أبو كريب ثنا معاوية بن هشام عن

(١) محمد بن الزبير الحنظلي، قال ابن معين: ضعيف لا شيء، كما في «تهذيب التهذيب» ومولى زياد مجهول. (٢) معضل.

(الجزء الثالث) ٣١- كتاب معرفة الصحابة رضي الله تعالى عنهم ٥٧٥

سفيان عن أبي إسحاق قال رأيت حجر بن عدي وهو يقول: ألا إني على يحيى لا أقيلها ولا أستقيلها سماع الله والناس.

٦٠٤٨- حدثنا أبو إسحاق إبراهيم بن محمد بن يحيى ثنا محمد بن إسحاق الثقفي ثنا المفضل بن غسان الغلابي ثنا يحيى بن معين وهشام[3] ثنا داود بن عمرو عن بشر[3] بن عبد الحضرمي قال: لما بعث زياد بحجر بن عدي إلى معاوية أمر معاوية بحبسه بمكان يقال له: مرج عذراء، قال: ثم استشار الناس فيه قال فجعلوا يقولون: اقتل القتل، قال: فقام عبد الله بن زيد بن أسد البجلي فقال: يا أمير المؤمنين أنت راعينا ونحن رعيتك وأنت ركبنا ونحن عمادك، إن عاقبت فلنا: أصبت، وإن عفوت فلنا: أحسنت والعفو أقرب للتقوى، وكل راع مسئول عن رعيته، قال: فتفرق الناس عن قوله.

٦٠٤٩- أخبرني أحمد بن عثمان بن يحيى المقري ببغداد ثنا عبد الله بن محمد البريدي[3] ثنا سليمان بن أبي شيخ ثنا محمد بن الحسن الشيباني ثنا أبو مخنف[2] أن هدبة بن فياض الأعور أمر بقتل حجر بن عدي فسعى إليه بالسيف فارتعدت فرائصه فقال: يا حجر أليس زعمت أنك لا تجزع من الموت فإنا نذعك[2] فقال: وما لي لا أجزع وأنا أرى قبرا محفورا وكفنا منشورا وسيفا مشهورا، وإني والله لن أقول ما يسخط الرب قال: فقتله وذلك في شعبان سنة إحدى وخمسين.

٦٠٥٠- حدثنا بكر بن محمد الصيرفي ببرو ثنا أحمد بن عبد الله الترمسي ثنا موسى بن داود الضبي ثنا قيس[2] بن الربيع عن أشعث عن محمد بن سيرين قال: قال حجر بن عدي: لا تغسلوا عني دما ولا تطلقوا عني قيدا وادفنوني في ثيابي فإني مخاصم عنا بالجماجم.

٦٠٥١- حدثنا أبو علي محمد بن جعفر ثنا أبو الحسن محمد بن محمد الكازرزي ثنا علي

(٢) صوابه: «هشيم» وهو «هشيم بن بشير» كما في ترجمة شيخه من «تهذيب الكمال».
(٣) صوابه: «بسر بن عبد الله الحضرمي».
(صح) صوابه: «الزبيدي».

(١) أبو مخنف هو لوط بن يحيى. قال الحافظ الذهبي: أخباري تالف لا يوثق به.
(٢) وقع في بعض الكتب أبرأ من صاحبك وندعك. ١٢ (مصححه).
(٣) قيس بن الربيع مختلف فيه والراجح ضعفه.
(٤) ولي يحيى الكوفة فلما تغلب معاوية على الخلافة [illegible]

1. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/175، رقم: 5973
2. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/574، رقم: 6044



المستدرک (مترجم) جلد پنجم ۱۷۶ كِتَابُ مَعْرِفَةِ الصَّحَابَةِ

5976 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا اَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَيْتُ حُجْرَ بْنَ عَدِيٍّ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَلَا اِنِّي عَلَى بَيْعَتِي لَا اَقِيْلُهَا، وَلَا اَسْتَقِيْلُهَا سَمَاعَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ

(التعليق - من تلخيص الذهبي)5976 - سكت عنه الذهبي في التلخيص

✦✦ابواسحاق کہتے ہیں: میں نے حضرت حجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے وہ اللہ تعالیٰ اور لوگوں کو گواہ بناتے ہوئے کہہ رہے تھے خبردار! میں اپنی بیعت پر قائم ہوں، نہ میں نے اس کو توڑا ہے اور نہ توڑنے کی خواہش رکھتا ہوں۔

ترجمہ

ابو اِسحاق کہتے ہیں: میں نے حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے، وہ اللہ تعالیٰ اور لوگوں کو اپنا گواہ بناتے ہوئے کہہ رہے تھے، ''خبردار! میں اپنی بیعت پر قائم ہوں، نہ میں نے اِس کو توڑا ہے اور نہ توڑنے کی خواہش رکھتا ہوں۔''[1]

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''تلخیص'' میں اِس حدیث پر سکوت فرمایا ہے۔[2]

1. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/176، رقم: 5976
2. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/574-575، رقم: 6047

حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں کا قتل

ترجمہ

بشر بن عبد الحضرمی کہتے ہیں : جب زیاد نے حضرت حُجر بن عدی کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب بھیجا تو معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن کو ایک جگہ پر قید کرنے کا حکم دیا، اُس جگہ کو ''مرج عذراء'' کہا جاتا ہے، اُس کے بعد لوگوں سے اُن کے بارے میں مشورہ کیا تو لوگ کہنے لگے کہ اُن کو قتل کریں، اُن کو قتل کریں! راوی کہتے ہیں : حضرت عبد اللہ بن زید بن اسد بجلی اُٹھ کر کھڑے ہوئے، اور بولے : اے امیر المومنین ! آپ ہمارے حکمراں ہیں اور ہم آپ کی رعایا ہیں، آپ ہماری بنیاد ہیں اور ہم آپ کے ستون ہیں۔ اگر آپ سزا دیں گے تو ہم کہیں گے کہ آپ نے صحیح کیا اور اگر آپ معاف کر دیں گے تو ہم کہیں گے کہ آپ نے بہت بڑی نیکی کی ہے اور معاف کرنا ہی تقویٰ کے قریب تر ہے اور ہر ذمّہ دار سے اُس کی ذمّہ داری کے بارے میں سوال ہوگا۔ راوی کہتے ہیں : حضرت عبد اللہ بن زید اسد کے یہ کہتے ہی لوگ وہاں سے چلے گئے۔ (1)

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''تلخیص'' میں اِس حدیث پر سکوت فرمایا ہے۔ (2)

1. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/176-177، رقم : 5977
2. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/574، رقم : 6048

قارئین کرام ! امام ابن حجر عسقلانی نے نقل کیا کہ سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی گرفتاری اور قتل کی وجہ، زیاد نے جمعہ کا خطبہ لمبا کیا اور اِس وجہ سے نماز کا وقت گزر رہا تھا اِس بات کی مخالفت تھی مگر زیاد نے اِتنا لمبا خطبہ کیوں دیا اور سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں خطیب کو کنکریاں کیوں ماری ؟ اِس کا جواب اِمام ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ میں موجود ہے۔

علّامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں :

اِسی سال (ہجری سن : 51) حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور اُن کے ہمراہی قتل کیے گئے۔ اِس کا سبب یہ ہوا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے مُغیرہ بن شیبہ رضی اللہ عنہ کو 41 ہجری میں عاملِ کوفہ مقرر کیا۔ اِس غرض سے اُنہوں نے مُغیرہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلایا اور کہا، ''اما بعد! صاحبِ علم روز مصیبت سے پہلے ہی خبردار اور ہوشیار ہو جایا کرتے ہیں اور صاحبِ حکومت بغیر تعلیم کے تمہارے لیے کافی ہوسکتا ہے۔ میں تم کو کئی باتوں کے متعلق نصیحت کروں گا اور وہ یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم ترک مت کرنا اور اُن کی مذمّت کرنا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے رحمت ومغفرت کی دعا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب کی عیب جوئی اور اُن کو چُن چُن کے نکالنے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی جماعت کی تعریف اور اُن کو مقرّب کرنے کو ترک نہ کرنا۔'' مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہا، ''میں نے آزمایا بھی ہے اور مجھے بھی آزمایا گیا ہے اور اِس سے قبل اوروں کی طرف سے میں عامل بھی رہ چکا ہوں مگر کسی نے میری مذمّت نہیں کی، آپ بھی آزمائش کر لیں گے اور آپ کے اختیار میں ہے کہ خواہ آپ میری تعریف کریں یا مذمّت !'' امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ، ''نہیں، ہم اِن شاء اللہ تعالیٰ تمہاری تعریف ہی کریں گے۔'' اِس طرح مغیرہ کوفہ کے عامل ہو گئے۔ بلحاظِ سیرت وہ بہترین شخص تھے۔ البتّہ اُن میں ایک عیب یہ تھا کہ اُنہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سبّ وشتم کرنے اور اُن کی غیبت کرنے اور دوسری طرف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت اور استغفار کرنے کو کبھی ترک نہیں کیا۔ (1)

علّامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ آگے لکھتے ہیں :

''لیکن اپنی عمر کے آخر زمانے میں اُنہوں نے (حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے) پھر حضرت علی وعثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق ایسا کہا جیسا کہ ہمیشہ کہا کرتے تھے، اُن کی ایسی تقریر سن کر حُجر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہوکر ایسی بلند آہنگی سے مغیرہ کو للکارا کہ مسجد میں ہر شخص نے اُن کی آواز سن لی اور کہا کہ، ''اے انسان! حکم دے کہ ہماری روزیاں، ہم کو دی جائیں تو نے اُن کو ہم سے روک رکھا ہے حالانکہ وہ تیری نہیں ہیں، تو امیر المومنین (یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی مذمّت پر حریص ہو گیا ہے۔'' یہ سن

1. الکامل فی التاریخ ابن اثیر (اردو) - 1/582

کر حاضرین مسجد دو تہائی (2/3) سے زیادہ کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے کہ ''حُجر رضی اللہ عنہ نے بالکل ٹھیک کہا ہے، آپ ہماری روزیاں ہم کو دے دیجیے کیوں کہ جو کچھ آپ کر رہے ہیں اُس سے ہم کو کوئی نفع نہیں پہنچ سکتا۔'' وہ لوگ اُس اور اس قبیل کے اور فقروں کو دہراتے رہیں۔ چنانچہ مغیرہ رضی اللہ عنہ جب منبر پر سے اُتر آئے تو اُنہی کے چند آدمی اُن سے ملاقات کی اجازت طلب کر کے اُن کے پاس گئے اور کہا، ''آپ اُس شخص (یعنی حُجر رضی اللہ عنہ) کو کب تک یوں چھوڑے رہیں گے؟ یہ آپ کے رعب وداب کے خلاف جرأت کرتا ہے اور ایسی ایسی باتیں کہتا ہے، اِس سے آپ کے رعب وداب میں بھی ضعف آئے گا اور امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ بھی آپ سے ناراض ہو جائیں گے۔'' مغیرہ نے کہا، ''آپ لوگ یہ سمجھ لیجیے کہ میں نے اِس کو گویا قتل ہی کر دیا ہے کیوں کہ میرے بعد ایک امیر (یعنی زیاد) آئے گا، یہ شخص اُسے میرے ہی جیسا آدمی سمجھے گا اور اُس کے ساتھ وہی کرے گا جو آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ وہ میرے ساتھ کر رہا ہے اور ایسا ہوگا تو وہ امیر ضرور اِسے گرفتار کر کے قتل کر دے گا۔ میری موت تو قریب آ گئی ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میں شہر کے برآوردہ شخص کو قتل کروں تاکہ وہ سعادت حاصل کر لے اور میں بدبخت کا بدبخت رہ جاؤں اور اُدھر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تو دنیا میں معزز ہو جائیں اور میں آخرت میں ذلیل ہوں۔ اِس کے بعد مغیرہ رضی اللہ عنہ نے انتقال کیا اور اُن کی جگہ زیاد عامل مقرر ہوا۔''[1]

قارئین کرام! ابن اثیر کی اِس روایت سے پتہ چلتا ہے کہ زیاد کا خطبہ لمبا ہونے اور سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کا اُس کی مخالفت کرنے کی اہم وجہ تھی سیّدنا اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم۔

چنانچہ زیاد نے سب لوگوں کو وائل بن حُجر حضرمی کے ساتھ بھیج دیا، اُن کے ساتھ بڑی جماعت تھی جب یہ مقامِ مرج عذراء میں پہنچے تو انہوں نے (حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ) نے کہا، ''میں پہلا مسلمان ہوں جو اِس مقام پر تکبیر کہتا ہوں پھر یہ اور اُن کے اصحاب عذراء نامی قریہ (گاؤں) میں جو دمشق کے پاس ہے، اُترے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن سب کے قتل کا حکم دیا مگر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے اصحاب نے بعض لوگوں کی سفارش کی وہ چھوڑ دیے گئے اور حُجر اور اُن کے ساتھ چھے (6) آدمی قید کر دیے۔ جب لوگوں نے اُن کے (حضرت حُجر رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں کا) قتل کا اِرادہ کیا تو اُنہوں نے دو رکعت نماز پڑھی بعد اِس کے کہا کہ اگر تم میری طرف کسی ایسی بات کا گمان نہ کرتے جو مجھ میں نہیں ہے (یعنی بزدلی کا) تو بیشک میں اِن دونوں رکعتوں کو طول دیتا بعد اِس کے اُنہوں نے کہا کہ میرے ہتھیار نہ اُتارنا اور میرے خون کو نہ دھونا، میں (قیامت کے دن) معاویہ رضی اللہ عنہ سے اِسی حال میں ملوں گا۔[2]

---

1. الکامل فی التاریخ (اردو)، 3/76-77
2. اُسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ (اردو)، 1/526

محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے قتل کی دو رکعت نماز پڑھنے کا مسئلہ پوچھا گیا اُنہوں نے کہا اُن دنوں رکعتوں کو حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور خُبیب رضی اللہ عنہ نے پڑھا ہے اور یہ دونوں بڑے فاضل تھے۔ حسن (بصری) رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے اصحاب کے قتل کو بڑا حادثہ سمجھتے تھے۔(1)

سیّدنا عائشہ رضی اللہ عنہا کا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ڈانٹنا

یعقوب بن سفیان نے اپنی تاریخ میں ابو الاسوَد کے حوالے سے نقل کیا ہے فرمایا: جب معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے تو آپ نے اُنہیں حُجر اور اُن کے ساتھیوں کو قتل کرنے کے بارے میں ڈانٹ پلائی اور فرمانے لگیں: ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے میرے بعد ایسے لوگ قتل کیے جائیں گے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور آسمان والے ناراض ہوں گے۔ اِس کی سند میں انقطاع ہے۔''(2)

اسد الغابۃ میں ابن اثیر نے اِسے یوں بیان کیا ہے:

''جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حُجر رضی اللہ عنہ کے ساتھ زیاد کی اِس بدسلوکی کی خبر ملی تو اُنہوں نے عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا کہ خدا کے لیے حُجر اور اُن کے اصحاب کی بے حرمتی نہ کرنا مگر عبد الرحمٰن ایسے وقت میں پہنچے کہ وہ قتل ہو چکے تھے۔ تو عبد الرحمٰن نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ ابو سفیان تو حُجر اور اُن کے اصحاب کے ساتھ بہت بردباری کیا کرتے تھے، یہ بات تم میں کیوں نہ ہوئی، تم نے اُن کو قید کیوں نہ کر دیا، کسی وبائی مقام میں کیوں نہ بھیج دیا؟'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''اُس وقت میری قوم میں تمہارے جیسے (نیک مشورہ دینے والے) لوگ نہ تھے۔'' عبدالرحمٰن نے کہا، ''خدا کی قسم! اب اہلِ عرب نہ تم کو حلیم سمجھیں گے اور نہ صاحبِ عقل، تم نے ایسے لوگوں کو قتل کر دیا جو مسلمان تھے اور تمہارے پاس قید کر کے بھیجے گئے تھے۔'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کیا کرتا، زیاد نے مجھے اُن کے بہت سخت حالات لکھے تھے اور لکھا تھا کہ یہ لوگ ایسا رخنہ ڈالنا چاہتے ہیں جو پھر بند نہ ہو سکے گا۔

جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مدینہ میں آئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سب سے پہلے حُجر رضی اللہ عنہ کے قتل کے متعلق اُن سے طویل گفتگو کی۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرا اور حُجر کا معاملہ چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ ہم دونوں اپنے پروردگار کے یہاں ملیں۔''(3)

---

1. اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ (اردو)، 1/527
2. الاصبۃ فی تمیز الصحابۃ (اردو)، 1/582
3. اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ، 1/526

سیّدنا حُجر رضی اللہ عنہ کی شہادت پر عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا رونا

نافع کہتے تھے کہ حضرت ابن عُمر رضی اللہ عنہ بازار میں تھے جب اُن کو حُجر رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر ملی تو اُن سے صبر نہ ہو سکا اور اُٹھ کھڑے ہوئے اور رونے کی آواز اُن سے بلند ہو گئی۔ (1)


٣١- كتاب معرفة الصحابة رضي الله تعالى عنهم (الجزء الثالث) ٥٧٤

٦٠٤٦- حدثنا علي بن حمشاذ العدل ثنا معاذ بن المثنى بن معاذ العنبري حدثني أبي ثنا أبي عن ابن عون عن نافع قال: لما كان لبالي بعث حجر إلى معاوية جعل الناس يتحيرون ويقولون: ما فعل حجر فأتى خبره ابن عمر وهو محتبٍ في السوق فأطلق حبوته ووثب وانطلق فجعلت أسمع نحيبه وهو مولٍ.


المستدرک (جلد پنجم) ٧٥ کتاب معرفۃ الصحابۃ

5975 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، ثنا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبِي، ثنا


المستدرک (جلد پنجم) ١٧٦ کتاب معرفۃ الصحابۃ

ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: "لَمَّا كَانَ لَيَالِي بَعَثَ حُجْرٌ إِلَى مُعَاوِيَةَ جَعَلَ النَّاسُ يَتَحَيَّرُونَ وَيَقُولُونَ: مَا فَعَلَ حُجْرٌ؟ فَأَتَى خَبَرُهُ ابْنَ عُمَرَ وَهُوَ مُحْتَبٍ فِي السُّوقِ، فَأَطْلَقَ حَبْوَتَهُ وَوَثَبَ، وَانْطَلَقَ فَجَعَلْتُ أَسْمَعُ نَحِيبَهُ وَهُوَ مُوَلٍّ"

(التعليق - من تلخيص الذهبي) 5975 - سكت عنه الذهبي في التلخيص

حضرت نافع فرماتے ہیں: جب حضرت حجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب بھیجا جا رہا تھا، لوگ بہت حیران تھے اور پوچھتے تھے کہ حجر کا قصور کیا ہے؟ یہ خبر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچی، وہ اس وقت بازار میں کسی جگہ روپوش تھے، آپ نے روپوشی ختم کی اور لوگوں کے درمیان آ گئے۔ جب وہ واپس جا رہے تھے تو میں ان کی پھوٹ پھوٹ کر رونے کی آواز سن رہا تھا۔


المستدرک علی الصحیحین


المستدرک علی الصحیحین

ترجمہ

حضرت نافع فرماتے ہیں: جب حضرت حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب بھیجا جا رہا تھا، لوگ بہت حیران تھے اور پوچھتے تھے کہ حُجر رضی اللہ عنہ کا قصور کیا ہے؟ یہ خبر عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچی، وہ اُس وقت بازار میں کسی جگہ روپوش تھے، آپ نے روپوشی ختم کی اور لوگوں کے درمیان آ گئے۔ جب وہ واپس جا رہے تھے تو میں اُن کی پھوٹ پھوٹ کر رونے کی آواز سن رہا تھا۔ (2)

اِمام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''تلخیص'' میں اِس حدیث پر سکوت اختیار کیا ہے۔ (3)

قارئین کرام! سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی شہادت ہجری سن 51 میں ہوئی۔ آپ کی شہادت سیّدنا اِمام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت کے بعد ہوئی۔ سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی شہادت ''صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ'' کی شرائط کی دھجّیاں اُڑانے جیسا تھا۔ آپ کی شہادت پر صحابۂ کرام غمگین تھے۔

1. أسد الغابة في معرفة الصحابة (اردو)، 1/527؛ الاصابة في تمييز الصحابة (اردو)، 1/582
2. مُستدرک للحاکم (اردو)، 5/175-176، رقم: 5975
3. مُستدرک للحاکم (عربی)، 3/574-575، رقم: 6046

شرط-3

''آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے 'خُمس' (مالِ غنیمت کا پانچواں حصّہ) جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں مقرر کیا، بدستور عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی اولاد کو ملے گا جیسا کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے ادوار سے ملتا آرہا ہے۔''

'خُمس':

خُمس کا ذکر قرآن میں 'سورۃ الانفال' میں آیت نمبر 41 میں موجود ہے:



الانفال ۸ ۷۳۰ واعلموا ۱۰

الجزء ۹ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ وَ لِذِی الْقُرْبٰى وَ

اور جان لو کہ جو کچھ غنیمت لو ۶۹ تو اس کا پانچواں حصہ خاص اللہ اور رسول و (رسول کے) قرابت والوں اور یتیموں اور

الْیَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِیْنِ وَ ابْنِ السَّبِیْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰى

محتاجوں اور مسافروں کا ہے ۷۰ اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور اس پر جو (احکام غنیمت) ہم نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

ترجمہ

''اور جان لو کہ جو کچھ غنیمت لو، تو اُس کا پانچواں حصّہ خاص اللہ جل جلالہ اور رسول وقرابت داروں اور یتیموں اورمحتاجوں اور مسافروں کا ہے، اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور اُس پر جو ہم نے اپنے بندے پر فیصلے کے دِن اُتارا جس دِن دونوں فوجیں ملیں تھیں اور اللہ جل جلالہ سب کچھ کرسکتا ہے۔''(1)

اِس آیت کے مطابق 'مالِ غنیمت' (جنگ میں فتح حاصل ہونے پر ملنے والا خزانہ وغیرہ) کا پانچواں حصّہ (جسے خُمس کہا جاتا ہے) اُسے چھے حصّوں میں بانٹنا ہوگا: اللہ جل جلالہ، اللہ جل جلالہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت دار رضی اللہ عنہم (یعنی اہلِ بیت رضی اللہ عنہم بنو ہاشم)، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں میں۔

1. سورۃ الانفال: 8:41، ترجمہ: کنز الایمان

اِس شرط کو امّت کے آگے بڑھا چڑھا کر بیان کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ یہ تک کہا جاتا ہے کہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے سالانہ ایک رقم کی ضرورت پیش کی، تو کچھ یہاں تک بیان کرتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سیّدنا حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کو ایک رقم سالانہ تحفے کے طور پر پیش کرتے تھے۔ تو یہاں ہم یہ بات واضح کرنا چاہتے ہیں کہ سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ نے جس رقم کی ضرورت شرط میں بیان کی تھی وہ کوئی تحفہ یا خواہشات کے طور پر نہیں بلکہ ''خُمس'' کہ جس کے بارے میں قرآن وحدیث میں آیا ہے جو مالِ غنیمت کا پانچواں حصّہ ہے اور جس پر اہلِ بیت کا حق تھا۔ سیّدنا ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ سے لے کر سیّدنا علی رضی اللہ عنہ تک کے تمام خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم ''خُمس'' کی رقم کو آلِ عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو دیتے تھے۔ یعنی یہ شرط اہلِ بیت کا حق تھا جسے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اگر دیتے بھی تھے تو اہلِ بیت پر کوئی احسان نہیں کر رہے تھے۔

شرط-4

''سیّدنا علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما پر بنو اُمیّہ کے منبروں سے ہونے والے سبّ وشتم کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا جائے گا۔''

اِس شرط کو پابندی سے نبھانا تو دور کی بات ہے بلکہ اِس کی سرِ عام وعدہ خلافی کی گئی۔ اِس موضوع کو ہم تفصیل سے بیان کرنے کے لیے الگ سے پورا باب-12 (بارہ) اِسی کتاب میں پیش کر رہے ہیں جو اِس باب کے بعد آرہا ہے۔

شرط-5

''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے بعد کسی کو جانشین مقرر نہیں کریں گے بلکہ امّت کو خلیفہ کے چناؤ کے لیے شوریٰ (مسلمانوں کی صلاح کار کمیٹی) پر چھوڑیں گے۔''

اِس شرط کی بھی بالکل پابندی نہیں کی گئی بلکہ کھلے طور پر یزید کو ولی عہد بنا کر بیعت لینا شروع کر دیا گیا۔ اِس موضوع کو ہم تفصیل سے بیان کرنے کے لیے الگ سے پورا باب 14 (چودہ) اِسی کتاب میں پیش کر رہے ہیں۔

باب-12

بنو اُمیّہ کا امیر المومنین سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم

(صحیح احادیث کی روشنی میں)

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وبنو اُمیّہ کے زمانۂ تسلّط میں مسجد کے منبروں سے مولا علی رضی اللہ عنہ کو سبّ وشتم عام ہو چکا تھا۔

یہ سبّ وشتم کی قبیح رسم، کہ امیر معاویہ اور اُن کے گورنروں کی موجودگی میں منبروں سے سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دینے بلکہ خود امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا بھی برادرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا مولا علی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو برا بھلا کہنے، کو اِس باب میں صحیح احادیث کی روشنی میں نقل کیا گیا ہے۔

ایک باطل تاویل کا ردّ

دیوبند مکاتبِ فکر کے مشہور مولانا مفتی تقی عثمانی صاحب نے اپنی مشہور کتاب ''حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق'' میں اِمام مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کرنے میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم کے دفاع میں دلیلیں پیش کی ہیں۔ دراصل اُنھوں نے یہ دلیلیں سیّدنا مولانا مودودی صاحب کی مشہورِ زمانہ کتاب ''خلافت وملوکیت'' کے ردّ میں پیش کی ہیں۔ مولانا مودودی صاحب نے 'تاریخِ طبری' سے بنو اُمیّہ کے مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کے پانچ حوالے پیش کیے ہیں اور اِنہی تاریخی روایتوں کا مولانا تقی عثمانی نے ردّ کر کے صرف بخاری کی ایک حدیث پیش کر کے ثابت کرنا چاہا کہ بنو اُمیّہ مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کرتے تھے اِس کا کوئی ثبوت نہیں ہے:

مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کے بارے میں سیّدنا مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخی روایتوں (طبری، ابن اثیر، ابن کثیر) میں رافضی راویوں کی بناء پر مولانا مفتی تقی عثمانی نے دفاعِ بنو اُمیّہ میں جو دلیلیں پیش کیں وہ کچھ اِس طرح ہیں:

مندرجۂ بالا بحث سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ:

1. خود حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سبّ وشتم کی جو نسبت مولانا (مودودی) نے کی ہے، اُس کا تو کوئی ادنیٰ ثبوت بھی مولانا کے بیان کردہ حوالوں میں بلکہ کہیں نہیں ہے اور اِس کے برعکس حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تعریف وتوصیف کے جملے منقول ہیں۔
2. اِسی طرح تمام گورنر کا جو لفظ مولانا (مودودی) نے استعمال کیا ہے وہ بھی بالکل بلا دلیل ہے، مولانا کے بیان کردہ حوالوں میں صرف دو گورنروں کا ذکر ہے۔
3. اِن دونوں گورنروں میں سے ایک یعنی مروان بن حکم کے بارے میں مولانا کے دیے ہوئے حوالے کے اندر یا اور کہیں یہ بات موجود نہیں ہے کہ وہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے حکم سے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کیا کرتا تھا۔
4. سبّ وشتم کی بوچھاڑ کا لفظ بھی بلا دلیل ہے، اِس لیے کہ مولانا کے دیے ہوئے حوالے میں تو سبّ وشتم کے الفاظ منقول نہیں۔ صحیح بخاری کی روایت سے جو الفاظ معلوم ہوتے ہیں اُنھیں 'سبّ وشتم' کھینچ تان کر ہی کہا جاسکتا ہے۔

5. دوسرے گورنر حضرت مغیرہ بن شعبہ کے بارے میں مولانا نے حوالہ صحیح دیا ہے لیکن ساتھ ہی اس میں یہ تصریح ہے کہ وہ قاتلینِ عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے بددُعا کرتے تھے۔ دوسرا یہ روایت از اوّل تا آخر سارے کے سارے شیعہ راویوں سے مروی ہے اور روایت در روایت ہر اعتبار سے واجب الردّ ہے۔

حضرت معاویہؓ ۳۶

میں بھی کہیں یہ مذکور نہیں کہ حضرت معاویہؓ نے اسے اس کام کا حکم دیا تھا یا وہ اس کے اس فعل پر راضی تھے۔ ایسی صورت میں یہ الفاظ لکھنے کا کوئی جواز ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ حضرت معاویہؓ :

"خود اور ان کے حکم سے ان کے تمام گورنر خطبوں میں بر سرِ منبر حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کی بوچھاڑ کرتے تھے۔"

مندرجہ بالا بحث سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ :

۱۔ خود حضرت معاویہؓ کی طرف سبّ وشتم کی جو نسبت مولانا نے کی ہے' اس کا تو کوئی ادنیٰ ثبوت بھی مولانا کے بیان کردہ حوالوں میں' بلکہ کہیں نہیں ہے اور اس کے برعکس حضرت معاویہؓ سے حضرت علیؓ کی تعریف و توصیف کے جملے منقول ہیں۔

۲۔ اسی طرح تمام گورنر کا جو لفظ مولانا نے استعمال کیا ہے وہ بھی بالکل بلا دلیل ہے' مولانا کے بیان کردہ حوالوں میں صرف دو گورنروں کا ذکر ہے۔

۳۔ ان دو گورنروں میں سے ایک یعنی مروان بن الحکم کے بارے میں مولانا کے دیئے ہوئے حوالے کے اندر یا اور کہیں یہ بات موجود نہیں ہے کہ وہ حضرت معاویہؓ کے حکم سے حضرت علیؓ پر سبّ وشتم کیا کرتا تھا۔

۴۔ سبّ وشتم کی بوچھاڑ کا لفظ بھی بلا دلیل ہے' اس لئے کہ مولانا کے دیئے ہوئے حوالے میں تو سبّ وشتم کے الفاظ منقول نہیں۔ صحیح بخاری کی روایت سے جو الفاظ معلوم ہوتے ہیں انہیں "سبّ وشتم" کھینچ تان کر ہی کہا جا سکتا ہے۔

۵۔ دوسرے گورنر حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کے بارے میں مولانا نے حوالہ صحیح دیا ہے لیکن ساتھ ہی اس میں یہ تصریح ہے کہ وہ قاتلین عثمانؓ کے لئے بددعا کیا کرتے تھے۔ دوسرے یہ روایت از اول تا آخر سارے کے سارے شیعہ راویوں سے مروی ہے اور روایت در روایت ہر اعتبار سے واجب الرد ہے۔

مفتی تقی عثمانی کے اِن پانچ دلائل کے جواب میں یہ پورا باب ہے جو صحیح احادیث پر و محدثین کی تحقیق پر مبنی ہے۔ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ مفتی صاحب کی نظر اُن صحیح احادیث پر نہیں گزری جس میں اُن کے تمام پانچوں دلائل کا جواب موجود ہے اور یہ صحیح احادیث ہیں جن کے راوی معتبر ثقہ ہیں (شیعہ یا رافضی نہیں)۔ مگر افسوس مفتی صاحب نے شاید اِن کا مطالعہ نہیں کیا، اِسی لیے وہ کہہ رہے ہیں کہ بنو اُمیّہ کا مولا علی رضی اللہ عنہ پر سبّ وشتم کا کہیں کوئی حوالہ (ثبوت) نہیں ملتا !!

1. تقی عثمانی فی حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق (اردو)، صفحہ: 46

مردہ لوگوں کو گالی مت دو- صحیح بخاری کی ایک حدیث



کتاب الزکوٰۃ ۵۶۸ بخاری شریف۔ (مترجم) جلد اول

بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ

١٣٠٤- حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا وَرَوَاهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ عَنِ الْأَعْمَشِ وَتَابَعَهُ ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَهُ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ وَابْنُ عُرْعُرَةَ وَابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ

باب 882: مردوں کو گالی دینا ممنوع ہے۔

1 سنن ترمذی (۲۰۰۰)، 4/532، رقم: 3775

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت میں رہنے سے بڑا فتنہ میں (امام حسین رضی اللہ عنہ) نہیں جانتا ہوں : امام حسین رضی اللہ عنہ کا ایک خط : امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام


سير أعلام النبلاء

الحُسين الشهيد ٢٩٣

ناشده ، وقال : إنَّ أهلَ العراق قومٌ مناكير ، قتلوا أباك ، وضربوا أخاك ، وفعلوا وفعلوا .

ابن المُبارك : عن بشر بن غالب ، أنَّ ابنَ الزُّبير قالَ للحُسين : إلى أين تذهب ؟ إلى قومٍ قتلوا أباك ، وطعنوا أخاك . فقال : لأنْ أُقتَلَ أحبُّ إليَّ من أن تُستَحَلَّ ، يعني مكة[1] .

أبو سلمة البَتْغري : حدثنا مُعاويةُ بنُ عبد الكريم ، عن مروان الأصفر ، حدثني الفَرَزْدَق ، قال : لما خرجَ الحُسينُ ، لقيتُ عبدَ الله بنَ عمرو ، فقلتُ : إنَّ هذا قد خرج ، فما تَرى ؟ قال : أرى أنْ تخرُجَ معه ، فإنَّك إنْ أردتَ دنيا ، أصبتَها ، وإن أردتَ آخرة ، أصبتَها ، فرحلتُ نحوه ، فلما كنتُ في بعض الطريق ، بلغني[2] قتلُه ، فرجعتُ إلى عبد الله ، وقلتُ : أينَ ما ذكرتَ ؟ قال : كان رأياً رأيتُه .

قلتُ : هذا يدلُّ على تصويب عبد الله بن عمرو للحُسَين في مسيره ، وهو رأيُ ابن الزُّبير وجماعة من الصحابة شهدوا الحَرَّة .

ابن سعد : أخبرنا الواقديُّ ، حدثنا ابنُ أبي ذِئب ، حدثني عبدُ الله بن عُمير (ح) ، وأخبرنا ابنُ أبي الزِّناد ، عن أبي وَجْزة (ح) ، ويونس بن أبي إسحاق ، عن أبيه ، وسمَّى طائفة ، ثم قال : فكتبتُ جوامعَ حديثهم في مَقتل الحُسين . قال : كان أهلُ الكوفة يكتُبون إلى الحسين يَدعُونه إلى الخروج إليهم زَمَنَ مُعاوية ، كلُّ ذلك يأبى ، فقدِمَ منهم قومٌ إلى محمد بن الحَنَفيَّة ، وطلبوا إليه المسيرَ معهم ، فأبى ، وجاء إلى الحُسين ، فأخبره ،

(١) ذكره ابن كثير في « البداية » ٨/١٦١ من طريق يعقوب بن سفيان ، حدثنا أبو بكر الحميدي ، حدثنا سفيان ، حدثنا عبد الله بن شريك ، عن بشر بن غالب .....
(٢) في الأصل « لقني » .

الحُسين الشهيد ٢٩٤

وقال : إنَّ القومَ يُريدون أنْ يأكُلوا بنا ، ويشيطوا دماءنا ، فأقامَ حسين على ما هو عليه متردد العزم ، فجاءه أبو سعيد الخدري ، فقال : يا أباعبد الله ، إني لكَ ناصحٌ ومُشفِقٌ ، وقد بلغني أنه كاتبَكَ قومٌ من شيعتك ، فلا تخرجْ إليهم ، فإني سمعتُ أباكَ يقولُ بالكوفة : والله لقد مَلِلْتُهم ومَلُّوني و[أبغضتهم] ، وأبغضوني ، وما بلوتُ منهم وفاءً ، ولا لهم ثَباتٌ ولا عَزْمٌ ولا صَبْرٌ على السيف[1] .

قال : وقدم المسيَّبُ بنُ نَجَبة وعِدَّةٌ إلى الحُسين بعد وفاة الحسن ، فدعوه إلى خلع معاوية ، وقالوا : قد علمنا رأيَكَ ورأيَ أخيك ، فقال : أرجو أنْ يُعطيَ اللهُ أخي على نِيَّته ، وأنْ يُعطيني على نيتي في حُبِّي جهادَ الظالمين[2] .

وكتب مروانُ إلى مُعاوية : إني لستُ آمَنُ أن يكونَ الحُسين مرصداً للفتنة ، وأظنُّ يومَكم منه طويلاً[3] .

فكتب معاويةُ إلى الحسين : إنَّ من أعطى اللهَ صفقةَ يمينه وعهده لجديرٌ أنْ يفيَ ، وقد أُنبئتُ بأنَّ قوماً من الكوفة دَعَوْكَ إلى الشقاق ، وهُمْ من قد جرَّبتَ ، قد أفسدوا على أبيكَ وأخيكَ ، فاتَّقِ الله ، واذكُرِ الميثاق ، فإنَّكَ متى تكِدْني ، أكِدْكَ[4] .

فكتب إليه الحسينُ : أتاني كتابُك ، ولَنا بغير الذي بلغك جديرٌ ، وما أردتُ لك مُحاربةً ولا خِلافاً ، وما أظُنُّ لي عُذراً عند الله في تركِ جهادك ، وما أعلمُ فتنةً أعظمَ من ولايتك . فقال معاوية : إنَّ أثَرَنا بأبي عبد الله إلاَّ أسداً[5] .

(١) « تهذيب ابن عساكر » ٤/٣٢٩-٣٣٠ .
(٢) « تهذيب ابن عساكر » ٤/٣٣٠ .
(٣) « تهذيب ابن عساكر » ٤/٣٣٠ .
(٤) « تهذيب ابن عساكر » ٤/٣٣٠ .
(٥) « تاريخ الإسلام » ٢/٣٤١ .

ابن سعد کہتے ہیں کہ ہم کو واقدی نے خبر دی، ابن ابو ذعب نے ہم سے حدیث بیان کی اور عبد اللہ بن عُمیر نے مجھ سے حدیث بیان کی اور وہ کہتے ہیں کہ ابن ابی زِناد نے ہم کو خبر دی ہے ابو وجزہ سے اور یونس بن ابی اسحاق نے اپنے والد سے نقل کیا اور ایک جماعت نے اِس کو منسوب کیا پھر فرمایا کہ: ''میں نے حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کے سلسلے میں اُن لوگوں کی گفتگو کا مجموعہ لکھا ہے، راوی کہتے ہیں کہ اہلِ کوفہ حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کو خطوط لکھا کرتے تھے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اِمام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی طرف خروج کی دعوت دیا کرتے تھے۔

ہر بار وہ اِنکار کردیتے تھے تو اُن میں سے ایک جماعت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور اُن کے ساتھ چلنے کا مطالبہ کیا تو اُنھوں نے بھی اِنکار کر دیا اور وہ لوگ حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اُن کو خبر دی۔

اور کہا کہ لوگ ہم کو کھا جانا چاہتے ہیں اور ہمارے خون بہا دینا چاہتے ہیں تو حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اپنی جگہ سے کچّے پکّے اِرادے کے ساتھ، تو ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ، ''اے ابوعبد اللہ رضی اللہ عنہ! میں تمہارا خیر خواہ اور مہربان ہوں اور تحقیق کہ مجھ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ آپ کے متعلقین میں سے کچھ لوگوں نے آپ سے خط وکتابت کے ذریعے رابطہ کیا ہے، لہٰذا آپ اُن کی طرف ہرگز سفر مت کرنا اِس لیے کہ میں نے آپ کے والدِ محترم کو کوفہ کے بارے میں یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ بہ خدا میں نے اُن کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا اور اُنھوں نے میرے ساتھ آزردگی والا معاملہ کیا، مجھے اُن لوگوں سے نفرت ہے اور اُنھوں نے میرے ساتھ بُغض رکھا اور میں نے اُن لوگوں میں بالکل بھی وفا نہیں دیکھی اور وہ لوگ نہ تو ثابت قدم ہیں اور نہ تو عزم اور نہ تو وہ تلوار کو برداشت کرنے والے ہیں۔

راوی کہتے ہیں کہ مسیّب بن نجبہ اور چند لوگ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو اُنھوں نے اِمام حسین رضی اللہ عنہ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے کی دعوت دی اور اُنھوں نے کہا کہ ہم آپ کی رائے اور آپ کے بھائی کی رائے جانتے ہیں، تو اِمام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''اُمید کرتا ہوں کہ اللہ ربّ العزت میرے بھائی کو اُن کی نیت کا بدلہ عطا فرمائے اور مجھے میری نیت کا بدلہ ملے کہ میں تو ظالموں کے ساتھ جہاد کرنا پسند کرتا ہوں۔''

اور مروان نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ مجھے یقین ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ کہیں فتنہ کا ذریعہ نہ بن جائیں اور مجھے لگتا ہے کہ اُن کی وجہ سے فتنہ اور بڑھے گا۔ تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اِمام حسین رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ بیشک وہ شخص کہ جس کو اللہ ربّ العزت نے طاقت وحکومت عطا فرمائی ہے وہ اِس لائق ہے کہ اُس کے ساتھ وفاداری سے کام لیا جائے اور تحقیق کہ مجھے خبر پہنچی ہے کوفہ کے کچھ لوگ آپ کو اختلافات کی طرف بلاتے ہیں اور وہ وہی لوگ ہیں جن کا آپ تجربہ کر چکے ہیں، اُنھوں نے آپ کے والد محترم اور برادر محترم کے ساتھ فساد کا معاملہ کیا پس آپ اللہ سے ڈرو اور عہد کو یاد کرو۔ اِس لیے کہ جب آپ میرے خلاف تدبیر کرو گے تو میں بھی آپ کے خلاف تدبیر کروں گا۔

تو اِمام حسین رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا کہ ''آپ کا خط میرے پاس پہنچا اور میں اِس لائق نہیں تھا کہ جو کچھ آپ کے پاس میرے متعلق پہنچا اور نہ تو میں آپ کے ساتھ جنگ چاہتا ہوں اور نہ تو اختلاف، حالانکہ آپ کے خلاف جہاد کو ترک کر دینے کا کوئی معقول عُذر اللہ کے یہاں نہیں پاتا ہوں اور آپ کی حکومت میں رہنے سے بڑا فتنہ میں نہیں جانتا ہوں۔ تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ، ''ہم نے ابو عبد اللہ رضی اللہ عنہ کو شیر جیسا پایا۔''(1)

1. سیرُ اعلام النبلاء (عربی)، 3/293-294

ملوکیت کا نتیجہ : اِمام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت

قارئین ! اِس کتاب کا آغاز ہم نے فضائلِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ سے کیا تھا اور اب خاتمہ سیّد الشہداء، نواسۂ خدیجہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولادِ بتول، جن کا نام لکھتے ہی آنکھوں سے آنسو نکل پڑتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں کے تارے جسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی اپنے کندھوں پر، کبھی اپنے ساتھ منبر پر بیٹھاتے کبھی گلا چومتے، کبھی ہونٹ چومتے، کبھی چادر میں چھپاتے، نفسِ رسول بابِ مدینۃ العلم اِمام الاولیاء مولا علی رضی اللہ عنہ کے وہ لختِ جگر، شیخِ وادیٔ بطحہ سیّدنا ابو طالب و فاطمہ بنت اَسد رضی اللہ عنہا کے پوتے، جو کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیٹھ پر سوار ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا سجدہ لمبا کر دیتے، سیّدنا اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی انتہا ابوعبد اللہ سیّدنا اِمام حسین بن علی بن ابو طالب بن عبد المطلب رضی اللہ عنہم کے ذکر کے ساتھ کر رہا ہوں۔

قارئین ! آپ نے اِس کتاب میں جان لیا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ملوکیت کے دور میں قرآن کی کس طرح نافرمانی ہو رہی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنّت کی دھجیاں اُڑائی جارہی تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابۂ کرام کو قتل کیا جارہا تھا تو کہیں اُن کو ذلّت و رُسوائی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ کبھی حق کے لیے عُبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تو وہیں حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ حق کے لیے شہید ہوئے، کبھی عید کی سنّت کے لیے ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ نے آواز بلند کی تو کبھی حَکم بن عمرو الغفاری رضی اللہ عنہ گرفتار ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب نے ملوکیت کے امیر، معاویہ رضی اللہ عنہ اور اُن کے گورنر زِیاد اور مروان بن حَکم جیسوں کے ظلم کے خلاف اپنی آواز بلند کی، راہِ خدا میں گرفتار ہوئے، شہید ہوئے مگر ملوکیت کے ظالم بادشاہ سے ڈری ہوئی یہ امّت خاموش بن کر تماشہ دیکھتی رہی۔ ''اسلام''، وہ دین، جسے سیّد الشہداء امیرِ حمزہ رضی اللہ عنہ نے اپنے خون سے سینچا تھا، جسے سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنے مال و دولت سے پروان چڑھایا تھا، جس کی دعوت کے پہلے میزبان سیّدنا ابو طالب رضی اللہ عنہ تھے، جسے عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما کے والدین نے اپنی جانوں سے سنوارا تھا، سیّدنا بلال کی اذان نے جسے دور دور تک پھیلایا تھا، سیّدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما نے جسے سنبھالا تھا، سیّدنا علی رضی اللہ عنہ جیسے علم بردار نے جس کی حقانیت کا پرچم بلند کیا تھا، اہلِ بیت کا وہ ''اسلام''، صحابہ کا وہ ''اسلام''، نبی آخر الزماں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ ''دینِ اسلام'' جسے ملوکیت نے پامال کرنا

شروع کر دیا تھا، جس کے محافظ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم ظلم کا شکار ہو رہے تھے اور اُمّت خاموشی سے تماشہ دیکھ رہی تھی۔ اب وہ کون تھا جو بدر و اُحد کی جنگ پھر سے یاد دلائے، وہ کون تھا جو امیر حمزہ رضی اللہ عنہما کی طرح اپنا خون اِس مرجھائے ہوئے دینِ خدا کو سینچے، اب وہ کون تھا جو سیّدنا عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہما کی طرح اپنے سر کو کٹائے، اب وہ کون تھا جو سیّدہ زہراء بتول علیہا السلام کی طرح اُس کا فکرمند ہو، اب وہ کون تھا جو سیّدہ خدیجہ علیہا السلام کی طرح اِسے بلند وبالا کرے، اب وہ کون تھا ؟؟

اب جب کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیس سالہ حکومت رہی مگر اِمام حسین رضی اللہ عنہ خاموش رہے حالانکہ ہم آگے آپ کا وہ خط پیش کر چکے ہیں جس میں اِمام حسین رضی اللہ عنہ نے ''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت میں رہنے کو سب سے بڑا فتنہ'' کہا ہے اور ''اُن سے جنگ نہ کرنے کے بدلے کوئی معقول اَجر اللہ سے نہیں پاتے'' ایسا بیان کیا ہے تو اب سوال یہ ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ خاموش کیوں ہیں ؟ تو اِس کا جواب یہ ہے کہ اِمام حسین رضی اللہ عنہ جنگِ جمل، جنگِ صفّین اور نہروان دیکھ چکے تھے، آپ صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کے تمام واقعات سے گزر چکے تھے اور اپنے بڑے بھائی سیّدنا اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی بزرگی، مقام، مرتبہ وسمجھداری سے اچھی طرح واقف تھے۔ اِمام حسین رضی اللہ عنہ اپنے بڑے بھائی کی ''صلح'' پر قائم تھے، حالانکہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شرطوں کی پابندی نہیں کر رہے تھے مگر اِمام حسین رضی اللہ عنہ ابھی بھی صلح کی آخری شرط کہ ''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کسی کو خلیفہ نامزد نہیں کریں گے'' پر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات تک انتظار کرنا چاہتے تھے اور اپنے برادر اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کو توڑنا نہیں چاہتے تھے۔

صلحِ اِمام حسن رضی اللہ عنہ کی شرائط میں سے کسی بھی شرط کو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پورا نہ کیا مگر ابھی آخری شرط پر فیصلہ باقی تھا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے بعد کسی کو خلیفہ مقرر نہیں کریں گے بلکہ یہ معاملہ مسلمانوں کی شوریٰ پر چھوڑ دیں گے۔ مگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید کی بیعت لینا شروع کر دی اور قیصر و کسریٰ کی سنّت کو اسلام میں داخل کر دیا۔ ملوکیت کی دہشت سے ڈرنے والی اپنی اور اپنے بال بچوں کی فکر کرنے والی یہ امّت خاموشی سے یہ تماشہ دیکھ رہی تھی اور بیعتِ یزید پلید میں داخل ہو رہی تھی۔

یزید کو نائب نہ بنائیں :

ایک انصاری صحابی کی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو نصیحت : صحیح حدیث

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ

7138 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ بْنِ أَسْمَاءَ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: لَمَّا أَرَادَ مُعَاوِيَةُ أَنْ يَسْتَخْلِفَ يَزِيدَ بَعَثَ إِلَى عَامِلِ الْمَدِينَةِ أَنْ أَبْلِغْ إِلَيَّ مَنْ شِئْتَ، قَالَ: فَوَفَدَ إِلَيْهِ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ

عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ نے یزید کو اپنا نائب بنانے کا ارادہ کیا تو عامل مدینہ کی طرف آدمی بھیجا کہ میری طرف اپنی جماعت کے معاملہ کا وفد بنا کر بھیجو۔ انہوں نے عمرو بن حزم انصاری کو وفد دے کر بھیجا پس انہوں نے آ کر اجازت مانگی۔

7137- الحديث سبق برقم 6839 فراجعه .

7138- الحديث في المطالب العالية برقم 1784 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحة 249 .

الْأَنْصَارِيُّ، فَاسْتَأْذَنَ، فَجَاءَ حَاجِبُ مُعَاوِيَةَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: قَدْ جَاءَ عَمْرٌو قَدْ جَاءَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِهِ إِلَيَّ؟ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، جَاءَ يَطْلُبُ مَعْرُوفَكَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: إِنْ كُنْتَ صَادِقًا لَنُنْجِحُ مَا جَاءَ لِأَعْطِيَهُ مَا سَأَلَكَ، وَلَا أَرَاهُ، قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ الْحَاجِبُ، فَقَالَ: مَا حَاجَتُكَ؟ اكْتُبْ مَا بَدَا لَكَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللَّهِ أَجِيءُ إِلَى بَابِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ فَأَحْتَسِبُ عَنْهُ؟ أُحِبُّ أَنْ أَلْقَاهُ، فَأَكْلِمَهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِلْحَاجِبِ: خَلِّهِ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ الْفَجْرَ، قَالَ: فَلَمَّا صَلَّى مُعَاوِيَةُ الْغَدَاةَ أَمَرَ بِسَرِيرِهِ، فَحُمِلَ إِلَى إِيوَانٍ لَهُ، ثُمَّ أَخْرَجَ السَّمَرَ عَنْهُ، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ أَحَدٌ إِلَّا كُرْسِيٌّ وُضِعَ لِعَمْرٍو، فَجَاءَ عَمْرٌو، فَاسْتَأْذَنَ، فَأَذِنَ لَهُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ عَلَى الْكُرْسِيِّ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: حَاجَتُكَ، قَالَ: فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَعَمْرِي لَقَدْ أَصْبَحَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَسَطَ الْحَسَبِ فِي قُرَيْشٍ، غَيْرَ دَفِيعٍ فِي النَّسَبِ، غَيْرَ بَاغٍ عَنْ كُلِّ خَيْرٍ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَنْزِعْ عَنْهَا رَحْمَةً إِلَّا وَهُوَ سَائِلُهُ عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: كَيْفَ صَنَعَ بِهَا؟ وَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللَّهَ يَا مُعَاوِيَةُ فِي أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْ تَسْتَخْلِفُ عَلَيْهَا، قَالَ: فَأَخَذَ مُعَاوِيَةُ رَعْدَةً وَتَنَفَّسَ فِي خَدَّيْهِ حَتَّى ظَنَنْتُ وَخَلَ تَنْسِفُ الْعَرَقَ عَنْ وَجْهِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ، فَحَمِدَ

پس حضرت امیر معاویہ کا سیکرٹری ان کے لیے اجازت مانگنے آیا اور کہا: یہ عمرو ہے جو اجازت طلب کرنے آیا ہے۔ حضرت معاویہ نے کہا: میرے پاس کیا لایا ہے؟ اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! وہ آپ سے نیک سلوک طلب کرنے ہوئے آیا ہے۔ پس حضرت معاویہ نے فرمایا: اگر تو سچا ہے تو وہ لکھ دے جو چاہتا ہے پس میں اسے عطا کر دوں گا جو اس نے مجھ سے مانگا ہے میں اسے دیکھوں گا نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حاجب نے آ کر آپ سے کہا: تیرا کام کیا ہے؟ جو چاہتا ہے لکھ دے۔ تو اس نے کہا: سبحان اللہ! میں امیر المؤمنین کے دروازے پر آیا ہوں اور پردے میں ہو گئے ہیں؟ میں تو ان سے ملاقات کر کے بالمشافہ گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت معاویہ نے دربان سے کہا: اس کو فلاں فلاں دن کا وعدہ دے دے جب صبح کی نماز پڑھ کر فارغ ہو تو آ جائے۔ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت معاویہ نے صبح کی نماز پڑھائی تو تخت لگانے کا حکم دیا پس ان کے دفتر میں اسے رکھ دیا گیا پھر آپ نے لوگوں کو وہاں سے نکال دیا آپ کے پاس صرف حضرت عمرو کے لیے ایک کرسی تھی جس کو عمرو کے لیے رکھا گیا تھا (اور کوئی نہ تھا) پس حضرت عمرو نے آ کر اجازت طلب کی۔ آپ کو اجازت دی گئی پھر وہ اپنی کرسی پر بیٹھ گئے تو حضرت معاویہ نے ان سے کہا اپنی ضرورت بیان کرو۔ انہوں نے حمد و ثناء کے بعد کہا: مجھے میری عمر کی قسم! یقیناً یزید بن معاویہ اہل نسب کا قریش میں اعلیٰ نسب سے تھی ہے مگر ہر خیر

اللَّهُ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّكَ مَنْزِلٌ نَاصِحٌ، فَلَكَ بِرَأْيِكَ، تَبَالِغُ مَا بَلَغَ، وَإِنَّهُ لَمْ يَبْقَ إِلَّا أَبِيسِي وَأَبْنَاؤُهُمْ، وَأَنِيسِي أَحَقُّ مِنْ أَبْنَائِهِمْ، حَاجَتُكَ، قَالَ: مَا لِي حَاجَةٌ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ لَهُ أَخُوهُ: إِنَّمَا جِئْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ نَضْرِبُ أَكْبَادَنَا مِنْ أَجْلِ كُلْفَانٍ، قَالَ: مَا جِئْتُ إِلَّا لِكُلْفَانٍ، قَالَ: فَأَمَرَ لَهُمْ بِجَوَائِزِهِمْ، قَالَ: وَخَرَجَ لِعَمْرٍو، مِثْلُهُ

سے خالی ہے اور میں نے رسول کریم اللہ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ جس آدمی کو رعیت دیتا ہے قیامت کے دن اس سے ان کے بارے سوال کرے گا کہ اس نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور اے معاویہ! میں تمہیں امت محمد کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں کہ تم ان پر کس کو اپنا نائب بنا رہے ہو۔ راوی کہتا ہے: پس حضرت امیر معاویہ کی سانس پھول گئی (بول نہیں پا رہے تھے) پھر افاقہ ہوا تو آپ نے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر فرمایا: حمد و ثناء کے بعد! پس تو خالص نصیحت کرنے والا آدمی ہے تو نے بڑے خوبصورت طریقے سے اپنی رائے کو رکھا ہے تو نے جو کچھ کہنا تھا صحیح کہہ دیا لیکن صورت حال یہ ہے کہ باقی یا میرا بیٹا ہے یا ان کے بچے ہیں (جو حکومت کر سکتے ہیں)! لہٰذا (میں سمجھتا ہوں) ان کے مقابلہ میں میرا بیٹا زیادہ حق رکھتا ہے (کہ میرا نائب بنے) اور کوئی کام ہے تو بتاؤ! انہوں نے کہا: اور کوئی کام نہیں ہے! پھر ان سے ان کے بھائی نے کہا: ہم مدینہ سے اپنی سواریوں کو دوڑاتے ہوئے چند کلفات کے لیے حاضر آئے ہیں۔ راوی کہتا ہے: آپ نے ان کو انعامات دینے کا حکم دیا۔ راوی کا بیان ہے: اور وہ عمرو کے لیے اسی کی مثل تھے۔

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ (*)

١ - (٧١٧٤) حدثنا الحسن بن عمر بن شقيق بن أسماء الجَرْمِيّ، حدثنا جعفر، عن هشام، عن محمد بن سيرين قال:

لَمَّا أَرَادَ مُعَاوِيَةُ أَنْ يَسْتَخْلِفَ يَزِيدَ، بَعَثَ إِلَى عَامِلِ الْمَدِينَةِ أَنْ أَفِدْ إِلَيَّ مَنْ شَاءَ.

قَالَ: فَوَفَدَ إِلَيْهِ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ الْأَنْصَارِيُّ، فَاسْتَأْذَنَ، فَجَاءَ حَاجِبُ مُعَاوِيَةَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: هَذَا عَمْرٌو قَدْ جَاءَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِهِمْ إِلَيَّ؟ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، جَاءَ يَطْلُبُ مَعْرُوفَكَ. فَقَالَ مُعَاوِيَةُ(١): إِنْ كُنْتَ صَادِقاً فَلْيَكْتُبْ مَا شَاءَ، فَأَعْطِهِ مَا سَأَلَكَ وَلَا أَرَاهُ.

قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ الْحَاجِبُ فَقَالَ: مَا حَاجَتُكَ؟ اكْتُبْ مَا شِئْتَ.

(*) عمرو بن حزم بن زيد الأنصاري، صحابي مشهور، أول مشاهده الخندق، وقد استعمله رسول الله - ﷺ - على أهل نجران وهو ابن سبع عشرة سنة، وكتب لهم كتاباً فيه الفرائض والسنن، والصدقات، والديات، توفي رضي الله عنه بعد الخمسين.

(١) سقطت من الأصلين، واستدركت على هامش (ش).

فَقَالَ: سُبْحَانَ اللهِ! أَجِيءُ إِلَى بَابِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ فَأُحْجَبُ عَنْهُ؟ أُحِبُّ أَنْ أَلْقَاهُ فَأُكَلِّمَهُ.

فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِلْحَاجِبِ: عِدْهُ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ فَلْيَجِئْ. قَالَ: فَلَمَّا صَلَّى مُعَاوِيَةُ الْغَدَاةَ، أَمَرَ بِسَرِيرٍ، فَجُعِلَ فِي إِيوَانٍ لَهُ، ثُمَّ أَخْرَجَ النَّاسَ عَنْهُ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ أَحَدٌ إِلَّا كُرْسِيٌّ وُضِعَ لِعَمْرٍو. فَجَاءَ عَمْرٌو، فَاسْتَأْذَنَ، فَأُذِنَ لَهُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ عَلَى الْكُرْسِيِّ فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: حَاجَتَكَ.

قَالَ: فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: لَعَمْرِي لَقَدْ أَصْبَحَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَاسِطَ الْحَسَبِ فِي قُرَيْشٍ، غَنِيّاً عَنِ الْمَالِ، غَنِيّاً إِلَّا عَنْ كُلِّ خَيْرٍ. وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ - ﷺ - يَقُولُ: «إِنَّ اللهَ لَمْ يَسْتَرْعِ عَبْداً رَعِيَّةً إِلَّا وَهُوَ سَائِلُهُ عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَيْفَ صَنَعَ فِيهَا».

وَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللهَ يَا مُعَاوِيَةُ فِي أُمَّةِ مُحَمَّدٍ - ﷺ - بِمَنْ تَسْتَخْلِفُ عَلَيْهَا. قَالَ: فَأَخَذَ مُعَاوِيَةَ رَبْوَةٌ(١) وَنَفَسٌ(٢) فِي غَدَاةٍ قُرٍّ حَتَّى عَرِقَ، وَجَعَلَ يَمْسَحُ الْعَرَقَ عَنْ وَجْهِهِ ثَلَاثاً، ثُمَّ أَفَاقَ، فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّكَ امْرُؤٌ نَاصِحٌ، قُلْتَ بِرَأْيِكَ نَالِغٌ مَا بَلَغَ. وَإِنَّهُ لَمْ يَبْقَ إِلَّا ابْنِي وَأَبْنَاؤُهُمْ، وَابْنِي أَحَقُّ مِنْ أَبْنَائِهِمْ. حَاجَتُكَ. قَالَ: مَا لِي حَاجَةٌ.

(١) الرَّبْو والرَّبْوة: النهر، وهو النهيج وتواتر النفس الذي يعرض للمصروع في مثله.

(٢) النفس: خروج الريح من الأنف والفم.

قَالَ: ثُمَّ قَالَ لَهُ أَخُوهُ: إِنَّمَا جِئْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ نَضْرِبُ أَكْبَادَهَا مِنْ أَجْلِ كَلِمَاتٍ؟

قَالَ: مَا جِئْتُ إِلَّا بِكَلِمَاتٍ. قَالَ: فَأَمِرْ لَهُمْ بِجَوَائِزِهِمْ. قَالَ: وَخَرَجَ لِعَمْرٍو مِثْلُهُ (*)(١)

٢ - (٧١٧٥) حدثنا إسحاق بن أبي إسرائيل وإبراهيم بن محمد بن عرعرة - وسمعته عن نسخة إبراهيم - قالا: حدثنا عبد الرزاق، أخبرنا معمر، عن ابن طاوس، عن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن أبيه قال:

دَخَلَ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ عَلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ: قُتِلَ عَمَّارٌ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللهِ - ﷺ -: «تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ». فَدَخَلَ

(*) أي خرج لعمرو مثل عطائهم. وفي «المطالب»: «وأمر لعمرو بمثلها».

(١) رجاله ثقات، وجعفر هو ابن سليمان الضبعي، وهشام هو ابن حسان. وذكره الهيثمي في «مجمع الزوائد» ٢٤٨/٧ - ٢٤٩ بلفظ: فيما كان من أمر ابن الزبير، وقال: «رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح».

وأورده الحافظ في «المطالب العالية» ٣٣٧/٤ - ٣٣٨ برقم (٤٥٢٠) وعزاه إلى أبي يعلى.

ويشهد للمرفوع منه حديث معقل بن يسار عند أحمد ٢٥/٥ - ٢٧، والطحاوي في الأحكام (٧١٥٠) باب: من استرعي رعية فلم ينصح، ومسلم في الإيمان (١٤٢) باب: استحقاق الوالي الغاش لرعيته النار، والدارمي في الرقاق ٣٢٤/٢ باب: في العدل بين الرعية، والبيهقي في كتاب أهل البغي ١٦٠/٨ ما على السلطان من القيام فيما ولي بالقسط... وانظر فتح الباري ١٢٧/١٣ - ١٢٨.

الحافظ إسماعيل بن محمد بن الفضل التيمي

مسند أبي يعلى الموصلي

الإمام الحافظ أحمد بن علي بن المثنى التميمي
(٢١٠ - ٣٠٧ هـ)

حققه وخرج أحاديثه
حسين سليم أسد

الجزء الثالث عشر

دار المأمون للتراث

ترجمہ

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید کو اپنا نائب بنانے کا اِرادہ کیا تو عاملِ مدینہ کی طرف آدمی بھیجا کہ میری طرف اپنی چاہت کے مطابق وفد (نمائندہ) بنا کر بھیجو۔ اُنھوں نے عمرو بن حزم انصاری* رضی اللہ عنہ کو

* حضرت عمرو بن حزم انصاری

اِمام ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ ''اسد الغابۃ'' میں آپ کے ذکر میں لکھتے ہیں :





آپ مشہور صحابی ہیں، آپ غزوۂ خندق سے پہلے ایمان لائے ہیں کیوں کہ آپ نے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی جو آپ کا پہلا غزوہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کو اہلِ نجران پر عامل بھی بنایا تھا، اہلِ نجران کا تعلق بنو حارث بن کعب سے ہے۔ اُس وقت آپ کی عمر سترہ سال (17 years) کی تھی، آپ نے اہلِ نجران کے لوگوں کو ایک تحریر بھی بھیجی تھی جس میں فرائض اور سنن اور صدقات کا بیان آپ نے کیا تھا۔

عمرو بن حکم رضی اللہ عنہ کی وفات مدینہ منورہ میں 51 اور بقول 53 بقول بعض 54 سن ہجری میں ہوئی اور بعض لوگوں کا بیان ہے انھوں نے بعہد خلافتِ عمر بن خطّاب رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں وفات پائی، صحیح یہ ہے کہ سن 50 ہجری کے بعد اُن کی وفات ہوئی کیوں کہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے اُن سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے حضرت معاویہ سے بہت سخت گفتگو کی تھی جب اُنھوں نے یزید کے لیے بیعت لینے کا اِرادہ کیا تھا اور ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم نے اپنے والد سے اور اُنھوں نے اُن کے دادا عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب حضرت عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ (جنگِ صفّین میں) شہید ہوئے تو اُنھوں نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ حدیث بیان کی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ''عمّار کو باغی گروہ قتل کرے گا۔'' (اُسد الغابۃ (اردو)، 2/693-694)

دور (نمائندہ) بنا کر بھیجا، پس اُنھوں نے آکر اجازت مانگی پس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا دربان اُن کے لیے اجازت مانگنے آیا اور کہا: ''یہ عمرو رضی اللہ عنہ ہے جو اجازت طلب کرنے آیا ہے۔'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''میرے پاس کیا لایا ہے؟'' اُس نے عرض کیا کہ، ''اے امیر المومنین! وہ آپ سے نیک سلوک طلب کرتے ہوئے آیا ہے پس حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اگر تو سچا ہے تو وہ لکھ دے جو چاہتا ہے، پس میں اُسے عطا کر دوں گا جو اُس نے مجھ سے مانگا ہے میں اُسے دیکھوں گا نہیں۔'' راوی کا بیان ہے کہ حاجب (Doorkeeper) نے آکر آپ سے کہا: ''تیرا کام کیا ہے؟ جو چاہتا ہے لکھ دے۔'' تو اُس نے (عمرو رضی اللہ عنہ نے) کہا، ''سبحان اللہ!'' میں امیر المومنین کے دروازے پر آیا ہوں، وہ پردے میں ہو گئے ہیں؟ میں تو اُن سے ملاقات کر کے بالمشافہ گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دربان سے کہا: اِس کو فلاں فلاں دن کا وعدہ دے دے جب صبح کی نماز پڑھ کے فارغ ہوں تو آجائے۔'' راوی کہتا ہے پس جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے صبح کی نماز پڑھائی تو تخت لگانے کا حکم دیا، پس اُن کے دفتر میں اُسے رکھ دیا گیا، پھر آپ نے لوگوں کو وہاں سے نکال دیا، آپ کے پاس صرف حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کے لیے ایک کرسی تھی جس کو عمرو رضی اللہ عنہ کے لیے رکھا گیا تھا (اور کوئی نہ تھا) پس حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے آکر اجازت طلب کی۔ آپ رضی اللہ عنہ کو اجازت دی گئی، پھر وہ اپنی کرسی پر بیٹھ گئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن سے کہا: ''اپنی ضرورت بیان کرو۔'' اُنھوں نے حمد وثنا کے بعد کہا: ''مجھے میری عمر کی قسم! یقیناً یزید بن معاویہ نسب سے قریش کی شاخ سے ہیں، مال سے غنی ہیں، مگر ہر خیر سے خالی ہیں اور میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ جس آدمی کو رعیّت دیتا ہے قیامت کے دن اُس سے اُن کے بارے میں سوال کرے گا کہ اُس نے اُن کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور اے معاویہ! میں تمہیں امّت محمدیہ کے بارے میں اللہ کی یاد دِلاتا ہوں کہ تم اُن پر کس کو اپنا نائب بنا رہے ہو؟''

راوی کہتا ہے: پس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی سانس پھول گئی (بول نہیں پا رہے تھے۔) پھر اِفاقہ ہوا تو آپ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) نے اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: ''حمد وثنا کے بعد! پس تو خالص نصیحت کرنے والا آدمی ہے، تو نے بڑے خوبصورت طریقے سے اپنی رائے کہہ دی ہے تو نے جو کچھ کہنا تھا صحیح صحیح کہہ دیا لیکن صورتِ حال یہ ہے کہ باقی یا میرا بیٹا ہے یا اُن کے بیٹے ہیں (جو حکومت کر سکتے ہیں) لہٰذا (میں سمجھتا ہوں) اُن کے بیٹوں سے میرا بیٹا زیادہ حق رکھتا ہے (کہ میرا نائب بنے) اور کوئی کام ہے تو بتاؤ!'' اُنھوں نے (عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ نے) کہا: ''اور کوئی کام نہیں ہے، پھر اُن سے اُن کے بھائی نے کہا: ''ہم مدینہ سے اپنی سواریوں کو دوڑاتے ہوئے چند کلمات کہنے کی خاطر آئے ہیں۔'' راوی کہتا ہے: ''آپ (امیر معاویہ) نے اُن کو انعامات دینے کا حکم دیا۔'' راوی کا بیان ہے: ''اور وہ عمرو کے لیے اِسی مثل نکلے۔''(1)

کتاب کے محقق حسین سلیم اَسد نے اِس حدیث کو 'صحیح' کہا ہے۔

---

1. مسند ابی یعلیٰ (اردو)، 5/362-364، رقم: 7138
مسند ابی یعلیٰ (عربی)، 13/121-123، رقم: 7174

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور یزید پلید کی بیعت

امیر معاویہ نے صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ کی آخری شرط کی کس طرح دھجیاں اُڑائی اِس پر امام جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''تاریخ الخلفاء'' میں لکھتے ہیں :

وفي سنة خمس وأربعين : فتحت القيقان .

وفي سنة خمسين : فتحت قُهُستان عنوة[1] .

وفيها : دعا معاوية أهل الشام إلى البيعة بولاية العهد من بعده لابنه يزيد فبايعوه[2] ، وهو أول من عهد بالخلافة لابنه ، وأول من عهد بها في صحته .

ثم إنه كتب إلى مروان بالمدينة أن يأخذ البيعة له ، فخطب مروان فقال : (إن أمير المؤمنين رأى أن يستخلف عليكم ولده يزيد سنّة أبي بكر وعمر) .

فقام عبد الرحمن بن أبي بكر الصديق فقال : (بل سنة كسرى وقيصر ، إن أبا بكر وعمر لم يجعلاها في أولادهما ولا في أحد من أهل بيتهما) .

(١) كذا في « تاريخ الإسلام » (٤/٢١) ، وجاء خبر فتحها عند الطبري (٥/٢٨٦) ، و« المنتظم » (٥/٢٤٣) ، و« الكامل » (٣/٣٣٨) في سنة (٥١هـ) .
(٢) تاريخ الإسلام (٤/٦٤٧) ، وجاء خبر البيعة عند الطبري (٥/٣٠١) ، و« المنتظم » (٥/٢٨٥) ، و« الكامل » (٣/٣٤٩) ، و« البداية والنهاية » (٨/٨٢) في سنة (٥٦هـ) .

٣٢٦

تاریخ الخلفاء

تالیف
الإمام الحافظ
جلال الدین عبد الرحمن بن أبي بکر السیوطي
متوفی ۹۱۱ھ

تاریخ الخلفاء (اردو) ۲۸۳ علامہ جلال الدین سیوطی

یزید کی بیعت

45 ہجری میں قیقان فتح ہوا۔

50 ہجری میں قوہستان غلبۃً فتح ہوا اور اس سال امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اہل شام کو بلا کر ان سے اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت لی اور آپ ہی پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی حیات میں اپنے بیٹے کے لیے بیعت لی۔ اس کے بعد انہوں نے مدینہ میں مروان کو لکھا کہ وہاں کے لوگوں سے بھی بیعت لو۔ چنانچہ مروان نے خطبہ پڑھا اور کہا امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ نے حکم بھیجا ہے کہ میں ان کے بیٹے یزید کے لیے سنت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما پر بیعت لوں۔ اس پر عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر فرمایا یہ نہ کہو بلکہ کہو کہ سنت کسریٰ و قیصر پر کیونکہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے خلافت کو اپنے بیٹوں یا اپنے خاندان کے لیے خاص نہیں کیا تھا۔

ایسی رات

51 ہجری میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حج کیا اور وہاں بھی اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت لی اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کو بلا کر کہا اے ابن عمر تم مجھ سے کہا کرتے تھے کہ میں نہیں پسند کرتا کہ

تاریخ الخلفاء
مصنف
حضرت امام جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی
شبیر برادرز
۴۰ اردو بازار لاہور (پاکستان)

50 ہجری میں قہستان غلبتین فتح ہوا اور اِس سال امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اہلِ شام کو بلا کر اُن سے اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت لی اور آپ ہی پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی حیات میں اپنے بیٹے کے لیے بیعت لی اِس کے بعد اُنھوں نے مدینہ میں مروان کو لکھا کہ وہاں کے لوگوں سے بھی بیعت لو۔ چنانچہ مروان (ملعون) نے خطبہ پڑھا اور کہا ''امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حکم بھیجا ہے کہ میں اُن کے بیٹے یزید کے لیے سنّتِ ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما پر بیعت لوں۔'' اِس پر عبد الرحمٰن بن ابو بکر رضی اللہ عنہما نے کھڑے ہوکر فرمایا، ''یہ نہ کہو بلکہ کہو کہ سنّتِ کسریٰ و قیصر پر، کیوں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلافت کو اپنے بیٹوں یا اپنے خاندان کے لیے خاص نہیں کیا تھا۔''

51 ہجری میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حج کیا اور کہا بھی اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت لی۔''(1)

اِس پورے واقعے کو ہم نے اِسی کتاب کے باب 3 میں صفحہ 96 پر صحیح بخاری کی حدیث سے پیش کیا ہے۔



فصل حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا لوگوں کو یزید کی بیعت کی طرف دعوت دینا

سنہ ۵۶ھ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اپنے بعد یزید کی بیعت کی دعوت دی اور اس کو ولی عہد مقرر کر دیا اور مغیرہ بن شعبہ کو حکم دیا کہ وہ کوفہ جائیں اور یزید کی بیعت کے لئے راہ ہموار کریں۔ ایک خط لایا گیا پس انہوں نے اسے لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنایا کہ ان کی موت واقع ہونے کی صورت میں یزید ان کا جانشین ہوگا۔ (۱)

(۲) تاریخ الرسل والملوک، للطبری، ۵: ۳۰۳

(۳) الکامل فی التاریخ، ۳: ۵۱۰۔ البدایۃ والنہایۃ، ۸: ۷۹

الرَّدُّ عَلَى الْمُتَعَصِّبِ الْعَنِيدِ الْمَانِعِ مِنْ ذَمِّ يَزِيد

الإمام العلامة جمال الدين أبي الفرج عبد الرحمن بن علي بن محمد ابن الجوزي

الدكتور هيثم عبد السلام محمد

صفه فاؤنڈیشن

امام جلال الدّین ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن محمد بن جوزی المعروف امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی سن 597 ہجری اپنی مشہور کتاب ''الرَّدُّ عَلَى الْمُتَعَصِّبِ الْعَنِيدِ الْمَانِعِ مِنْ ذَمِّ يَزِيد (یزید کی مذمّت سے روکنے والے مخالفِ حق سرکش متعصب کا ردّ)'' میں فصل ''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا لوگوں کو یزید کی بیعت کی طرف دعوت دینا'' میں رقم طراز ہیں :

1. تاریخ الخلفاء (اردو)، صفحہ: 283، (عربی)، صفحہ: 326

''سن 56 ہجری میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اپنے بعد یزید کی بیعت کی دعوت دی اور اُس کو ولی عہد مقرر کر دیا اور مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ کوفہ جائیں اور یزید کی بیعت کے لیے راہ ہموار کریں۔ ایک خط لایا گیا پس اُنھوں نے اُسے لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنایا کہ اُن کی موت واقع ہونے کی صورت میں یزید اُن کا جانشین ہوگا۔''(1)

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جیسے نامور صحابی نے یزید کی بیعت کر لی

تاریخ الخلفاء (اردو) ۲۸۵ علامہ جلال الدین سیوطی

ابن منکدر سے مروی ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے یزید سے بیعت کرتے وقت کہا اگر اچھا ہوگا تو ہم راضی ہوں گے اور اگر برا ہوگا تو صبر کریں گے۔



وعن ابن المنكدر قال : (قال ابن عمر حين بويع يزيد : إن كان خيراً . . رضينا ، وإن كان بلاء . . صبرنا)(٢) .

(١) تاريخ الإسلام (٤/١٤٨ـ ١٥٠) وما بين معقوفين زيادة منه .
(٢) أخرجه ابن سعد في « الطبقات الكبرى » (٤/ ١٧٠) .

٣٢٧



''ابن منقدر سے مروی ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے یزید سے بیعت کرتے وقت کہا، اگر اچھا ہوگا تو ہم راضی ہوں گے اور اگر بُرا ہوگا تو صبر کریں گے۔''(2)

1. ''الرد علی المتعصب العنید المانع من ذمّ یزید (اردو)، صفحہ: 77
2. تاریخ الخلفاء (اردو)، صفحہ: 285، (عربی)، صفحہ: 327

امام حسین رضی اللہ عنہ مدینہ میں موجود تھے اور یہ پورا معاملہ دیکھ رہے تھے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ اب تک خاموش اس لیے تھے کہ شاید امیر معاویہ رضی اللہ عنہ "صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ" کی آخری شرط کو پورا کر لیں مگر افسوس انھوں نے اس آخری شرط کو بھی پورا نہیں کیا۔ اب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس دو ہی راستے تھے یا تو آپ ظالم، شرابی، عیاش حکمران کی بیعت کر کے پوری زندگی آرام سے رہ سکتے تھے یا تو اب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے کو وہ قربانی پیش کرنی ہوگی جو امت کو آج بھی بدر و اُحد یاد دلا دے۔

امام حسین رضی اللہ عنہ نے ظالم حکمران، عیاش بادشاہ جس کا شریعتِ محمدی سے کوئی واسطہ نہیں تھا اُس کی بیعت کو ٹھکرا دیا اور مدینہ سے مکہ اور مکہ سے کوفہ کی اور چل پڑے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ چاہتے تو لشکر لے کر جنگ کرتے مگر آپ جنگِ جمل، صفین و نہروان میں اپنے والد سیدنا مولا علی رضی اللہ عنہ کی جد و جہد اور بنو اُمیہ کی چالاکیاں دیکھ چکے تھے اور اُس وقت سوئی ہوئی اُمت کی اور سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی کی خاموشی بھی دیکھ چکے تھے۔ صلح کا تو کوئی راستہ بنتا ہی نہیں تھا کیوں کہ "صلحِ امام حسن رضی اللہ عنہ" کی شرطوں کو جس طرح تار-تار کیا گیا وہ بھی آپ (امام حسین رضی اللہ عنہ) دیکھ چکے تھے۔

اب وقت تھا ایسا کارنامہ انجام دینے کا کہ امت کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا وقت یاد آ جائے، صحابہ کرام کو بدر و اُحد یاد آ جائے، نمازیوں کو بلال رضی اللہ عنہ کی اذان تازی ہو جائے۔ قارئین کرام! سانحہ کربلا کو محسوس کیجیے سیدنا علی اکبر بن حسین رضی اللہ عنہ کی اذان میں اذانِ بلال رضی اللہ عنہ کی جھلک تھی، سیدنا قاسم بن حسن رضی اللہ عنہما کی شجاعت میں سیدنا جعفر طیار بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی شجاعت کی جھلک تھی، سیدہ زینب بنت علی رضی اللہ عنہا نے کربلا میں جس طرح جلتے ہوئے خیموں میں سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی حفاظت کر کے جنگِ اُحد کا وہ واقعہ تازہ کر دیا کہ کیسے سیدہ زہراء بتول رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دندانِ مبارک کے زخموں کو صاف کر رہی تھیں۔ قارئین ذرا تاریخ میں سیدنا عباس بن علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہم کے لاشے کو دیکھو تو وہی اُحد میں سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کا منظر یاد دلا رہا تھا، سیدنا امام زین العابدین، علی بن حسین رضی اللہ عنہما کو زنجیروں میں

قید کیا جانا، صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدنا حُجر بن عدی رضی اللہ عنہ کی گرفتاری کی یاد دلا رہا تھا اور اب ذرا دِل تھام لو، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نواسہ، سیّد الشہداء اِمام حسین رضی اللہ عنہ جب سجدہ کر رہے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سجدے کی یاد دلا رہے ہیں، زخمی حالت میں لہولہان آپ کی داڑھی مبارک، سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی خون سے تر داڑھی کی یاد دلا رہی ہے اور اِمام حسین کا کٹا ہوا سر سیّدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے کٹے ہوئے سر کی یاد دِلا رہا ہے۔

یہ حسین رضی اللہ عنہ ہی تھے جنھوں نے ملوکیت کی جھوٹی شرافت کا پردہ چاک کر کے ظالم حکمرانوں کے ظلم کو اُمّت کے سامنے ننگا کر دیا اور صحابۂ کرام کی جماعت واُمّت کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ و بدر و اُحد تازہ کر دیا۔ مگر اسلام کو زندہ کرنے کے لیے خاندانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جو قربانیاں پیش کرنی پڑی اُس کی کوئی مثال تاریخِ انسانیت میں نہیں ہے، یہ ملوکیت ہی تھی جس نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چمنستان کے پھولوں کو شہید کیا، یہ ملوکیت ہی تھی جس کی وجہ سے سیّدنا علی اصغر رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی، یہ ملوکیت ہی تھی جس نے اہلِ بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مستورات کو بے پردہ کیا، یہ ملوکیت ہی تھی جس نے اِمام زین العابدین رضی اللہ عنہ کو قید کر کے زنجیروں میں باندھا، یہ ملوکیت ہی تھی جس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس سر پر، گلے پر، ہونٹوں پر بوسہ دیا کرتے تھے اُس سرِ حسین رضی اللہ عنہ کو کئی دنوں تک گلی-گلی، شہر-شہر گھمایا۔ آخر میں سرِ حسین رضی اللہ عنہ پر صحیح بخاری کی ایک حدیث پیش کر رہا ہوں۔

سیّدنا اِمام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک
صحیح بخاری کی ایک حدیث





(943) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا عبیداللہ بن زیاد کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا، ایک طشت میں رکھا گیا۔ عبیداللہ ان کی آنکھ اور ناک میں چھڑی کو چھیڑتا تھا اور ان کے حسن کے بارے میں کچھ کہا۔ اس پر حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت مشابہ تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک وسمہ سے رنگا ہوا تھا۔

حضرت اَنس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا، عبید اللہ بن زیاد کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا۔ ایک طشت میں رکھا گیا۔ عبید اللہ (بدبخت) اُن کی آنکھ اور ناک میں چھڑی مارنے لگا اور اُن (سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ) کے حُسن کے بارے میں کچھ کہا۔ اِس پر حضرت اَنس مالک رضی اللہ عنہ نے کہا، ''حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت مشابہ تھے اور حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک وسمہ سے رنگا ہوا تھا۔[1]

ایسی ہی حدیث اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کی ہے جسے اِمام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ''حسن صحیح غریب'' کہا ہے۔[2]

1. صحیح بخاری (اردو)، 2/454، رقم: 943، انٹرنیشنل نمبر: 3748
2. سنن ترمذی (اردو)، 4/532-533، رقم: 3778، انٹرنیشنل نمبر: 3778



3775- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ رَاشِدٍ ——

عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: ((حُسَيْنٌ مِنِّي وَأَنَا مِنْ حُسَيْنٍ، أَحَبَّ اللَّهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا، حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْأَسْبَاطِ)).

سیدنا یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں، جو حسین سے محبت کرے گا اللہ بھی اس سے محبت کرے گا، حسین نواسوں میں سے ایک نواسہ ہے"۔

وضاحت: امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے، ہم اسے عبداللہ بن عثمان بن خثیم کے طریق سے ہی جانتے ہیں اسے کئی راویوں نے عبداللہ بن عثمان بن خثیم سے روایت کیا ہے۔

3776- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ——

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمْ أَحَدٌ أَشْبَهَ بِرَسُولِ اللَّهِ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ.

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حسن بن علی سے بڑھ کر ان میں سے کوئی بھی رسول اللہ ﷺ سے مشابہت نہیں رکھتا تھا۔

وضاحت: امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

3777- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ ——

عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ.

ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تھا، حسن بن علی (رضی اللہ عنہما) آپ کے مشابہ ہیں۔

وضاحت: اس بارے میں ابوبکر صدیق، ابن عباس اور ابن زبیر رضی اللہ عنہم سے بھی حدیث مروی ہے۔

3778- حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ أَبُو بَكْرٍ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ قَالَتْ: ——

حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ فَجِيءَ بِرَأْسِ الْحُسَيْنِ فَجَعَلَ يَقُولُ بِقَضِيبٍ لَهُ فِي أَنْفِهِ وَيَقُولُ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ابن زیاد کے پاس تھا تو حسین (رضی اللہ عنہ) کا سر لایا گیا، وہ ایک چھڑی ان کی ناک پر لگا کر کہنے لگا: میں نے حسن کی اس جیسا کبھی دیکھا

(3775) حسن: أخرجه ابن ماجة: 144، السلسلة الصحيحة: 1227، وأحمد: 172/4، وابن حبان: 6971.
(3776) أخرجه البخاري: 3752، وأحمد: 164/3، والحاكم: 168/3.
(3777) صحيح: تخریج کے لیے دیکھیے حدیث: 2828.
(3778) أخرجه البخاري من طريق آخر: 3748، وابن حبان: 6972، والطبراني في الكبير: 2879.

هَذَا حُسَيْنٌ لِمَ يُذْكَرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَمَا إِنَّهُ كَانَ مِنْ أَشْبَهِهِمْ بِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ.

اس کا تذکرہ کس لیے کیا جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: یہ سب سے زیادہ اللہ کے رسول ﷺ کے مشابہ تھے۔

وضاحت: امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

3779- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ ——

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: الْحَسَنُ أَشْبَهُ بِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ، وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهُ بِالنَّبِيِّ ﷺ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ.

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حسن (رضی اللہ عنہ) سینے سے سر تک اللہ کے رسول ﷺ سے مشابہ تھے اور حسین رضی اللہ عنہ اس سے نیچے رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھے۔

وضاحت: امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

3780- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ ——

عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ صُوحَانَ قَالَ: لَمَّا جِيءَ بِرَأْسِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ وَأُصْحَابُهُ جُعِلَتْ فِي الْمَسْجِدِ فِي الرَّحَبَةِ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُولُونَ قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ فَإِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ تَخَلَّلُ الرُّءُوسَ حَتَّى دَخَلَتْ فِي مَنْخَرَيْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ فَمَكَثَتْ هُنَيَّةً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ حَتَّى تَغَيَّبَتْ ثُمَّ قَالُوا قَدْ جَاءَتْ فَإِذَا حَيَّةٌ فَعَلَتْ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا.

قرہ بن میسر بیان کرتے ہیں کہ جب عبیداللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لائے گئے تو انہیں کوفہ مسجد میں لٹکا دیا گیا، میں وہاں پہنچا تو لوگ کہہ رہے تھے: یہ آ گیا، یہ آ گیا، اچانک دیکھا تو ایک سانپ سروں کو پھلانگتا ہوا عبیداللہ بن زیاد کے نتھنوں میں داخل ہو گیا، تھوڑی دیر ٹھہرا پھر نکل کر چلا گیا، یہاں تک کہ غائب ہو گیا۔ پھر لوگوں نے کہا: یہ آ گیا، یہ آ گیا اس نے دو یا تین مرتبہ ایسے ہی کیا۔

وضاحت: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

بَابُ: إِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ
حسن و حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہوں گے

3781- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ ——

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَأَلَتْنِي أُمِّي مَتَى عَهْدُكَ

حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری ماں نے مجھ سے پوچھا تم

(3779) ضعيف: أخرجه أحمد: 82/1، وابن حبان: 6974. (3780) صحيح الإسناد.
(3781) صحيح: أخرجه أحمد: 381/5، والحاكم: 381/3، وابن حبان: 6969، والطبراني في الكبير: 2946.

بدر کا بدلہ تھا کربلا
یزید پلید کا سرِ حسین رضی اللہ عنہ کی گستاخی کرنا

علامہ ابن الجوزی نے "المنتظم فی تاریخ الملوک والامم" میں نقل کیا ہے:
"سیدنا حسین کا سر لایا گیا، جب اسے یزید کے سامنے رکھا گیا تو اس نے اپنی چھڑی سے اسے ضربیں لگائیں اور یہ شعر پڑھا
یفلقن هاماً من رحال اعزة علینا وهم کانوا اعق و اظلما
"یہ سر بدلہ ہے ہمارے ان عزیزوں کا جن کو قیدی بنایا گیا تھا اور جن پر ظلم ہوا تھا"
ایک دوسری روایت میں ہے: حسین بن علی کا سر لایا گیا اور اسے یزید بن معاویہ کے سامنے رکھا گیا تو اس نے مندرجہ ذیل دو اشعار پڑھے
لیت اشیاخی ببدر شهدوا جزع الخزرج من وقع الاسل
فاهلوا واستهلوا فرحاً ثم قالوا یا یزید لا تشل
"آج کاش میرے وہ بزرگ ہوتے جو بدر میں شریک ہوئے تھے جن کو قبیلہ خزرج کے لوگوں نے تیر مارے تھے، آج وہ خوشی سے کھل اٹھتے اور مجھ سے کہتے کہ آئندہ سستی سے کام نہ لینا۔"
ایک اور روایت میں ہے: میں نے دو اونٹ ذبح کیے جس پر حسین اور ان کے ساتھیوں کا سر رکھ کر لایا گیا تھا لیکن وہ اس اونٹ کا گوشت نہیں کھا سکے۔ اس کا گوشت تعویذ سے بھی زیادہ کڑوا تھا۔ مؤلف کتاب کہتے ہیں کہ جب یزید بیٹھا تو سیدنا حسین کا سر اس کے سامنے رکھا گیا اس نے اسے چھڑی سے کریدتے ہوئے یہ شعر پڑھا:
یفلقن هاماً من رحال اعزة علینا وهم کانوا اعق و اظلما (یہ سر بدلہ ہے ہمارے ان عزیزوں کا جن کو قیدی بنایا گیا تھا اور جن پر ظلم ہوا تھا۔) حضرت ابو برزہ جو وہاں موجود تھے، انہوں نے کہا: یزید چھڑی دور رکھ، اللہ کی قسم میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے منہ سے حسین کا منہ چومتے رہے تھے۔

علّامہ ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "المنتظم فی تاریخ الملوک والامم" میں نقل کیا ہے:

"سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا، جب سے یزید (پلید) کے سامنے رکھا گیا تو اُس نے اپنی چھڑی سے اُسے ضربیں لگائیں اور یہ شعر پڑھا:

یفلقن هاماً من رحال اعزة علینا وهم کانوا اعق و اظلما

''یہ سر بدلہ ہے ہارے (ہوئے) اُن عزیزوں کا جن کو قیدی بنایا گیا تھا اور جن پر ظلم ہوا تھا۔''

ایک دوسری روایت میں ہے :

''حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا سر لایا گیا اور اُسے یزید بن معاویہ کے سامنے رکھا گیا تو اُس نے مندرجہ ذیل دونوں اشعار پڑھے :''

لیت اشیاخی ببدر شهدوا جزع الخزرج من وقع الاسل

فاهلوا واستهلوا فرحاً ثم قالوا لي يزيد لا تشل

''آج کاش میرے وہ بزرگ ہوتے جو بدر میں شریک ہوئے تھے جن کو قبیلۂ خزرج کے لوگوں نے تیر مارے تھے، آج وہ خوشی سے کھل اُٹھتے اور مجھ سے کہتے کہ آئندہ سُستی سے کام نہ لینا۔''

ایک اور روایت میں ہے : ''میں نے وہ اونٹ ذبح کیا جس پر حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کا سر رکھ کر لایا گیا تھا لیکن وہ اُس اونٹ کا گوشت نہیں کھا سکے۔ اُس کا گوشت تھوہڑ سے بھی زیادہ کڑوا تھا۔'' مؤلّفِ کتاب کہتے ہیں کہ ''جب یزید بیٹھا تو سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ کا سر اُس کے سامنے رکھا گیا اُس نے اُسے چھڑی سے کُریدتے ہوئے یہ شعر پڑھا :

يفلقن هاماً من رجال اعزة علينا وهم كانوا اعق و اظلما

''یہ سر بدلہ ہے، ہمارے اُن عزیزوں کا جن کو قیدی بنایا گیا تھا اور جن پر ظلم ہوا تھا۔''

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ جو وہاں موجود تھے، اُنھوں نے کہا : ''یزید چھڑی دور رکھ، اللہ کی قسم! میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے منہ سے حسین کا منہ چوس رہے تھے۔''(1)

---

1. شہادت امام حسین علیہ السلام، صفحہ : 119-120

یزید کے حامیوں کو اِمام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا جواب

116

ابن مفلح مقدسی اپنی کتاب ''کتاب الفروع'' میں ابن الجوزی کا قول نقل کرتے ہیں:

اگر یہ حضرات کتب سیر کا مطالعہ کر لیتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ یزید کی بیعت کس طرح لی گئی اور کسی طرح لوگوں پر اس کی بیعت تھوپی گئی۔ اس کے لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے اپنائے گئے۔ اگر ہم تھوڑی دیر کے لیے یہ تسلیم کر لیں کہ اسکی خلافت درست تھی لیکن اس سے ایسی حرکات سرزد ہوئیں جو خلافت کو فسخ کرنے کے لیے کافی تھیں جیسے اس کا مدینہ میں لوٹ کھسوٹ مچانا، کعبہ پر منجنیق سے پتھر پھینکوانا، حسینؓ اور ان کے اہل بیت کو قتل کرانا، ان کے شانا دانتوں کو لکڑی سے کریدنا، سیدنا حسینؓ کے سر کو کھمبے پر لٹکوانا۔ ان تمام حقائق سے وہی پردہ پوشی کر سکتا ہے جو عامی ہو اور یہ خیال کیے بیٹھا ہو کہ اپنے اس رویے سے وہ رافضیوں کو غصہ دلا رہا ہے۔

علامہ ابراہیم بن محمد بن عبد اللہ بن مُفلح المقدسی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی سن 763 ہجری اپنی مشہور کتاب ''کتاب الفروع'' میں علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہیں:

''اگر یہ حضرات کتبِ سیر کا مطالعہ کر لیتے تو اُنھیں معلوم ہو جاتا کہ یزید کی بیعت کس طرح کی گئی اور کس طرح لوگوں پر اُس کی بیعت تھوپی گئی۔ اُس کے لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے اپنائے گئے۔ اگر ہم تھوڑی دیر کے لیے یہ تسلیم کر لیں کہ اُس کی خلافت درست تھی لیکن اُس سے ایسی حرکات سرزد ہوئی جو خلافت کو فسق کرنے کے لیے کافی تھی جیسے اُس کا مدینہ میں لوٹ کھسوٹ مچانا، کعبہ پر منجنیق سے پتھر پھینکوانا، حسین رضی اللہ عنہ اور اُن کے اہلِ بیت کو قتل کرانا، اُن کے ثنایا دانتوں کو لکڑی سے کریدنا، سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ کے سر کو کھمبے پر لٹکوانا۔ اِن تمام حقائق سے وہی پردہ پوشی کر سکتا ہے جو عامی (Vulgar) ہو اور یہ خیال کیے بیٹھا ہو کہ اپنے اِس رویّہ سے وہ رافضیوں کو غصّہ دلا رہا ہے۔''[1]

1. شہادت امام حسین علیہ السلام، صفحہ: 116-117

شہادت حسین رضی اللہ عنہ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صدمہ : صحیح حدیث

مسند الإمام أحمد بن حنبل

أنا عليًّا رضي الله عنه أتى بنهر من خلافه، فأرادوا عبورهم معهم، فأمر بنهر فأُنْجِسَتْ، ثم أمرهم وعبروهم، قال عكرمة: فبلغ ذلك ابن عباس، فقال: لو كنتُ أنا لم أمرهم، إني رسول الله ﷺ، والقتلهم، لقول رسول الله ﷺ: «مَنْ بَدَّلَ دينه فاقتلوه»، وقال رسول الله ﷺ: «لا تُعذِّبوا بعذاب الله عز وجل»(١).

٢٥٥٢ - حدثنا عفان، حدثنا وهيب، عن أيوب، عن عكرمة:

أن عليًّا أحرق ناسًا ارتدوا عن الإسلام، فحرقهم بالنار، فبلغ ذلك ابن عباس، فقال: لو كنتُ أنا لم أحرقهم، إن رسول الله ﷺ، قال: «لا تُعذِّبوا بعذاب الله عز وجل أحدًا»، وقال رسول الله ﷺ: «مَنْ بَدَّلَ دينه فاقتلوه»، فبلغ عليًّا ما قال ابن عباس، فقال: ويح ابن أم ابن عباس(٢).

٢٥٥٣ - حدثنا عفان، حدثنا حماد - هو ابن سلمة -، أخبرنا عمار

عن ابن عباس، قال: رأيتُ النبيَّ ﷺ فيما يرى النائم بنصف النهار، وهو قائمٌ، أشعثُ أغبرُ، بيده قارورةٌ فيها دمٌ، فقلت: بأبي أنتَ

(١) إسناده صحيح على شرط البخاري، عكرمة من رجاله، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين. أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني.

وأخرجه البخاري (٦٩٢٣)، والطحاوي ٤/٦٣، وأبو يعلى (٢٥٣٣)، وابن حبان (٥٦٠٦)، والبيهقي ٨/٢٠٢ من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد. وانظر (١٨٧١).

(٢) إسناده صحيح على شرط البخاري كسابقه. وهيب: هو ابن خالد.

وأخرجه النسائي ٧/١٠٤ من طريق أبي هشام المخزومي، عن وهيب بن خالد، بهذا الإسناد - دون قول علي بن أبي طالب. وانظر ما قبله.

٣٣٦

وأبي يا رسول الله، ما هذا؟ قال: «هذا دَمُ الحسين وأصحابه، لم أزل أتتبعه منذ اليوم، فأحصينا ذلك اليوم، فوجدناه قُتِلَ في ذلك اليوم»(١)

٢٥٥١ - حدثنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا سفيان، عن سليمان التيمي، عن القاسم

عن ابن عباس: أن رسول الله ﷺ صلَّى على جنازة بعد ما دُفِنَتْ

ووكيع قال: حدثنا سفيان، مثله(٢)

٢٥٥٥ - حدثنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا سفيان، عن منصور، عن مسلم بن أبي الجعد، عن قريب مولى ابن عباس

عن ابن عباس، قال: قال رسول الله ﷺ: «لو أن أحدهم إذا أتى أهله قال: بِسْمِ الله، اللهمَّ جَنِّبِ الشيطانَ، وجَنِّبِ الشيطانَ ما رزقتنا، فولدَ بينهما ولدٌ، فيضرُّه الشيطان أبدًا»(٣).

(١) إسناده قوي على شرط مسلم. وانظر (٢١٦٥)

(٢) إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو الثوري.

وهو في مصنف عبد الرزاق برقم (٦٥٤٠)، ومن طريقه أخرجه الطبراني (١٢٥٨٠).

وأخرجه مسلم (٩٥٤) (٦٨) من طريق وكيع، بهذا الإسناد.

وأخرجه ابن حبان (٣٠٨٥)، والدارقطني ٢/٧٨، والبيهقي ٤/٤٦ من طريق أبي عاصم النبيل، عن سفيان الثوري، به. وانظر (١٩٦٢).

(٣) إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو الثوري، ومنصور: هو ابن المعتمر.

وهو في مصنف عبد الرزاق (١٠٤٦٥).

ومن طريق عبد الرزاق أخرجه عبد بن حميد (٦٨٩)، ومسلم (١٤٣٤)، والطبراني -

٣٣٧

بقليل، أو بعده بقليل، استيقظ رسول الله ﷺ، فجلس يمسح النوم عن وجهه بيده، ثم قرأ العشرَ الآياتِ خواتمَ سورة آل عمران، ثم قام إلى شَنٍّ مُعلَّقة، فتوضأ منها، فأحسن وضوءه، ثم قام يصلي، قال ابنُ عباس: فقمتُ، فصنعتُ مثلَ الذي صنع، ثم ذهبتُ، فقمتُ إلى جَنْبِه، فوضع يدَه اليمنى(١) على رأسي، وأخذ أذني اليمنى فَفَتَلَها، فصلَّى ركعتين، ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم أوتَرَ، ثم اضطجع حتى أتاه المؤذِّنُ، فقام فصلَّى ركعتين خفيفتين، ثم خرج، فصلَّى للصبح(٢).

٢١٦٥ - حدثنا عبد الرحمن، حدثنا حماد بن سلمة، عن عمار بن أبي عمار

